التماس

بخدمت قدردانان و شائقان طب یونانی

علاج الغربا اردو جو فی الحقیقت اسم با مسمی ہے کہ مرتبہ سیزدہم چھاپی گئی۔ ابتدا سے ترجمے اسکا مرتبہ سیزدہم تک بقدر اٹھائیس ہزار پانسو جلد طبع ہو چکی ہے۔ اس کتاب کا ترجمہ ۱۲۹۰ھ ہجری مین حسب ایمائے والد مرحوم راقم عالم باکمال حکیم بیمثال حکیم صفدر علی صاحب بتحریک جناب فاضل اجل عالم لوذعی ابو الحامد مولوی محمد یوسف علی صاحب نے باین سنجیدہ و توجہ برگزیدہ فرمایا۔ اور الحمد للہ کہ یہ ترجمہ ایسا مقبول عام اور نفع رسان انام ہوا کہ روز بروز اسکی کثرت خریداری زیادہ ہوتی جاتی ہے اور اگرچہ ہر مرتبہ ہزارون جلدین اسکی چھاپی جاتی ہین مگر کثیر کبھی خواہش خریداران کو کافی نہین ہوتین ہیں۔ نظر اور بھی اکثر کتب طب کے ترجمے کیطرف توجہ والد مرحوم خاکسار کی یادگار اس فن بزرگ کے ہوئی اور مفصلۂ ذیل کتب کا ترجمہ بزبان اردو بڑے بڑے ماہران و عالمان فن طب سے بصرف زر کثیر بڑے اہتمام و انتظام سے کرایا گیا اور وہ سب مطبع ہین اکثر طالبان و قدردانان کے پیشکش کے واسطے موجود مطبع ہین (عربی سے اردو) مخزن سلیمانی ترجمہ اکسیر اعظم۔ جواہر النفیس فی شرح ارجوزہ شیخ الرئیس۔ کامل الصناعہ کامل۔ قانون شیخ رسالہ قبریہ قانون شیخ الرئیس کامل۔ کلیات سدیدی فن اول۔ ترجمہ مدابات نفیسی (فارسی سے اردو) طب اکبر۔ دستور العلاج۔ اکسیر القلوب ترجمہ مفرح القلوب۔ میزان الطب۔ مجربات اکبری۔ کیمیائے عناصری ترجمہ قرابادین قادری۔ قرابادین شفائی۔ قرابادین ذکائی۔ ذخیرۂ خوارزم شاہی کامل۔ کفایۂ منصوری۔ مخزن الادویہ کامل۔ قرابادین کبیر کامل۔ زاد غریب۔ علاج الامراض (ناگری سے اردو) امرت ساگر۔ جرق پرکاش۔ (اردو سے ناگری) علاج الغربا سوائے انکے اور بہت سی کتابین اس فن کی ہین کہ جنکا ترجمہ زبان سنسکرت سے زبان بھاشا بنگلہ و ناگری ہوا ہے آپ طبیبان مسیحا نفس اور شائقان دقیقہ رس سے چشمداشت ہے کہ بطلب دیا بحسن اہتمام و مشقت اور ایسے کار ہائے عظیم کی سرانجام دہی کے مصارف خطیر ملاحظہ فرمائین۔ امید ہے کہ بہ برکت انکی صحت مزاجان محنت اور مشقت جو ترجمون کی اشاعت مین ہوئی ہے اسکا از راہ قدردانی رواج ہو اور بیماران امراض مختلف دیار و امصار کے واسطے دار و کے علاج۔

اعلان۔ چونکہ ترجمہ اس کتاب کا بصرف زر کثیر مطبع ہوا ہے لہٰذا کوئی صاحب بلا اجازت قصد طبع نکرین

راقم

پراگ نراین خلف منشی نولکشور صاحب مرحوم محافظ نولکشور پریس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بیحد اُس حکیم علی الاطلاق کو سزاوار ہے جسنے اپنی حکمت شاملہ اور قدرت کاملہ سے ہیژدہ ہزار عالم پیدا کیے اور انسان ضعیف البنیان کو افضل مخلوقات بنایا اور اسیکے واسطے عرش سے فرش تک تمام موجودات کو منصۂ ظہور پر جلوہ گر فرمایا اور اُسکی مدار حیات و مناط ممات صحت اور مرض کو قرار دیا اور حفظ صحت حاصلہ اور اعادہ تندرستی زائلہ کے لیے اغذیہ وادویہ کو ایجاد کیا اور اسکی تشخیص امراض کے واسطے اطباے جسمانی اور حکماے روحانی کو خلعت وجود سے سرفرازی بخشی اور اُنکی ذات بابرکات سے کیسی کیسی آفات سے نجات دی علی الخصوص زمرۂ اولیا و رسل کہ اُنکی نوشدارو سے ہدایت وارشاد نے زہر ضلالت اور الحاد کا اثر بالکلیہ دفع فرمایا اور مبتلایان مرض مہلک جہل ونادانی کو آب حیات علم و حکمت پلایا اللھم صل علیہم اجمعین خصوصاً بروح پرفتوح سید المرسلین باعث ایجاد عالمین حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ کہ اُنکے ارشاد فیض بنیاد سے علم ابدان کو بمنزلہ علم ادیان کے شرف حاصل ہوا اور اُنکی آل ذی کمال اور اصحاب فیضیاب کی

ترتیب اور تہذیب سے علم طب کامل ہوا صلی اللہ علیہم الی یوم الدین بعد اسکے مجرم بجرائم
خفی وجلی محمد اصغر علی ابن حکیم امیر علی ابن مولوی حاجی فضل علی خان گوپاموی خدمت
ارباب عقل وفہم مین گزارش کرتا ہی چونکہ علم طب بدن انسان سے تعلق رکھنے کے باعث
شریف ترین علوم ہی اور اس علم مین بہت کتب مختلف اقسام پر تصنیف ہوئے اور
ہر ایک اپنے طرز پر نہایت خوبی اور لطافت سے ہی لاکن بالفعل ایک کتاب مسمی بہ
علاج الغربا چھاپی گئی اسکے مصنف حکیم غلام امام صاحب مرحوم نے خدا انکو جزاے خیر دے
خلائق کیواسطے کیا ہی آسانی کردی کہ کیسے کیسے نسخے سہل اور آسان ہر مرض کے اسمین لکھے
کہ خلائق کو بصرف قلیل گوہر گرانبہا صحت حاصل ہوا ازانجا کہ منشی صاحب والا مناقب عالیشان
قدردان شرفا و نجبا مرجع اعلی و ادنی معدن فتوت و حلم جوہر شناس علم و ارباب علم منشی نولکشور صاحب
ادام اللہ تعالی الی ما یتمناہ کی نظر سے یہ کتاب گذری نظر تعمیم فوائد انام و رفاہ خاص و عام اس
خاکسار بیمقدار کو کہ کچھ اس علم شریف مین دخل رکھتا ہی مامور فرمایا کہ کتاب مذکور کو زبان فارسی سے
اُردو مین ترجمہ کرے ناچار بحکم المامور معذور راقم الحروف نے مطالب اس کتاب کو زبان اُردو
عام فہم مین اسطرح سے کہ فہم مطلب مین دقت نہو موافق محاورہ ترجمہ کیا اور موقع و محل پر مطالب
مفیدہ اور مضامین ضروریہ علاوہ کتاب مذکور سے بڑھائے امید اہل علم و کمال سے یہ ہی کہ اگر کسی
جاگہ سہو و خطا نظر آئے اسکو اصلاح فرماوین اور حرف گیری کو معرض اظہار مین نہ لائین کہ ہیچ
نفس بشر خالی از خطا نبود. الحمد للہ علی احسانہ کہ یہ ترجمہ ستائیسوین ذیقعدہ ۱۲۸۱ سن بارہ سو
اکیاسی ہجری مین مرتب ہوا جاننا چاہیے کہ اس کتاب مین دو مقالہ ہین پہلا مقالہ نظری مین اور
اسمین دس باب ہین پہلا باب امور طبعی کے بیان مین یعنی وہ امور کہ منسوب طبیعت ہین اور
انکو بقاے انسان مین دخل ہی اور وہ سات ہین ایک انمین سے ارکان ہین اور ارکان عناصر بھی کہتے ہین
اور عناصر چار ہین آگ گرم وخشک ہی ہوا گرم و تر ہی پانی سرد و تر خاک سرد وخشک ہی دوسرا امور طبعی سے
مزاج ہی اسکی نو قسمین ہین چار مفرد گرم و سرد و تر و خشک اور چار مرکب گرم وخشک گرم و تر سرد

وخشک سرد و تر نوان معتدل وہ دو قسم ہے معتدل حقیقی اور غیر حقیقی معتدل حقیقی کا وجود نہیں تیسرے
امور طبیعی سے اخلاط اور وہ چار ہیں ایک خون مزاج اُسکا گرم و تر ہے بہترین خون سرخ رنگ میٹھا بے بو
معتدل القوام ہے اگر کوئی ان اوصاف سے متغیر ہو جائے وہ خون غیر طبعی ہے دوسرا صفرا کہ طبیعت اُسکی
گرم و خشک ہے بہتر صفرا سرخ زردی مائل تیز مزہ ہوتا ہے اور غیر طبعی چار ہیں مرۂ صفرا اور صفرا محی اور صفرا
کراثی اور صفرائے زنگاری مرۂ صفرا وہ کہ جسمین رطوبت رقیق ملے اور صفرائے محی وہ کہ جسمین رطوبت
غلیظ ملے صفرائے کراثی وہ کہ بعض اجزا صفرا کے جلکر باقی اجزا مین ملجائین اور رنگ اُسکا مثل
گندنے کے ہوتا ہے پیدایش اسکی معدہ مین ہے صفرائے زنگاری وہ ہے کہ بالکل جل جائے اور
رنگت اُسکی مانند زنگار کے ہوتی ہے مزاج اسکا زہر کے قریب ہے پیدایش اسکی جگر مین تیسرا
بلغم مزاج اُسکا سرد و تر ہے بہترین بلغم کا وہ ہے کہ صلاحیت خون ہوجانیکی رکھے اور بلغم غیر طبعی یا
مزہ کی جہت سے ہوگا یا قوام کی راہ سے مزہ کی وجہ سے اس طرح پر کہ خون کی آمیزش سے
میٹھا ہوجائے وہ حلو ہے یا صفرائے محرق کے ملنے سے نمکین ہوجائے وہ مالح ہے اُسکی طبیعت حرارکی
طبیعت کے قریب ہے یا حرارت ضعیف کے عمل کرنے سے ترش ہوجائے وہ حامض ہے یا آمیزش اجزائے ارضیہ
سے پھیکا ہوجائے وہ تفہ ہے یا سودا کے ملنے سے کسیلا ہوجائے وہ عفص کہلاتا ہے اور غیر طبعی قوام
کی راہ سے یا رقیق ہے اسکو مائی کہتے ہین یا غلیظ اُسکو جصی یا مختلف القوام کہ بعض اجزا
اُسکے رقیق ہون اور بعض غلیظ اسکو مخاطی کہتے ہین چوتھا اخلاط سے سودا اُسکا مزاج سرد و خشک
ہے سودا خالص خون کا تلچھٹ ہے سیاہ رنگ مائل بترشی اور سودائے غیر طبعی ہر خلط کے جلجانے سے
پیدا ہوتا ہے حتی کہ اگر سودا محترق ہوجائے اور احتراق ہر خلط اُسکے قوام کے غلیظ ہوجانیکو کہتے
ہین اور کمی اور زیادتی خلط کی موافق کمی و زیادتی اس خلط کے احتراق کے ہے فائدہ اخلاط
کی پیدایش ہاضم دوم سے ہوتی ہے اور ہضم چار ہین اول ہضم معدہ مین اُسکے خلاصہ کو کیلوس
کہتے ہین اُسکا فضلہ براز ہے دوسرا ہضم کبد مین اسطرح کہ خلاصہ غذا کا باریک رگون سے جو درمیان
معدہ و جگر کے ہے بار بار ساریقا مین جگر مین پہنچ کر ہضم ہوتا ہے اسکے خلاصہ کو کیموس کہتے ہین فضلہ اُسکا

بول ہی تیسرا ہضم عروق چوتھا ہضم اعضا میں ہی اور فضول ان چاروں ہضموں کے پسینا اور
میل ہو کر مسامات کی راہ سے اور کچھ ناک کان وغیرہ منافذ سے دفع ہوتے ہیں چوتھے
امور طبیعی سے اعضا ہیں اُنکی دو قسمیں ہیں مفرد اور مرکب اول اعضاے مفردہ سے استخوان
وہ بدن کی بنا ہی اور وہ علاوہ دو سو اڑتالیس ہیں دوسرے کری تیسرے پٹھے وہ دو نوع ہیں
ایک دماغ سے اُگے ہیں اُسکے سات زوج ہیں حس و حرکت اعضا کی اُنہیں سے ہی دوسرے
نخاع یعنی حرام مغز سے اُگے ہیں وہ اکتیس زوج اور ایک فرد ہی سوا گردن سب اعضا کی
حس و حرکت اُنسے متعلق ہی چوتھے عضلہ یعنی عدلہ وہ کل پانسو انتیس ہیں پانچویں وتر یعنے
تانت فائدہ ان دونوں کا اعضا کو حرکت دینا چھٹے رباط وہ بھی باریک پٹھے ہیں
فائدہ اُنکا بندش عضو کی ساتویں شرائین یعنی متحرک رگیں کہ دل سے اُگی ہیں اور
شرائین سوا شریان وریدی کے دو طبقہ یعنی دو تہ ہیں فائدہ اُنکا پہونچانا روح حیوانی کا
تمام بدن میں آٹھویں اوردہ یعنی ساکن رگیں اور وہ محدب جگر سے اُگی ہیں اور سب اوردہ
سوا شریان وریدی کے دو طبقہ ہیں فائدہ اُنکا تمام بدن میں خون پہونچانا ہی نویں غشا یعنی
جھلی فائدہ اُسکا اُنکال اعضا کی محافظت کرنا اور یہ سب اعضا منی سے پیدا ہوتے ہیں
دسواں گوشت خون متین غلیظ سے پیدا ہوتا ہی اور چربی بائیت خون سے پیدا ہی اور ثمین جس سے
آدمی موٹا ہوتا ہی مرکب ہی لحم اور شحم سے گیارھویں جلد اور بال اور ناخن اور بعض حکما نے اُنکو اعضا
سے شمار کیا اور بعض نے فضلات میں اور عضو رئیس جنسے بقاے شخص متصور ہی تین ہیں دل و دماغ
و جگر اور سبب بقاے نوع یعنی جنکی وجہ سے نوع انسانی باقی رہے چار ہیں تین یہی اعضا مذکورہ
چوتھے عضو تناسل پانچویں امور طبیعی سے ارواح ہیں روح ایک جسم لطیف بخاری ہی کہ لطافت
اخلاط سے پیدا ہوتا ہی اور ارواح تین قسم ہیں روح حیوانی کہ اُسکا محل دل ہی اور روح نفسانی
کہ اُسکا محل دماغ ہی اور روح طبعی کہ اُسکا محل جگر ہی چھٹے امور طبعی سے قوی ہیں اور وہ تین
قسم ہیں ایک قوت حیوانی کہ دل میں ہی دوسری قوت نفسانی کہ دماغ میں ہی تیسری

قوت طبعی کہ جگر مین ہی پس اگر قوت طبعی واسطے بقاے شخص کے غذا مین تصرف کرے اسکو غاذیہ کہتے ہین اور اگر اقطار ثلاثہ یعنی طول عرض عمق کی زیادتی مین تصرف کرے اسکو نامیہ کہتے ہین اور اگر واسطے بقاے نوع کے تصرف کرے اسکو مولدہ اور مصورہ کہتے ہین خادم ان قوتون کی جاذبہ یعنی غذا کی کھینچنے والی اور ماسکہ یعنی رکھنے والی اور ہاضمہ یعنی ہضم کرنیوالی اور دافعہ یعنی ہٹانیوالی اور قوت نفسانی بھی دو قسم ہی یعنی معلوم کرنے والی اور محرکہ یعنی جنبش دینے والی مدرکہ ظاہر پانچ ہین سمع و بصر و شم و ذوق و لمس و مدرک باطن بھی پانچ ہین حس مشترک و خیال و وہم و متخیلہ و حافظہ اور قوت مدرکہ یا باعثہ ہی یا فاعلہ باعثہ دو قسم ہی شہوانی کہ باعث تحریک کی ہوتی ہی واسطے حاصل کرنے نفع کے اور غضبی واسطے دفع مضرت کے تحریک کرتی ہی اور قوت فاعلہ عصب مین پائی جاتی ہی کہ اس سے عضلے کھنچتے اور ڈھیلے ہوتے ہین اور انکے قبض و بسط سے اعضا متحرک ہوتے ہین اور فاعلہ باعثہ کی مطیع ہی ساتوین امور طبعی سے افعال ہین اور وہ مفرد ہین یا مرکب مفرد وہ کہ تمام ہون ساتھ ایک قوت کے جیسے تنہا جذب سے یا تنہا دفع سے اور مرکب وہ کہ تمام ہون دو قوت یا زیادہ سے مثل نگلنے کے کہ جاذبہ اور دافعہ سے تمام ہوتا ہی دوسرا باب سنون کے بیان مین سن چار ہین ایک سن نمو یعنی سن بڑھنے کا تیس برس تک دوسرا سن شباب یعنی سن جوانی کہ پینتیس برس تک اور بعض کہتے ہین چالیس برس تک ہی اس سن مین حرارت اصلی غالب رہتی ہی تیسرا سن کہولت یعنی ادھیڑ ساٹھ برس تک اس سن مین مزاج پر سردی غلبہ کرتی ہی چوتھا شیخوخت یعنی بوڑھاپے کا سن وہ ساٹھ برس سے آخر عمر تک ہی اور اس سن مین رطوبت خارجی مزاج پر غلبہ کرتی ہی اور مزاج عورت اور خواجہ سرا کا نسبت مرد کے سرد ہوتا ہی تیسرا باب ستہ ضروریہ کے بیان مین کہ وہ زندگی کو لازم ہین ایک انمین سے ہوا ہی بہترین ہوا وہ ہی کہ جسمین دھوان اور بخار نہ ملا ہو اور مزاج ہوا کا ہر فصل مین بدلتا ہی اور فصلین چار ہین صیف اور خریف اور شتا اور ربیع طبیبون کے نزدیک

مدت ربیع اور خریف کی ڈیڑھ ڈیڑھ مہینا ہی اور زمانہ صیف یعنی گرمی اور شتا یعنی جاڑے کا
ساڑھے چار مہینے ہیں ربیع میں مزاج ہوا کا گرم تر گرمی میں گرم خشک خریف میں سرد خشک جاڑے میں
سرد تر ہوتا ہی اور ہندوستان میں تین فصلیں ہیں گرمی برسات جاڑا اور ان تینوں فصلوں کا زمانہ
چار چار مہینے کا ہی گرمی ماہ پھاگن سے شروع ہوتی ہی چیت بیساکھ جیٹھ تک رہتی ہی ہر چند گرمی کی
ابتدا پھاگن سے ہی مگر رات سے صبح تک سردی رہتی ہی اور دن کو وقت دوپہر کے گرمی ہوتی ہی اس
مہینے میں سردی اور گرمی سے احتراز کرنا چاہیے تا بدن ورود اضداد سے محفوظ رہے اور موسم گرما
میں کم کرنا غذا کا لازم ہی کہ اس فصل میں گرمی کی وجہ سے پانی بہت پیا جاتا ہی اور اس سے ہاضمہ ضعیف
ہوتا ہی اور سرد چیزوں کا استعمال کرنا اور مکان سرد میں رہنا چاہیے برسات کی ابتدا اساڑھ سے ساون
بھادون کنوار تک رہتی ہی حال برسات کا مختلف ہوتا ہی جب پانی برستا ہی ہوا سرد اور جب نہیں برستا ہی گرم
ہو جاتی ہی اس فصل میں بسبب اختلاف آب و ہوا اور بوجہ ورود سردی و گرمی کے بدن کو دکھ ہوتا ہی اور جاڑے
کا شروع کاتک سے اگہن پوس ماگھ تک رہتا ہی جاڑے کے موسم میں ہضم قوی ہوتا ہی کہ باطن میں گرمی رہتی
ہی اس فصل میں زیادہ غذا کرنا مضائقہ نہیں اور ریاضت کرنا بہت نافع ہی اور صحت کے واسطے
یہ فصل سب فصلوں سے بہتر ہی اور ابتدائے فصل گرما میں اکثر امراض پیدا ہوتے ہیں جب تک ہوا موافق
فصل کے نہ ہو جاوے درستی ضروریہ سے کھانا پینا ہی جس غذا سے خون رقیق پیدا ہو اس غذا کو لطیف
کہتے ہیں اور جس غذا سے کہ خون غلیظ پیدا ہو اسکو کثیف کہتے ہیں اور جس غذا سے کہ خون صالح پیدا ہو
وہ غذا محمود الکیموس ہی اور جس سے غیر صالح ہو ردی الکیموس ہی اور جس غذا سے کہ خون بہت
حاصل ہو کثیر الغذا کہلاتی ہی ورنہ قلیل الغذا جاننا چاہیے کہ حافظ صحت کو لازم ہی کہ دو دن
میں تین وقت غذا کی عادت رکھے اس طور سے کہ ایک دن میں صبح و شام دو وقت اور دوسرے
روز دوپہر دن کو کھانا کھاوے اور بے اشتہاے صادق نہ کھاوے اور غذا چابنے میں مبالغہ کرے
تاکہ جلد ہضم ہو اور جب دو تین لقموں کی بھوک رہے کھانا موقوف کرے تاکہ وقت ہضم کے
ثقل اور نفخ معدہ میں نہ ہو کر صحت میں فتور کرنے کے واسطے کھانے کی زیادتی سے کوئی بڑی

آفت نہین ہے اسیوجہ سے اطبا کہتے ہین کہ اکثر امراض جسمی پیٹ بھرے رہنے سے پیدا ہوتے ہین
اور جب تک کھانا ہضم نہو حرکت قوی شاق جانے اور بہ ریاضت اور دوڑنے کے زبون ہے اور اگر غذا
چکنی بہت کھائی ہو اسکی اصلاح نمکین تیز چیزون سے کرین اور جو شے ترش کھائی ہو اسکی اصلاح شیرین
سے کرین اور جو غذاے لطیف اور غلیظ جمع ہو پہلے لطیف کھانا چاہیے اور اشتہاے صادق مین
غذاے باز رہین کہ اسپر صبر کرنے سے مواد فاسدہ معدہ مین گرتے ہین اور انسان کے واسطے
بہترین غذا گیہون کی روٹی اور حلوان کا گوشت ہے یہ غذاے مطلق ہے غذاے دوائی نہین ہے کہ
فائدہ غذا اور دوا دونون کا دے فائدہ غلہ کے احوال مین بہتر غلہ آدمی کے واسطے گیہون ہے
کہ غذائیت زیادہ رکھتا ہے اور گرمی اور سردی معتدل ہے بعد اسکے چاول غذائیت مین بہتر ہے
جس قدر خوشبودار اور باریک اور بعد پکانے کے دراز ہون اور ثابت رہین اور چاول گرمی
اور سردی مین معتدل مگر دوسرے درجہ مین خشک ہے اور بعض ہندیون کے نزدیک سرد ہے
اور بالخاصیت گرم مزاج مین گرمی اور سرد مزاج مین سردی پیدا کرتا ہے اور چاول سرخ اور گندہ
تغذیہ مین کم اور قبض زیادہ کرتا ہے اور آب سبوس گندم مین پکانے سے چاول کی اصلاح ہوجاتی
ہے اور بعد ان دونون کے مونگ ہے کہ فارسی مین اسکو ماش کہتے ہین اور وہ سرد خشکی مائل زود ہضم
ہے اور چندان نفاخ نہین اسیواسطے حکما اکثر بیماریون مین تجویز کرتے ہین بعد اسکے چنا اور وہ گرم مزاج
ہے سبز اسکا تر ہے اسمین غذائیت بہت اور مقوی باہ ہے لاکن ریاح پیدا کرتا ہے اسکے بعد جو کہ سرد خشک
قلیل الغذا اور نفاخ اور قابض ہے اور پرانے جو کہ جسپر ایک سال گذرا ہو اور مسور اور ارہر ان
سب مین مزاج مسور کا خشک مائل بسردی ہے اور پوست اسکا ارہر کی نسبت گرم ہے مزاج ارہر کا
گرم و خشک اور بعضون کے نزدیک قریب مسور کے اور نفخ مسور سے زیادہ رکھتا ہے دونون خلط بد
پیدا کرتے ہین اور اوڑد یعنی ماش سرد تر ہے اور دیر ہضم مصلح اسکا سونٹھ اور ہینگ ہے اور ارہر اور مسور
کی نسبت غذائیت زیادہ رکھتا ہے اور چندان قابض نہین اگر ہضم ہوجاے اپنی لسداری
کے سبب سے وہ وجع اور منی پیدا کرتا ہے اور باجرے کا مزاج سرد خشک ہے قابض قلیل الغذا

مولد خون ہی اور اسی وجہ سے منہ مین دانے پیدا کرتا ہی اور خشکی اور پیاس زیادہ لاتا ہی اور
اسی سبب سے اہل ہند اور عوام اسکو گرم جانتے ہین مصلح اسکا دودھ ہی جوار کہ سفید اور گند ہ ہو
نفع کم رکھتی ہی اور غذائیت مین بہتر مگر قابض ہی مونٹھ کو اہل ہند گرم و خشک جانتے ہین وہ بھی
قلیل الغذا اور نفاخ ہی لوبیا کا مزاج گرم ہی اور نفاخ اور مولد خلط غلیظ اور دیر ہضم ہی اور
سم نفاخ اور خلط فاسدہ کا مولد اور اسہال کا باعث ہی بہا یون کا غلہ کاکن اور منڈوا
اور سانوان اور کودون ہی منڈوا اور کاکن سانوان اور کودون سے بہتر ہی یہ تینون سرد
وخشک قابض مولد ریاح اور قلیل الغذا ہین مصلح انکا روغن زرد ہی فائدہ خمیری روٹی جو ٹھی
نہو وہ فطیری سے بہتر غذا اور سریع الانحدار اور جلد ہضم ہی مگر فطیری سے تھوڑا نفع زیادہ
کرتی ہی اور نان فطیر یعنی بے خمیر کی خمیری سے دیر مین ہضم ہوتی ہی اور میدہ کی روٹی بہت
غذائیت رکھتی ہی اور ثقیل ہی نان خشکار جسمین بھوسی زیادہ ہو سریع الانحدار ہی اور اس سے
سُدہ نہین پڑتا ہی گرم روٹی کھانا معدہ کی رطوبت کو خشک کرتا ہی سرد روٹی معدہ کو
تر کرتی ہی اور جو روٹی کہ معتدل گرمی سردی مین ہی اسکا کھانا بہتر ہی اور سوکھی روٹی
خشک کرنے والی اور دیر ہضم ہی اور باجرہ و جوار کی روٹی سرد و خشک اور قابض اور
معدہ کو ضرر کرتی ہی جو کی روٹی باجرہ سے جلد ہضم ہوتی ہی مگر وہ سرد و خشک و نفاخ ہی
جاننا چاہیے کہ بہتر خوراک انسان کے لیے گوشت ہی بموجب فرمانے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ بہترین
طعام دنیا و آخرت گوشت اور پرند جانورون کا گوشت چارپایون کے گوشت سے سبک تر
ہی اور جانورون مین مرغ تیتر بٹیر بھٹ کواچڑیا سیرک کا گوشت بہتر ہی اور چارپایون مین بکری
بھیڑ چیتل چکارا ہرن خصوصاً گوشت انکے بچون کا بہتر ہی مگر ہرن کے گوشت مین گرمی زیادہ
ہی اور بھینس اور اونٹ اور گائے کا گوشت غلیظ ہی کس واسطے کہ جسقدر حیوان بڑا اور
جسیم ہو گوشت اسکا غلیظ ہوتا ہی اور گوشت مین ترکاری ڈالکر روٹی سے کھانا غذا سے
دوائی ہی ساده قلیہ اور کباب بہتر سالن ہی اور قیمہ سے گوشت جلد پیدا ہوتا ہی اور کباب سے

غیر جید اور پلاؤ عمدہ غذا ہی اور شیر برنج سے منی پیدا ہوتی ہی فائدہ مشروب کے بیان مین
بہترین آب بہا دریا کا پانی ہی بعد اُسکے کنوین کا اور وقت پانی پینے کا تشنگی صادق ہی خواہ
درمیان کھانا کہانے کے ہو یا بعد اُسکے اور کہانے کے دو تین گھڑی کے بعد پانی پینا
اچھا ہی بعد اُسکے بعد کہانے کے فوراً درمیان مین غذا کے پانی پینا بہتر نہین مگر جو شخص
کہ گرم مزاج ہو اور معدہ مین گرمی رکھتا ہو لازم ہی کہ درمیان غذا کے تھوڑا پانی پیے
دفعۃً بہت نہ پی لے اور وقت بھوک کے پانی کم پیے چوسنے کے طریقے سے پیے یا خوش
پانی کے شربت یا تھوڑی غذا کھا کر پانی پیے کہ ضرر کم ہو اور نہار مین پانی پینا منع ہی کہ
باعث پیری اور امراض ہی اور اسی طرح سے رات کو مجرد جاگنے کے پانی پینے سے نزلہ
پیدا ہوتا ہی اور بعد حرکت قوی اور جماع اور غسل اور استعمال میوہ ہاے تر مثل خربزہ اور تربز
وغیرہ کے پانی پینا بہت نقصان کرتا ہی اور ہر وقت بہت پانی پینا ضرر رکھتا ہی اور تانبے کے
برتن بے قلعی اور شیشے کے برتن مین پانی پینا منع ہی اور اگر سفر وغیرہ مین مختلف پانی پینے کا
اتفاق ہو اُسکے دفع ضرر کے واسطے تھوڑی پیاز خام کھانا چاہیے اور جو عادی بھنگ پینے کا ہو
مختلف پانی کا دفع ضرر اس سے ہوتا ہی تیسرے استہ ضروریہ سے سونا جاگنا ہی چت سونا منع ہی
کہ وہ پریشان خوابون اور نقصان دماغ کا باعث ہوتا ہی اگر عادت ہو ترک کرے اور پٹ سونا
اسطور سے کہ سر کو تکیہ پر ایسا رکھے کہ مُنھ اور دونون آنکھین داہنی یا بائین طرف مائل ہون
فائدہ کرتا ہی اور ہاضم طعام ہی اور کروٹ سے سونا خواہ داہنی ہو یا بائین ضرر نہین رکھتا ہی اور
نہار سونا نزلہ پیدا کرتا ہی اور بھوک مین سونا بدن کو لاغر کرتا ہی اور دھوپ مین سونا منع اور
چاندنی مین مفید ہی اور بہت سونا سردی اور رطوبت کی علامت ہی اور زیادہ جاگنا گرمی اور
خشکی کی نشانی ہی اور سونے اور جاگنے مین اعتدال بہتر ہی یعنی نہ زیادہ جاگے نہ بہت سوئے
اسواسطے کہ زیادہ جاگنا ضعف اور تباہی کا باعث ہی اور بہت سونا ماندگی اور کُندی حواس کا موجب ہی
چوتھا استہ ضروریہ سے احتباس اور استفراغ ہی یعنی مواد صالحہ کا روکنا اور مواد فاسدہ اور فضلات سے

بدن کو خالی کرنا انسان کو دو دفعہ اجابت طبع صحت بدن کی موجب ہے اور بحالت قبض لازم ہے کہ چرب شوربون اور پالک کے ساگ اور مزلقات یعنی پھسلانیوالی چیزون وغیرہ سے طبیعت کو مجیب کرین اور اشیاے قابضہ سے پرہیز رکھین کہ قبض سے بھوک جاتی رہتی ہے اور اگر زیادہ دو وقت سے طبیعت مجیب ہو اور پاخانہ نرم ہو قابضات کا استعمال کرین بہرصورت خیرالامور اوسطہا پر عمل کرین پانچوان ستہ ضروریہ سے اعراض نفسانی ہین اُنمین سے ایک غصہ دوسری خوشی ہے ان دونون سے روح کو باہر کی طرف حرکت ہوتی ہے اور گرمی اور سردی کا اثر بدن مین معلوم ہوتا ہے کہ ظاہر بدن گرم اور باطن سرد ہو جاتا ہے تیسری دہشت چوتھا غم اور ان دونون سے روح کو اندر کی طرف حرکت ہوتی ہے ظاہر بدن سرد اور باطن گرم ہو جاتا ہے پانچوین شرمندگی اسمین روح اول اندر کی طرف حرکت کرتی ہے پھر باہر کی طرف پس کسی وقت ظاہر گرم ہو جاتا ہے اور کسی دم باطن اسواسطے شرمندہ کا مُنھ کبھی سرخ ہو جاتا ہے اور کبھی زرد چھٹا ستہ ضروریہ سے حرکت اور سکون ہے حرکت بدن کی باعتدال جسم کو گرم اور فضلات کو تحلیل کرتی ہے اور بہت حرکت برخلاف اسکے یعنی جسم کو سرد کرتی ہے اسوجہ سے کہ اس سے حرارت غریزی تحلیل ہو جاتی ہے اور زیادتی سکون کی ہضم طعام پر معاونت کرتی ہے اور چلنا انحدار غذا پر معین ہے یعنی طعام کو فم معدہ سے قعر معدہ مین پہونچاتا ہے فائدہ ریاضت عام یعنی وہ ریاضت کہ جسمین سب اعضا بدن کے متحرک ہون کیمیاے بدن ہے اعضا کی ہیئت کو درست کرتی ہے اور دافع امراض اور محلل فضلات وموجب قوت مزاج اور حفظ صحت بدن کی ہے اور خاص ایک عضو کی ریاضت باعث قوت اس عضو کی ہے لاکن باعتدال ہونہ بافراط اور دلک یعنی ملنا اور دبانا بھی ایک قسم کی ریاضت ہے کہ فضول کو تحلیل کرتا ہے مگر بہت دلک سے جسم دُبلا ہو جاتا ہے اور دلک معتدل سے فربہی آتی ہے تدبیر جماع وہ بھی جملہ حرکات بدنیہ سے ہے جماع باعتدال بقدر ضرورت کو قوی کرتا ہے اور اُسکا یہ طریقہ ہے کہ کمال خواہش ونہایت استادگی کے وقت واقع ہو بشرطیکہ یہ امر بے تکلف اور بدون تصور زن حسینا اور بغیر دیکھنے شکل مفعولا اور خیال کرنے اسباب مجامعت کے

صرف غلبہ شہوت اور کثرت منی اور شدت خواہش سے ہو کسواسطے کہ حکما نے لکھا ہی کہ قطرہ منی کا
آب حیوان ہی کہ اس سے انسان پیدا ہوتا ہی اس دُر بے بہا کو بیوقت اور بیجا جدا کرنا چاہیے اور کثرت
جماع کی مضرتین تحریر مین نہین آسکتین جو لوگ جوانی مین زیادتی شہوت سے جماع کی کثرت کرتے ہین
اسکی افراط سے جلد پیر ہو کر مضرتین جھیلتے ہین اور بہت بُرا جماع وہ ہی کہ بے خواہش و رغبت کے اور کمسن
اور بڑھیا اور حائضہ اور بدصورت اور بیمار عورت سے جماع کرنا کہ بے رغبت طبع ہی بہت ضرر کرتا ہی اور بہتر
وہ ہی کہ اس کام مین صرف شب ہے اور متواتر جماع نہ کرے اور درمیان دو مجامعت کے تین روز کا فاصلہ
ضرور ہی اطبا ہر استفراغ مین تین دن کی مہلت لازم جانتے ہین تدبیر غسل چونکہ غربا کو حمام میسر نہین ہی
لہذا چند فائدے اور نقصان غسل کے لکھے جاتے ہین سرد پانی مین نہانے سے نیمگرم پانی مین نہانا
بہتر ہی اور ہوا مین سرد پانی سے نہانا خصوصاً سرد مزاج کو ضرر کرتا ہی اور بلغمی مزاج کو کثرت غسل منع
ہی اور نہانا خصوصاً سرد پانی سے صاحب نزلہ و اسہال اور لڑکون اور بڈھون کو مضر ہی اور نیز جب
معدہ مین غذا بھری ہو اور بعد جماع کے فوراً بھی نقصان کرتا ہی اور بہت دنون تک نہ نہانا جلد بدن کو
کثیف کرتا ہی اور اسکی رونق اور جلا کھو دیتا ہی بہترین غسل بعد ہضم طعام ہی اور جاڑے کی فصل مین نسبت
موسم گرما کے قلت غسل کی وجہ ہی اور غسل بعد جماع مین دلاک یعنی بدن کو ملوانا ضروری ہی اور
غسل خواہ آب گرم سے یا آب سرد سے ہو پٹھون کو ضعیف کرتا ہی اسواسطے کہ گرم پانی سے جلد
اور اعصاب ڈھیلے ہوجاتے ہین اور سرد پانی مین اعصاب مین کہ بالذات بارد ہین سردی بڑھجاتی
ہی اسی باعث سے اکثر ہندوون کو کہ ہمیشہ نہاتے ہین اگرچہ سن شباب مین گرمی مزاج کی وجہ سے نقصان
کم معلوم ہوتا ہی مگر جب سن شباب سے تجاوز کرجاتے ہین اعصاب اور گردہ کے ضعف کی نشانیان
ظاہر ہوتی ہین اور ضعف باہ کے شاکی رہتے ہین اور بعض ہنود ایک روز مین چند بار غسل کرتے ہین
پاخانہ سے فراغت کے بعد بھی نہاتے ہین یہ غسل انکے بدن کو بہت مضر ہی چوتھا باب نبض کے بیان مین
نبض بسیط اور مرکب کا دریافت کرنا منتہیون پر دشوار ہی چہ جائے مبتدی اسواسطے کمال اجمال سے
بقدر ضرورت ذکر کیا جاتا ہی نبض متحرک رگون کی جنبش ہی تا کہ جذب ہوا سے روح کو اعتدال

حامل ہو نبض اُسوقت دیکھنا چاہیے کہ مریض غصہ اور خوشی اور ریاضت اور ماندگی اور ترک
عادت سے خالی ہو اور نبض پر ہاتھ رکھنا اقل مرتبہ اُس نبض کی بارہ حرکتون تک چاہیے اگر نبض
چار انگل سے طول مین زیادہ ہو اور انگلیون کو اُسکی حرکت زور سے صدمہ دے اور جلد
چلتی ہو اور چھونے مین گرم معلوم ہو دلیل گرمی کی ہے اور اگر چار انگل سے طول اُسکا کم ہو اور
زور سے صدمہ نہ دے اور حرکت جلد نہو اور چھونے مین کبھی گرم نہو دلیل سردی کی ہے اور
اگر انگلیون کی چوڑائی سے اُسکی حرکت زیادہ ہو نبض عریض ہے اور نبض ممتلی دیکھ کہ شریان
کے جوف مین رطوبت اور دبانے سے انگلیون مین نرمی محسوس ہو یہ دلیل رطوبت کی
اور اُسکے برعکس دلیل یبوست کی ہے اور نبض کی حرکت اگر ایک ہی وتیرہ پر ہو دلیل بہتری کی
اور اگر ایک طور پر نہو دلیل برائی کی ہے اگر نبض کی جنبش مثل اُچھلنے ہرن کے ہو وہ غزالی ہے یا
موج کے مانند ہو وہ موجی ہے یا چیونٹی کی چال کے مشابہ ہو وہ نملی ہے یا مثل لرزہ کے ہو وہ مرتعش
ہے یا تاگا بٹنے کی طرح ہو وہ ملتوی ہے یا مثل حرکت آرہ ہو وہ منشاری ہے یہ سب اقسام نبض
کی ردی اور ضعیف ہین اور مردون کی نبض عورتون کی نسبت قوی ہوتی ہے اور لڑکون
کی نبض نرم مائل بسرعت اور جوانون کی نبض طول و عرض مین زیادہ ہوتی ہے اور بڈھون
اور ضعیفون کی نبض سست چلتی ہے پانچوان باب قارورہ کے احوال مین قارورہ شیشی
کو کہتے ہین چونکہ مریض کا پیشاب کئی وجہون سے شیشی مین ڈالکر دیکھتے ہین لہذا پیشاب بنام قارورہ
مشہور ہو گیا جاننا چاہیے کہ قارورہ دیکھنے مین یہ شرطین لازم ہین کہ صبح کو پیشاب کیا ہو اور
خواب کے بعد پانی نہ پیا ہو اور ایسی چیز نہ کھائی ہو جس سے پیشاب رنگین ہو جاتا ہے اور بیداری
اور غصہ اور جماع اور شراب سے بھی رنگ پیشاب کا بدل جاتا ہے اور اگر دیر تک قارورہ رکھا ہے
رہے دیکھنا اُسکا معتبر نہین ہے پیشاب کا رنگ زرد صفرا پر دلالت کرتا ہے اور رنگ سُرخ
خون پر اور رنگ سفید بلغم پر اور رنگ سیاہ سودا پر اور رنگ سبز سردی کی دلیل ہے اور جو
قارورہ گوشت کے دھوون کا ایسا ہو ضعف جگر پر دلالت کرتا ہے اور جو دودھ کا ہمرنگ ہو اعضا کے

گھلنے پر دال ہی نضج یعنی مواد کے پکنے کا نشان پیشاب مین یہ ہی کہ اول پتلا یا گاڑھا ہوا ور بعد اسکے
معتدل القوام ہو جاوے مرض تپ مین قارورہ کا ہمیشہ غلیظ رہنا برائی کی علامت ہی اور قارورہ کی
رقت سردی کی دلیل ہی اور اسکی غلظت خلط کی زیادتی پر دلالت کرتی ہی بول مین بو بالکل نہو اسرد
مزاج پر دال ہی اور بہت بدبو سڑجانے خلط کی دلیل ہی اور قارورہ کا اعتدال ہر امر مین بہتر ہی او
قارورہ پر کف کی زیادتی اور دیر تک رہنا زیادتی ریاح کی علامت ہی قارورہ مین اگر ستو یا چھیچھڑوا
تار ون یا بال و یا چربی کے مانند کوئی شی پائی جائے اسکو رسوب غیر طبعی کہتے ہین چربی اعضا کے گھلنے
ہی اور پیپ باطنی پھوڑے کی پھوٹ جانے کی اور ریگ سنگ مثانہ یا سنگ گردہ کی ہی اور تار خام
خلط کی اور چھیچھڑے ضعف جگر یا زخم مثانہ کی اور ستو او ربھوسی خارش مثانہ کی دلیل ہی عورتوا
کا پیشاب مردون کی نسبت سفید و غلیظ ہوتا ہی اور حاملہ عورتون کا پیشاب صاف ہوتا
مگر اسکے درمیان روئی دھنکی ہوئی کے مانند کچھ معلوم ہوتا ہی اور ابتداے حمل مین رقیق ہوتا
اور انتہا مین مائل بکدورت و تیرگی اور رطوبت مزاج سے لڑکون اور بڈھون کا بول گاڑھا
فائدہ ہند کے طریقہ پر قارورہ دیکھنے کا طور مجملاً یہ ہی کہ پیشاب پیالہ مین کرکے اسپرا
تل کا تیل ٹپکائین اگر قطرہ بول پر پھیل جائے خون و صفرا کا فساد ہی اور اگر تیل اسی طرح با
رہے برائی کی علامت ہی اور اگر قطرہ نیچے پیشاب کے چلا جاے موت کی علامت ہی اور
قطرہ مین سوراخ ہو جاے وہ بھی علامت موت ہی اور اگر قطرہ پیشاب مین چوڑا ہو
کی نشانی ہی اور اگر قطرہ ٹکڑے ٹکڑے ہو جاے بیماری طول پکڑیگی اور اگر بول مین قطرہ جا
مشرق اثر کرے صحت کی علامت ہی اور اگر دہن جانب مغرب اثر کرے طول مرض کی نشانی
اور اگر سمت شمال و جنوب سرایت کرے برائی کی علامت ہی اور زرد و صاف پیشاب صفرا
دلیل ہی اور اگر زرد مائل بسرخی ہو مرکب بیماری کا نشان ہی مگر غلبۂ صفرا پر دلالت کرتا ہی
بول بہت ہو اور اسمین کچھ سپیدی ہو بدہضمی کی دلیل ہی اور گوشت کے دھوون کی طرح
پیشاب گردے کے مرض پر دلالت کرتا ہی اور اگر روغن کُندر کے مانند پیشاب ہو اور زردی

مثل سمین دانے دکھائی دین وہ بول ورم اور ناگواری بدن اور استسقا پر دلالت کرتا ہی اور
جو پیشاب مصری کا ہمرنگ ہو وہ سرفہ اور ضیق النفس پر دلالت کرتا ہی اور بول برنگ زعفران
جلجانے تلخہ اور خون پر دال ہی اور بول برنگ آتش سرسام یعنی ورم دماغ کی دلیل ہی اور جو بول
زرد اور صاف ہو درد جگر پر دلالت کرتا ہی اور بول زرد مائل بہ تیرگی گرمی جگر کی نشانی ہی باب
چھٹا براز کے احوال مین براز طبعی وہ ہی جسکے اجزا یکسان ہون اور رقت اور غلظت مین
متوسط اور قراقر اور بقابق سے خالی ہو یعنی وقت رفع حاجت کے شکم مین آواز پیچ کی نہو
اور وقت خروج کے بھی آواز نہو اور رنگ براز کا حال مانند احوال رنگ بول کے ہی اگر براز
غذا سے زیادہ اور پتلا اور لسدار ہو خلط کی زیادتی یا سوء ہضم یا ذوبان اعضا کی دلیل ہی اور
یہ تپ مین برا ہی اور براز کی بو زیادہ معتاد سے عفونت خلط کی دلیل ہی باب ساتوان
تدبیر مسہل مین استعمال منضج کا قبل استعمال مسہل واجب ہی نضج یعنی پکنا خلط کا اسے کہتے ہین
کہ پیشاب کا قوام معتدل ہو جاے اور مسہل اسکو کہتے ہین کہ مادہ کو رگون اور عضا سے نکال لائے
اور تلیین وہ ہی کہ جو مادہ معدہ اور آنتون اور اسکے اطراف مین ہو اسکو نکالے مسہل مین
پہلے منضج دینا شرط ہی اور تلیین مین نہین اور استعمال دو مسہل کا ایک دن مین نہ چاہیے اور
مسہل پینے کے وقت ناک بند کرلین تاکہ مسہل کی بو سے طبیعت نفرت نہ کرے اور قی نہو جاے
اور دونون بازو مضبوط باندھین اور خوشبو سونگھنا اور الایچی اور پودینہ لونگ کے ساتھ چابنا
قی سے باز رکھتا ہی اور جب تک مسہل عمل نکرے کچھ نہ کھانا چاہیے اور مسہل مین سونا منع ہی
اور مسہل بہت پیٹھا نہ کرین اور آبدست کا پانی معتدل ہو نہ گرم نہ سرد جب مسہل قوی دین
اور وہ عمل نہ کرے اور خفقان اور غشی ظاہر ہو جلدی قی کرین اور ناقص مسہل بہت ضرر
رکھتا ہی جس طرح کہ فصد ناقص اور مریض اگر قوی ہو مسہل پیہم دین اور اگر ضعیف ہو ایک دو
روز کے فاصلے سے دین تاکہ اسہال کی زیادتی سے مریض بدحال نہو جائے اور مسہل کے دن
سردی سے پرہیز کرنا لازم ہی اور خشک مزاج والے اور لڑکے اور بوڑھے کو مسہل قوی نہ دینا چاہیے

اور مسہل پر گولیان یا سفوف یا معجون یا سونف کا عرق نیم گرم یا گرم پانی اسہال کی مدد کیواسطے
بہتر ہی اور مسہل جوشاندہ پر سرد عرق بادیان پینا چاہیے اور فراغ مسہل کے بعد گرم مزاج کو
اسپغول اور سرد مزاج کو تخم ریحان یا اور تخم مرلقہ پلانا مناسب ہی اور کوئی دواے مسہل ایسی نہین
ہی کہ سواے ایک خلط کے باقی خلطون کو نہ نکالے اور جو ادویہ کہ واسطے اخراج صفرا یا بلغم یا سودا
کے مخصوص کی گئی ہین وجہ اسکی یہ ہی کہ شے ادویہ اور خلطون سے زیادہ اُس خلط کو نکالتی ہین جاننا
چاہیے کہ بعضے صحیح مزاج خود صحت کے واسطے ہر سال مسہل لینے کی عادت کر لیتے ہین اور بعضے
چھ مہینے کے بعد مسہل لینے کے عادی ہوتے ہین یہ عادتین اچھی نہین ہان وقت ضرورت
دفع مرض کے لیے مسہل ناگزیر ہی اگر ایسی عادت ہو لازم ہی کہ رفتہ رفتہ ترک کرے کیونکہ عادت
طبیعت ثانی ہی ادویہ منضجہ صفرا بیخ کاسنی نیلوفر پرسیاوشان بیخ خطمی تخم خبازی بنفشہ
گل سرخ تخم کاسنی شاہترہ گل خیرو صفرا بعد منضج دینے کے تین دن مین پک جاتا ہی بشرطیکہ
صفرا خالص ہو اور صفراے غیر خالص کا نضج پانچ دن مین ہوتا ہی ادویہ منضجہ بلغم
بیخ بادیان مویز منقیٰ مکو پرسیاوشان گاوزبان بادرنجبویہ بسفائج بیخ ملیٹھی اذخر تخم کرفس
بیخ کبر انیسون شکاعی اسطوخودوس بلغم نو دن مین نضج پاتا ہی اور بہت غلیظ بلغم وتین روز
یا زیادہ مین اور بلغم رقیق پانچ روز مین ادویہ منضجہ سودا بادرنجبویہ گاوزبان اسطوخودوس بیخ کاسنی
بادیان شاہترہ عناب اسطوخودوس پرسیاوشان ملیٹھی انجیر بسفائج سودا پندرہ روز
مین نضج پاتا ہی کبھی مقدم اور موخر بھی ہو جاتا ہی یعنی پندرہ دن سے زیادہ و یا کم مین پکتا ہی
ادویہ مسہل صفرا پوست ہلیلہ زرد املی آلو بخارا افسنتین سقمونیا گل سرخ سقمونیا
بغیر تشویہ یعنی بے بھوننے کے استعمال نہ کرین اور تشویہ کا طریقہ کتب مطول مین مسطور ہی
ادویہ مسہل بلغم شحم حنظل ماہیزہرج غاریقون حب النیل تربد خیارشنبر
ادویہ مسہل سودا ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ افتیمون حجر لاجورد گیرو غاریقون حب النیل
خیارشنبر سناے مکی ادویہ مسکن جوش خون بیخ کاسنی خیارین عناب

اخبار کیوڑہ کی جو آب تربز بنفشہ تمر ہندی کھٹا شہتوت بزر قطونا کا ہوشا ہترہ خاکسی لین ظاہر
اور باطن کی اکثر بیماریون کو مفید ہی اور بہت مزاجون سے مناسبت اور موافقت رکھتا ہی
یہان تک کہ حاملہ عورتون اور لڑکون اور بوڑھون کو بھی دیتے ہین تپ اور ورم کو فائدہ
کرتا ہی اور سب تپون کے موافق ہی بقدر حاجت املتاس لین اور گلاب یا گرم پانی یا عرق بادیان
یا عرق کاسنی یا عرق عنب الثعلب مین بہین اگر تھوڑا روغن بادام ملائین بہتر ہی ورنہ گھی ڈال
کرکے گلقند یا شیرخشت یا ترنجبین سے میٹھا کرین اور اگر گل بنفشہ اور مویزا اور عناب
اور گاؤزبان اور مثل اُسکے حسب حاجت جوش کرکے مع قدرے گلقند اُسی املتاس
مین ملاوین بہتر ہی اور دودھ پیتے ہوے لڑکے کے واسطے روغن بادام کے ملانے کی حاجت
نہین ہی اور قولنج مین منضج دینا ضرور نہین ہی باب آٹھوان فصد کے بیان مین فصد
سے ہر خلط کا اخراج ہوتا ہی مگر خون بہ نسبت سب اخلاط کے زیادہ نکلتا ہی بارہ برس کے سن
سے کم مین فصد لینا منع ہی بعد اُسکے آخر عمر تک بشرط قوت و ضرورت کے جائز ہی لیکن بعضون
نے ساٹھ برس کے بعد فصد کی ممانعت کی ہی اور فصد کے بعد اگرچہ لیٹنا ضرور ہی لیکن فوراً
سونا منع ہی اور اُس دن بعد فصد کے غذا قلیل اور لطیف کھانا چاہیے اور جس روز فصد لے
غذا غلیظ نہ دین اور بعد فصد کے حریرہ اور تبرید منع ہی لیکن گرم مزاج کو تبرید بالا مضائقہ نہین
ہی اور سرد مزاج کو اشیاے گرم دینا چاہیے تاکہ قوت ہو مگر بدون حاجت کے کچھ نہ دینا چاہیے
فصد مین خون کم نکالنے سے مادہ حرکت مین آتا ہی اور تپ عارض ہوجاتی ہی اُس وقت بوجہ
ضرورت فصد لینا مناسب ہی جس شخص کو بعد فصد کے غشی آسکے تو بہتر یہ ہی کہ مرغ کا پر حلق مین
ڈالکر قی کرادین اور فصد قیفال یعنے سررو اور فصد حبل الذراع کہ ایک رگ ہی اوپر کو گئی ہوئی
سر و گردن کو پاک کرتی ہی فصد اکحل یعنی ہفت اندام تمام بدن کا تنقیہ کرتی ہی اور رگ ابطی یعنی
وہ رگ کہ جو بغل سے آتی ہی بدن کی کوٹھی اور اسفل بدن کو نافع ہی باسلیق کو باحتیاط
کھولنا چاہیے کہ اُسکے نیچے شریان ہی اور اسیلم کہ باسلیق کی شاخ ہی بیماری جگر کیواسطے

داہنی طرف سے کھولیں طحال اور دل کی بیماریوں کے لیے بائین طرف سے مگر خون اس سے
بہت نکالیں اور رگ پیشانی کی فصد درد سر اور آنکھ کی بیماریوں کو مفید ہے اور چار رگ کی فصد
جو نیچے دونوں ہونٹھوں کے ہے اور وہ ہونٹھوں کے اندر کی طرف کھولی جاتی ہے منہ کے
زخموں کو نفع کرتی ہے اور رگ زیر زبان کی فصد خناق کو نافع ہے اور رگ صافن کی فصد
جو پنڈلی میں واقع ہے اور رگ مابض کی فصد جو زانو کے نیچے ہے خون حیض جاری کرنے کو اور
مرض بواسیر اور نقرس اور دوالی کو مفید ہے جو فصد کہ خون فاسد کے نکالنے کے واسطے
کھولتے ہیں بُری رنگت خون کی جب بدل جائے اور خون اچھا آنا شروع ہو بند کردیں اگر فصد
کھولیں اور خون بند نہو کڑی کا جالا یا گاے کا چمڑا کچّا اُسپر رکھکر باندھ دیں اور اگر ورم کے
آثار ظاہر ہوں سرد لیپ مثل صندل کے اور صندل سرخ اور رسوت کے اُسپر طلا کریں —
باب نوان حجامت اور علق یعنی پچھنے اور سنگھی اور جونکون کے بیان میں کہ لڑکوں کے
لیے بجاے فصد ہے حجامت دو سال سے کم عمر میں جائز نہیں ہے اور بعد ساٹھ برس کے منع ہے
اور حجامت کی دو قسمیں ہیں ایک صرف سنگھی پچھنے کے بدون یہ خلاف جہت میں جذب مادہ
اور عضو کے گرم کرنے کیواسطے ہے دوسری قسم حجامت باشرط یعنی سنگھی پچھنے دیکر یہ خاص عضو اور
اطراف جلد کے پاک کرنے کے واسطے خوب ہے وسط ماہ میں حجامت بہتر ہے حجامت ساقین یعنی
پنڈلیوں کی حجامت فصد باسلیق و صافن کی قائم مقام ہے امراض جلد میں جونکوں کا استعمال بہتر ہے
مگر مناسب مادّہ کے لگائیں زیادتی اور کمی سے احتراز کریں بعضی جونکیں زہروا ہیں وہ بڑی اور اُنپر
سیاہ سبز خط ہوتے ہیں اور اگر بعد چھوٹ جانے جونکوں کے خون جاری رہے راکھ باریک چھانکر
اُسپر باندھیں باب دسوان غلبۂ اخلاط کی نشانیوں کے بیان میں غلبۂ خون کی علامت
منہ کی شیرینی اور رنگ رو و چشم و قارورہ کی سُرخی اور بدن سر کا بھاری ہونا اور بدن
میں دانے نکلنا اور ناک اور مسوڑوں سے اکثر خون نکلنا غلبۂ صفرا کی نشانی منہ اور آنکھ اور
زبان اور پیشاب کا رنگ زرد ہونا اور منہ کا مزہ تلخ اور ناک میں خشکی اور گھبراہٹ پایا جانا

اور بیداری اور پیاس اور سوزش کی زیادتی غلبۂ بلغم کا نشان رنگ زرد اور زبان اور آنکھ
اور رنگ بول کی سفیدی اور بدن کا ڈھیلا ہونا اور منھ اور ناک کی سردی اور رطوبت
بہت نکلنا اور پیاس کی قلت اور نیند کی کثرت اور منھ کی بدمزگی غلبۂ سوداکے آثار
تیرگی رنگ و رفتار دورہ کی سیاہی و سوزش اور بدن کی خشکی اور لاغری اور منھ کی ترشی
اور اعضا کا بھاری ہونا اور ماندگی اور ضعف اور اشتہا اور غلظت پیشاب کی آور جاننا چاہیے
کہ بدن کی فربہی برنگ سفید مزاج بلغمی کی دلیل ہے اور زردی رنگ لاغری کے ساتھ مزاج
صفراوی کی دلیل ہے اور سرخی رنگ فربہی کے ساتھ مزاج دموی کی دلیل ہے اور سیاہی رنگ
لاغری کے ساتھ مزاج سوداوی کی دلیل ہے اور لاغری بدن کی خشکی کی دلیل ہے اور موٹا ہونا
رطوبت کی دلیل ہے اور بالون کا پیدا ہونا اور انکی کثرت حرارت کی دلیل ہے اور سپید ہونا
ہونا بالون کا اور انکی قلت برودت کی دلیل ہے اور ہر کیفیت سے جلد اثر قبول کر لینا
اُس کیفیت کے غلبہ کی دلیل ہے اور ذہن کی تیزی اور جلد جلد بات کرنا حرارت کی دلیل
ہے اور ذہن کا کند ہونا اور حیا و وقار کی زیادتی برودت کی دلیل ہے اور فضلات میں
شدید رنگ ہونا حرارت کی دلیل ہے اور ضد اسکا برودت کی زیادتی فضول کی زیادتی
رطوبت کی دلیل ہے اور اُسکی کمی خشکی کی دلیل ہے گیارھوان باب حفظ صحت کی
وصیتون مین موجود تندرستی کا حفظ کرنا گئی ہوئی تندرستی کے پھیرنے سے اسہل ہے
حافظ صحت کو ضرور ہے کہ نقصان کرنیوالی اشیا سے جو آگے لکھی جائینگی پرہیز کرے اور اپنے
نفس و صحت کا دوست رہے کسی چیز پر حرص نکرے جو واجب الترک ہو اُسمین ذرا عقل کو
دخل دیکر اُسکی رغبت نکرے خصوصا مرض و نقاہت کی حالت مین اور جن چیزونکا استعمال ضرور
ہو اُنمین تنگدلی نکرے اور کسی شی کی عادت نڈالے کہ عادت طبیعت ثانی ہو جاتی ہے ریاضت
معتدل بھی حافظ صحت و محلل فضول و باعث اشتہا ہے اُسکو لازم کرنا چاہیے اور ذرا علالت
مین ادویۂ قویہ کا استعمال نکرین بلکہ اگر اصلاح مزاج کو غذا کافی ہو دوا کا استعمال نہ کرین

جہان غذا سے کام نکلے دوا نہ کھائین اور جبتک ایک دوا سے مقصد حاصل ہو دو دوا کا
استعمال نکرین علی ہذا القیاس دو دوا کافی ہون توتین دوا اختیار نکرین اور مسہل دوا سے
ابتدا فرمائین فائدہ علاج تین طرح سے ہوتا ہو ایک تدبیر و غذا سے دوسرے دوا سے تیسرے
اعمال یدیعنی ہاتھ کے کامون سے جیسا چیرنا پھاڑنا وغیرہ اسباب ستہ ضروریہ مین کو غذا کو
بھی شامل ہو تصرف کرنے کا نام تدبیر ہو کبھی غذا سے منع کرتے ہین جیسا کہ بحران مین کبھی
تقلیل غذا کا حکم کیا جاتا ہو اگر کچھ قوت باقی رکھنا منظور ہو اور تقلیل یا مقدار غذا کی راہ
سے ہوتی ہو یا غذائیت کی راہ سے مقدار کی کمی اسوقت چاہیے کہ طبیعت غذا کے
ہضم کرنے سے عاجز ہو اور غذائیت کی کمی اسدم ملحوظ ہوگی کہ بھوک زیادہ ہو اور ردی
اخلاط بہت ہون غذا ہرچند قوتون کی دوست ہو مگر دشمن بھی ہو اس وجہ سے کہ مرض کو مدد
پہونچاتی ہو اور مرض دشمن ہو اور دشمن کا دوست دشمن ہوتا ہو پس استعمال غذا کا مرض مین
اسی قدر چاہیے جس سے چارہ نہو اور دوا سے معالجہ کرنے کے تین قاعدہ ہین ایک وزن
دوا کا اختیار کرنا دوسرے دوا کی کیفیت یعنی گرمی سردی خشکی تری کو جانچنا تیسرے مرض کا وقت
معلوم کرنا کہ چارون وقتون سے کون وقت ہو اور چار وقت یہ ہین ابتدا اشتداد انتہا
انحطاط مثلاً ورم کی اگر ابتدا ہو ان ادویہ کا استعمال کرین کہ مادہ کو روکین اور انحطاط مین ایسی
تحلیل کرنے والی چیزون کا استعمال کرین اور شدت اور یعنی زیادتی ورم مین رادع اور محلل ملا کر
استعمال کرین فائدہ اطباے ہند اس بات پر متفق ہین کہ پوست بلیلہ زرد کا مدت ایکسال
اس طرح کھانے سے بیماریان دفع ہوتی ہین اور صحت تمام حاصل رہتی ہو کہ بادچیت اور بیساکھ
مین ایک درم شہد کے ساتھ اور جیٹھ اور اساڑھ مین شکر کے ساتھ اور ساون اور بھادون
مین نمک لاہوری کے ساتھ جس قدر نمک پسند خاطر ہو اور کنوار اور کاتک مین ہموزن مصری
کے ساتھ اور اگہن و پوس مین ہموزن سونٹھ کے ساتھ اور ماگھ اور پھاگن مین تین عدد پیپلون کے
ساتھ بمقدار ایک درم کے کھائین انشاءاللہ جملہ بیماریون اور قبض سے محفوظ رکھیگا دوسرا امتحان

علاج صداع یعنی دردسر کے بیان مین اگر سر مین ایکطرف درد ہو اُسکو شقیقہ کہتے ہین پس اگر
اُسکا سبب چارون خلطون سے کوئی خلط یا ریح ہو اُسکو مادی کہتے ہین اگر اسکا سبب انہین سے
کوئی چیز نہو اُسکو ساذج کہتے ہین اور اگر دھوپ یا آگ یا ہوا کی گرمی یا دوا سے گرم کہانے سے
پیدا ہو وہ حار ساذج ہی اور اگر ہوا سے سرد یا آب سرد کے استعمال یا مقام سرد مین ٹھہرنے یا ادویہ
سرد کہانے سے پیدا ہو وہ بارد ساذج ہی گرمی کی علامت جلد کی سوزش اور گرمی اور گرانی
کا ہونا اور اشیاے سرد سے نفع اور گرم سے ضرر پانا علامت سردی کی سختی اور سردی جلد اور
سوزش کا نہ پایا جانا اور اشیاے سرد سے ضرر اور گرم سے نفع پانا اصل یہ ہی کہ تقدم سبب کی
وجہ سے گرمی و سردی کے پہچانتے مین دشواری نہین ہوتی اور ہر خلط کے غلبہ کی علامت پیشتر لکہ
چکی ہو اور ریح کی علامت ایک جگہ سے دوسری جگہ درد کا انتقال کرنا اور کان مین کسی طرح کی
آواز معلوم ہونا علاج دردسر کا اگر خون کا غلبہ ہو فصد سر رو لین اور اگر بلغم یا صفرا یا سودا یا
ریح غالب ہو بعد نضج کے قواعد طب کے موافق مسہلات سے مادہ کو نکالین اور ساذج مین
مزاج کی تعدیل کرین یعنی اگر گرمی ہو سرد کرین اگر سردی ہو گرم کرین اب بیان چند نسخے دردسر و
شقیقہ کے لکہے جاتے ہین اطریفل کشنیزی کے واسطے دردسر اور بدو دوران اور آنکہون کی بیماری کے
مفید ہی پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ کشنیز مقشر ہر ایک ایک تولہ کوٹ چہان کے گہی
مین چرب کر کے سہ چند شہد قوام کر کے معجون بنائین خوراک دو تولہ اطریفل ملین کہ طبیعت کو
نرم کرتا ہی اور اخلاط فاسدہ کو معدہ اور دماغ سے نکالتا ہی اور صداع اور کان کی بھنبھناہٹ
اور آنکہون کی تیرگی کو فائدہ کرتا ہی پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ زرد و پوست آملہ بہیڑا ہلیلہ سیاہ ہر ایک
تین درم گل سرخ سنا سے مکی تربد سفید خراشیدہ ہر ایک ایک درم سونٹھ چہ درم کوٹ چہان کے روغن بادام
مین چرب کر کے سہ چند شہد یا قند مین ملائین اقبار شربت موافق مزاج یا شوربہ دردسر کو مادی
ہو یا ساذج نافع ہی کہ بارہی نمک دو درم سبوس گندم دو درم مستکی بیر کی پتی برگ خطمی برگ
نسب شاستہ ہر ایک آدھ پاؤ تخم خطمی چار درم پانی مین جوش کرین جب آدھا پانی رہے

نیمگرم سے پاشویہ کرین اگر سبب دوائین نملین جسقدر مل سکین کافی ہین اگر کوئی دوا نہ ملے صرف گرم پانی
سبوس گندم نمک شور کفایت کرتا ہی اور پانؤن کو دبانا اور تلوے سہلانا دردسر گرم و سرد مین مفید ہی
پاشویہ دھونا پانؤن اور تلودن کا نیمگرم پانی سے اور تلودن ہین چھانوین کرنا دردسر کو نفع دیتا ہی
شیخ بو علی بن سینا نے قانون ہین لکھا ہی کہ مین صاحب دردسر کے ہاتھ پانؤن پر اکثر گرم پانی
کا تریڑا دیتا رہا یہان تک کہ معلوم ہوا کچھ چیز سر سے ہاتھ پانؤن کی طرف اُترتی ہی پس
دردسر رفع ہوگیا اور ابوماہر نے لکھا ہی کہ سرد پانی سے نہانا صداع گرم کو فائدہ کرتا ہی فائدہ
دردسر کی سب قسمون مین آرام سے رہنا کھانے پانی کی قلت رکھنا اور حرکت و جنبش ترک کرنا
غذاے غلیظ و نفاخ و مبخر یعنی ابخرہ پیدا کرنے والی سے پرہیز کرنا لازم ہی بخور یعنے بپھارا کہ
بالخاصیت دردسر دور کرتا ہی ایک تغار مین پانی بھر کر اپنے آگے رکھین اور اپنے تئین بالکل
چادر سے چھپالین اور ایک ایک مٹی کا ڈھیلا گرم کرکے اُسمین ڈالین اور سر جھکا کر اُسکے بخار کا
بپھارا لین دردسر رفع ہو جائیگا بخور صداع حار اور بارد کو نفع رکھتا ہی کاک کا کہ ایک درخت ہی
اُسکو مسی کہتے ہین ٹکڑے ٹکڑے کرکے جوش دیکر بپھارہ لین اسکے بعد صندل دو حصہ پینڈی
ایک حصہ پیسکر طلا کرین حریرہ مقوی دماغ بھونے ہوے چنے کا چھلکا دور کرکے نو درم
باریک پیسکر بارہ درم روغن بادام مین بریان کرکے بعد اسکے نشاستہ نو درم دانہ خشخاش سفید نو درم
قند چار درم ملاکے گاے کے دودھ مین حریرہ پکائین پھر نو درم گھی مین بگھار کر نیمگرم کھائین دوا
گرم دردسر کے واسطے نافع ہی وعنبا کا ہو ہر واحد ایکدرم پانی مین پیسکر شیرہ چھانکر تھوڑی شکر سے
میٹھا کرکے ایک تولہ اسپغول چھڑک کے نوش کرین یا دو تولہ شربت نیلوفر شکر کے عوض ڈالین۔
دوا بالخاصیت اُس درد کو نفع کرتی ہی جو نزلہ سے ہو صدف یعنی سیپ سرکہ مین گھسکر کان کی
دونون لودن مین لگاتے رہین دوا دیگر کہ بالخاصیت فائدہ رکھتی ہی مجیٹھ کو سر پہ باندھین۔
دوسری دوا صداع کہنہ کو مفید ہی دھتورے کے دو چار بیج ہر روز نگلین مہودے کے پھول کا
روغن دردسر حار و بارد کو فائدہ کرتا ہی صفت اُسکی یہ ہی سونٹھ بادرنگ ملیٹھی ہر ایک شیکوفتہ بھنگرہ

گل سوہ ہموزن تل کا تیل چار حصہ سوے کے پھول کا زیرہ نکال ڈالیں درست دو نکو اول
اسقدر پانی مین کہ تیل سے دو چند ہو جوش کرین جب پانی تیل کے برابر رہجائے صاف کرکے روغن
مین ملاکر جوش دین جب صرف روغن رہجاے اور پانی جلجاے چھانکر رکھین چھ قطرے ناک مین ٹپکائین
بہت اقسام کے درد سر کو فائدہ کرتا ہی سعوطات سعوط ان ادویہ رقیقہ کو کہتے ہین کہ ناک مین ٹپکائین
سعوط کہ درد سر اور سرسام گرم کو فائدہ کرے کافور صندل گلاب مین گھسکر ناک مین ٹپکائین سعوط دیگر
کدو کاہو دھنیا تازہ کاسنی تازہ مکو کی پتیان سب کو یا ایک ایک یا دو مناسب موقع نچوڑ کر صاف
کرکے چند قطرے ناک مین ٹپکائین سعوط درد سر و امراض بارد کو نافع ہی سیاہ مرچ پیپل لونگ ان سبکو
یا دو ایک کو جسقدر مناسب وقت ہو سونف کے عرق مین پیسکر ناک مین ٹپکائین سعوط کہ
درد سر بارد اور بلغمی کو نفع کرے پانی برگ زوفا کا صاف کرکے ناک مین ٹپکائین سعوط
درد سر بارد کو دفع کرتا ہی بیخ کٹھل کو جوش دیکر اُسکے چند قطرے ناک مین ٹپکائین سعوط نافع
درد سر بارد باؤ بڑنگ سونٹھ قند سیاہ مساوی گرم پانی مین پیسکر ناک مین ٹپکائین سعوط دماغ
کو رطوبت سے پاک کرتا ہی چنبیلی کے پھول تین عدد روغن گل مین ملکر سعوط کرین سعوط
نافع درد شقیقہ گل دوپہریا کہ ایک قسم کا مشہور پھول ہی دوپہر کو کھلتا ہی اُسکے پھول کی
پنکھڑیان ملکر پانی اُسکا ناک مین ٹپکائین دیگر چند قطرے برگ نازبو کے اگر بائین طرف درد ہو
داہنے نتھنے مین اور اگر داہنے نتھنے کی طرف درد ہو بائین نتھنے مین ٹپکائین دیگر مرچ سیاہ
ایک عدد مکھی کا گوہ اُسکے برابر اُس عورت کے دودھ مین کہ بیٹا جنی ہو پیسکر کان مین ٹپکائین اور
تھوڑا آنکھون مین بھی لگائین دیگر نافع شقیقہ رواسن کے پھول اڑھائی پنکھڑی آدھی کالی مرچ
کے ساتھ پانی مین پیسکر اگر درد داہنی جانب ہو بائین نتھنے مین والا بالعکس سعوط کرین ایضا
نافع شقیقہ پوست ریٹھہ کو پانی مین خوب ملین جب کف نکلے گرم کرکے ڈھائی قطرہ دونون
نتھنون مین سعوط کرین ایضاً شقیقہ کے واسطے تخم سرس تھوڑے پانی مین پیسکر کپڑے مین
پوٹلی باندھکر جس طرف کہ درد سر ہو اڑھائی قطرہ اُسطرف کے نتھنے مین ٹپکائین ایضاً دافع

شقیقہ نوشادر سیاہ دانہ ہر ایک دو رتی پانی مین پیسکر گائے کے گھی مین ملاکر سعوط کرین ایضا
شقیقہ کو نافع پیاز تخم سوئے تھوڑا سا چار کالی مرچون کے ساتھ پانی مین پیسکر اگر درد جانب چپ ناک
ہو داہنے نتھنے مین اور اگر جانب راست مین ہو بائین نتھنے مین ٹپکائین اور تنہا کالی مرچ روغن گاو مین
سعوط کرنا بھی شقیقہ کو مفید ہے ایضاً نافع درد شقیقہ مغز سمندر پھل پانی مین پیسکر اگر درد بائین جانب
مین ہو داہنے نتھنے مین سعوط کرین والا بالعکس اور اگر اسکی تیزی کا خوف ہو عورت کے دودھ
مین پیسکر سعوط کرین سعوط نافع اُس درد شقیقہ کے واسطے کہ باری سے آتا ہو بندال پانی مین
بھگو کر پانی چھانکر دو قطرے ناک مین ٹپکائین مادہ شقیقہ کو بہا کر دور کرے گا سفوف جسے
او ویہ کہ جنکو خشک پیسکر کھائین ہندی مین اُسے پھنکی کہتے ہین سفوف مقوی دماغ بنفشہ دو ماشہ
اسطوخودوس ایک ماشہ دھنیا دو ماشہ بالچھڑ ایک ماشہ منڈی ایک ماشہ گل سرخ دو ماشہ مغز بادام
دو ماشہ مصری سب دواؤن کے برابر چھان چھانکر کھائین خوراک ایک تولہ شربت اہلیلہ صفراوی
درد سر کو نافع اور طبیعت ملین ہے پوست ہلیلہ زرد دس عدد انکو چینی کے پیالہ مین پانی مین بھگو کر تین دن
دھوپ مین رکھین چوتھے دن ملکر چھانین اور پھر گیارہ عدد پوست ہلیلہ زرد بدستور اُسی پانی مین
تین روز دھوپ مین رکھکر چوتھے روز ملکر چھان کر ایک سو پچاس مثقال شکر سفید مین قوام کرین
اور اگر بجائے شکر سفید ترنجبین ہو بہتر ہے شربت نافع درد سر بنفشہ نیلوفر گل سرخ ہر ایک
چار مثقال اسطوخودوس دو مثقال آلو بخارا دس دانہ پانی مین بھگو کے ملین اور چھانکر
سہ چند شکر مین قوام کرین خوراک دو تین تولہ اگر آلو بخارا نہ ہو اُسکے عوض تمر ہندی ملائین
شموم جو دوا کہ سونگھنے کے واسطے بنائین شموم درد سر گرم کو نافع کافور یا صندل سونگھین
اور سونگھنا گلڑی یا کیوڑے کا درد سر گرم کو نفع کرتا ہے شموم شقیقہ بارد اور درد سر کو
نفع دیتا ہے نوشادر چونا اور ہلدی ملاکر سونگھین فائدہ جمیع عطریات گرم کے سونگھنے سے دماغ
کو قوت ہوتی ہے اور اسی طرح سے سرد خوشبوؤن کا سونگھنا دماغ گرم کو فائدہ کرتا ہے۔
ضماد و طلا کا ذکر جو دوا سے غلیظ و تر بدن پر لگائین اُسکو ضماد کہتے ہین اور

جو دوا پتلی ہوئی رقیق لگائین اُسے طلا کہتے ہین ضماد نافع درد سر و شقیقہ سونٹھ صندل
ارنڈ کی جڑ کا چھلکا کوٹ چھانکر پانی سے دھوکر ساٹھی کے چانول یعنی سرخ چانول کے ساتھ بارہ
پیسکر ضماد کرین ضماد مفید صداع گرم اسپغول کا لعاب گل خطمی مین ملا کر طلا کرین اور پینا بھی
نافع ہی ضماد دُس صداع کو مفید ہی جو گرمی سے ہو چوکا اور دوب دو نونکو برابر پانی مین پیس کر
سر پر طلا کرین ایضاً ٹکڑے لکڑی کے اور کدو کے تازہ چھلکے سر پر رکھنا مفید ہی ضماد نافع درد سر
گرم تخم یا برگ خطمی و حنا گیرو پانی مین پیسکر سر اور پیشانی پر ضماد کرین طلا مہندی کے
پھول پانی مین پیس کر طلا کرین درد سر گرم کو دفع کرتا ہی طلا نافع درد سر حار تخم کاہو
پانی مین پیس کر پیشانی پر لگائین طلا نافع صداع حار تل کے درخت کی پتیان سرکہ یا پانی
مین پیس کر طلا کرین طلا برگ خرفہ سرکہ یا پانی مین پیسکر لگائین دیگر صندل گھسکر لگائین
دیگر طباشیر یعنی کائی طلا کرین دیگر حنا پیسکر انڈے کی سفیدی مین ملا کر طلا کرین دیگر
جَو کا آٹا پانی مین گھولکر لگائین دیگر لعاب اسبغول صداع گرم کو فائدہ کرتا ہی دیگر چوب سال
جسے ساج بھی کہتے ہین پانی مین گھسکر لگانا صداع حار کو نافع ہی دیگر افیون روغن گل مین حل
کر کے سر پر طلا کرین دیگر تخم کاسنی گلاب مین یا پانی مین پیسکر طلا کرین دیگر مہندی کی پتی
لگانا دافع صداع اور شقیقہ ہی دیگر برگ بکاین پیسکر لگانا گرم درد سر کا دافع ہی دیگر چینی
گلاب مین پیسکر طلا کرین دیگر کبابہ گلاب مین پیس کر طلا کرین دیگر بیخ انار پانی مین گھسکر
ضماد کرین ضماد سونٹھ رینڈی کے تیل مین گھسکر نیمگرم لگانا درد سر بارد کو فائدہ کرتا ہی
دیگر درد سر بارد سانج و بلغمی کو مفید ہی برگ سہجنہ پانی مین پیسکر نیمگرم ضماد کرین دیگر مفید درد سر
بارد و بلغمی پیپل پانی مین پیسکر لگائین دیگر سیاہ دانہ یعنی کلونجی سیاہ زیرہ پانی مین پیسکر
ضماد کرین دیگر رینڈی سونٹھ اجواین پانی مین پیسکر گرم کر کے ضماد کرین دیگر درد سر بارد کو
نافع ہی نرکچور پانی مین پیسکر تلوے مین مہندی کی طرح لگائین دیگر نافع درد سر مغز نبولہ پیسکر
پیشانی پر ضماد کرین دیگر درد سر گرم درد سر دکو مفید صندل سفید تخم مساوی گھسکر نیمگرم لگائین

دیگر صداع حار و بارد کو مفید تخم تربز و گل نیلوفر دونون یا ایک انمین سے پانی مین پیسکر ضماد
کرین دیگر نافع درد سر کہ خشکی یا گرمی سے ہو مسکہ بکری کا سر مین ملین دیگر نافع درد سر کہ نزلہ سے ہو
لونگ ۴ عدد افیون چار سرخ پانی مین پیسکر نیم گرم لگائین دیگر مفید شقیقہ تخم ہلیلہ گرم پانی مین پیسکر
طلا کرین ایضاً نافع شقیقہ مرغی کا گوہ مرچ سیاہ دونون پیسکر اگر درد بائین طرف ہو
داہنی طرف اور اگر داہنی جانب مین ہو بائین طرف سر مین ضماد کرین دیگر کہنہ شقیقہ کو نافع
جنگلی کبوتر کی بیٹ رائی کے ساتھ پیسکر ضماد کرین ضماد جمال گوٹہ پانی مین پیسکر جانب مخالف
مین یعنی جس جانب مین درد نہو طلا کرین جب سوزش ہو نیم گرم پانی سے دھو ڈالین درد شقیقہ دور
ہو جائیگا فائدہ علاج شقیقہ کا بہت جلد کرنا چاہیے ورنہ یہ درد بہت دشواری سے جاتا
ہے جب پرانا ہو جاوے بشرطیکہ سردی سے ہوگا بدون استعمال ادویہ گرم کے نہین جائیگا ضماد
دافع درد سر مغز بادام ایک عدد سرسون کے تیل مین پیسکر سر پر ملین درد دور ہو ضماد نافع
درد سر ریٹھی ایلوا برابر پانی مین پیسکر نیم گرم ضماد کرین کماد اُسکو کہتے ہین کہ کوئی چیز خشکہ
یا تر گرم کرکے عضو پر رکھین اور جب سرد ہو جاوے پھر گرم کرکے رکھین کماد شقیقہ بارد
اور درد سر کو نافع ہے گل بابونہ تھی کے لعاب مین ملا کر کپڑے مین باندھکر تکمید کرین سعوط
جو دوا باریک پیسکر ناک مین پھونکین نفوخ نافع درد سر بارد پیپل پیسکر ناک مین پھونکین
دوا نافع صداع سرد عاقرقرحا دانتون مین دبائین قرص مثلث نافع درد شقیقہ و
درد سر دفعتاً آلہ تخم کاہو سونٹھ ہر ایک ۲ حصہ افیون اجوائن خراسانی کتیرا ہر واحد ایک حصہ
پیسکر ٹکیان تکونی بنا رکھین حاجت کے وقت پانی مین رگڑکر نیم گرم طلا کرین قطور وہ دوا ہے
رقیق کہ کان مین ٹپکائین قطور نافع درد شقیقہ گاجر کی پتیون کو اوپر نیچے گھی لگا کر توے پر گرم
کرکے اسکا عرق نچوڑ کر کان مین ٹپکائین مجربات اکبری مین لکھا ہے دو تین قطرے ناک مین بھی
ٹپکائین بہت چھینکین آئینگی اور درد شقیقہ دور ہوگا تکمید درد سر حار کو نافع لیمون دو ٹکڑے
کرکے گرم توے پر رکھین اول ایک ٹکڑے سے پیشانی پر کماد کرین وہ جب سرد ہو جاوے

انکھو تو سے پر رکھکر دو سرے سے سینکین اسی طرح سے ایک گھڑی تک سینکتے رہین کحل یعنے
سرمہ درد شقیقہ کو مفید ہی صابون لاہوری تھوڑے پانی مین پیسکر دونون آنکھون مین یا فقط
ایک آنکھ مین کہ درد کی طرف ہی بطریق سرمہ لگائین گلقند بنفشہ درد سر اور کھانسی اور
امراض سینہ کو مفید ہی گل بنفشہ ایک حصہ قند دو حصہ باہم خوب ملا کر رکھین خوراک ایک تولہ لعوق
یعنی چٹنی مقوی دماغ تخم ہندی ایک مثقال پیسکر شہد مین ملا کر چاٹین مطبوخ یعنی جوشاندہ
نافع درد سر گرم و سرد بانس کی جڑ پانچ درم نیکوفتہ پانی مین جوش دیکے چھانکر نیم دام شکر سفید
ملا کر پئین جوشاندہ نافع صداع بارد و بلغمی سونٹھ نیکوفتہ دو درم بیخ بادیان نیکوفتہ چار درم
اسطوخودوس تین درم آدھ سیر پانی مین جوش دین جب تہائی پانی باقی رہے صاف کرکے
دو تولہ شہد یا شربت بنفشہ ڈال کے پئین مطبوخ ہندی درد سر کے واسطے پوست ہلیلہ زرد
سونٹھ وحفیا آملہ پوست بہیڑہ بادرنجبویہ مساوی ایک درم کوٹ کر آدھ سیر پانی مین اوٹائین جب
چہارم حصہ پانی باقی رہے چھان کر پئین بعضے سونٹھ کے عوض چرائتہ ملاتے ہین نطول وہ ہی کہ پانی
کسی ظرف مین بھر کر دور سے کسی عضو ظاہر پر ڈالین ہندی مین اسے تریڑا کہتے ہین اور اگر
قریب سے ڈالین اسکا نام سکوب ہی نطول یعنی تریڑا کہ صداع سرد کو نافع ہی بابونہ شبت بادیان
جوش دیکر سر پر نطول کرین دوا نافع صداع صفراوی دو تولہ املی پانی مین بھگو کے اس کا
آب زلال لیکر تھوڑی شکر ملا کر پئین نطول نافع صداع حار جو منتشر کدو کے ٹکڑے تخم کاہو اسپغول
بنفشہ تخم خطمی نیلوفر پانی مین جوش دیکر سر پر نطول کرین اور استعمال نطول کا بعد استعمال
تنقیہ کے بہتر ہی نفوخ نافع درد شقیقہ سفید کنیر کی پتیان سایہ مین خشک کرکے باریک
پیس رکھین جس طرف درد ہو اسی نتھنے مین دو چاول کے برابر پھونکین چھینکین لائیگا اور
ناک سے بہت پانی نکلیگا اور درد دفع ہوگا فائدہ اکثر ہوا سے پاخانون اور نجاستون کی بدبو اور
چمڑے کی سڑاہند سے گرم درد سر پیدا ہوتا ہی علاج اسکا نیم گرم پانی سے نہانا اور سرکہ سونگھنا
اور کبھی مقدم دماغ مین کیڑے پڑ جانے سے درد سر ہوتا ہی اسکی علامت کیڑے کا کبھی نکلنا اور ناخنے

بدبو آنا علاج اسکا ایلیم ایک لکڑی مشہور ہی اُسے باریک پیسکر ناک مین پھونکین اسپند کا
روغن درد سر کو نافع ہی چار درم اسپند تل کے تیل مین جلائین جب خوب جلجائے اُسی تیل مین
پیس ڈالین اور وہ تیل ہر روز پیشانی پر طلا کرکے دور سے تیز آگ مین سینکین بعد ازان گرم پانی سے
دھو ڈالین روغن ستاور کہ اہل ہند استعمال کرتے ہین درد شقیقہ کو مفید ہی تازی جڑ ستاور
کی کوٹ کر اُسکا عرق نچوڑین اُسکی برابر تل کا تیل ملاکر جوش دین جب پانی جلجائے اور روغن
رہجائے سر پر ملین قطور اُس دوا تر رقیق کو کہتے ہین کہ ناک یا کان وغیرہ مین ٹپکائین قطور
شفتالو کی پتیون کے عرق مین ایلوا ملاکر دو تین قطرے ناک مین ٹپکائین تمام کیڑے دماغ کے
مرجائینگے سعوط برگ نیم کا عرق میٹھے تیل مین ملاکر سعوط کرین فائدہ کبھی سانپ کے کاٹنے اور
اُسکا زہر رفع ہونے کے بعد درد سر باقی رہجاتا ہی اُسکا علاج یہ ہی ایک تولہ مغز بنولہ کا شیرہ
پانی مین نکالکر اکثر اوقات سر پر ضماد کرین اور وہ درد سر کہ غم کی زیادتی سے پیدا ہو اُسکا
علاج کوئی چیز کھا لینا اور پوست درخت انجیر کی خاک سرکہ یا فقط پانی مین گھولکر سر پر طلا
کرنا ہی **فصل** سرسام کی دواؤن کا بیان سرسام ورم دماغ کا نام ہی خاص دماغ یعنے بھیجے
مین ہو یا دماغ کے پردون یا دونون مین اور اُسکے اقسام ہین علامت سرسام کی تپ لازم
اور بیہودہ بکنا اور درد و ثقل سر مین ہونا جو سرسام غلبۂ صفرا سے ہو اُسکو فرانیطس خالص کہتے ہین
اور سرسام بلغمی کو لیثرغس ہر خلط کی علامت سے اُس خلط کا پہچاننا ممکن ہی سرسام صفراوی و دموی
مین تپ تیز ہوتی ہی اور بلغمی او سوداوی مین کم ہوتی ہی اور صفراوی مین ترشروئی اور بلغمی مین
سستی اور دموی مین تیزی اور سوداوی مین اکثر وحشت ہوتی ہی سرسام سوداوی کم واقع
ہوتا ہی اس مرض مین فصد بہت جلد کرنا چاہیے خصوصاً دموی اور صفراوی مین کبھی گرم تپ مین
بدون ورم دماغ بخارات دماغ کی طرف جاتے ہین اس سے ہذیان اور درد سر ہوتا ہی اس
حالت کو سرسام غیر حقیقی کہتے ہین اسوقت فصد سر رو اور پنڈلیون مین پچھنے دیکر سینگھی کھینچنا اور
دموی مین بدون پچھنے کے سینگھی کھینچنا اور دوسری قسمون مین پاشویہ کرنا چاہیے اور تبرید پلانا

اور عورت کا دودھ سعوط کرنا اور سر پر دوھنا چاہیے اور اگر عورت کا دودھ میسر نہو بکری کا
دودھ سر پر ڈالنا کافی ہی اور روغن کدو سر پر ملنا مفید ہی صفت روغن کدو پانی کدو کا
نچوڑ کر چھان کے برابر میٹھے تیل میں جوش دیں جب پانی جلجائے روغن استعمال کریں نسخہ تر
چیزیں کہ کسی ظرف میں مثل شیشی وغیرہ کے رکھکر سونگھیں نسخہ سرسام گرم کو نافع آب کاہو آب کشنیز
تازہ آب خیار تھوڑے سے سرکے میں ملا کر شیشی میں رکھکر سونگھیں نسخہ صندل رگڑکر سبز
کاسنی کے عرق اور تربوز کے پانی میں تھوڑا کافور بھی ملا کر شیشی میں رکھکر سونگھیں روغن
نیلوفر صداع گرم اور سرسام کو نافع گل نیلوفر لیکر روغن گل کی طرح اسکا روغن بنائیں
شربت عود مقوی دماغ عود ہندی اگر پانچ درم لونگ بالچھڑ دارچینی ہر ایک ڈیڑھ درم قند پاؤ سیر
ادویہ جوکوب کرکے کپڑے میں باندھکر گلاب میں بھگو کرکے جوش دیں جب چوتھائی باقی رہے
چھان کے قند ملا کر شربت کا قوام کریں پھر ایک دانگ مشک عنبر پیسکر ملائیں سعوط نافع سرسام
گرم صندل و کافور پیسکر برگ کاہو کے عرق میں ملا کر سعوط کریں پاشویہ نافع سرسام
گل خیرو گل نیلوفر تراشہ کدو ہر ایک آدھ پاؤ سبوس جو مٹھی پانی میں جوش دیکر نیم گرم پانی سے
پاشویہ کریں اور صندل رگڑکر سونگھائیں غذا آشجو باقی تپ اور درد سر کا علاج کریں فصل

صرع کی ادویہ کا بیان صرع کو ہندی میں مرگی کہتے ہیں اگر لڑکوں کو عارض ہو اسکا
نام ام الصبیان ہی مرگی اکثر بلغم سے عارض ہوتی ہی اور جس وقت عارض ہوتی ہی بیمار زمین پر
گر پڑتا ہی ہاتھ پاؤں کج ہو جاتے ہیں حرکات مضطربانہ بے اختیار صادر ہوتی ہیں کف منھ
سے نکلتا ہی اس مرض میں سر کا بھاری ہونا اور زبان کے نیچے کی رگوں کا سبز ہو جانا لازم
ہی علاج حالت صرع میں بیمار کے اعضا کو اصلی حالت پر نگاہ رکھیں اور سونٹھ مرچ سیاہ پیپل
نوشادر شحم حنظل یعنی اندرائن کے پھل کے اندر کا بڑہ کلونجی وغیرہ ہر ایک تنہا یا بعض کو بعض سے ملا کر
پیسکر ناک میں پھونکیں اور بعد افاقہ منضج دیکر حب ایارج سے تنقیہ کریں اور چارپایوں کے
گوشت اور تر میووں اور دودھ اور پیاز اور مسور سے بلکہ ان تمام چیزوں سے کہ تبخیر پیدا کرتی ہیں

پرہیز کرین اور بدبویون کے سونگھنے اور بہت جاگنے اور سرد پانی مین نہانے اور سیری کے
وقت سونے اور دھوپ اور مینھ مین سونے اور ہولناک آوازون اور ہوائے سرد سے احتراز
کرین اور صرع اطفال مین اگرتپ شدید ہو اشیائے گرم کا بہت استعمال نہ کرین اور زیادہ تبرید بھی
منع ہے اور شافہ سے دفع قبض کرنا چاہیے اس جگہ چند ادویہ مسہل جو اس مرض کو مفید ہین ذکر
کیجاتی ہین گولیان کہ غیر حالت دورہ مین مفید صرع ہین کچھوے کا خون جو کا آٹا شہد مین
سب کو برابر ملاکر سیاہ مرچ کے برابر گولی بنائین صبح وشام ایک ایک گولی کھایا کرین حب مقل
یعنی گوگل کی گولیان صرع کو نفع کرتی ہین بعد مسہل کے اہل ہند تعدیل مزاج کے واسطے
استعمال کرتے ہین قسط یعنی کٹ سونٹھ کبابہ دیلو دار ہر ایک تین درم بھنگرہ سیاہ مرچ
عاقرقرحا کھیل سن کے بیج ہر ایک نو درم گوگل ہموزن ادویہ کے کوٹ چھانکر شہد مین گولیان
بنائین خوراک دو درم صبح وشام نیم گرم پانی سے نگلین دوا نافع صرع جدوار ترینہ لڑکے والی
عورت کے دودھ مین رگڑکر پلائین داغ ام الصبیان کے واسطے مجرب درمیان دونون
ابرو کے مونگے کا دانہ گرم کرکے داغ دین اور بکری کی مینگنی سے بھی داغ دینا مفید ہے دوا
دافع صرع دورہ کے وقت سفر تخم شریفہ کا پیسکر کپڑے کی بتی مین رکھکر اسکا دھوان ناک مین
پہونچائین بخور وقت صرع کے کپڑے کا بند کھٹمل کے خون مین تر کرکے اسکا دھوان ناک مین
پہونچائین سعوط صرع کو وقت نوبت اور غیر نوبت کے مفید ہے آک کی جڑ کا چھلکا بکری کے
دودھ مین گھسکر سعوط کرین دیگر نوبت صرع کے وقت ڈھاک کی جڑ پانی مین رگڑکر سعوط کرین
دیگر کیندے کا پتہ چند سیاہ مرچین ڈالکے خشک کرین نوبت صرع کے وقت ان مین سے
دو مرچین پانی مین پیسکر دونون نتھنون مین دو تین قطرے ٹپکائین مرگی بالکل زائل ہوجائیگی
دیگر نوبت کے وقت کام آتی ہے آدھی مہوے کی گٹھلی اڑھائی کالی مرچون کے ساتھ پانی مین
پیسکر سعوط کرین دیگر وقت نوبت کے استعمال کرین جلد ہوش مین لائے تخم تدری پانی مین
پیسکر دو تین قطرے ناک مین ٹپکائین دیگر چھوٹی کٹائی کا دودھ وقت نوبت نتھنون مین

ٹپکائین دیگر روئی ہاتھی کی مستی مین یعنی اُس تراوٹ مین جو مستی کے زمانہ مین ہاتھی کے کان
کے قریب یا اُسکی پیشانی سے بہتی ہی تر کرکے صرع کے وقت دو تین قطرے ناک مین ٹپکائین دیگر
نوشادر دو حصہ آدھا حصہ صبر سقوطری چوتھائی جز و روغن کنجد مین پیسکر چند قطرے ناک مین ٹپکائین
دیگر بیج کٹائی تخم بنگ مساوی لڑکون کے پیشاب مین پیسکر سعوط کرین دیگر بکری کے سینگ کا دھوان
دورہ کے وقت ناک مین پہونچانا جلد فائدہ دیتا ہی سفوف کہ بالخاصیت صرع کو نفع کرتا ہی
بھیڑیے کا سم جلایا ہوا ایک مثقال مرگی والے کو کھلانا فائدہ رکھتا ہی شربت شقائق کہ لڑکون کو
غیر وقت نوبت مین دفع صرع کا فائدہ رکھتا ہی گل شقائق کہ اُسکو لالہ کہتے ہین بیس مثقال پانی
مین جوش دین اور صاف کرکے چالیس مثقال قند مین قوام کرکے شربت تیار کرین لڑکے کو آدھا
مثقال اور بڑا کو دو مثقال کھلائین شموم دورہ کے وقت رائی پیسکر سونگھین دیگر کندش پسا ہوا تھیلی
مین باندھکر سونگھین معجون عاقرقرحا صرع کے واسطے جالینوس کے مجربات سے ہی بعد استعمال مسہل
کے غیر وقت نوبت مین عاقرقرحا کوٹ کر برابر سرکہ مین پیسکر سہ چند شہد مین معجون بنائین خوراک
سات ماشہ نیم گرم پانی کے ساتھ سعوط چھوٹی کٹائی کا پھل خشک کرکے کہ اُسکو پھل بھٹکٹنی ہی ایک چھ ماشہ
جنگلی کوکی ناس چار تولہ سبکو خوب پیسکر بقدر دو ماشہ کے ہر روز سعوط کرین نفوخ صرع کے واسطے
حالت نوبت مین کام آتا ہی گھوس کے پتہ مین سیاہ مرچ بھرکر سایہ مین خشک کرین وقت نوبت پیسکر
دو چاول نفوخ کرین قطورات جو تہ پیسکر ناک مین ٹپکائین نفوخ نوبت و غیر نوبت کے وقت
استعمال کرسکتے ہین ریٹھا سلیم مع پوست و تخم پیسکر بطریق نفوخ کے ناس لیا کرین دیگر رافع صرع
عین نوبت کے وقت بڑ پوٹ کہ آک کے درخت پر انواع و اقسام کے رنگ کا ہوتا ہی اُچھلتا ہوا اُڑ
جاتا ہی اُسکو پکڑ کے سایہ مین خشک کیا ہوا پیٹ کے لیکر پیسکر بیمار کی ناک مین پھونکین مجرب ہی اور صاحب مخزن التجارب
نے عوض سیاہ مرچ کے گائے کا گھی لکھا ہی دیگر جیبے کا کھیا خشک کرکے پانی مین پیسکر آدھا ماشہ نفوخ کرین
تین دن مین صحت کامل حاصل ہو گی ادویہ بالخاصیت نافع صرع طب فیروزی مین لکھا ہی کہ صاحب صرع
کے گلے مین چاول لٹکانا بالخاصیت نفع دیتا ہی صرع کو بہ نوین آسفو دیتا اسی طرح ہینگ کا لٹکانا اور مشورہ کے

سم کی انگوٹھی منگل کے دن داہنے ہاتھ مین پہننا بھی دافع صرع ہی اور وہ مٹی جسپر سؤر نے پیشاب
کیا ہو اپنے پاس رکھنا بالخاصیت دافع صرع ہی اور دانت بھیڑیے کے لڑکے پر باندھنے سے صرع نہین
آتی اور ہڈی اور گوہ بھیڑیے کا اپنے پاس رکھنا مرگی کا دافع ہی اور گاے کے بائین سینگ کی انگوٹھی
بنا کر بائین ہاتھ مین پہننا مجرب ہی اور چوہے کا مونھ لڑکے کی گردن مین لٹکانا ام الصبیان کو دفع کرتا ہی
فصل ادویہ سکتہ کے بیان مین سکتہ وہ بیماری ہی کہ حس و حرکت جاتی رہتی ہی اور بیمار مردہ
معلوم ہوتا ہی اسکا سبب سُدّۂ تامہ ہی بطون دماغ مین علاج اگر خون کا غلبہ ہو سر رو فصد
کھولین اور اگر بلغم کا غلبہ ہو عمل و شافۂ مخرج بلغم استعمال کرین اور سر کو بھی سینکین اور نغوخ اور
سعوط کرین اور قی کرنا بہتر ہی اور ہاتھ پاؤن کا ملنا اور باندھنا مفید اور سر مین تالو پر نشتر دیکر اسپر پارہ
ملنا نفع کرتا ہی اور بعد تنضیج مادہ کے تنقیۂ بلغم کرین جب اس بیماری مین سانس کا چلنا معدوم ہو تو قابل
علاج نہین اور اگر دم کی آمد و رفت معلوم ہو کچھ علاج کرین ہی حالت سکتہ و مردہ مین فرق یہ ہی کہ بحالت سکتہ
بیمار کی آنکھ مین دیکھنے والے کا عکس معلوم ہوتا ہی اور مردے کی آنکھ مین نہین معلوم ہوتا ہی سعوط سکتہ کو
نفع کرتا ہی کندش بورۂ ارمنی یعنی پیر پا گھار صبر سقوطری یعنی ایلوا ہیچ چقندر کے پانی مین حل کر کے
چھان کے چند قطرے ناک مین ٹپکائین وجور اس دوا ے رقیق کو کہتے ہین کہ مریض کے حلق مین
ٹپکائین وجور نافع سکتہ تھوڑی ہینگ عرق بادیان مین حل کر کے مسکوت کے حلق مین ٹپکائین
دوا اگر سر مونڈا کر پچھنے لگا کر آدمی کے پیشاب مین جھاگ پیکر اسپر ملین جلد ہوش مین آئیگا
فصل ادویۂ نسیان کا بیان اکثر پیری کے سن مین کثرت بلغم کی وجہ سے نسیان پیدا ہو جاتا
ہی اگر سن شباب مین نسیان عارض ہو کر دماغ کی بیماریون کی خبر دیتا ہی اسکا اصل علاج بعد
تنضیج کے بلغم کا تنقیہ ہی معجون الفتروسیا یعنی بھلانوان کی معجون نسیان اور سرد امراض دماغی کو
نافع ہی پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ یا چھڑ بیخ تیزپات ناگرموتھا اسطوخودوس ہر ایک پانچ
مثقال سیاہ مرچ نرکچور ہر ایک آدھا مثقال بھلانوے کا تیل دو مثقال شہد ایک سو دو مثقال
معجون کندر نافع نسیان بچ ناگرموتھا ہر ایک دس درم سونٹھ کالی مرچ ہر ایک پانچ درم کوٹ چھان کر

دو چند شہد مین ملائین بعض کتابون مین سب دوا کا وزن برابر لکھا ہی خوراک دو مثقال
سفوف مفید نسیان گُند بیسونٹھ ناگرموتھا مساوی کوٹ کر سفوف بنائین موافق مزاج کے سات
دانہ منقے کا شیرہ نکال کر اُسکے ساتھ ایکہفتہ کہائین معجون مفرح نسیان کو نافع اور پٹھون کو گرم کرتی
ہی شکر سفید پاؤ سیر قوام کرکے تین مثقال وج اُسمین ملا کر معجون تیار کرین خوراک قریب ایکتولہ
دوا نافع فراموشی سیاہ مرچ پیپل ہلدی قسط شیرین یا میٹھی زیرہ سیاہ نمک سنگ اجمود ہر ایک
ایک درم باریک پیسکر ہر روز ایک درم شہد اور گھی مین ملا کر کھائین دوا نسیان اور سب
سرد دماغ کی بیماریونکو نافع ہی پانچ درم بھلاوان ہر روز کھائین دوا دیگر برہمڈنڈی کوٹ کر
چھانکر ایک تولہ گائے کے دودھ سے پندرہ روز کھائین گرم جائے اور سرد پانی سے نہائے اور
شراب اور بہت میٹھے پانی سے پرہیز کرین جوارش زنجبیل سادہ کہ امراض معدہ مین مذکور ہوگی
نسیان کو مفید ہی دوا نافع نسیان روغن مال کنگنی پان مین لگا کر ایک ماشہ پارہ اسپر رکھکر خوب ملین
پارہ جلدی مضمحل ہوجائیگا اسوقت پان کو پارہ سے صاف کرکے پان کی گلوری رکھکر کھائین اور
اسی طرح ہمیشہ کھایا کرین مال کنگنی کے تیل نکالنے کا طریقہ یہ ہی کہ مال کنگنی کوٹ کر گڑہی کی تھیلی
مین بھر کر اُسکا منہہ سی کر تانبے کے برتن مین رکھکر اُسکے نیچے کوئلے کی آگ سلگائین اور تھیلی
پر ایک بھاری پتھر رکھدین یہ روغن نکل آئیگا دوا نافع نسیان ایک مثقال گندر رات کو پانی
مین بھگودین صبح صاف کرکے تھوڑی شکر ملا کر نوش کرین فصل دوار و سدر کی دواؤن
مین دوار و دوران سر کو کہتے مین کہ ہر چیز پھرتی ہوئی معلوم ہو اور سدر اُٹھتے وقت آنکھون کے
نیچے اندھیرا آجانے کو کہتے ہین یہ مرض بخارات اخلاط کی حرکت اور اُسکے دماغ پہ چڑھنے سے
پیدا ہوتا ہی وقت غلبۂ مرض بعد تنقیح دماغ کا تنقیہ لازم ہی اطریفل کہ دردسر مین مذکور ہوا نافع ہی
نقوع یعنی خیساندہ نافع سدر و دوار کہ گرمی سے ہو دھنیا آملہ نیکوفتہ تین درم رات کو پانی مین
تر کرکے صبح مالکر تھوڑی شکر یا شہد ملا کر پئین مطبوخ نافع دوار سر پھوکا دھنیا پوست ہلیلہ زرد نیکوفتہ
ہر ایک دو درم تھوڑے پانی مین جوش دے کر ایک ہفتہ پئین دوا نافع دوران سر شیرہ خشخاش

دو درم شیرہ کشنیز دو درم تھوڑی شکر ملا کر پئین دیگر نافع دوا تخم پوست پیسکر گیہون کے آٹے مین ملا کر
روٹی پکا کر کھایا کرین سفوف نافع سدر دوا خشخاس سفید دھنیا سوکھے کا مغز مساوی لیکر دو چند
مصری ملا کر پیس چھانکر ہر روز گلاب یا پانی کے ساتھ پھانکین فصل سبات یعنی زیادہ سونے کی
دواؤن مین یہ مرض اکثر غلبۂ رطوبت سے دماغ پر خواہ سادج ہو خواہ مادی عارض ہوتا ہی
علاج بعد نضج کے بلغم کا تنقیہ کرین بعد اسکے پیاز یا مرچ گھوڑے کے لعاب دہن مین پیسکر آنکھ مین
لگائین غلبۂ خواب کو دفع کریگی اور سرد چیز کھانے سے پرہیز کرین اور سرکہ سونگھنا نیند کی زیادتی
کو دفع کرتا ہی اور اطریفل کھانا نافع ہی فصل سہر یعنی بیخوابی زیادہ کی ادویہ کا بیان بہت
جاگنے کا سبب دماغ کی خشکی ہی سادج ہو خواہ مادی علاج دماغ کو تر کرین اور مادی مین
تنقیہ دماغ کا بھی ضرور ہی بکری کا دودھ کف دست و پا مین ملنا مفید ہی اور روغن خشخاش
تلوؤن اور تالو پر ملنا فائدہ کرتا ہی اور روغن خشخاش کو روغن بادام کی طرح نکال لیوین اور اسکو
سونگھنا اور پسلیون پر طلا کرنا نیند لاتا ہی اور گل بابونہ سونگھنا اور سوئے کا ساگ تکیے کے نیچے
رکھنے سے بالخاصیت نیند آتی ہی دوا نافع بیخوابی تخم خشخاش دو درم تخم کاہو ایک درم شیرہ نکالکر
تھوڑی شکر ملا کر پئین روغن حبوب خمسہ یعنی پانچ بیجون کا بیخوابی کو دفع کرتا ہی اور صداع یبسی
اور سرسام صفراوی کو فائدہ دیتا ہی تخم کاہو مغز تخم کدو مغز تخم تربز تخم خشخاش کنجد مساوی
بطریق روغن بادام کے تیل نکالکر سر پر ملین روغن کاہو سر پر ملنا نیند لاتا ہی اسکا طریقہ
یہ ہی برگ کاہو کا عرق نکالکر دو حصہ ایک حصہ میٹھے تیل مین ملا کر خوب جوش دین جب
صرف تیل رہے اتار لین طلا نافع بیخوابی بھنگ کی تازی پتیان بکری کے دودھ مین
مہندی کی طرح پیس کر تلوؤن مین لگائین یا روغن بنگ تلوؤن مین ملین اور طریق
نکالنے روغن بنگ کا یہ ہی کہ برگ بنگ بکری کے دودھ مین پیسکر ٹکیا بناکر گھی مین جلائین جب
سیاہ ہو جائے چھان کر وہ گھی استعمال کرین اور اگر ہاتھ پاؤن مریض کے اس قدر کھینچکر
باندھین کہ کچھ اوٹ سے درد کرین اور او کھنے سے نافع ہو اور ایک چراغ اس مریض کے آگے

روشن کردیں اور آدمی جمع ہوکر قصہ کہانی کہنا شروع کریں جب دیکھیں کہ مریض تھک گیا ہاتھ پاؤں کھولدیں اور سب چپ ہوجائیں چراغ اٹھالیں تو یہ تدبیر خواب لانے پر مدد کریگی اور چکی کی آواز اور بہتے پانی کی صدا اور ہوا سے درختوں کے پتوں کی جنبش کی آواز نیند کی معین ہیں اور روغن کدو سر پر ملنا خشکی دماغ کو نفع کرتا ہی ترکیب روغن کدو کی سرسام میں مذکور ہوچکی سعوط عورت کے دودھ کا دافع خشکی دماغ ہی اور بعد ہضم غذا کے نیم گرم پانی سے نہانا خواب لاتا ہی اور جس وقت تپ باعث بیخوابی ہو پاشویہ کریں سفوف دافع بیخوابی مفرط و مقوی دماغ و مانع نزلات کشنیز بریان مغز تخم کاہو تخم خشخاش سفید بریان ہر ایک اڑھائی مثقال شکر سفید بار وشقال کوٹ چھانکر سفوف بنائیں شربت دو مثقال نطول نافع بیخوابی بنفشہ پوست خشخاش تخم کاہو تخم خشخاش فقاح ریحان یعنی نازبو جوش دیکر نطول کریں شموم کہ خواب لاتا ہی تخم خشخاش تخم کاہو حب صنوبر خشک سوئے کے بیج مساوی الوزن کوٹ کر کپڑے میں ڈھیلا ڈھیلا باندھکر سونگھیں سعوط خواب آور تازے کاہو کا عرق لیکر چھانکر عورت کے دودھ میں ملاکر ناک میں ٹپکادیں سرمہ خواب آور عورت کی کنگھی پر چراغ سے کاجل پاریں اور آنکھوں میں لگائیں اور کنگھی سرہانے رکھکر سورہیں فصل فالج و لقوہ کی دواؤں میں فالج ڈھیلا ہوجانا آدھے بدن کا طول میں اور لقوہ منہہ کا ایک جانب کو ٹیڑھا ہوجانا اور یہ دونوں بیماریاں غلبۂ بلغم سے حاصل ہوتی ہیں علاج ان دونوں قسم کا قریب ہی اسواسطے ایک ہی جگہ لکھا جاتا ہی اس مرض کی ابتدا میں بہترین تدبیر یہ ہی کہ دو تین فاقہ دیکر پانی کی جگہ ماء العسل پینا شروع کریں اور اگر مرض بہت قوی ہو سات روز تک غذا نہ دیں صفت ماء العسل شہد ایک حصہ پانی دو حصہ جوش دیں جب سوم حصہ باقی رہے صاف کریں اور جس جگہ شہد نہ ملے اسکی عوض قند سیاہ بطور مذکور جوش دیکر استعمال کریں غذا کبوتر یا چڑیا کا شوربا اور نخود آب خانہ کا نسخہ مرض سے چوتھے روز شروع کرکے حب ایارج کا نوین دن یا چودھویں دن مسہل دیں اور دیکر تنقیہ کرنا اس مرض میں ضرور ہی اور مادہ منضجہ ہر خلط کی

نقری مین مذکور ہو چکین مطبوخ منضج بادیان چھ ماشہ بیخ بادیان ایک تولہ سوئے کے بیج اجوائن
اجمودہ تین تین ماشہ بالچھڑ چار ماشہ بیخ کاسنی ایک تولہ گلقند دو تولہ ڈیڑھ پاؤ پانی مین جوش
دین جب آدھ پاؤ رہے چھانین اور ہر روز اسی طرح سے استعمال کرین کہ منضج ہو صفت حب
ایارج فیقرا ایارج فیقرا چھ درم پوست ہلیلہ زرد پانچ درم تربد ہر چار درم حب النیل دو درم
شحم حنظل یعنی اندراین کے پھل کا پروہ ہر ایک ایک درم نمک ہندی پانچ درم کوٹ چھانکر
گولیان بنائین صفت ایارج فیقرا متاخرین اطبا کے طریقے پر اسارون بالچھڑ تج مصطگی دارچینی
اسطوخودوس سونف گل سرخ ہر واحد ایک درم ایلوا دو چند کوٹ پیس کر چھان لین بعد فراغ
مسہلون کے اس مرض کے معدلات جنکا ذکر آتا ہی استعمال کرین حب کبریت رعشہ اور جمیع
بلغمی بیماریون اور درد کمر اور پیروں کے درد کو نافع ہی دھوئی ہوئی گندھک پارہ ہرتال سرخ جیش مدبر
کر ایک قسم کا زہر ہی لیمون کے پانی مین آٹھ پہر کھرل کرکے ماش کے برابر گولیان بنائین خوراک
ایک گولی سے تین گولی تک گھی کے ساتھ حب حشیش فالج اور لقوہ مین کہ بعد مسہلات تعدیل
مزاج کے واسطے نافع ہی عاقرقرحا سیاہ مرچ پیپل ہر ایک تین ماشہ فلفل موئیہ یعنی پیپلا مول چھ ماشہ
سونٹھ بیٹھا تیلیہ ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر قند سیاہ اور گھی مین ملا کر بقدر مونگ کے گولیان بنائین
خوراک ایک گولی سے دو گولی تک حب اہل ہند کے طریقہ پر لقوے کو مفید ہی مال کنگنی رتن جوت
پیپل ہر ایک تین درم موصلی سیاہ پندرہ درم سونٹھ سولہ درم مغز جمال گوٹہ سنبری دو درم کہ چار درہم
ادویہ کوٹ چھان کر پانی ملا کر کھرل مین پیس کر سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین خوراک دو گولی دوا
نافع لقوہ سونٹھ بچ برابر کوٹ کے شہد مین ملا کر اخروٹ کے برابر ہر روز دو دفعہ کھایا کرین اور
اس دوا کے استعمال کے زمانہ مین ماء العسل پینا لازم ہی بخور یعنی بپھارہ فالج اور لقوی کے
واسطے لسن ایک درم پختہ سونٹھ ایک درم پختہ برگ بکاین برگ سنبھالو ہر ایک پاؤ سیر سونٹھ جو کوب
کرکے سبکو ملا کر دو سیر پانی مین جوش کرین جب آدھا رہے محفوظ جگہ مین لحاف کے اندر اسکا بپھارہ لین
حب فوارا قی یعنی کچلہ فالج و لقوہ اور درد ماغی بیماریون اور درد کمر کو مفید ہی اور سرد مزاجون کے

مزاج کو درست کرتا ہی پندرہ عدد کچلہ پندرہ روز پانی مین تر کرکے تین روز کے بعد پانی بدلتے
رہین جب پندرہ روز کے بعد نرم ہو جائے پوست دور کرکے خشک کرین پھر آگ مین اتنا جلائین
کہ دھوان نکلنے سے موقوف ہو جائے کوئلہ بنا کر سرد کرکے اسکے برابر سیاہ مرچ ملا کر پیسکر سیاہ مرچ
کے برابر گولیان باندھین ایک گولی ہر صبح کو کھاتے رہین **نسخہ دیگر** اہل ہند کا ترکیب دیا ہوا فالج
و امراض بلغمی کو نفع کرتا ہی کچلہ تخم بھنگ پھٹکری ہر ایک آٹھ درم تینون دوا کو پاؤ آثار دودھ اور
آدھ پاؤ پانی مین جوش دین جب چوتھائی رہجائے کچلہ اور تخم بھنگ مقشر کرکے پیچ دو فلفل سونٹھ
بادیان ہر ایک ڈیڑھ درم کوٹ چھان کے سبز ہنڈی کے پانی مین یا خشک ہنڈی کو پانی مین
جوش دیکر اس پانی مین سب دویہ کو کھرل کرین اور چنے کے برابر گولیان بنا کر صبح و شام ایک
یا دو کھائین فائدہ مرض مین جب تک اشتہائے صادق نہو غذا نہ کھائین اور جب تک پیاس
نہ لگے ماء العسل پئین صاحب لقوہ کو اندھیرے مکان مین بٹھانا واجب ہی کہ وہان ہوا نہ پہونچے
اور جسکو فالج تپ کے ساتھ ہو گرم دوائین نہ دین بلکہ اول علاج تپ کا کرین بعد فالج کا علاج کرین
گرم پانی مفلوج کے بدن کو ضرر کرتا ہی دوا معمولات اہل ہند سے فالج کے واسطے مجرب ہی قلعی
جست بیش سیاہ و پارہ ہر ایک دس ماشہ سیاہ مرچ پانچ درم اول جست اور قلعی کو گلا کے پارہ مین
ڈالین کہ گرہ بند ہو جائین پھر خوب کھرل کرین بعد ازان بیش سیاہ کو تھوڑا تھوڑا اسمین چھڑک کر خوب
پھر پیسین اسکے بعد سیاہ مرچ دفعۃً ڈالکر اسی طرح کھرل کرین تا کہ اٹھارہ پہر کھرل ہو جاوے
خوراک ایک چاول پان کے ساتھ غذا پرندون کا گوشت معجون فالج و لقوہ کیواسطے مجرب ہے
مرچ بیس درم سونٹھ زیرہ سیاہ ہر ایک سات درم سو مثقال شہد مین ملائین ہر روز ایک مثقال کھایا
کرین اس دوا کے استعمال مین ماء العسل پینا ضروری ہی دیگر دافع فالج و لقوہ و جمیع امراض بلغمی مرچ
دس درم کالی مرچ پودینہ زیرہ سیاہ کلونجی ہر ایک تین درم پاؤ سیر شہد مین بدستور ملائین خوراک
دو مثقال دیگر پیاز کا سفوف شکر کے ساتھ بعد تنقیہ کے کھانا فالج اور لقوہ اور صرع کو فائدہ کرتا ہی
دلوک یعنی ملنے کی دوا کہ زبان پر ملنے سے فالج کو مفید ہی کائی عاقرقرحا پیسکر شہد مین ملا کر زبان پر

ملین دواکہ مزاج مفلوج کو تعدیل کرتی ہی ایک بیر بہوٹی سر پاؤن اُکھاڑکے پان کی گلوری مین
رکھکر کھلا مین دوا فالج مین بہترین ادویہ بھناک ہی جالینوس کہتا ہی کہ اگر سیاہ مرچ بار یک پیس کر
تیل مین ملاکر طلا کرین کوئی دوا اسکے برابر نہین ہی دوا نافع لقوہ مُصن کے بیج پانچ درم شہد مین
ملاکر بعد تنقیہ کے پندرہ روز کھلا مین روغن جسکا ملنا فالج و لقوہ کو نفع کرتا ہی سفید کنیر کی جڑ کا
پوست سفید گھونگھچی کی دال سیاہ دھتورا کی پتیان ہر ایک دو درم سبکو کوٹ چھانکر ٹکیان بناکر
پاؤ سیر تیل مین تلین جب ٹکیان جلجائین اُسی روغن مین حل کرین جسوقت اُسکا درد نشین
ہوجاوے عضو مفلوج پر روغن کی مالش کرین اور اس روغن کا کھانا بدن کو بھی قوت دیتا ہی
روغن جسکا ملنا فالج کو نافع ہی میٹھا تیل پاؤ سیر قسط یعنی کٹ کھونچی ہر واحد دو درم ان دونون
کو روغن مین خوب جلاکر استعمال کرین روغن اوراق یعنی پتون کا تیل کہ اُسکا ملنا فالج
کو دفع کرتا ہی برگ ارنڈ برگ دھتورہ برگ آک برگ سنبھالو برگ سنجنہ برگ اسگندہ برگ
سنبھالو سب مساوی کوٹ کر عرق نچوڑ کر برابر میٹھے تیل مین جوش دین یہانتک کہ پانی
جلکر روغن رہجاوے بعد اسکے سونٹھ اور قسط تلخ پیسکر ملا کر تہہ نشین کرین روغن کہ پٹھون کو قوت دے
اور فالج اور استرخا کو نافع ہو اور ریاح کو تحلیل کرے قسط دو درم بابچی اشنہ تیزپات عاقرقرحا
سونٹھ ہر واحد ایک درم ادویہ کوفتہ پانی مین بھگا دین صبح جوش دین کہ سوم حصہ رہجاوے
ملکر چھان کر پاؤ سیر میٹھا تیل ملاکر پھر جوش دین تا کہ پانی جلجاوے اور روغن رہجاوے روغن بابونہ دوسری
قائم مقام روغن بابونہ سردی کی بیماری کو نافع ہی گل بابونہ بدستور روغن گل تیار کرین مگر
پھول تین مرتبہ بدلین روغن سداب یعنی تختی کا تیل کہ اُسکا ملنا استرخاء اعصاب کو نفع کرتا ہی
برگ تازہ سداب کو چار چند میٹھے تیل مین جوش دین جب فقط روغن باقی رہے چار اوقیہ سداب
خشک سیر بھر پانی مین پکائین جب آدھا رہجاوے صاف کرکے ایک اوقیہ وہی میٹھا تیل ڈالکر یہانتک
جوش دین کہ صرف روغن باقی رہجاوے روغن بابونہ امراض باردہ دماغی کو بطریق قطور نفع
کرتا ہی گل بابونہ تازہ دو حصہ تختی ایک حصہ روغن کنجد چو حصہ شیشے مین کرکے چالیس روز دھوپ مین رکھین

اور بعضے گل بابونہ اور مہتی کو دس حصہ پانی مین جوش کرتے ہین یہان تک کہ روغن رہے
دیگر برگ تازہ سداب کے ساتھ روغن کنجد ملا کر شیشے مین کرکے دھوپ مین رکھین چالیس روز کے
استعمال کرین یہ روغن کے ملنے سے فالج و رعشہ کو نفع کرتا ہی حبہ سرخ ستشر چار درم قسط تلخ ہر ایک
دو دام کلہچین تخم دھتورہ ہر ایک دو دانگ کوٹ چھان کر پانی مین قرص باندھکر دو چھٹانکے تیل مین
جلا کر صاف کرکے ملین روغن نافع امراض بادی و بلغمی کلونجی اجوائن عاقرقرحا اسپند کھاری نمک
ساوی نیم کوفتہ آٹھ حصہ پانی مین بھگا کر جوش دین جب چہارم حصہ رہے چھان کے
روغن کنجد ہموزن ادویہ مین ملا کر پھر جوش دین کہ روغن باقی رہجاوے روغن بانجی
نافع فالج بانجی آدھ سیر اجوائن سرخ اڑھائی دام کوٹ چھانکر پانی مین قرص بنائین اور
اڑھائی سیر دھتورہ کے درخت کا عرق اور آدھ سیر میٹھا تیل ملا کر لوہے کی کڑاہی مین
پکائین جب قرص جلجائے چھان کر ملین روغن جمیع امراض باردہ دماغی کو نافع ہی مال کنگنی
بھلانوان لہسن برابر کوٹ چھانکر گولیان بنا کر تین روز خشک کرکے پتال جنتر مین تیل کھینچین ایک
ایک کھنگچی سے چار کھنگچی تک پان مین دین روغن استرخا یعنی جھولہ اور ریح وغیرہ امراض باردہ کو
نافع ہی مین پیپل پانچ دام سونٹھ کرنجوہ بابونہ قسط تلخ ہر ایک تین دام کلونجی تخم چوہار تخم دھتورہ
اجمود مال کنگنی اسپند پیپلامول کا پھل اجوائن خراسانی عاقرقرحا اجوائن دیسی ہر ایک دو دام
دارہلد باؤبرنگ ہر ایک دام روغن کنجد دو سیر روغن رینڈی آدھ پاؤ روغن السی آدھ پاؤ
بدستور روغن تیار کرکے مالش کرین ایام سردی مین ہوا اور سرد چیزون کے کھانے سے پرہیز
کرین سفوف نافع فالج و امراض ریحی اجمود باؤبرنگ کابلی نمک لاہوری دیو دار
شیطرج چیتہ پیپلامول سونف پیپل سیاہ مرچ ہر ایک اڑھائی ماشہ پوست بلیلہ اندر ساڑھے
بارہ ماشہ بدھارا سونٹھ ہر ایک پانچ ماشہ کوٹ چھانکر ایک تولہ سے ڈیڑھ تولہ تک کھایا کرین معجون
سیر آدھ پاؤ لہسن کے بڑے بڑے جوے چھیلکر ڈیڑھ پاؤ گائے کے دودھ مین جوش دین جب
گل جائے چھانکر قوام کرکے گل بابونہ سونٹھ سیاہ مرچ پیپل پوست بلیلہ کابلی عاقرقرحا کبابہ برنج

خولنجان یعنی کلیجن ہر ایک ایک دام گوشت چھان کے قوام مین ملائین نفوخ کہ فالج اور لقوہ کو
نفع رکھتا ہی نمک لاہوری پیسکر نفوخ کرین معجون القرو یا نافع امراض سرد بابچی سونٹھ
مریات بالچھڑ اگر سوختہ سیاہ مرچ عاقرقرحا کلونجی قسط یعنی کٹ شہد بھلانوان ہر ایک
دو حصہ بھنگ رائی پیپل ایک حصہ کوٹ چھانکر روغن بادام مین چرب کرکے سہ چند شہد مین
ملا کر رکھین بعد چھ مہینے کے استعمال کرین شربت ایک درم سے دو مثقال تک سعوط نافع لقوہ
و صرع اور دماغ کو رطوبات سے پاک کرتا ہی تھوڑی کلونجی اور اسپند لیکر بیخ چقندر اور بیخ
اندرائن کے عرق مین پیس چھانکر چند قطرے ناک مین ٹپکائین شربت صاحب لقوہ و
فالج کے دماغ پاک کرنے کے لیے کام آتا ہی سونٹھ بالچھڑ کلیجن ہر ایک ایک مثقال سیاہ مرچ
پیپل ہر ایک آدھی مثقال ادویہ نیکوفتہ تھیلی مین باندھکر آدھ سیر شہد اور تین سیر پانی مین
جوش دین اور دمبدم تھیلی کو ملتے رہین کہ قوام ہوجاے خوراک دو تولہ لعوق یعنی چٹنی فالج
اور بلغمی بیماریون کو نافع ہی بیخ عاقرقرحا کائپھل کلیجن سیاہ مرچ پیپل سونٹھ نرکچور پیپلا مول
ساوی الوزن لیکر سہ چند شہد مین ملائین خوراک موافق رائے طبیب کے فصل مالیخولیا
یعنی دیوانگی کا علاج اگر زیادہ ہو اسکو جنون کہتے ہین اگر مالیخولیا مین غصہ اور رنج غالب ہو
اسکو مانیا کہتے ہین اور اگر ہنسی اور کھیل اور ایذا دینا غالب ہو اسکو داء الکلب کہتے ہین یا
اگر ترشروئی اور آدمیون سے نفرت ہو اسکو قطرب کہتے ہین مالیخولیا کے علاج مین جلدی ضرور ہی
بہرحال ابتدا مین فصد کرین کیونکہ پہلے یہ علاج سہل ہی اور استحکام کے بعد دشواری ہوتی ہی اور
ہرحال مین مریض کو خوش رکھنا اور معتدل جگہ مین بٹھانا اور غذاے تر کھلانا اور بہت سلانا
بہترین علاج ہی اور مسہلات سے کئی مرتبہ تنقیہ کرین اور قلب کی تقویت کرنا اور صاحب مالیخولیا کو جو
امر کہ پسند پڑے اسمین بہت مشغول رکھنا چاہیے مگر خلوت و تنہائی و خوف مضر ہی اور جب صاحب مالیخولیا
کثرت شہوت کی شکایت کرے جماع معتدل کا حکم دین اور زیادتی سے منع کرین اور بعد فصد کے ماء الجبن
پلانا بہترین تدابیر ہی اور ایام استعمال ماء الجبن مین طاقت کا لحاظ کرکے مسہل دیتے ہین سکنجبین افتیمونی

کبیماری سوداوی کو نفع دیتی ہی افتیمون سات مثقال شاہترہ گاؤزبان ہر ایک چار مثقال
تنو سیر چند سرکہ خوب تند قند کا تیسرا حصہ سبکو قوام کرین بکری کا دودہ کہ جسکا نام انجبین
بنائین اسی سکنجبین سے پچاڑین مالیخولیا مین اکثر دفعہ سر پر مارنا فائدہ کرتا ہی تاکہ اسکی عقل آئے اور
قوت حاسہ دور کی وجہ سے بتیہا آگاہ ہو تو اگر بیماری عود کرے پہر مارین اور افیون کھانا اسکا
علاج ہی نصف دانق سے ابتدا کرکے نصف درہم تک پہونچائین مگر یہ فائدہ اسی شخص کو کرتی ہی
جو جوان ہو اور دماغ کو چہیڑ دینا بہتر علاج ہی طب یوسفی مین ہمیشہ شراب پینا اور رنج دیکھنا
کرنا اس مرض کے علاج مین لکہا ہی دیگر سکنجبین افتیمونی ماء الجبن مین اس مرض سوداوی
کے واسطے استعمال کرتے ہین ہلیلہ سیاہ نمک ہندی ہر ایک ایک مثقال افتیمون پانچ مثقال
سرکہ مین بھگوئین اس سرکہ سے سکنجبین سادہ بناکر آدہے اوقیہ دو رطل دودہ ملاکر پکاکر
سرد کرکے پکائین پانچ اوقیہ سے نو اوقیہ تک جس قدر چاہین نوش کرین سعوط نافع جنون کا
بخاصیت آدمی کے بال جلاکر روغن گل مین حل کرکے سعوط کرین حکایت ایک شخص کو
وسوسۂ قلب اور تنہا بیٹہنے کا شوق اور وحشت دل شروع ہوئی افلاس کے باعث سے
اس عزیز کو دوا کرنے کا مقدور نہ تہا مین نے پہلے فصد ہفت اندام کہولی بعدہ بکری کا
دودہ خاکشی کے ساتہ اسکو پلایا بہت فائدہ کیا اور مالیخولیا کی ایک قسم مراق کی شرکت
سے ہوتی ہی اور مراق ایک پردہ بالاے معدہ ہی اسکی علامت ریاح کی زیادتی نفخ درد
و سوزش شکم اور کہٹی ڈکار جلی ہوئی اور ضعف ہضم اور خفقان ہی اسکا علاج سر چہلے مین فصد
باسلیق لین اور برگ تلخ تروں کا عرق پلانا اس مرض مین مفید ہی اور مالیخولیا کی ایک قسم
کہ اسے عشق کہتے ہین علاج مریض کو کسی اور کامون مین مشغول کرین اور ملاقات محبوب
بطریقہ شرعی بہترین علاج ہی اور ان آدمیون کو مریض کے پاس مقرر کرین کہ معشوق کی
برائی بیان کیا کرین غیر معشوق سے جماع کرنا بہی عشق کو کم کرتا ہی طب فریدی مین
مذکور ہی کہ آہن تاب پانی کا پینا عشق کو دفع کرتا ہی اور اسکا طریقہ یہ ہی کہ

کہ لوہے کو گرم کر کے جب پانی مین بجھانے لگین یہ کہین کہ جس طرح یہ گرم لوہا پانی مین سرد
ہوتا ہے دل فلان بن فلان کا عشق فلان بن فلان سے سرد کر دے تین بار یہ کہکر لوہا
سرد کرین پھر اُس پانی سے عاشق کا منھ دھوئین اور اُسکے سینے پر چھڑکین تین روز کے عمل مین
عشق بھول جائیگا طب فریدی اور دیگر کتابون مین لکھا ہے کہ اگر اُس سنگ مرمر کا ٹکڑا جسمین کسی
کی وفات کی تاریخ لکھی ہو تھوڑا سا گھسکر عاشق و معشوق کی جدائی کی نیت کر کے عاشق
و معشوق کو بدون اطلاع کھلائین بخاصیت دفع عشق کرتا ہے اور ایک کتاب مین دیکھا ہے
کہ اگر بچھو کا ڈنک اور گتے کا ناخن اور باخہ کا ناخن اونٹ کے چمڑے مین تعویذ بنا کر مجنون کے
گلے مین باندھین وسواس جنون سے باز رکھتا ہے اور صرع کو مفید ہے سعوط کہ فرنگی ڈاکٹر نے
جنون کے دور کرنے کے واسطے مجرب کیا ہے الو کا بھیجا ایک دانگ لیکر گھلا کر کوڑی بھر کافور
ملا کر پیسین کہ خوب ملجائے پھر ایک دانگ کوے کا خون اُسمین ملا کر بقدر دو جو لیکر چند
قطرے تلسی کے عرق سے سعوط کرین جنون سے صحت ہو جائے گی دیگر تدہین روغن کدو
اور کاہو کہ سہر اور سرسام مین مذکور ہوا مالیخولیا کو مفید ہے دیگر تحفۃ المومنین مین لکھا ہے کہ
نئے کوزہ مین عورت کے سر کے بال جلا کر اُس کوزے مین مرد عاشق کو پانی پلانے سے
عشق دفع ہوتا ہے بلکہ اُس سے نفرت ہو جاتی ہے فصل اختلاج یعنی بدن کے پھڑکنے کا معالجہ
اختلاج کا سبب ریح ہے اختلاج کی زیادتی کسی مرض کا سبب ہوتی ہے علاج نمک اور بھوسی
سے سینکین اور جو روغن فالج مین مذکور ہوے ہین اُنکی مالش کرین گرم دوا کا لیپ بھی فائدہ
رکھتا ہے اگر ان چیزون سے دفع نہ ہو بلغم کا تنقیہ کرین فصل علاج رعشہ یعنے کپنا
عضو کا اگر مادہ بلغم سے ہو اُسکی علامات دریافت کر کے عضو کا تنقیہ کرین اور اگر رعشہ کثرت
جماع سے ہو جماع ترک کرین اور اگر شراب کی کثرت سے ہو شراب ترک کرین دودھ تازہ پینا
اور بیضہ مرغ نیم برشت کھانا رعشہ کو مفید ہے فصل آنکھ کی بیماریون کا معالجہ فصل عضلے بدن
آنکھ ہے جو مرض اُسمین لاحق ہو اُسکے علاج مین سستی نکرنا چاہیے اور آنکھ کو بخار اور دھوئین

اور ہواے خارج اعتدال سے بچانا چاہیے رونے کی کثرت اور جماع اور نشہ اور اشیاے مسکر کی افراط
آنکھ کو ضرر کرتی ہی مگر باریک چیزمین ہمیشہ نظر کرنا منع ہی مگر بطور ریاضت کے جائز ہی سبزی پر
نظر کرنا آنکھ کے نور کو مجتمع کرتا ہی اور آنکھ کی بیماری پر جب تک تین روز نہ گذرین کوئی دوا
نکرنا چاہیے **فصل** رمد آنکھ کے درد و ورم کو جو پردہ ملتحمہ کی سرخی کے ساتھ ہو رمد کہتے ہین
علاج فصد سر رو لیین کہ انواع رمد کو مفید اور موافق ہی اور جونکین لگانا بھی فائدہ رکھتا ہی گوشت
اور مٹھائی اور کھٹائی سے پرہیز لازم ہی ابتداے رمد مین سرد پانی آنکھ پر استعمال کرنا منع ہی اور
زرد کپڑا ہلدی مین رنگ کر یا نیلا کپڑا آنکھ کے سامنے لٹکانا لازم ہی اب چند ادویہ مسہل رمد کی
ذکر کرتا ہون **حب** یعنی گولی درد رمد کی لکھتا ہون کہ اس سے بہتر درد رمد کے واسطے کوئی دوا
نہین ہی پھٹکری بریان دو دام پختہ زرد چوب سات ماشہ اگر خام ہو بہتر افیون پانچ ماشہ
پاؤ سیر پختہ لیموے کاغذی کے عرق مین لوہے کی کڑاہی مین ہلکی آگ مین پکا کر حل کرین جب
گولی بنانے کے قابل ہو گولیان بنا رکھین پانی مین رگڑ کر آنکھ پر رقیق طلا کرین اور آنکھ کے
کنارون کی طرف سے تھوڑی آنکھ مین بھی لگاوین **شیاف ابیض** رمد کو نافع ہی اور
کان کے زخمون کو بطریق قطور فائدہ کرتا ہی اور دودھ مین ملا کر اسکی پچکاری لینا مجاری
بول کے زخم کو مفید ہی دھویا ہوا اسفیدہ چھ درم نشاستہ کتیرا ببول کا گوند ہر ایک ڈیڑھ درم
کافور دو دانگ کندر افیون ہر واحد آدھا درم شیاف بنائین دوا آنکھ کے درد کو ایک
دم مین ٹھہرا دے لودھ گیہون کا مائدہ گھی ہر ایک چار درم سب اجزا کو خمیر کرین اور چار
گولیان بنائین اور ٹھیکرا آگ پر رکھکر اسمین ایک گولی رکھدین جب ذرا گرم ہو نرم نرم
آنکھ پر باندھین بعد سرد ہونے کے دوسری گولی باندھین اسی طرح سے چار غولہ باندھنے
سے درد تسکین پاتا ہی پوٹلی کہ آنکھ کے درد کے واسطے بیمثل ہی مغز گھیکوار ایک ماشہ
افیون ایک سرخ باہم پیسکر مغز گھیکوار مین پوٹلی باندھکر پانی مین تر کرکے آنکھ پر پھیرین ایک
دو قطرے آنکھ کے اندر بھی ٹپکائین **ایضاً** مجرب آنکھ کے درد کے واسطے لودھ ایکماشہ

پھٹکری بریان ایک ماشہ افیون آدھا ماشہ املی کی پتیان چار ماشہ سبکو پیسکر پوٹلی بناکے ہر وقت
آنکھ پر پھیرین ایضاً درد چشم اور مادہ سل کو نافع ہی املی کی پتیان سرس کی پتیان ہلدی
پھٹکری ہر ایک آدھا درم باریک کوٹ کے پوٹلی بناکر پانی سے تر کرکے ہر وقت آنکھ پر
پھیرین اور کچھ اُسکا پانی آنکھ کے اندر بھی ٹپکائین ایضاً واسطے رمد کے کو کنار ایک عدد
افیون ایک سرخ لونگ دو عدد پھٹکری بریان چار ماشہ ہلدی چنے برابر املی کی پتیان تھوڑی سی
پوٹلی باندھکر پانی مین تر کرکے آنکھ پر پھیرین اور اندر بھی ٹپکائین ایضاً نافع رمد کا فوری حب
پٹھانی لودھ ایک حصہ باہم پیسکر پوٹلی باندھین اور دو گھڑی پانی مین تر کرکے آنکھ پر پھیرین اور
اندر بھی ٹپکائین ایضاً لودھ پھٹکری مردار سنگ ہلدی زیرہ سفید ہر واحد ایک ایک ٹانک
افیون چہ ابر تخم درج سیاہ چار عدد توتیا سبز ماش کے برابر کوٹ چھانکر پوٹلی باندھکر پانی مین
تر کرکے آنکھ پر پھیرین ایضاً نافع رمد پوست بلیلہ زرد پوست بلیلہ کابلی آملہ رسوت گیرو املی
کی پتیان افیون پھٹکری بریان زیرہ سفید ہر ایک تھوڑا تھوڑا کپڑے مین پوٹلی باندھکر گلاب اگر
ہو بہتر ہی نہین تو پانی سے بھگوکر آنکھ پر پھیرین دوا نافع درد چشم کسی قسم کا ہو زیرہ سفید
لودھ باریک کرکے پھٹکری بریان پیسکر ہر ایک تھوڑا سا گھیکوار کے مغز مین ملاکر پوٹلی باندھین
اور پانی سے تر کرکے پھیرین دوا آنکھ کے درد کو نفع کرتی ہی افیون ایک ماشہ پھٹکری بریان
دو ماشہ املی کی پتیان دس ماشہ سب باریک پیسکر پوٹلی باندھکر آنکھ پر پھیرین اور پانی اُسکا
آنکھ مین ٹپکائین دوا نافع درد رمد پھٹکری ایک ماشہ السی دو ماشہ دونون ثابت پوٹلی باندھکر
پانی سے تر کرکے آنکھ پر پھیرین قطور نافع درد گرم لعاب اسپغول آنکھ مین لگائین قطور
رمد کو فائدہ رکھتا ہی جس روز آنکھ درد کرے اُسی روز برگ دھتورہ نیمگرم کان مین ٹپکائین
اگر بائین آنکھ مین درد ہو داہنے کان مین و آلا بالعکس قطور کہ رمد اطفال کو نافع ہی
نیب کی کونپل پیسکر نیمگرم پانی مین مخالف جانب کے کان مین ٹپکائین اور اگر درد دونون
آنکھون مین ہو دونون کان مین ٹپکائین قطور آنکھ کے امراض کو مفید ہی فقط مغز گھیکوار سین کر

سوتے وقت آنکھ مین ٹپکائین دوا آنکھ کے گرم درد کو مفید ہی گوندی کی پتی ملا کر اسکا عرق
نکالکر آنکھ مین ٹپکائین قطور نافع درد چشم ہلدی پانی مین پیسکر جانب مخالف کان مین ٹپکائین
دوا نافع رمد گرم لعاب بہدانہ اُس عورت کے دودھ مین کہ جسکی بیٹی جنی ہو اور برگ کشنیز کا عرق
ملا کر چھانکر آنکھ مین ٹپکائین دوا آنکھ کے درد کو نافع لیمون کا عرق لوہے کے برتن مین لوہے
کے دستہ سے حل کرین جب سیاہ ہو جاوے آنکھ کے گرد طلا کرین دیگر آنکھ کے درد کو نافع لودہ
آنولہ گاے کے گھی مین بریان کرکے سرد پانی مین پیسکر طلا کرین مگر آنکھ کے اندر نہ جانے پائے طلا
آنکھ کے درد کو نافع ہی پوست ہلیلہ زرد گیرو پوست ہلیلہ زنگی گھسکر آنکھ کے گرد طلا کرین طلا نافع رمد
املی خشک بیچ نکال کے پانی مین تر کرکے ملکر چھانکر افیون تین رتی پھٹکری پانچ رتی آدھی املی کے
پانی کے ساتھ لوہے کے برتن مین پکائین کہ پانی گاڑھا ہو جاے اُسکو سیپ مین رکھکر طلا
کرین اگر املی نہ ملے اُسکے پتون کا پانی لیکر پکا کر طلا کرین طلا سونٹھ صمغ عربی ہر ایک ایکدرم
گیرو ایک مثقال افیون دو درم کوٹ چھانکر پانی مین حل کرکے شیاف بنا کر طلا کرتے رہین
طلا انگور لوہے کے توے پر لوہے کے دستہ سے تھوڑا تھوڑا پانی کے ساتھ خوب پیسکر طلا کرین اور
آنکھ مین ٹپکائین دوا آنکھ کے درد کو فوراً آرام دیتی ہی بڑ کا دودھ آنکھ مین لگائین دوا
نافع درد چشم برگ نیب سونٹھ برابر علیحدہ علیحدہ چھان کر دونون کو برابر لیکر چنے کے برابر
گولیان بنائین حاجت کے وقت پانی مین پیسکر لگائین دوا آنکھ کی سرخی اور غبار کو کہ
لوے لگنے سے ہو نافع ہی ڈھائی سیاہ مرچ تھوڑی چولہے کی مٹی سرخ جلی ہوئی تینونکو باس
کے چونگے یا چینی کے پیالہ مین خوب حل کرین جب سیاہ ہو جاوے آنکھ مین لگائین دوا نافع
رمد برگ بانسہ پیسکر ٹکیا کرکے تین روز آنکھ پر باندھین دوا کپاس کی پتی دہی مین جوش کرکے
پیسکر آنکھ پر لگائین دوا برگ انار پیسکر ٹکیا کرکے سوتے وقت آنکھ پر باندھین دوا لڑکون کے
رمد کو نفع دیتی ہو لڑکی کے پیشاب مین روئی بھگو کر آنکھ پر باندھین دوا جسوقت ابتدا رمد کی
معلوم ہو اگر درد داہنی آنکھ مین ہو بائین انگوٹھے کے ناخن مین اور اگر درد بائین آنکھ مین ہو

داہنے پانون کے انگوٹھے کے ناخن مین مدار کا دودھ بھردین دوا نافع رمد گوچھی پیسکر ٹکیا بناکر آنکھ پر باندھین دوا آنکھ اور سینہ و شکم کی سوزش کو نافع ہی ملو آملہ ملیٹھی ناگرموتھا خس تخم نیلوفر ہر ایک ایک درم مصری نو درم کوٹ چھانکر خوراک ۶ درم دوا نافع رمد یعنی تھوڑا برگ سہجنہ کا عرق شہد مین ملاکر آنکھ پر لگائین اُسپر کپڑا باندھکر سورہین صبح کو کھولین تین روز مین آرام ہوگا دوا کو رمد اطفال وغیرہ کو نافع ہی چاکسو مقشر دو مثقال انزروت مصری ہر واحد ایک مثقال باریک کوٹ چھانکر چھڑکین اور بعضے انزروت کے عوض ماميران ڈالتے ہین دوا نافع رمد جلی ہوئی میتھی کا لعاب تھوڑے کتیرے کے ساتھ آنکھ مین ٹپکانا درد شدید کو ساکن کرتا ہی دوا انبہ خام یعنی کیری ملپ پیسکر آنکھ مین باندھین دوا برگ کٹائی پیسکر آنکھ پر باندھین اور برگ کٹائی کا عرق آنکھ مین ٹپکانا بھی فائدہ رکھتا ہی دوا آنکھ کی سرخی دور کرے ملیٹھی مقشر کوٹ کے تھوڑے پانی مین پیسکر روئی اُسمین ترکرکے آنکھ پر رکھین دوا نافع رمد لودھ چھ درم پوست ہلیلہ زرد دو درم برگ انار کے پانی مین پیسکر روئی اُسمین ترکرکے تین روز برابر رات کو آنکھ پر رکھین غسول یعنی وہ دوائے رقیق جس سے عضو کو دھوئین غسول کہ آنکھ کے بخارات کو منع کرے اور خارش کو نفع کرے اور مقدمۂ رمد کو دور کرے پوست ہلیلہ زرد پوست بہیڑہ آملہ نیکوب کرکے رات کو پانی مین ترکرین صبح کو اُس پانی سے آنکھ دھوئین دوا کہ حالت صحت مین ایک روز استعمال کرنے سے ایک برس آنکھ نہ دُکھے چالیس مُنڈی نگلجائین دو برس تک اُس مین رہین مجرب ہی یونانیون کا قول یہ ہی کہ اگر چہارشنبہ کو وقت طلوع آفتاب ایک انار کی کلی کہ پھول نہ ہو درخت سے منھ سے توڑکر نگلین ایک برس تک لے مدے اان مین رہین اور اگر دو نگلین دو برس تک

فصل عشا یعنی رتوندھی کا معالجہ علاج سیاہ مرچ کمیلا پیپل مساوی باریک پیسکر آنکھ مین لگائین دوا ہلیلہ سیاہ سونٹھ سیاہ مرچ کوٹ چھانکر گولی بناکر پانی مین گھسکر لگائین دوا تجربہ کی ہوئی شیخ الرئیس بو علی سینا کی بکری کی کلیجی کے کباب بنائین اُس سے پانی جو ٹپکے آنکھ مین لگائین بعضے ثابت پیپل کلیجی مین رکھکر آگ پر اتنی دیر رکھتے ہین کہ جلجائے پھر پیپل کو نکال کر

شہد ملاکر آنکھ مین لگاتے ہین دوا پیاز کا پانی آنکھ مین لگائین دوا برگ سرس کا عرق آنکھ مین
لگائین دوا سمندر پھل کا مغز بکری کے پیشاب مین گھسکر آنکھ مین لگائین دیگر نمک لاہوری
کی سلائی آنکھ مین پھیرین دیگر دہی کے توڑ مین تھوک ملاکر آنکھ مین لگائین دیگر اورک پیسکر
اُسکا پانی آنکھ مین ٹپکائین اور اگر اورک نہو سونٹھ پانی مین گھسکر دو تین قطرے آنکھ مین
ٹپکائین دیگر سیاہ مرچ تھوک مین گھسکر آنکھ مین لگائین دیگر روہو مچھلی کا پتہ آنکھ مین لگائین
دیگر کسوندی کے پھول کا عرق آنکھ مین لگائین دیگر سہجنہ کی نازک شاخ کا عرق دو مثقال
شہد مین ملاکر آنکھ مین ٹپکائین دیگر نافع شبکوری تخم سرس چار دام خوب پیسکر آٹے مین ملاکر
روٹی پکاکر تین روز کھائین دیگر ہلیلہ سرخ مرچ شہد مین ملاکر آنکھ مین لگائین دیگر سیاہ مرچ
روہو کے پتہ مین ترکرکے خشک کرین جب پتہ جذب ہوجاے مرچ گھسکر آنکھ مین لگائین دیگر
گدھے کا خون تازہ آنکھ مین لگائین دو تین روز مین دفع ہو دیگر آدمی کے کان کا میل پوست
ہلیلہ زرد کے ساتھ مساوی پیسکر گولیان بنائین اور پانی مین حل کرکے قریب شام آنکھ مین
لگائین دیگر سرکنڈہ کو گرہ سے توڑکر پوست مجوف جلائین جب چار انگل جلنے سے باقی رہے
اُسکے دو ٹکڑے کرین رطوبت سرخ کہ اُسکے اندر جمع ہوگی آنکھ مین لگائین اگرچہ وہ بسبب
تیزی کے درد و سوزش پیدا کریگی مگر مادہ کو آنسوؤنکے ساتھ بہاکر مرض کھودیگی دیگر حنظل کی آب نے
جسپر حلیم رکھتے ہین اُسکی کیٹ آنکھ مین لگائین فصل جہر یعنی دھوندھی کا علاج دماغ کو تر
کرین اور کلہ پاچہ اور دال ماش نہ کھایا کرین تاکہ خون گاڑھا ہوجاے سرد پانی مین غوطہ
لگانا اور آنکھین اُسمین کھلی رکھنا نفع رکھتا ہے فصل سلاق پلکون کے غلیظ ہوجانے کو
کہتے ہین کہ اُسکے ساتھ خارش اور خشکی ہو اور پلک کے بال گرجائین ہندی مین اُسکو انجنی کہتے
ہین بہتر علاج اُسکا فصد سر رو لینا اور سر کے پیچھے پچھنے لگانا اُسکے بعد دوا کا استعمال کرنا
دوا نافع سلاق کہ پلکون کو گھانس کیطرح اُگاتی ہے روئی کی بتی مدار کے دودھ مین ترکرکے
خشک کرلین اور چراغ مین میٹھا تیل بھرکر وہ بتی جلاکر کاجل پارکے آنکھ مین لگائین بعضی کتابون مین

بجاے میٹھے تیل کے گھی لکھا ہی دیگر نافع سلاق و حتوزدہ اور بھنگرے کے پتون کا عرق لیکر اُسمین
روئی تر کرکے سایہ مین خشک کرین اور میٹھے تیل مین وہ بتی جلاکر کاجل پارین وہ کاجل باسی پانی
سے آنکھ مین لگائین دیگر نافع سلاق پُرانے ڈول کا چمڑا کوئلون کی آگ پر جلاکر کوئلہ کرکے پیسکر
دُھنی ہوئی روئی مین رکھکر فتیلہ بنائین اور سرسون کے تیل مین روشن کرین اور اُسکا کاجل لیکر آنکھ
مین لگائین دیگر مدار کی جڑ جلاکر راکھ اُسکی پانی مین ملاکر آنکھ کے گرد طلا کرین آنکھ کی خارش و
سُرخی اور پلکون کے پھولنے کو دور کرتا ہی اور بعضی کتابون مین لکھا ہی کہ اگر برگ نیب
پیسکر اُسکا عرق لیکر آنکھ مین لگائین دافع خارش اور سفید سلاق ہی دیگر زائد بالونکو جو پلکون
مین نکل آتے ہین یعنی پروال کو مفید اور سلاق اور آنسو اور آنکھ کی خارش اور سرخی کو نافع
ہی وہ دوا جست لوہے کے برتن مین کوئلون کی آگ پر گلاکر بتھوے کے ساگ کا پانی تھوڑا تھوڑا
اُسپر ٹپکائین کہ برنگ زرد یا سفید کشتہ ہوجائے اُسے باریک پیسکر آنکھ مین لگائین دیگر پلکون کے
گرجانے اور سلاق کو مفید ہی چھچھوندر کا گوہ آدھا جلاکر اور آدھا بے جلا دونکو پیسکر شہد مین
ملاکر طلا کرین دیگر نافع سلاق و خارش پلک درد سفید بسکھپرہ کی جڑ سایہ مین خشک کرکے پانی مین
گھسکر آنکھ مین لگائین دیگر مکھی کا سر دور کر خشک کرکے پانی مین پیسکر طلا کرین دیگر پلکون کے
پھولنے کو نافع ہی سیپ کو جلاکر پیسکر آنکھ مین لگائین دیگر نافع سلاق کتائی کا پھل پانی مین جوش
کرکے اُسکا بھپارا لین دیگر پیتال کبوتر شہد مین ملاکر پلک پر لگائین دیگر سانپ کی کیچلی جلاکر
روغن کنجد مین ملاکر پلک پر طلا کرین دیگر اس سلاق کو نافع ہی کہ پلک گرجاے اور کنارے
سرخ ہون ببول کی پتیان ایک سیر پانچ سیر پانی مین جوش دین جب چوتھائی رہ جاے
چھانکر ہر روز دو دفعہ پلک پر طلا کرتے رہین چند روز مین فضل خدا سے شفا ہوگی دیگر گدہے
کی لید خشک کرکے بطریق تیال جبر کے روغن کھینچین اور پلک پر ملین دیگر کدو کو جلاکر اُسکی
راکھ مثل سرمہ کے لگائین دیگر نافع سلاق پُرانا کپڑا گاڑھا یا روئی تین مرتبہ ہلدی مین رنگ
خشک کرکے پھر اُسی طرح تین مرتبہ سنیرہ و صمغ ببول مین تر کرکے خشک کرکے بتی بنا کر

سرسون کے تیل مین روشن کرکے اسکا کاجل لیکر لگائین دیگر سنگ بصری توتیا کافور مصری برابر وزن کوٹ چھان کے پانی مین کھرل کرکے گولیان بنائین وقت حاجت کے پانی مین گھسکر آنکھ مین لگائین دیگر کندر کو سرمہ سا کرکے آنکھ مین لگانا جلا و بصر اور آنکھ کے زخم اور آنکھ کے خون منجمد اور آنسو بہنے اور سلاق اور آنکھ کی سفیدی و خارش کو نافع ہی اور دھند کو دور کرتا ہی خصوصاً شہد مین ملاکر اور کندر کا کاجل بھی یہی خاصیت رکھتا ہی اور طریقہ کاجل پارنے کا یہ ہی کہ کندر کو چراغ مین روشن کرکے اسپر ایک برتن اوندھا ئین کہ کاجل اسمین جمع ہو پلکون سے جھڑنے کو نافع ہی تخم خرما تین درم بالچھڑ دو درم پانی مین پیسکر آنکھ مین لگائین دیگر پلکون کے جمانے کے واسطے کہ جذام سے گرگئے ہون ہلیلہ زنگی بازو جلا کر سرمہ ملاکر طلا کرین فصل نزول الماء معالجہ ہندی مین اسکو موتیا بند کہتے ہین علامت اس کی ابتدا مین یہ ہی کہ خیالات مکھی اور مچھر کے مانند آنکھ کے سامنے معلوم ہون اور روز بروز زیادہ ہوتے جائین اور بعد نزول کے پتلی متغیر ہوجاے اور بینائی جاتی رہے منع نزول کا علاج ابتدا مین کنپٹیون پر گل دیتا ہی کہ کھال ہر جاتے ہین جونکین لگانا کنپٹیون پر بھی شروع مین نفع کرتا ہی جب پانی بالکل اتر آئے بعد نضج مادہ و تنقیہ دماغ قدح کرین معجون نیج کہ اسکا استعمال ابتدا مین نزول مار کو نافع ہی ورچ ہینگ سونٹھ بادیان برابر وزن شہد مین ملائین خوراک ایک ایک مثقال دیگر نافع نزول الماء ابتدا مین تر پلی شہد مین پیسکر آنکھ مین لگائین دیگر نافع نزول الماء ابتدا مین مغز ہینگوٹ دو حصہ افیون ایک حصہ کوٹ اور چھان کے شیاف بنائین دیگر نوشادر کو مثل سرمہ کے آنکھ مین لگانا نافع نزول الماء ہی دیگر نافع نزول الماء سفیدہ گنگچی کا عرق لیمون کاغذی کے عرق مین ملاکر صبح کے وقت آنکھ مین لگائین دیگر واسطے نزول ماء کے عجیب ہی اور زیادہ ہونے نہین دیتا ہی برگ املی دس تولہ پھول کے کٹورے مین نیب کی لکڑی کے دستہ سے کہ اسمین پیسہ نصب کیا ہو اسقدر حل کرین کہ گاڑھا ہو جائے بعدہ اس عورت کے دودھ مین کہ بیٹا رکھتی ہو چالیس پہر کھرل کرکے استعمال کرین

کحل بادیان نافع ہے سونف کا درخت سبز لیکر شیشے یا چینی کے برتن مین رکھین جب خشک
ہوجاوے پیسکر سرمہ لگائین کحل نسترین گل نسترین یا کندر ہمساوی پیسکر روئی مین لپیٹ کر بتی بناکر میٹھے
تیل مین روشن کرکے کاجل اسکا لیکر لگائین دوا کافور بھیم سینی قسم اول عورت کے دودھ مین کہ لڑکا
رکھتی ہو پیسکر لگائین دوا نافع خیالات کہ آنکھ کے آگے مثل مکھی کے اڑتے ہین کوے کا پتہ
ہموزن شہد مین ملاکر خوب حل کرکے آنکھ مین لگائین عارضہ دور ہوجائیگا دوا انزلی ہینگ پھٹکری سفید
سنگ بصری توتیا ایک درم باریک پیسکے دہی مین کھرل کرین یہانتک کہ آٹھ سیر دہی مین خوب حل
کرین بعد اسکے گولیان بناکر رکھین اور وقت حاجت کے عورت کے دودھ مین گھسکر لگائین
دوا کو ابتدا مین اسکا استعمال کرنا نزول ماء کو منع کرتا ہے ہڑ کی گٹھلی کا مغز صاف پانی مین
تین پہر کھرل کرکے گولیان بناکر آنکھ مین لگائین دیگر موتیا بند کیواسطے مجرب ہے اگر ابتدا مرض
مین استعمال کرین زیادہ نہین ہونے دیتی دو عدد لیمون کاغذی کا عرق لیکر چار تولہ گلکے مسکہ
مین خوب حل کرکے مسکہ مین تھوڑا پانی ڈالکر دو رات دن رکھدین پھر مسکہ کو پانی سے جدا کرکے اسطرح
دو لیمون کے عرق مین حل کرکے پانی ڈالکر دو رات دن رکھین اور دھوئین اسی طرح سے پچیس مرتبہ
کرکے چینی یا شیشے کے برتن مین رکھین اور دوا نہ خشخاش کے برابر لگایا کرین دیگر تخم منبل کا سرمہ لگانا
نزول آب سے امان دیتا ہے دوا آدمی کے کان کا میل ہینگ برابر شہد مین پیسکر آنکھ مین لگایا کرین
دودھ مچھلی کھانا نزول ماء کو نقصان کرتا ہے فصل آنکھ اور پلکون کی خارش کا علاج
پہلے فصد سر رولین بعد اسکے ادویہ خارش کا استعمال کرین علاج مازو بلیلہ زنگی پیسکر آنکھ پر
ضماد کرین آنکھ اور پلکون کی خارش کو نافع ہے کحل شعر خارش چشم کو نافع انسان کے سر کے
بال جلاکر باریک پیسکر آنکھ مین لگائین دوا انڈے کا چھلکا جلاکر باریک پیسکر لگائین کحل نیب
اکثر آنکھ کی بیماریون کو نافع ہے برگ نیب کو آبخورے مین رکھکے گل حکمت کرکے اتنی دیر
آگ مین رکھین کہ اندر جلکر راکھ ہوجاوے اس راکھ کو عرق لیمون مین کھرل کرکے لگائین
دوا آنکھ کی خارش و سوزش کو نافع سیسے کا میل آنکھ مین لگائین اور سیسہ کا میل ہی

سیاہی سے مراد ہی کہ شیشے کے ٹکڑے کو جو تی کے تلے یا بانس کے چونگے پر رگڑنے سے ظاہر ہو اُن
سیاہی کو انگلی مین لیکر آنکھ مین لگائین فصل بینائی کے ضعف کا علاج اسباب اسکے بہت ہین
اکثر ضعف بینائی پیری مین بسبب ضعف دماغ و حرارت غریزی کے ہوتا ہی یہ صحت نہین قبول کرتا مگر تدبیر
سے ہاتھ نہ اُٹھانا چاہیے تاکہ زیادہ نہو جائے علاج دماغ کا تنقیہ و تقویت ہی شلغم خام و پختہ کھانا
بینائی کو قوت دیتا ہی اور سر مین کنگھی کرنا بوڑھون کے ضعف بصر کو نفع دیتا ہی چاہیے کہ ہر روز
کئی مرتبہ کنگھی کیا کرین تاکہ بخارات آنکھ سے سر کی طرف جذب کرے شیخ الرئیس نے لکھا ہی خالص
پانی مین پیرنا اور اُسمین آنکھ کھولنا بھی فائدہ کرتا ہی اور خفیف قی ضعف بصر کو نافع ہی اور نیچے کے
جسم کی ریاضت اور اُسکا دبانا اور ملنا ضعف بینائی کو نفع دیتا ہی اور بینائی کی مضر یہ چیزین ہین
بہت رونا اور پچھنے گردن کے پیچھے لگانا اور بہت بھوکا رہنا اور بہت جماع کرنا اور سویا اور مسور
اور جو کچھ قابض ہو بالخاصیت بینائی کو مضر ہی نسخہ شربت گل منڈی ضعف بصر اور رطوبت دماغ
کو نافع ہی اور بخارات کو دماغ سے دفع کرتا ہی گل منڈی پاؤ سیر شکر سفید تین پاؤ گل منڈی کو ڈیڑھ
سیر پانی مین رات کو تر کرکے صبح جوش دین جب سوم حصہ رہے چھانکر شکر ملا کر شربت کا قوام کرین
خوراک چار تولہ عرق منڈی بھی مقوی چشم ہی سفوف بادیان مجرب نافع ضعف بصارت
مطب دار الشکوہی سے نقل کیا گیا ہی رات کو دو درم بادیان کوٹ چھان کے دو درم شکر سفید کے
ساتھ کھا کر سو رہین اسی طرح ہمیشہ استعمال رکھین اور عطر رازیانہ سونف کے عرق سے نکالکر
آنکھ مین لگائین بہت فائدہ رکھتا ہی حب گل پائین نافع ضعف بصر ہی چنبیلی کے پھول ڈنڈی
توڑ کر کے برابر مصری ملا کر کھرل کرکے آنکھ مین لگائین دوا نافع ضعف بصر سنگ بصری آدھا تولہ
ٹکڑے ٹکڑے کرکے دو تین کاغذی لیمون کے پانی مین تر کرین اور مٹی کے برتن مین رکھکر
کپڑ مٹی کرکے جنگلی کنڈون مین رکھکر آگ دین پھر نکالکر پیسکر آنکھ مین لگائین حب نافع ضعف
بصر تخم بلیلہ بارہ عدد پیپل پانچ عدد سیاہ مرچ پانچ عدد آٹھ تولہ کے رس مین اسقدر پیسین کہ
سیاہ ہو جائے پھر گولیان بنا کر پانی مین گھسکر آنکھ مین لگائین حب مغز تخم ریٹھہ لیمون کے

عرق مین کھرل کرکے گولیان بناکر رکھین ہر صبح تھوک مین گھسکر آنکھہ مین لگائین حب نافع
ضعف بصر اور سرخی آنکھ کو مفید ہلیلہ زنگی مصری مساوی پیسکر گولیان باندہ کے آنکھہ مین لگائین
میل یعنی سلائی کہ اسکا عمل ہند مین ہی سیسے کو آگ مین گلاکر تربھلے کے پانی مین بجھائین پھر سینہ
کے پانی مین پھر بھنگرے کے عرق مین پھر گھی مین بجھائین پھر شہد مین بعد اُسکے سلائی بناکر ہر صبح
آنکھہ مین پھیرین آنکھہ کی سب بیماریون کو نفع دیتی ہی اور بینائی کو قوت بخشتی ہی دوا اکثر آنکھہ کی
بیماریون کو نافع ہی اور اُسکے ہمیشہ کرنے سے آنکھ کو صحت رہتی ہی جسوقت کہ خواب سے بیدار ہون
اپنا تھوک آنکھہ مین لگائین دوا نافع ضعف بصر مغز منکوت پانی مین پیسکر آنکھہ مین لگائین دوا نرملی
پانی مین گھسکر آنکھہ مین لگانا بصارت کو زیادہ کرتا ہی کحل سرس نافع ضعف بصر پارچہ گزی برگ
سرس کے عرق مین ترکرکے خشک کرین تین مرتبہ اسی طرح کرین بعد اسکے بتی بناکر چنبیلی کے تیل
مین جلاکر اُسکا کاجل لیکر رکھین بطریق انجن کے آنکھہ مین لگایا کرین طلا آنکھہ کے بخار و سرخی
وضعف بصارت کو نافع لیکن مدت تک لگانا چاہیے ہلیلہ زنگی نہایت خرد دو عدد زیتون
خالص چار سرخ لونگ سر کی طرف سے نصف سبکو کوٹین سگے پانی مین پیسکر رکھین اور
آنکھہ پر لگایا کرین اچہا آنکھہ مین جاسے کچھہ مضائقہ نہین دوا اکثر آنکھہ کی بیماریون اور ضعف بصر
اور ابتداء نزول کو نافع پانی پیاز کا شہد مین ملاکر آنکھہ مین لگائین سرمہ نافع ضعف بصارت
سیاہ مرچ سولہ عدد پیپل ساٹھ عدد چنبیلی کی کلی پچاس عدد تل کے پھول اسّی عدد باہم کھرل
کرکے سرمہ لگائین دیگر مرچ سیاہ ایک ماشہ پوست ہلیلہ زرد دو ماشہ ہلدی مقشر تین ماشہ گلاب
یا پانی مین کھرل کرکے سرمہ سا کرکے آنکھہ مین لگائین دیگر نافع ضعف بصر منقول کتاب موجز سے
اخروٹ دو عدد تخم ہلیلہ تین عدد دونون کو جلاکر پیسین اور چار عدد مرچ سیاہ ملاکر خوب کھرل
کرکے سرمہ بنائین اور رسوت کو بجاے سرمہ کے ہمیشہ آنکھہ مین لگانا بہت فائدہ رکھتا ہی کحل
مقوی بصر شیبہ کے پھول سایہ مین خشک کرکے برابر اُسکے شورہ قلمی لیکر سرمہ کرکے سوتے وقت
آنکھہ مین لگائین تل اور ناخنہ کو بھی فائدہ کرتا ہی دوا اُڑتی ہوئی روئی مدار کے دودھ مین

ہر کے سایہ مین خشک کرکے بتی بناکر سرسون کے تیل مین روشن کرکے کاجل اسکا باحتیاط تمام
بلکہ شیب کی لکڑی مین پیسا جاکر پھول کے کٹورے مین گلاب کے ساتھ سات روز کھرل کرین اور
سلائی سے آنکھ مین لگائین فصل سبل و ظفرہ و بیاض سبل ایک پردہ ہی آنکھ کی رگون مین مواد
بھر جانے سے پیدا ہوتا ہی اسکو مانڈہ اور پھولی کہتے ہین ظفرہ یعنی ناخنہ آنکھ کے بڑے کوئے کیطرف
پیدا ہوتا ہی بیاض کو ہندی مین جالا کہتے ہین وہ سفیدی ہی جو آنکھ کی سیاہی پر پیدا ہو علاج
پہلے فصد سر رو یا پیشانی کی رگ کھولین بعد اسکے جو دوائین آنکھ کو جلا دیتی ہون استعمال کرین
حب آنکھ کے درد و ناخنہ و دمع کو نافع برگ ارہر کا عرق ہر ایک ایکدام چھان کر بے قلعی کے
برتن مین اسی چوب شیب سے جسمین پیسا جایا ہو دس کاغذی لیمون کے عرق مین کھرل کرکے
گولیان بنا رکھین وقت حاجت گھسکر آنکھ مین لگائین حب نافع سبل و گل چشم یعنے پھولی
مغز تخم سرس مغز تخم کھرنی کوٹ چھانکر برگ سرس کے عرق مین ملاکر کھرل کرکے گولیان باندھکر
وقت حاجت عورت کے دودھ مین گھسکر لگائین حب پھولی کو نافع ہی ہلیلہ زنگی بلاس پاپڑہ
نمک سنگ صندل سرخ برابر کوٹ چھانکر گولیان بنائین اور پانی مین گھسکر لگائین حب کہ
سبل و سلاق و نزول ما کو نافع ہی مغز سمندر پھل مغز ریٹھا مغز تخم کھرنی مغز تخم ہلیلہ سیاہ مساوی
لیکر لیمون کے عرق مین حل کرکے کھرل کرین اور گولیان بناکر لگائین حب سبل صندل سرخ
پکسولہ پھٹکری بریان برابر کوٹ چھانکر گھیکوار کے لعاب مین کھرل کرکے گولیان بناکر ایک گولی
گھسکر آنکھ مین لگائین دوا نافع ناخنہ بوعلی سینا کی مجرب شہد بکری کے پتہ مین ملاکر آنکھ مین
لگایا کرین عمل مجرب کہ جالا کو آنکھ سے دور کرتا ہی نمک اور شکر کو زبان پر رکھین تا زبان کھرکھری
ہوجائے پس اسی زبان سے آنکھ کے جالے کو چاٹین حب کہ ناخنہ اور سفیدی اور شروع نزول آب کو
نافع ہی صابون پنج درم خام توتیا رال ہر ایک ساڑھے تین ماشہ صابون کو چھری سے ٹکڑے
ٹکڑے کرکے لوہے کے برتن مین آگ پر گلائین بعد اسکے توتیا پیسکر صابون مین ملائین پھر رال
ڈال کے اس برتن کو آگ پر سے اتارین اور لوہے کے دستہ سے حل کرین جب سیاہ ہوجائے اتار لین وقت

حاجت کے دانہ خشخاش کے برابر لیکر سیب مین حل کرکے آنکھ مین لگائین پھر اسی طرح بعد تین روز کے
لگائین دوا ناخنہ ہلدی دارچینی آنبہ ہلدی ہر ایک ایک دام برگ نیب چھ درم کوٹ چھان کر
چھ مہینے کے بچھڑے کے پیشاب مین دوپہر کھرل کرکے گولیان بناکر سایہ مین خشک کرکے وقت
حاجت کے گلاب مین گھسکر لگائین دوا نافع ناخنہ ایک گرہ ہلدی کی لنبی چوڑی لیکر اسمین سوراخ
کرکے گیہون کی دو کچی روٹیون کے درمیان اُس گرہ کو رکھکر توے پر آگ سے پکائین جب روٹی
جلجائے ہلدی نکال لین وقت حاجت ہلدی کو پھٹکری کے ساتھ گھسکر آنکھ مین لگائین جب شاخ
گوزن آنکھ کے جالہ کو نافع ہے شاخ گوزن کو پانی مین پہلے پیسین بعد اسکے کاغذی لیمون کے عرق مین
خوب پیسکر سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین وقت حاجت کے گھسکر آنکھ مین لگائین چند روز مین شفا
ہوگی سرمہ جالہ کو دور کرے اور موتیابند کو کھووے مصری دو جزو نمک لاہوری ایک جزو باہم
پیسکر سرمہ سا کرکے آنکھ مین لگائین ایک ہفتہ مین موتیابند جاتا رہیگا دوا نافع سبل کبوتر یا مرغی کی
بیٹ لیمون کاغذی کے عرق مین حل کرکے تانبے کے برتن مین رکھین وقت حاجت کے آنکھ مین لگائین
دیگر ابابیل کی بیٹ شہد مین ملاکر آنکھ مین لگائین صاحب طب فریدی نے جالہ کیواسطے مجرب
لکھا ہے دوا جالہ کو نافع بارہ سینگے کا سینگ دودھ مین گھسکر لگائین دیگر نمک لاہوری سے سلائی
بنائین اور دن مین چند مرتبہ آنکھ مین پھیرین ناخنہ اور جالہ کو نافع ہے دیگر نافع بیاض کبوتر یا چڑیا کی
بیٹ پیسکر آنکھ مین لگائین دیگر نافع ناخنہ مدار کی جڑ پانی مین گھسکر لگائین دیگر آنکھ کی کدورت اور
جالہ کو نافع ہے ہینگ کھٹائی لیمون کے پانی مین گھسکر لگائین دیگر پھولی کو نافع ہے پرانے درخت اڑہر کی
جڑ گھسکر لگائین دیگر بیاض کو دور کرے برگد کے درخت کا دودھ آنکھ مین بھر دین دیگر نافع بیاض
بیگن کی جڑ پانی مین گھسکر لگائین دیگر نافع پھولی مغز تخم ترئی تلخ میٹھے تیل مین پیسکر آنکھ مین لگائین
دیگر کف دریا پیسکر لگائین اور بعضے کف دریا بڑولے کے تیل مین پیسکر لگاتے ہین دیگر نافع بیاض
گل لالہ شہد مین باریک پیسکر لگائین دیگر لڑکون کی پہولی کو نافع مصری اُس عورت کے دودھ
مین کہ بیٹا رکھتی ہو پیسکر لگائین دیگر سونٹھ پھٹکری نمک لاہوری ساوی باریک کوٹ چھانکر ہر روز

آنکھ مین لگائین تاکہ جالا کہو دے دوا نافع بیاض گدھے کا سُم جلاکر باریک پیسکر لگائین دیگر عب
الکل یا ہمین کہ ضعف بصر مین مذکور ہوا جاوے کو نافع ہے دوا نافع ظفرہ پانی سرخ پیاز کا چند روز
آنکھ مین لگائین دیگر تیزپات باریک کرکے آنکھ مین لگانا دافع ظلمت بصر و ناخنہ و سلاق ہے دوا
کہ باصرہ کو قوت دے اور ناخنہ اور بیاض اور اکثر بیماریون کو مفید ہے شورہ قلمی بہت سفید باریک
پیسکر ہلدی بقدر رنگ کے ملاکر لگائین دوا نافع ناخنہ بیخ لبسکھپرا دو سفید و پانی مین پیسکر لگائین
ذرور نافع سبل ریندی ایک عدد مصری ایک مثقال انزروت مدبر تین مثقال پیس کر ذرور
کرین شیاف اخضر نافع سبل و ناخنہ و خارش زنگار صمغ عربی سفیدہ کاشغری مساوی پیسکر
پانی سے شیاف بناکر خشک کرکے رکھین وقت حاجت پانی مین گھسکر لگائین قطور نافع بیاض چشم
دو دام آملہ نیم کوب کرکے پانی مین دو گھنٹہ جوش دین اور صاف کرکے ہر روز تین مرتبہ آنکھ مین ٹپکائین
سرمہ نافع سبل و بیاض و ناخنہ چوری سبز ایک دام باریک پیسکر عرق لیمون مین خوب کھرل کرین جب
خشک ہو آنکھ مین لگائین سرمہ بیاض و سبل و شبکوری و جذب رطوبت و ضعف بصر کو مفید ہے
نوشادر پھٹکری مساوی باریک کوٹ چھانکر خوب کھرل کرکے لگائین سرمہ نافع بیاض آب و سپید
پیاز کا پانی نکال کر اُسمین کپڑا تر کرکے پھر خشک کرین اور گرد و غبار سے محفوظ رکھین پھر اسکی
بتی بناکر پاو سیر میٹھے تیل مین جلائین اور کاجل اسکا پارکر آنکھ مین لگائین جوشاندہ اہل ہند
کا بنایا ہوا سبل کو نفع دیتا ہے پندرہ روز استعمال کرنا چاہیے پوست بلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ
پوست درخت نیب گرچ چرائتہ تلخ صندل سرخ شاہترہ خس ہندی گل ہندی ہر ایک ایک تولہ
جوش دیکر صاف کرکے ایک دام شہد خالص ملاکر پئین جوشاندہ نوع دیگر صندل سرخ مولہٹی
پوست نیب آنبہ ہلدی پوست بلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ ہر ایک دو دام کٹکی تین دام مغز فلوس چار
دام چرائتہ تلخ دیپڑہ دام سوختہ گرچ ناگرموتھا ہر ایک ایک دام سب کو کوٹ کر ہر روز دو دام تین پاؤ
پانی مین جوش دین جب آدھ پاؤ پانی رہجاوے چھانکر دو دام شہد ملاکر چودہ روز تک اسی طرح پئین
معجون ہندی آنکھ کی بیماریونکو نافع پوست بلیلہ زرد و پوست بلیلہ زنگی و پوست بلیلہ کابلی آملہ و ہلیا

شاہترہ بلیلہ ہیرا ہر واحد ایک تولہ گل منڈی سب دواؤن کے برابر قند سفید چند ہلیلجات کو روغن مین
چرب کرکے قند مین قوام کرین خوراک دو تولہ فصل دمع کا معالجہ مع آنکھ سے آنسو بلا قصد بہنا
اور آنکھ ہر وقت تر رہنا ہندی مین اسے ڈھلکا کہتے ہین علاج بعد نضج کے اول تنقیہ ضرور ہی
پھر ادویہ استعمال کرین جب کہ خارش اور دمع کو نافع ہی مغز تخم ہلیلہ زرد دو حصہ مغز بلیلہ تین حصہ
مغز تخم آملہ ایک حصہ پیسکر رکھین وقت حاجت کے پانی مین پیسکر لگائین جب نافع دمع تخم سرمہ
مرچ سیاہ بنفشہ علٰحدہ علٰحدہ کوٹ چھان کے شہد مین ملاکر گولیان بناکر آنکھ مین لگایا کرین حب
نافع دمع ہلیلہ زنگی مازو پھٹکڑی پوست ہلیلہ زرد مساوی پانی مین پیسکر گولیان بناکر آنکھ مین اور
آنکھ کے گرد لگائین شیاف کہ ردع دمع اور آنکھ کی سرخی و خارش کو نافع ہی کشتہ دریا سفید کتھہ
پھٹکری بریان پوست ہلیلہ زرد رسوت افیون توتیا مساوی خالص پانی مین کھرل کرکے
شیاف بناکر لگائین سرمہ نافع دمع تخم ہلیلہ زرد سوختہ تین درم مازو نمک لاہوری ہر ایک ڈیڑھ درم
پیس چھان کر استعمال کرین اور بعضون نے عوض تخم ہلیلہ سوختہ کے ہلیلہ سیاہ سوختہ لکھا ہی سرمہ
نافع دمع نمک سیاہ مرچ ہر ایک ایک حصہ میل دو حصہ کف دریا نصف حصہ سرمہ تین حصہ
ادویہ کا دوا اگر گھوڑے کے اوپر کا واشت پانی مین رگڑکر آنکھ مین لگائین تر دال کو مفید ہی
دوا نافع زیادتی دمع تین بتیان دھنی ہوئی روئی کی بناکر سات درم دھتورے کے پانی مین
مکرر تر کرکے خشک کرین پھر اسکے دودھ مین مکرر تر کرکے سایہ مین خشک کرکے رینڈی کے
تیل سے چراغ بھرکر وہی بتیان روشن کرین اور اسکا کاجل لیکر تھوڑے گھی اور پھٹکری بریان
اور توتیا مین ملاکر رکھین اور آنکھ مین لگائین دوا دمع کو نفع دیتی ہی گندہ بیلا گلاب مین ملاکر
آنکھ کو اس سے دھوئین اگر گلاب نہ ہو پانی کافی ہی دوا چوب آبنوس گھسکر آنکھ مین
لگائین دوا پوست ہلیلہ زرد انزروت مساوی پیسکر ذرور کرین فصل زرقہ یعنی کرنجہ ہونا
اگر پیدایشی ہی اسکا علاج نہین مگر لکھا ہی جب لڑکا کرنجہ پیدا ہو اسکو دودھ اس عورت کا
کہ نہایت سیاہ رنگ ہو پلانا چاہیے اور اگر دایہ حبشی ہو سب سے بہتر اور شیخ الرئیس نے

قانون مین لکھا ہی کہ سلائی اندراین کے تازہ پھل مین چھپا کر آنکھ مین پھیرین اور اسی طرح سے
چھلکا گاجر کا باریک پیسکر لگانا فائدہ رکھتا ہی **فصل غرب** وہ ایک ناسور ہی ناک کی طرف
کہ آنکھ کے کوئے مین ہوتا ہی جب اس طرف دبائین تو اس سے آلایش نکلتی ہی علاج ناسور کو
آلایش سے صاف کر کے مرہم لگائین دوا ناسور دوگرٹے سنگ جراحت کے رینڈی کے تیل
مین گھسین جب گاڑھا ہو جائے بتی اس سے آلودہ کر کے ناسور مین رکھین دیگر چراغ کی کیٹ
کہ چراغ رکھنے کی جگہ پر جمجاتی ہی لیکر کپڑے مین لگا کر ناسور پر چپائین دیگر برگ تھوہر و تمباکو کے پھول
برابر لیکر روغن گاؤ مین حل کر کے لگائین دوا حقہ کی آب (؟) کی کیٹ افیون برابر پیسکر بتی بنا
رکھین دوا سمندر سوکھ نرم پیسکر پانی ملا کے بتی بنا کر رکھین دوا برگ نیب برگ پیوندی بیر پیسکر
کپڑے پر لیپکر لگائین دیگر کتھ ایلوا برابر پیسکر ناسور پر استعمال کرین دیگر گتے کی زبان جلا کر تھوک
مین ملا کر طلا کرین روغن کرنج ہلدی کچ کوٹ کر میٹھے تیل مین جوش کر کے چھانکر قطور کرین دیگر شہد
خالص آگ پر رکھکر گاڑھا کرے تھوڑا کتھ دریا اسمین ملا کر اتار لین اور بتی اسمین ڈبا کر ناسور
مین رکھین دیگر عدس مقشر یعنی مسور اور انار کا چھلکا کوٹ چھانکر لگائین **فصل** پردہ یعنی
گھانجنی کا علاج رسوت گیرو ہلیلہ زنگی پوست خشخاش پیسکر ضماد کرین ضماد لوناب ہلدی پیسکر
ضماد کرین دیگر ہینگ سرکہ مین حل کر کے نیم گرم ضماد کرین ضماد چرائی پچی دیوار کا کوئلا گرم پانی
مین گھسکر لگائین **فصل شعیرہ** وہ ورم ہی لانبا کہ پلک پر جو کی شکل ہوتا ہی علاج مکھی کو سر دور
کر کے اس جگہ ملکر موم گرم سے سینکین **فصل شعر زائد** اسکو ہندی مین پروال کہتے ہین اسکا علاج
بالون کو اندر سے اکھاڑ کر کھٹمل کا خون لگائین دوا بعد اکھاڑنے بالون کے نوشادر بکری کے
پتہ مین ملا کر طلا کرین سفوف یعنی پھنکی کہ آنکھ کی بہت بیماریون کو فائدہ رکھتی ہی بیج سُنڈی کی
سایہ مین خشک کر کے کوٹ کر اسکے برابر شکر ملائین نیم درم ہر صبح بیمار وروز کم گاے کے دودھ سے
پھانکین **فصل** کان کے امراض کا معالجہ حکما نے لکھا ہی جو شخص چاہے کہ اسکے کان جمیع بیماریون
سے محفوظ رہین سوتے وقت کان مین روئی رکھکر سوئے اور لکھا ہی کان مین جو چیز ٹپکائین نیمگرم

ٹپکائیں اب اسجگہ کان کی بیماری کی دوائیں ذکر کرتا ہوں **فصل درد گوش** بخور کان کے درد کو
نفع کرتا ہے اگر سردی سے ہو بکری کی مینگنی اجوائن انسان کے پیشاب میں جوش دیکر بخور لیں
ایضاً کان کے درد کو نافع اور زخم کو آلائش سے پاک کرتا ہے برگ نیب جوش دے کر بپھارا
لیں روغن ترب مولی کے پتوں کا عرق تین حصہ تل کا تیل ایک حصہ باہم جوش دیں
جب تیل رہجائے چھانکر کان میں ٹپکائیں روغن سب کان کی بیماریوں کو کہ سردی سے
ہوں نفع دیتا ہے اسپند، بال کنگنی اجوائن مساوی میٹھے تیل میں کہ ہموزن ادویہ ہو جلاکر
چھانکر استعمال کریں روغن کان کے اس درد کو نافع ہے کہ سردی سے ہو کٹ اسپند سونٹھ
مساوی پیسکر ٹکیا بناکر سرسون کے تیل میں پکائیں جب جلجائے صاف کرکے چند قطرے کان میں
ٹپکائیں روغن کان کے سرد درد کو اور سرد درد سر کو نفع دیتا ہے قسط چرائتہ بادبرنگ
اسگندھ جدوار ابلدی آنبہ ہلدی برگ سنبھالو بیج انجیر اسپند سہاگہ سونٹھ سیاہ مرچ ہر ایک
ایک دم روغن دو سیر دوا کوٹ کے رات کو آدھ سیر پانی میں تر کرکے صبح جوش دیکر چھانکر
روغن ملاکر آگ پر رکھیں جب پانی جلکر صرف تیل رہجائے استعمال کریں قطور نافع درد گوش
برگ سکندرسن نچوڑکر اسکا پانی نیمگرم چند قطرے کان میں ٹپکائیں قطور نافع درد گوش بارد
لہسن کوٹ کر اسکا صاف عرق لیکر نیمگرم کان میں ٹپکائیں قطور درد گوش حار و بارد کو نفع
دیتا ہے برگ بنگ کا عرق نچوڑکر چھانکر نیم گرم کان میں ٹپکائیں دیگر بتی لپیٹ کر برگ
بنگ کے عرق میں آلودہ کرکے کان میں رکھیں یا بنگ کو پیسکر میٹھے تیل میں جلائیں
اور چھانکر کان میں ٹپکائیں قطور کان کے درد اور آلائش بہنے کو مفید ہے جھاو رات
کو پانی میں بھگوکر صبح صاف کرکے نیم گرم تین قطرے کان میں ٹپکائیں قطور کان
کے درد کو نافع جو سردی سے ہو زرد پتیاں نیب کی اڑھائی اجوائن قدرے ہلدی
چنے برابر لڑکی کے پیشاب میں پیسکر دو تین قطرے نیمگرم ٹپکائیں قطور سرس یا آنب کی پتی کا
عرق نکالکر نیم گرم دو قطرے کان میں ٹپکائیں قطور نافع درد گوش تھوڑا مکھی کا گو پانی میں

حل کرکے نیمگرم کان مین ٹپکائین قطور کان کے درد کو کہ سردی سے ہو نافع ہی نمک سیاہ
پیشاب مین پیسکر نیمگرم قطور کرین قطور طفل شیرخوارہ کا پیشاب نیمگرم کان مین ٹپکائین دیگر
آدمی کے سر کے بال جلا کر اُسکی خاکستر روغن گل مین حل کرکے کان مین ٹپکائین قطور
برگ گیکوار گرم کرکے دوسرے کان مین ٹپکائین قطور اگر درد سردی سے ہو مرکی گائے کے
پیشاب مین ملا کر نیمگرم کان مین ٹپکائین قطور برگ ریحان نچوڑ کر نیمگرم کان مین ٹپکائین درد
کھو دیگا قطور حقند ر نچوڑ کر کان مین ٹپکائین قطور حب ایک رتی افیون جلا کر چار
چانول اُسکی خاک روغن گل مین حل کرکے کان مین ٹپکائین قطور کان مین جسکے خون
کو گلا کر نکال ڈالے برگ کرنب کا عرق نچوڑ کر سرکہ یا گندنے کے عرق مین نیمگرم ٹپکائین قطور
گائے کا پتہ نیمگرم کان مین ٹپکائین درد ریحی و بلغمی کو ساکن کرتا ہی قطور مرغی کے انڈہ کی سفیدی
کان مین ٹپکانا کان کے ورم گرم کو مفید ہی قطور رنجتہ اندراین کے پھل کے بردے میٹھے تیل
مین ملا کر ٹپکانا اونچا سننے کو نافع ہی قطور رائی کا تیل کان کے سدّہ کو کھولتا ہی اور درد فی
بھرے پن کو دفع کرتا ہی دیگر بورۂ ارمنی یعنی پھٹریا کھار نیمگرم پانی مین ملا کر ٹپکانا درد سخت
کو تسکین دیتا ہی دیگر کھٹے انار کا عرق شہد کے ساتھ درد گرم کو دفع کرتا ہی قطور برگ خرفہ
کا عرق روغن کے ساتھ درد گرم کو تسکین دیتا ہی قطور پیاز کے عرق مین انڈے کی سفیدی
ملا کر ٹپکانا نافع ہی ضماد کان کی سختی کو کہ حرارت سے ہو نافع ہی پھٹریا کھار خطمی پیس کر ضماد
کرین فصل طرش اونچا سننے کو کہتے ہین اگر ابتدا مین ہو تنقیہ کرین جب بہت دنون کا
ہوتا ہی نہین جاتا ہی اسواسطے لازم ہی کہ جلد اس مرض مین جب ایارج سے جسکا ذکر ہو چکا ہی
تنقیہ دماغ کا کرین بعد اُسکے دوا کان مین ڈالین قطور نافع گرانی گوش برگ زرد مدار کہ
سوراخدار ہو آگ پر گرم کرکے اُسکا عرق کان مین ٹپکائین اسی طرح دو ہفتہ تک کرین قطور
نافع گرانی گوش لہسن مین بکری کا پتہ ملا کر تھوڑے تیل مین جوش دیکر نیمگرم کان مین ٹپکائین
قطور اونچا سننے کو زائل کرتا ہی اونٹ کا پیشاب نیمگرم کان مین ٹپکائین ایضاً سیاہ گائے کے گوبر

پیشاب سوا سیر ہلکی آنچ پر اوٹادین جب پانچ دام باقی رہے صاف کرکے شیشے مین رکھکر ہر روز
اڑھائی قطرے کان مین ٹپکائین قطور پیاز کا عرق نیم گرم کان مین ٹپکانا ثقل سماعت اور
بھنبھناہٹ اور درد اور کان کے بہنے کو فائدہ کرتا ہو روغن اندراین ثقل سمع اور کان کی
بھربھراہٹ کو نافع ہو تازہ اندراین کا پھل روغن کنجد مین جوش دے کر صاف کرکے رکھین
دو تین قطرے کان مین ٹپکائین نفوخ بہرے پن کو نافع ہو دو عدد مرچ سیاہ پیسکر چھوچھی مین
رکھکر ہر روز ایکبار کان مین پھونکین اور چلانے کی صدا اور نقارہ اور قرنا اور توپ وغیرہ کی
آواز سننا گرانی گوش کو فائدہ کرتا ہو کہ یہ کان کے واسطے ریاضت محالہ ہو دیگر پھٹکری کھار سرکہ
مین حل کرکے چھانکر نیم گرم کان مین ٹپکائین فصل قرحہ گوش یعنی کان کا زخم جس وقت کان
سے آلایش نکلنے لگے جلد دوا خشک کا استعمال نکرنا چاہیے کہ اُس سے درد پیدا ہو جاتا ہو بلکہ
اُس آلایش کو دوا سے پاک کرین بعد اُسکے دواء خشک ڈالین اور شہد کان مین ٹپکانا یا بتی
شہد مین آلودہ کرکے کان مین رکھنا کان کی آلایش کو پاک کرتا ہو اور درد کو تسکین دیتا ہو اور
برگ نیب کا بھپارا لینا بھی کان کی آلایش کو صاف کرتا ہو قطور زخم کان کو نفع دیتا ہو پیاز
کا عرق بیضہ مرغ کی سفیدی مین ملا کر قطور کرین دوا روغن نیب اور شہد ملا کر بتی اُسمین
تر کرکے کان مین رکھین قطور کان کے زخم کو نافع ایلوا کف دریا گیرو کندر ہر ایک قدر
روغن گل مین پیسکر سرسہ ملا کر کان مین ٹپکائین قطور دودھ بکری کا کان مین ٹپکائین قطور
لڑکے کے پیشاب مین پوست انار جوش دیکر صاف کرکے کان مین ٹپکائین دیگر پھٹکری
بریان مُرکی ہر ایک برابر شہد مین ملا کر اُس مین بتی تر کرکے کان مین رکھین ذرور
سہاگہ بریان پیسکر چھوچھی مین رکھکر کان مین پھونک کر اُسکے اوپر چند قطرے عرق
لیموں کے ٹپکائین ذرور کہ آلایش نکلنے سے مانع ہو اور زخم کو بھر دے بخصوص لڑکون کو
بہت مفید ہو کنگن دھول کان مین ذرور کرین قطور خارش اور پیپ بہنے کو نفع دیتا ہی
میتھی دودھ مین بات کرکے چھانکر نیم گرم کان مین ٹپکائین کان سے درد مین عورت کا دودھ اور دودھ [illegible]

بهتر هی قطور کان کی آلایش کو نافع هی گهڑ بچ پانی مین پیسکر نیم گرم کان مین ٹپکائین ذرور
کان کے زخم کو نافع هی کان سے آلایش پاک هونے کے بعد زرد کوڑی جلاکر ذرور کرین دوا
لو وهه باریک پیسکر کان مین ٹپکائین قطور کان کے کیڑون کو نافع هی اور زخم کو خشک کرتا
هی لال ساگ کا عرق نچوڑ کر کان مین ٹپکائین قطور سفید زخم گوش ایک کرم شب تاب
یعنی جگنو روغن گل مین پیسکر ٹپکائین روغن کہ کان کے ناسور کو نفع دیتا هی چهوٹی گهونگهی
جاندار پاؤ سیر باریک مکهرل کرکے اسکے برابر سرسون پیسکر ملائین اور دو سیر پانی ڈالکر
یہان تک اوٹاوین کہ پانی جلکر تیل باقی رهجائے هر روز کان مین ٹپکائین اور اگر گهونگها تیل
مین بریان کرین یهی عمل کرتا هی اور جهان سرسون کا تیل نہ ملے میٹها تیل کافی هی روغن نافع
ناسور وسعفہ کہ ایک قسم کی پهنسیان هین کڑوا تیل پاؤ سیر آملہ هندی هر ایک ایک تولہ برگ نیب
دس عدد کیلہ سیاہ مرچ هر ایک تین ماشہ توتیا ایک ماشہ پہلے تیل کو گرم کرکے کیلہ کے سوا سب
ادویہ اسمین ڈالکر جلائین پهر نکالکر پیسین اور کیلہ بهی پیسکر ملائین اور کان مین ٹپکایا کرین
دوا اس زخم کو نافع هی کہ لڑکون کے کان کے پیچهے هوتا هی رولی کہ هندوستان مین ایک
سرخ چیز هوتی هی هندو پیشانی پر اسکا ٹیکا لگاتے هین اسکو لڑکے کے پیشاب یا پانی مین پیسکر
لگائین اگرچہ تهوڑی سوزش هوگی مگر بهت مفید هی فصل انفجار الاذن یعنے کان کا
پهٹنا اور اس سے آلایش نکلنا اگر بحران کے سبب سے هو بند نکرین اور اگر بحران سے
نهو مازو جوکوب کرکے سرکہ مین جوش دین اور ملکر چهان کر کان مین ٹپکائین فصل ورم
گوش جو ورم کہ کان کے اندر هو بهت خطرہ رکهتا هی اس حالت مین فصد سر واجب هی
ضماد اس ورم کو جو کان کے پیچهے هو نافع هی مسی یعنی چاکسو کہ ایک درخت مشهور هی اسکی
نئی پتیان نمک لاهوری کے ساتهہ پیسکر ضماد کرین ایضاً اسی ورم کو مفید هی سپاری کی بیماری
کی جڑ کربیلے کے بیچ گیرو زیرہ سیاہ کچلہ پانی مین پیسکر ضماد کرین طلا اسی ورم کو فائدہ کرتا هی
لہسن کی جڑ پیسکر نیم گرم طلا کرین دوا کان کے درد کو اچها کرتی هی اور جلد پکا کر نکالدیتی هی

ہلہل کی پتیان کوٹ کر چند قطرے کئی دن تک کان مین ٹپکائین دوا پیاز کا عرق یا منتھی
یا السی یا اسبغول کے لعاب مین پکا کر ٹپکانا بھی اثر رکھتا ہے فصل کرم گوش کبھی گرمی
کی وجہ سے کان مین کیڑے پڑ جاتے ہین اُسکا علاج ایلوا پانی مین حل کر کے اُس پانی سے
کان کو بھر دین اور دیر تک بھرا رہنے دین کہ کیڑے مرجائین پھر کان کو اسطرح جھکائین کہ پانی
نکل جاوے دوا ایلم ایک لکڑی ہوتی ہے اُسے باریک پیسکر کان مین ڈالین دافع کرم ہے قطور
برگ سنبھالو کا عرق کان مین ٹپکائین قطور ہلدی کی ایک گرہ اور آدھا دام شہد شیب کے
پتون کا عرق روغن سرسون مین ڈالکر یہانتک جوش دین کہ ادویہ جلجائین اُس روغن کے
دو قطرے کان مین ٹپکائین جلد صحت ہو قطور آدھا دام تل کا تیل کان مین ٹپکانے سے کیڑے
اور حشرات الارض جو کان مین گھس گئے ہون مرجاتے ہین اسی طرح سے پیاز کا عرق اگر وہ
مکھی کہ گھوڑے اور گدھے پر بیٹھتی ہے کان مین گھس جاوے برگ مکرہ کہ ہندو اُسکو بجاے صندل
سمجھتے ہین کان مین ٹپکائین عجیب اثر رکھتا ہے قطور شراب تیز کان مین ٹپکانا کان کے درد اور
آلایش کو نافع ہے فصل خارش گوش یعنی کان کی کھجلی روغن اور سرکہ جوش دیکر چھان کر
ٹپکائین قطور روغن چنبیلی مین تھوڑا ایلوا حل کر کے نیم گرم کان مین ٹپکائین فصل کان مین
پانی رہجانا چھینکنا اور کھانسنا اُسکو دفع کرتا ہے اور سر اُسطرف جھکا رکھنا جس طرف کے کان
مین پانی ہے یا سونف کی لکڑی کان مین لگا کر چوسین اور تل کا تیل نیم گرم ٹپکانا فایدہ کرتا ہے
یا ہتھیلی کان پر رکھکر ایک پانون پر کھڑا ہو کر جسطرف کے کان مین پانی ہے سر کو اُس طرف
جھکا کر کودے فصل ناک کے امراض کا معالجہ ناک مین دو راہین ہین ایک دماغ کی طرف
دوسری منھ کی طرف اور ناک کی بیماریون سے رعاف ہے جسکو نکسیر کہتے ہین اگر تپ یا سرسام
یا بحران کے روز کہ چوتھا یا ساتوان گیارھوان چودھوان دن ہے نکسیر پھوٹے بند نکرین کسواسطے
کہ نکسیر بحران مین خبیث مادہ کو اس طرف سے دفع کرتی ہے مگر زیادتی کی صورت مین فوراً
بند کرین اور اگر دونون رانون اور دونون پانون اور دونون خصیون کو مضبوط باندھین

موقوف ہوجاتا ہے اور سرد پانی سر پر ڈالنا اور اُس سے غرغرہ کرنا مفید ہے ضماد نکسیر کو ملی قیر
ملتانی مٹی مین پیسکر بگرم پیشانی اور ناک پر طلا کرین طلا اسبغول سرکہ مین لت کرکے پیشانی پر
طلا کرین نفوخ مازو خوب پیسکر نفوخ کرین دیگر سوت کی راکھ ناک مین پھونکین دیگر چکی کی گرد
ناک مین پھونکین ضماد ماش کا آٹا نرم گوندھ کر تالو پر لگائین ضماد بیر کی پتی پیسکر پیشانی پر ضماد
کرین دیگر چھوٹی کٹائی پانی مین پیسکر تالو پر لگائین اور اُسکے پتون اور جڑ کا عرق نچوڑ کر ناک
مین ٹپکائین سعوط کیلئے کے درخت کا عرق سڑکنا نکسیر کو مفید ہے انڈے کا چھلکا اسطرح
جلائین کہ سیاہ ہوجائے اُسکو پیسکر چھوچھی مین رکھکر جس نتھنے مین کہ نکسیر پھوٹی ہو
پھونکین دیگر گھونگھا اور گائے کا سینگ اور بکری کا سینگ جلا کر باریک کرکے ناک مین
پھونکین دوا آملہ تر کرین جب نرم ہوجائے ٹکیا بنا کر تالو پر باندھین قطور گدھے کی لید نچوڑ کر
ناک مین ٹپکائین دوا گائے کا خشک گوبر پیسکر ناک مین پھونکین اور تازہ گوبر کو پیشانی پر
لگانا بھی فائدہ کرتا ہے ضماد برگ نیب اور اجوائن پیسکر پیشانی پر لگائین ضماد شورہ قلمی سرکہ
مین پیسکر پیشانی پر ضماد کرین دوا ابی کو سفیدی بیضہ مرغ مین آلودہ کرکے تھوڑا کا فور اسپر
چھڑک کر ناک مین رکھین دیگر گدھے کی لید جلا کر راکھ اُسکی ناک مین پھونکین دیگر جنگلی کنڈے
کی راکھ باریک پیسکر ناک مین پھونکین دوا درخت گولر کی چھال پانی مین پیسکر تالو پر باندھین
ضماد برگ نیب چولائی پیسکر پیشانی پر لگائین طلا پرانی گچ پانی مین پیسکر پیشانی پر لگائین
ضماد جو کا آٹا ملتانی مٹی دھنیا اسبغول آملہ گیرو باریک پیس کر پیشانی پر لگائین سعوط
اُونٹ کے بال جلا کر اُسکی راکھ گھی مین ملا کر سعوط کرین دوا ڈھاک کے پھول چار سیر پانی
مین جوش دین جب آدھ سیر پانی رہے سرد کرکے تین درم شہد ملا کر پئین رعاف اور خون حیض
کو بند کرے نفوخ کندر باریک پیسکر ناک مین پھونکین سعوط مجرب دوب کوٹ کر نچوڑ کر اُس کا
صاف پانی لیکر سعوط کرین دوا اسرخ صندل پیسکر تھوڑا کافور حل کرکے چند روز نوش کرین
رعاف دفع ہوجائیگا دوا نشاستہ سرکہ مین ملا کر سر کے آگے کی طرف لگائین سعوط نافع رعاف کندر

افیون ہر ایک ایک کوڑی کے برابر عصارۂ لال ساگ کے عرق مین اگر ٹے بھتر ہو نہین تو پانی مین پیکر سعوط کرین فصل زکام اور نزلہ مین جو فضلات دماغ سے ناک کی راہ نکلین اُسکو زکام کہتے ہین اور جو حلق کی طرف گرین اُسکا نام نزلہ ہی اگر ان رطوبات مین خارش و زردی اور آنکھ مین سوزش معلوم ہو گرمی سے ہی اور اگر اس طرح نہو تو وہ سردی سے ہی علاج اس مرض مین جماع اور اوندھے سونے اور کھٹائی اور دودھ دہی سے پرہیز کرین اور سر کے نیچے اونچا تکیہ رکھین اور ایک دو روز کھانا کھائین اور پانی نہ پئین زکام خواہ گرم ہو یا سرد سر کو کھلا نہ رکھنا چاہیے اب چند ادویہ مفید زکام و نزلہ ذکر کرتا ہون برشعثا اُس دوا کو کہتے ہین کہ فی الفور فائدہ کرے یہان مراد اُس سے معجون ہی برشعثا زکام اور نزلۂ بارد کو نافع ہو اجزا افیون ہر ایک پانچ درم سیاہ مرچ دس درم عاقرقرحا بالچھڑ نرکچور گوگل تج کا پھل سونٹھ ہر واحد ایکدرم مرکی نیم درم سب چند شہد مین قوام کرین بخور مفید زکام جھاؤ کی پتیون کا بخور لین دیگر قسط کا بخور لین اسی طرح کرارے کاغذ کا دھوان ناک مین پہونچانا زکام کو فائدہ کرتا ہی دیگر شکر و سندروس یعنی سندروس کا دھوان زکام گرم کو نافع ہی حب جدوار نزلہ اور زکام کو نافع اور اشتہا زیادہ کرتا ہی جدوار ختائی چار مثقال اجوائن پانچ مثقال افیون سات مثقال کتیرا ببول کا گوند ملیٹھی سیاہ مرچ دانہ الایچی ہر واحد دو مثقال نرکچور ناگرموتھا بالچھڑ تیزپات کبابہ خولنجان پیپل اجوائن سونٹھ اسپند ہر ایک دو مثقال مرکی عاقرقرحا ہر واحد آدھے مثقال پیس چھانکر چنے کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی خمیرۂ خشخاش کہ زکام گرم کو نفع دیتا ہی پوست خشخاش پچپن عدد پانی مین بھگو کر آدھ سیر شکر مین قوام کرین قوام کے آخر وقت شیرۂ خشخاش سفید لعاب اسبغول ہر واحد پانچ مثقال اسمین ڈالین اُتارتے وقت ببول کا گوند تخم خطمی نشاستہ ملیٹھی مقشر ہر ایک چار درم کوٹ چھانکر ملائین دیا قوزہ سادہ نزلہ کو سینے پر گرنے نہین دیتا ہی اور کھانسی کو نفع کرتا ہی پوست خشخاش مع تخم بیس درم قند سفید پچاس درم بدستور قوام مین لادین خوراک دس درم پانی کے ساتھ دوا نافع زکام سات عدد سیاہ مرچ

تھوڑے پانی سے نگل لین محمد زکریا نے برء الساعت مین لکھا ہی کہ اگر گرم پانی کا صاحب زکام کے
سر پر تریڑا دین اور پانی کی گرمی دماغ مین اثر کرے تو جلد صحت ہوتی ہی اور کپڑا سینک کر تالو پر
رکھین جب گرمی اسکی دماغ مین پہونچیگی فوراً صحت ہو جائیگی دوا نزلہ کو ناک کیطرف گرا دے
پرانی روئی کی بتی ناک مین رکھنا مفید ہی اور کئی مرتبہ تجربہ ہوا ہی کہ جو درد سر نزلہ سے ہو اسکو دفع
کرتی ہی حب نافع نزلہ اجوائن ایک مثقال تخم کاہو ایک مثقال پوست خشخاش آدھا مثقال مونگ کے
برابر گولیان بنا کر منہ مین رکھین سعوط نزلہ کو نفع دیتا ہی اور دماغ کو رطوبت سے پاک کرتا ہی مغز
سمندر پھل عورت کے دودھ مین پیسکر سعوط کرین شموم زکام کو نافع ہی کلونجی بریان نوشادر
ہر واحد دو ماشہ سونٹھ تین ماشہ پوٹلی باندھکر سونگھین اور بعضے اسمین سرکہ بھی ملاتے ہین سعوط
کہ سدہ کھولتا ہی اور زکام کو نفع دیتا ہی اسپند تھوڑے سرکہ مین بھگو کر بریان کر کے کپڑے مین
ڈھیلا باندھکر سونگھین سعوط کلونجی پیسکر روغن گل مین ملا کر سونگھین طلا نزلات کو فائدہ دیتا ہی
مرکی ایلوا ببول کا گوند نشاستہ گیرو چھالیا ہر واحد تین ماشہ اجوائن افیون ہر ایک
ڈیڑھ ماشہ کوٹ چھانکر کاغذ پر کہ سوئی سے اسمین سوراخ کیا ہو طلا کر کے دونون کنپٹیون پر
لگائین حب نزلہ خشخاش سفید ملیٹھی مقشر نیکوفتہ افیون ہر ایک تین درم صمغ عربی کتیرا نشاستہ
تخم کاہو ہر واحد دو درم اجوائن مرکی عاقرقرحا آدھا درم کوٹ چھانکر چنے کے برابر گولیان بنائین
تو ناک دو گولی طلا نزلہ بارد کو مفید ہی لونگ پیسکر تالو پر لگائین دیگر زکام کو نافع ہی گیہون کی
بھوسی بھگو کر اسکا پانی لیکر سرکہ مین جوش دین اور سر کو اسکے بخار پر رکھین دیگر زکام بلغمی کو نافع ہی
سونٹھ گل دھاوہ ہر واحد ڈیڑھ ماشہ پوست خشخاش ایکعدد تین پاؤ پانی مین جوش دین جب
چار درم باقی رہے اسکو قہوہ کی طرح پئین اور چاہین میٹھا کرین نفوخ شقیقہ مزمن کو نفع دیتا ہی
اور سدہ نزلہ کو کھولتا ہی تخم ہلیلہ چھ ماشہ سفید گھنگچی کا مغز چار ماشہ سیاہ مرچ دو ماشہ نوشادر ایکماشہ
کوٹ چھانکر تھوڑا ناس لین ناک سے پانی جاری کریگا اور بہت تیز ہی نفوخ نافع نزلہ تخم
سرس کو باریک پیسکر ناس لین فصل نتن الانف یعنے ناک کی بدبو کے علاج مین

اگر بدبو دماغ کے اخلاط سے ہو دماغ کو پاک کریں اور ناک کے زخم کے باعث سے ہو زخم پر
مرہم لگائیں دوا بدبو ناک کو نافع ہی تو نبا یعنی کدو کے تلخ کا پانی ایک قطرہ ناک مین ٹپکائیں
اور جو تونبا تازہ نہ ملے تو خشک تونبا پانی مین بھگو کر شبنم مین رکھین صبح ایک قطرہ اُسمین سے
ناکمین ٹپکائین سعوط گدھے کا پیشاب ناک مین ٹپکائین **فصل عطسہ مفرط** یعنی بہت چھینکین آنا چھینک
معتدل صحت کی نشانی ہی اور بہت آدمی اُسکو مرض جانتے ہین تدبیر کہ چھینک روکے چھنگلیا کو
اُسی ہاتھ کی کلمہ کی انگلی اور انگوٹھے سے پکڑکر زور سے دبائین اور خوب ملین اور دھنیے کی پتیان
اور صندل سونگھنا چھینک کو مفید ہی دوا کلیجن کی پوٹلی باندھکر سونگھین چھینک کو نافع ہی اگر لڑکے
کو چھینکین آوین بکری کا کلا آگ پر بریان کرکے جو پانی اُس سے ٹپکے لڑکے کی ناک مین ٹپکائین خنین ایک
بیماری ہی کہ مریض ناک مین بولتا ہی اور اکثر کھانا پانی ناک سے نکل آتا ہی حب خنین کو دفع کرے سونٹھ
پیپل دانہ الایچی خرد ہر واحد ایک درم پرانا گڑ چوبیس درم کوٹ چھانکر گولیان بنائین اور دو ماشہ رات
کو کھایا کرین بہت مفید ہی **فصل مرض دہان بطلان ذوق** یعنی کسی چیز کا زبان پر مزہ نہ معلوم ہونا
کبھی اسقدر ذائقہ باطل ہوجاتا ہی کہ مریض مٹھائی اور کھٹائی کا تمیز نہین کرسکتا ہی سبب اسکا زیادتی
رطوبت ہی علاج پہلے تنقیہ دماغ کا بعد نضج کے کرین ناخواہ اور چیزون تیز کا چابنا مثل مرچ اور رائی
اور سرکہ اور لہسن و پیاز کے فائدہ کرتا ہی **فصل دانتون کی بیماری کا علاج** حافظ دندان کو لازم ہی
کہ سخت چیز دانتون سے نہ توڑے اور جس چیز کے کھانے سے دانت کند ہون نہ کھائے اور جب
کوئی شی وقت کھانے کے دانتون مین دب جائے دانتون کو خلال سے پاک کرتا رہے تاکہ
بدبو نہ آئے مگر اس کثرت سے خلال نہ کرے کہ دانتون کی جڑ خراب ہو اور اشیاے گرم اگرچہ
سرد بالقوی ہون نہ کھائے اسی طرح سرد چیزون سے اگر وہ گرم بالقوہ ہون پرہیز کرے
فصل وجع اسنان یعنے دانتون کے درد کا علاج اگر درد دانتون کے ہلنے سے
ہو اور دانت کم ہلتے ہون اور بڑھاپے کا سن نہ ہو علاج کرین اور جو جنبش زیادہ ہو دانتون
کو اکھاڑ ڈالین تھوڑا نرکچور ہمیشہ منہ مین رکھنا دانتون کی حفاظت کرتا ہی اگر درد کے

ساتھ مسوڑون پر بھی ورم ہو علاج اُن چیزون سے کلّی کرین کہ ورم کو نافع ہون اور
ایکبار سرد پانی اور ایکبار گرم پانی سے کلّی کرین اور خیال کرین کہ کس پانی سے درد
مین تسکین ہوتی ہے اگر درد گرم ہوگا سرد پانی سے تسکین ہوگی اور جو درد سرد ہوگا
گرم پانی سے راحت ملیگی اس جگہ چند ادویہ سہل نافع درد دانتون کے ذکر کرتا ہون دوا
درد دانتون کو نافع ہو ہلدی باریک پیسکر کپڑے مین رکھکر جو دانت کہ درد کرتا ہو اُسکے نیچے
رکھین اور منجن بھی اُسکا ملنا مفید ہو دوا نافع درد سرد ادرک کو ورق کرکے نمک چھڑک کر
اُسپر چھڑکین اور دانتون دردناک پر رکھین دیگر تلسی کی پتّیان سیاہ مرچ پیسکر گولی بناکر
دانتون کے نیچے دبائین دیگر بنولہ گرم کرکے دانتون کے نیچے دباکر سو رہین اور بنولہ
جوش کرکے کلّی کرنا بھی مفید ہو دیگر مجیٹھ کا لگانا دانتون کے درد کو دفع کرتا ہو دیگر
انجیر کے دودھ سے روئی بھگوکر دانتون کے نیچے دبائین فائدہ ہوگا دیگر اسبغول سرکہ مین
بھگوکر دانتون پر رکھنا درد گرم کو نفع دیتا ہو دیگر نافع درد دندان مرمن کافور دانتون کے
نیچے رکھین اگر دانتون کو کیڑے نے کھایا ہو سوراخ مین اُسکے بھر دین زیادہ سوراخ بڑھنے
نہ دیگا اور کیڑون کو مار ڈالیگا دیگر عاقرقرحا ایک درم نوشادر افیون ہر ایک پانچ درم باریک
پیسکر دانتون کرم خوردہ کے سوراخ مین رکھین دیگر دانتون کے درد کو فائدہ کرتا ہو اور
کرم خوردگی کو نافع ہو سونٹھ نرم کوٹ کر شہد اور سرکہ مین ملاکر دانتون کے سوراخ مین رکھین
دیگر مدار کی جڑ کا چھلکا یا ڈنٹھل پانی مین بھگوکر دانتون پر رکھین دیگر نوشادر جوار کے برابر
روئی مین لپیٹکر دانتون دردناک کے نیچے رکھین اور جتنا پانی منھ سے نکلے نکلنے دین درد
دفع ہو جائیگا دیگر دانتون کے کیڑونکو نافع ہو بادبرنگ منتشر کرکے سابلو مین کہ سرخ کپڑا جسے
پوٹلی باندھکر دانتون کرم خوردہ کے نیچے رکھین دیگر گندھک تھوڑے سرکہ مین ملاکر روئی
اُس سے بھگوکر دانتون کرم خوردہ پر رکھین دیگر فلفل گھسکر دانتون پر رکھین دیگر درد
دندان اور مسوڑون کے ورم کو نافع ہو پیاز کلونجی دو دو تولہ ہموزن چلم مین رکھکر بجائے

تمباکو کے اسقدر پئین کہ منہ سے رال بہے دیگر دانتون کو آسانی سے نکالتا ہی درخت سینڈھ
کا دودھ ملتے ہوے دانت پر رکھین اور احتیاط کرین کہ دودھ دوسرے دانتون پر نہ پہونچے دیگر نافع درد
دندان عاقرقرحا مصطگی برابر لیکر تھوڑا موم ملا کر ایک چنے کے برابر دانتون کے نیچے اتنی دیر رکھین کہ لعاب
منہ سے بہے دیگر اُس درد دانتون کو نافع ہی کہ کرم خوردگی کے سبب سے چھوٹی کٹائی کا پھل تمباکو
کی طرح حقہ مین پیکر دھوان اُسکا منہ مین روکین دیگر سہاگا موم باہم ملا کر دانتون کے سوراخ
مین جسکو کیڑے نے کھایا ہو رکھین درد جاتا رہیگا دیگر بالخاصیت دانتون کے درد کو نفع
دیتا ہی لڑکے کا دانت کہ ابتدا کے سن مین گرا ہو اُسکو دودھ کا دانت کہتے ہین چاندی مین تعویذ
بنا کر اپنے پاس رکھین درد کو بہت مفید ہی دیگر پیلو کی لکڑی سے مسواک کرنا دانتونکو مضبوط
کرتا ہی نیب کی لکڑی اگر مسواک کرنے کی عادت کرین دانتون مین کیڑے نہین پڑتے
ہین اور گرمی سے دانتون مین درد نہین ہوتا ہی منجن کہ درد دندان کو نفع دے پھٹکری
بریان ایک درم کرنجوہ سوختہ دو عدد توتیا بریان ایک ٹانک سیاہ مرچ بارہ عدد کوٹ چھانکر
ملین دیگر پھٹکری سوختہ برابر اُسکے مسی ملا کر ملین دیگر دانتون کے درد کو کہ سردی سے ہو مفید
ہی تمباکو دو حصہ سیاہ مرچ ایک حصہ پیسکر دانتون پر ملین دیگر ہر قسم کے درد دانتون کو نافع ہی
سپاری کتھہ کی راکھ پیپل کی راکھ تینون برابر توتیا ایک واکا چہارم حصہ سبکو کوٹ چھانکر دانتو
اور دانتون کی جڑ پر ملکر ایک گھنٹہ سر نیچا کرین تا کہ منہ سے لعاب نکلے پھر نیم گرم پانی سے کلی کرین دیگر
کرنجوہ جلاوین اور راکھ اُسکی نمک مین ملا کر ملین دیگر درد سر کو نافع ہی منجن سیاہ مرچ پیسکر ملین
دیگر ہر قسم کے درد کو نافع ہی عاقرقرحا کافور برابر پیسکر ملین دیگر دانتون کو مضبوط کرتا ہی پھٹکری
بریان ایک حصہ توتیا بریان چوتھائی حصہ کتھہ ڈیڑھ حصہ کوٹ چھانکر منجن بنا کر ملین دیگر
توتیا سے سبز آدھا دام گھی مین جلائین اور نیب کی پتیون کی راکھ کہ اُسکو سبوچہ مین جلایا ہو
آدھا دام سنگ جراحت ایکدام برابر ملا کر دانتون پر ملین دیگر کتھہ سفید ایک تولہ گل سیوتی خشک گلنار
ہر ایک تین ماشہ مصطگی آدھا ماشہ بڑی الائچی چھ ماشہ مسی ایک تولہ سپاری بریان ڈیڑھ تولہ

دھنیا بریان کرکے چو با شب سب کو جلا کر پیسکر منجن بنائیں دیگر ریٹھ جیسی پیسکر مسی اسمین ملا کر
ملیں فوراً آرام ہووے دیگر پھٹکری جلا کر اسپند برابر باریک پیسکر ملیں دانتونکو مضبوط
کرتا ہی دیگر سپاری مازو پھٹکری تینوں ادویہ جلا کر منجن بنا کر مسی کی طرح ملیں لعاب منہ سے
بہیگا اور دانت مضبوط ہونگے اور درد دور ہو جائیگا دیگر کہ درد کو نفع دے اور دانتون کو
مضبوط کرے توتیا ہندی روغن میں بریان کرکے سونٹھ کتھ سفید سپاری جلا کر منجن بنائیں
دیگر اس درد دانتون اور مسوڑھون کو مفید ہی کہ سردی سے ہو سونٹھ ہلدی لاہوری نمک
سیاہ مرچ تمباکو کی ناس سب دوا برابر پیسکر دانتون پر ملکر لعاب منہ سے گرا لیں اور ایک گھنٹہ کے
بعد پان کھا کر دانتون کو پاک سے دھوئیں پھر دوسری گلوری کھائیں اگر ضرورت ہو بعد دو گھڑی
کے پانی پئیں دیگر دانتون کو مضبوط کرتا ہی پھٹکری دو درم نمک ایک درم کوٹ کر منجن ملیں
دیگر رال کا منجن ملنا فائدہ کرتا ہی دیگر دانتون کے درد اور کرم خوردگی کو نافع ہی توتیا آگ پہ
رکھیں اور لوہے کے دستہ سے پیسیں پھر آگ سے اتار کر پیسکر دانتون پر ملیں دیگر کہ دانتون سے
خون نکلنے نہ دے جامن کی لکڑی جلا کر پیسکر ملیں دیگر سندروس ملنا دانتون کے درد کو مفید ہی
دیگر مولسری کی لکڑی جلا کر پیسکر ملنا مفید ہی دیگر سنگ جراحت ملنا مسوڑھون سے خون
نکلنے کو نافع ہی دیگر ببول کی لکڑی جلا کر منجن بنا کر ملیں دیگر نافع درد رائی پیسکر منجن
بنائیں دیگر بارہ سنگھے کا سینگ جلا کر پیسکر ملنا دانتون کو قوت و جلا دیتا ہی دیگر سب پیسکر ملنا
مجلی و مقوی دانتون کا ہی دیگر مسور جلا کر ملیں جلا دیتا ہی دیگر سرو کی پتیان جلا کر راکھ کی
ملنا دانتون کو جلا دیتا ہی دیگر برگد کی چھال پیسکر دانتون کے نیچے رکھیں نافع درد ہی دیگر سیاہ مرچ
سونٹھ مرکی ہر ایک تھوڑے نمک میں ملا کر پیسکر ملیں دانتون کے درد کو کہ سردی سے ہو نفع دیتا
ہی دیگر سیپ کو جلا کر ملنا دانتونکو صاف کرتا ہی دیگر مانجو پھل پیسکر ملنا مسوڑھون کو قوت دیتا ہی اور
منہ کو خوشبودار کرتا ہی دیگر درد سر کو نافع ہی پارہ سیاہ مرچ برابر کوٹ چھان کر دانتون پر ملیں
دیگر دانتون کو مضبوط کرے اور درد کو کھووے مرس کا گوند سیاہ مرچ باریک پیسکر

منجن بناکر ملین دیگر مازو سوختہ ایک عدد و غیر سوختہ ایک عدد چھالیہ سوختہ ایک عدد
غیر سوختہ ایکعدد کوٹ چھانکر منجن ملین پھر نیگرم پانی سے کلی کرین مضمضہ یعنی کلی درد کو کھووے
اور دانتونکو مضبوط کرے بار ہنگ بیس دانہ کباب چینی اٹھارہ دانہ مسور کی پتیان گیارہ عدد
جھاؤ کی کونپل ایک دانگ آدہ پاؤ پانی مین جوش کرین جب تیسرا حصہ باقی رہے نیگرم کلی کرین دیگر
دانتون کے کیڑون کو نافع ہے چنبیلی کی پتیان ایک مٹھی اسپند ڈیڑھ تولہ سیر بھر پانی مین جوش دین
جب پاؤ سیر باقی رہے صاف کرکے کلی کرین دیگر دانتون کے درد کو نافع ہے پیپل کی چھال برگد
کی چھال پانی مین جوش کرکے کلی کرین دیگر پھٹکری ایک تولہ موچرس چھ ماشہ نیکوب کرکے
آدہ سیر پانی مین جوش کرین جب آدھا باقی رہے کلی کرین درد کو نافع ہے اور دانتون کو
مضبوط کرتا ہے دیگر ببول کی چھال دو دام کا پھل تین ماشہ اسپند تین ماشہ کوٹ کر پاؤ سیر پانی
مین جوش دین جب نصف باقی رہے سوتے وقت کلی کرین دیگر اس درد کو نافع ہے کہ نزلہ
اور ریاح اور رطوبت اور مسوڑھون کے ڈھیلے ہونے سے ہووے پوست خشخاش
اسپند مجیٹھ برابر پانی مین جوش کرین جب آدھا باقی رہے نیگرم کلی کرین دیگر عاقرقرحا سوا
پوست خشخاش جوش کرکے کئی مرتبہ کلی کرین دیگر نافع درد دندان اہل یاد کردہ مانند یس
کے ہوتی ہے جوش کرکے کلی کرین دیگر گیہون کی بھوسی پرانے جو کی بھوسی جوش دیکر کلی کرین
دیگر کہ دانتون سے چرک آنے کو منع کرے پھٹکری مازو جوش دیکر کلی کرین دیگر درد کو
فائدہ کرتا ہے مازو و تخم تونبری بقدر چار درم ایک سیر پانی مین جوش دین جب نصف باقی رہے
صاف کرکے کلی کرین جلد اثر کرتا ہے اور تونبری بشکل کبابہ خندان کے ہوتی ہے دیگر مسوڑھون کے
ورم کو نافع ہے سیاہ چنے بھگو کر جوش دیکر نیگرم کلی کرین دیگر دانتون کے درد اور مجوف ہو جانیکو
کہ کیڑون سے ہو نافع ہے کٹائی کا درخت مع شاخ و پھول و پھل کے کوٹ کر پانی نچوڑ کر اس سے
کلی کرین یا کٹائی کو پانی مین جوش دیکر چار درم نبات کلی کرین دیگر سرو کے پھل جوش دیکر کلی
کرین دیگر پیپا یا نسہ کی پتیان جوش دیکر کلی کرین دیگر مولسری کی چھال جوش دیکر کلی کرین

دیگر کچنال کی چھال جوش کرکے کلی کرین دیگر درخت سرس کی چھال بخوب جوش دیکر کلی کرین دیگر روسہ کی پتیان جوش دیکر کلی کرین دیگر انار وگلنار ومازو ان سب سے ایک ایک یا دو دوا اور مسور برابر اسکے ملاکر جوش دیکر کلی کرنا مسوڑھون کو قوت دیتا ہی اور خون بند کرتا ہی دیگر کائپھل کے جوشاندہ سے کلی کرنا دانتون کا حافظ ہی دیگر نیمگرم پانی سے کلی کرنا مسوڑھون کے درد کو نافع ہی دیگر مازو دانتون پر ملنا مسوڑھون کو قوت دیتا ہی اور خون آنے کو مفید ہی طلا اسپند پیسکر نیمگرم پانی مین ملاکر خسارہ کے اوپر جس جگہ درد ہو لگائین فصل ضرس یعنی دانتونکی کُندی کا علاج کھٹی اور کسیلی چیز کھانیسے دانت کُند ہو جاتے ہین علاج گیہون کی روٹی گرم دانتون مین دبائین نارجیل و بادام و موم زرد و ہینگ چبانا کُندی کو نافع ہی گرم مزاج والے کو تخم خرفہ چبانا اور رائی کا ملنا مفید ہی اور ہر قسم کے کُند دانتون کو نمک پیسکر ملنا فائدہ کرتا ہی فصل دانتونکے سوراخ ہو جانیکا علاج نوشادر افیون کوٹ کر دانتون کے سوراخ مین رکھین اور تھوڑی مصطگی پیسکر دانتون پر لگائین مضمضہ مسوڑھون کے ورم اور دانتون کے درد کو مفید ہی پوست ہلیلۂ زرد مکو وعنا اسپند ہر ایک دو مثقال پوست خشخاش دو عدد اجوائن دو درم آدھ سیر پانی مین جوش دین جب آدھا باقی رہے صاف کرکے کلی کرین فصل تسہیل انبات اسنان یعنی اُن دوائیون کا بیان جنسے لڑکون کے دانت آسانی سے اُگین چکنی چیزین مثل انڈے کی زردی اور حرام مغز اور بھیجا اور مرغ کا پر آہستگی سے دانتون کے موضع پر ملین دوا اکل روغن مکو کی پتیون کا عرق نچوڑکر اسمین ملاکر درد کے وقت ملنا فائدہ کرتا ہی کتاب الخواص مین لکھا ہی کہ لڑکے کے گلے مین سیپ کا لٹکانا بالخاصیت دانتون کو جلد اُگاتا ہی اسی طرح سے ہونٹھ چھچھوندر کا اور لٹکانا بیج سنبھالو کا گلوے طفل مین بالخاصیت اثر رکھتا ہی فصل زبان کی بیماریون کا علاج ثقل زبان یعنی بھاری ہو جانا زبان کا وہ اکثر رطوبت سے ہوتا ہی دوا رائی فلفل دراز سونٹھ نوشادر عاقرقرحا ان دواؤن سے ایک ایک یا سب پیسکر زبان پر ملین اور کبھی اسمین سرکہ ملاتے ہین اور کائپھل کے جوشاندے سے

گلی کرنا نافع ہی مرقوع یعنی دوا کو ملنا اُسکا ثقل زبان کو کردو ہم گرم سے ہو نافع ہی گلاب کے
پھول مسور مقشر دونون پیسکر کوکی پتیون کا عرق ملا کر زبان کی جڑ پر ملین **فصل سوزش**
زبان کی دوائیان دہی پانی مین ملا کر گلی کرین اور کتھہ زبان پر رکھین **فصل قلاع**
یعنی زبان کے دانون کا علاج جسکو منہ آنا کہتے ہین اگر خون کے غلبہ سے ہو رنگ انکا
سرخ ہوگا اور صفرا کے غلبہ مین زرد بلغمی مین سفید اور سوداوی مین سیاہ رنگ ہی اسی قلاع سوداوی
بہت بری ہی اگر لڑکون کو عارض ہو موت کی نشانی ہی **علاج** اگر جوان کا منہ آئے چار بند کی فصد
کھولین فوراً ورلڑکون اور جوانون وغیرہ کے قلاع کو نفع دیتا ہی بکائن کی چھال پیسکر برابر اُسکے
سفید کتھہ ملا کر زبان پر چھڑکین دیگر کاغذ سوختہ بڑی الایچی کے دانے کتھہ سفید پھٹکری بریان
برابر پیسکر تھوڑا تھوڑا منہ مین چھڑکین دیگر صندل جلا کر اُسکے برابر کتھہ سفید ملا کر پیسکر منہ مین چھڑکین
دیگر گاوزبان سوختہ برابر اُسکے کتھہ سفید ملا کر منہ مین چھڑکین دیگر بڑی الایچی کے دانے
چھالیہ دونون جلا کر باریک کرکے منہ مین چھڑکین دیگر کتھہ سفید شورہ قلمی برابر پیسکر منہ مین
چھڑکین دیگر قلاع کو نافع ہی خصوص لڑکون کے قلاع کو مفید ہی مصری پیسکر قدرے کافور ملا کر
چھڑکین دیگر پھٹکری بریان مازو مساوی پیسکر منہ مین چھڑکین دیگر لڑکون کے منہ آنے کو مفید
ہی مازو تر یا بانسہ کی چھال بقدر دو سرخ پیسکر لڑکے کے منہ مین چھڑکین قلاع بلغمی کو بہت
نافع ہی دیگر مقشر جلا کر کتھہ سفید برابر ملا کر پیسکر چھڑکین دیگر نافع قلاع اطفال آدمی کے سر
بال جلا کر راکھ اُسکی زبان پر ملین اگر قلاع بلغمی ہو شہد مین ملا کر ملین دیگر رسوت لیمون کے
عرق مین پیسکر ملین دیگر لڑکون کے منہ آنے کو بہت مفید ہی نشاستہ پانی مین حل کرکے ملین
دیگر گلاب کی پتیان اور خرفہ کی پتیان چابنا قلاع گرم کو نافع ہی دیگر املتاس کی پتی زبان پر
ملین دیگر شہتوت کی پتی چابین دیگر گوندی کی چھال مین کتھہ ملا کر چابین دیگر ببول کی کونپل
پیسکر ملنا اور پھینا ہر قسم کی قلاع کو نافع ہی گلی قلاع گرم کو نافع ہی ترپھلہ کتھہ سفید جوش دیکر گلی
کرین دیگر قلاع گرم کو مفید ہی مازو گلنار سرکہ مین جوش دیکر گلی کرین دیگر آملہ پانی مین بھگو کر

اُس پانی سے کُلّی کرین دوا نافع قلاع سوادی مہندی کی پتیان چابین دیگر گاے کی ہڈی کا
مغز ملین دیگر انار کی چھال گوندی کی چھال کتھہ سفید جوش دیکر غرغرہ کرین دیگر ببول کی چھال جھربیری
کی چھال جوش دیکر کُلّی کرنا مفید ہی اور جو قلاع کہ پارہ اور شنگرف اور رسکپور کھانیسے حادث ہوا ہو اسکو بھی
نافع ہی دیگر نافع قلاع ارہر کی پتیون کا شیرہ نکالکر اُس سے کُلّی کرین دیگر ارہر کی دال پانی مین بھگوکر اُس
پانی سے کُلّی کرین دیگر ارہر کی دال مسور کی دال جوش دین اور صاف کرکی کافور ملاکر کُلّی کرین دیگر مہندی بھگوکر
اُسکے پانی سے کُلّی کرین دیگر اُس قلاع کو مفید ہی جو پارہ اور رسکپور کھانیسے پیدا ہوا ہو نرکھلہ ہو جڑ پوست خشخاش
جوش دیکر قدرے ریندی کا تیل ملاکر کُلّی کرین دیگر زبان کے پھٹ جانے کو نافع ہی لسوڑہ مُنھہ مین رکھین اور لعاب
اسبغول سے کُلّی کرین اور کتھہ مُنھہ مین رکھنا فائدہ کرتا ہی **فصل** مُنھہ سے رال بہنے کا علاج اگر سوتے وقت مُنھہ سے
لعاب بہتا ہو معدہ کی رطوبت سے ہوتا ہی **علاج** معدہ کو پاک کرین اور اطریفل صغیر کھائین اور رائی پیسکر اسمین شکر ملاکر
پھانکنا فائدہ دیتا ہی دیر تک مسواک کرنا نافع ہی اور کاسنی کوب کرکے تھوڑا نمک ملاکر سفوف بناکر چند روز
پھانکین جوارش مصطگی رال بہنے کو نافع ہی شکر سفید آدھ پاؤ قوام کرکے سات ماشہ مصطگی اسمین ملائین خوراک
لڑکے کے واسطے دو ماشہ جوان کے لیے نو ماشہ **فصل تشقق لب** یعنی ہونٹھ کا پھٹ جانا سبب اسکا
خشکی ہی **علاج** گھی مین نمک ملاکر ہر روز تین بار ہونٹھ پر ملین فائدہ دیگا دیگر ہونٹھ و زبان کے پھٹ جانیکو
کو نافع ہی مغز تخم کدوے شیرین یا مغز تخم تربز پانی مین پیسکر ملا کرین دیگر کتیرا پیسکر اور اسبغول کا
لعاب ہونٹھون پر ملین دیگر بادرنگ کا کف نکالکر ہونٹھون پر ملین **فصل امراض حلق خناق**
وہ ورم ہی کہ حنجرہ یا عضلۂ حنجرہ یا مری یا عضلۂ مری مین پیدا ہوتا ہی اور حنجرہ نرخرہ کو کہتے ہین کہ
اُس سے آواز نکلتی ہی اور مری مجری طعام و شراب ہی اگر حنجرہ مین ورم ہو علامت اسکی رکنا سانس کا
اور اگر مری مین ورم ہو دشواری سے کھانا پانی اُترنا اُسکی نشانی ہی **علاج** فصد سر رو اور زبان کے
نیچے کی رگ کھولین اور املتاس مُنھہ مین رکھنا بہت فائدہ کرتا ہی اور غذا خناق مین ماء الشعیر کہ مسور اور تخم
خشخاش اُسمین ملاکر پکایا ہو کھائین جو دو حصہ تخم خشخاش اور مسور برابر ہو شربت شہتوت ورم
خناق اور ورم گلو اور ورم کوا اور لوزتین اور ورم زبان کو نافع ہی کچے شہتوت کا عرق نچوڑ کر برابر

قند مین قوام کرین غرغرہ درد و ورم گلو کو نفع دے نیب کی پتیان تھوڑے شہد اور نمک خشک مین ملاکر
جوش دیکر صاف کرکے نیمگرم غرغرہ کرین دیگر نافع خناق املتاس مسور نمک کی تپیون کے عرق مین جوش
دیکر نیمگرم غرغرہ کرین دیگر شہتوت کا عرق دھنیا مسور بھگوکر اسکے پانی مین ملاکر غرغرہ کرین دیگر جو
نیکوب بھگوکر پانی صاف اُسکا لیکر نیمگرم غرغرہ کرین ورم گرم و سرد اور حلق کے درد کو مفید ہی اسیطرح
نیمگرم پانی سے غرغرہ کرنا خناق کو نفع دیتا ہی دیگر ببول کی پتیان جوش دیکر غرغرہ کرین دیگر
خناق کو نفع دیتا ہی ارہر کی تپیون کا شیرہ نکالکر نیمگرم غرغرہ کرین اگر ارہر کی پتیان نہ ملین ارہر کی
دال پانی مین بھگوکر نیمگرم غرغرہ کرین دیگر توت کی جڑ اور پتیان اور نرم شاخین اسکی پانی مین
جوش دیکر غرغرہ کرین دیگر دھنیے کا چابنا گلے کے درد کو نفع دیتا ہی دیگر نمک کالی زیری سیاہ مرچ کھریا مٹی
برابر پانی مین پیسکر لگائین گلے کے ورم اور خناق کو مفید ہی دیگر جدوار ریوند چینی ہر ایک تین ماشہ
افیون تین سرخ نیمگرم پانی مین ملاکر ضماد کرین دیگر خشک کریلا سرکہ مین پیسکر نیمگرم طلا کرین دیگر نافع
درد گلو تیس کی جڑ پانی مین گھسکر نیمگرم طلا کرین دیگر نوشادر کا طلا کرنا خناق کو مفید ہی دیگر مرغی کا گوہ
سرکہ مین ملاکر حلق مین لگائین ورم کو فائدہ کرتا ہی دیگر تونبے کے بیج گیرو سرخ صندل سیاہ زیرہ سرس
کی چھال مسور سیاہ مرچ کالی زیری کریلا خشک سوئے کے بیج سب دوا برابر لیکر پیسکر سرکہ مین ملاکر
نیمگرم طلا کرین دیگر سوہاگہ ایک ہندی جڑ ہی پیلا رنگ پیسکر لگائین درد گلو کو نافع ہی دیگر ریوند چینی
گیرو کالی زیری ہلیلہ سیاہ ہلدی آملہ ملتانی مٹی برابر کوٹ چھانکر نیمگرم پانی مین ملاکر طلا کرین دیگر
اگر لڑکون کا کوا لٹک آئے اُسکو نفع دیتا ہی ملتانی مٹی سرکہ مین ملاکر تالو پر رکھین دیگر مازو سرکہ مین گھسکر
کلمہ کی اُنگلی مین لگاکر کوے کو کہ لٹک گیا ہو اُس سے اُٹھائین دیگر چولھے کی مٹی سرخ سیاہ مرچ ایک عدد
پیسکر ملاکر کوے کو اُس سے اُٹھائین دیگر رخسار کے ورم کو نافع ہی سنبھل کی چھال جلاکر روغن کنجد مین
ملاکر طلا کرین دیگر پتھی جو کا آٹا برابر سرکہ مین ملاکر طلا کرین دیگر خناق کو مفید ہی اور یہ نسخہ علوی خان
کا مجرب ہی چھچھوندر کو لیکر منھ اُسکا مریض کے منھ کے برابر رکھین تاکہ سانس چھچھوندر کے منھ کی مریض
کے حلق مین پہونچے اور خناق اُسکا تحلیل ہو اور گردن کی پشت پر پچھنے لگانا خناق کو مفید ہی

فصل بحۃ الصوت یعنی آواز کے پڑجانے کا علاج اگر نزلہ حلق کی طرف گرے اور اس سے
آواز پڑجائے تھوڑی روغن کھائین اور پوست خشخاش و راجوائن کو جوش کرکے غرغرہ کرین فائدہ کرتا
ہی اور جو بلغم کے سبب سے ہو گوندی کی جڑ سہ سالہ کہ زمین کے نیچے ہوتی ہی تھوڑی تھوڑی منہ مین رکھین
اسپند سے غرغرہ کرنا آواز کو صاف کرتا ہی دیگر آواز بند کو کھولے ادرک لیکر اُسے اندر سے خالی کرے
تھوڑی ہینگ اور نبات پیسکر اُسکے سوراخ مین رکھین پھر ادرک کو کپڑے مین لپیٹکر اُسپر خمیر لگاکر
بھوبھل مین رکھین جب ادرک پک کر اُسمین سے خوشبو آنے لگے آگ سے نکالکر چھیل کر کھائین
آواز کھل جائے دیگر گرفتگی آواز کو نافع ہی مجربات اکبری مین لکھا ہی کہ چاول گڑ مین پکاکر سوتے
وقت آسودہ ہوکر کھائین پھر ایک گھنٹہ کے بعد دو چمچہ نیمگرم پانی پئین تین روز مین آواز
کھل جائے دیگر تھوڑی ہینگ گرم پانی سے حلق کے نیچے اتارین دیگر مولی کے بیج کوٹ کر گرم
پانی مین ملاکر کھائین دیگر مغز تخم بلیلہ فلفل دراز لاہوری نمک برابر شہد مین ملاکر گولیان
بناکر ہر روز ایک تولہ دو ہفتے تک کھائین دیگر گرفتگی آواز کو کہ بلغم سے ہو نافع ہی بالنگانی بیج
خراسانی اجوائن کلیجن فلفل دراز پیسکر شہد مین ملاکر بقدر ایک درم کے صبح و شام چاٹین
دیگر مجربات اکبری سے لکھا گیا چراغ کا گل پان مین ڈالکر کھائین خاصۃ اس گرفتگی آواز کو
کہ سپند ورکھانے سے ہو فائدہ زیادہ کرتا ہی دیگر آواز کھولتا ہی گنا بھوبھل مین نیم گرم کرکے
تراش کرکے کھائین دیگر منہ مین کبابہ رکھنا آواز کو کھولتا ہی کرنب کی چٹنی آواز کے کھولنے
کو نافع ہی پتیان و شاخین کرنب کی تھوڑے پانی مین پکاکر کپڑے مین چھانکر شہد مین قوام کرکے
استعمال کرین **فصل خنازیر** یعنی کنٹھ مالا کی دوائیون کا بیان کنٹھ مالا ورم ہی کہ گلے مین پیدا
ہوتا ہی علاج بعد نضج کے بلغم کا تنقیہ کرین دوا کنٹھ مالے کو نافع ہی سولی کے بیج بکری کے
دودھ مین پیسکر ضماد کرین دیگر ہر روز لسوڑہ کی پتیان نرم بھوبھل مین نیمگرم کرکے دس روز تک
کنٹھ مالے پر باندھین دیگر تھوڑی کسوندی کی پتیان چار عدد سیاہ مرچ پیس کر ضماد کرین
دیگر سرسون پیسکر لگایا کرین دیگر لکھا ہی کہ بعد تنقیہ کے جبتک مرض دفع ہو چار ماشہ بلیلہ زنگی

کوٹ چھانکر رات کو ہمیشہ پھانکا کرین اور یہ مرہم لگائین گوگل ایک تولہ سیاہ مرچ تین ماشہ
سرکہ مین پیسکر مرہم بنائین دیگر مسور دھنیا سرکہ مین پیسکر پکا کر لگایا کرین دیگر سونٹھ ایک درم
تخم کاثھی تین درم گاے کے پیشاب مین پکا کر سرد کر کے ضماد کرین دیگر یہ نسخہ قرابادین شفائی سے
نقل کیا گیا کنٹھ مالے کو مفید ہی کتیرا پانچ حصہ نانخواہ دو حصہ کوٹ چھانکر دھنیے کی پتیون کا
عرق نچوڑ کر اسمین ملا کر ضماد کرین دیگر بکری کے شانے کی ہڈی لیکر جلا کر ایک ہفتہ تک دو درم
کھائین دیگر موریا کی لکڑی کہ اسکو مدن مست بھی کہتے ہین کوٹ چھانکر نیم گرم ضماد کرین اوپر سے
پرانی روئی گرم کر کے باندھین دیگر سینگ و ناخن گاے کا جلا کر روغن مین ملا کر خنازیر پر طلا کرین
دیگر بیلو کی پتیان اونٹ یا گاے کے پیشاب مین پیسکر لگائین اُسکے اوپر پان باندھین دیگر
گل منڈی دو تولہ پانی مین بھگو کر صبح ملکر صاف کر کے پئین اسی طرح ایک مہینہ تک استعمال
کرین دیگر مجرب کنٹھ مالا کے مادے کو اکھاڑے اور یہ نسخہ مجربات اکبری کا ہی سرس کے بیج کوٹ
چھانکر ایک حصہ دو حصہ شہد ملا کر ہانڈی مین رکھین اور اُسپر سرپوش ڈھانپ کر کنارے اُسکے
ماش کا آٹا لگا دین اور ایک ہفتہ تک دھوپ مین رکھین بعد اُسکے کھولکر ہر روز ایک تولہ
کھایا کرین اور کھٹائی اور بادی سے پرہیز کرین ہر چند یہ دوا بد بودار ہی مگر خنازیر کا مادہ دفع
کرنے مین بے مثل ہی دیگر جو کی جڑ باندھنا بالخاصیت کنٹھ مالے کو مفید ہی دیگر بکری کے مینگن کا
ستر جنگلی کنڈے کی آگ مین جلائین جب جلکر سفید ہو جائے سفوف بنا کر ہر روز ناشتا سات ماشہ
چودہ روز تک پھانکین غذا کھچڑی کھائین دیگر نافع خنازیر جو کا آٹا السی کبوتر کا گو سرکہ مین
پیسکر لگائین دیگر دھنیا اور جو کے ستو ہمیشہ خنازیر پر لگانا مفید ہی دیگر سرس کی چھال تو نبہ
سیاہ مرچ کالی زیری مساوی پیسکر لگایا کرین دیگر برگد کا دودھ خنازیر پر لگانا تحلیل کرتا ہی
فائدہ سرد کی فصد کھولنا اور غذا کم کھانا بہترین علاج کا ہی فصل حلق مین جونک لپٹ رہنے
کا علاج نمک یا نوشادر سرکہ مین ملا کر غرغرہ کرین اور گندھک کا دھوان حلق مین پہونچانا
جونک کو حلق سے گرا دیتا ہی اور طریق دھوان پہونچانے کا یہ ہی کہ نرکل لیکر ایک طرف اُسکے

گند حک رکھین اسپر آگ رکھکر دوسری طرف سے حقہ کی طرح کھینچین اگر جونک حلق سے معدہ مین چھوٹ کر گر جائے جلدی کرین نہ نکلے تو مسہل لین دیگر سیاہ مٹی کپڑے مین باندھکر بیمار کے منہ مین رکھین فوراً جونک مٹی کی خوشبو سے نکل آئیگی دیگر رائی پیسکر دو حصہ سرکہ آٹھ حصہ دونون ملاکر غرغرہ کرین نفوخ رائی کا بھی پیسکر ناک مین پھونکین نفع دیتا ہی دیگر موٹھ ہندی منہ مین رکھین جونک اُسکی محبت سے باہر نکل آئیگی فصل سینہ کی بیماریون کا علاج ضیق النفس یعنی دمہ یہ مرض اکثر بڑھاپے مین بلغم کے غلبہ سے حادث ہوتا ہی اور امراض طول کھینچنے والونمین سے ہی اسکی تدبیر سے غافل نہون بعد نضج کے کبھی کبھی بلغم کا تنقیہ مسہل سے کرتے رہین حب مفید تنگی نفس مغز کرنجوا پیپل پیسکر ادرک کے عرق مین سیاہ مرچ کے برابر گولیان بناکر دو تین گولیان صبح کو کھایا کرین حب ہلدی رائی لوٹا سجی ہر ایک چار حصہ گڑ اٹھارہ حصہ کوٹ چھانکر جنگلی بیر کے برابر گولیان بناکر ایک صبح ایک شام اسی طرح چالیس روز تک کھائین حب سیپ جلاکر ادرک کے پانی مین کھرل کرکے چنے کے برابر گولیان بناکر کھائین حب نافع ضیق النفس ہڑ کی گٹھلی چھلی ہوئی دو حصہ پیپل ایک حصہ لاہوری نمک ایک حصہ باریک پیسکر جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی حب ارکا پتا ایک عدد سیاہ مرچ پچیس عدد کوٹ چھانکر سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین خوراک جوان کے لیے سات گولی لڑکے کے لیے دو گولی حب فلفل دراز سیاہ مرچ ہر ایک یکدرم کاکڑا سینگی آدھا درم سجی سفید چوتھائی درم افیون چار سرخ کوٹ چھانکر ادرک کے پانی مین جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی اگر ادرک نہ ملے پانچ درم سونٹھ ملاکر گولیان بنائین حب ایلوا سجی سفید سیاہ مرچ ہلدی کوٹ چھانکر گھیکوار کے عرق مین کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی نیمگرم پانی سے حب نیل چوکدی لکڑی ہر ایک دو درم مالکنگنی چوتھائی درم کوٹ چھانکر پانی مین کھرل کرکے چنے کے برابر گولیان بنائین ہر صبح وشام ایک گولی کھایا کرین ترشی سے پرہیز کرین اور غذا چکنی کھائین دیگر حب ساکٹ ولبلغمی کھانسی کو نافع ہی عاقر قرحا سیاہ مرچ انار کی چھال اجوائن بانسے کی پتیان چھوٹی کٹائی کی جڑ ببول کی

چھال سجی سفید لاہوری نمک نمک سانبھر ہر واحد ایک ماشہ افیون دو ماشہ کوٹ چھانکر ادرک کے
شیرہ مین چنے کے برابر گولیان بناکر منھ مین رکھکر رال اُسکی نگل جائین دیگر ضیق النفس کو نافع ہے
ایلوا سُہاگہ مرچ کی کوٹ چھانکر چنے کے برابر گولیان بنائین دو صبح کو دو شام کو کھایا کرین دیگر پیپل
ایک تولہ کپڑے کو پانی سے نم کرکے پیپل اُسمین لپیٹ کر بھوبل مین رکھین ایک گھنٹے کے بعد نکالکر
سہاگا بریان خولنجان سیاہ مرچ ہر واحد ایک مثقال پیپل عاقرقرحا ڈیڑھ حصہ باریک پیسکر گھیکوار کے
شیرہ مین خوب کھرل کرکے چنے کے برابر گولیان بناکر ایک گولی روز کھائین دیگر بانسہ کا پھل پھاکر پھول
کاکڑاسینگی سیاہ مرچ کلونجی پیپل بہارنگی کٹائی کے بیج برابر لیکر ادرک کے عرق مین گولیان بنائین
خوراک ایک درم دیگر کسونڈی کا تازہ پھل بھونکر کھائین دیگر ریٹھے کا مغز کھانا سانک کو نفع دیتا
ہے دیگر نسخہ عجیب ہے تخم زوسہ پھٹکری پان تینون ادویہ بریان کرکے پیسکر چار رتی کے برابر پان مین
کھائین دیگر مدار کے پتے مرکی کتھہ سفید پانی مین پیسکر طلا کرین اور مرکی گھی مٹی کے برتن مین
رکھین اور منھ برتن کا بند کرکے جلتے ہوے چولھے یا تنور مین رکھین جب جلکر راکھ ہو جاے پیسکر ہر روز
ایک رتی پان مین کھایا کرین دیگر کھانسی اور دمہ کو نافع ہے مدار کی پتیان کہ زرد ہوکر درخت سے
گر پڑی ہون ایک سیر چونہ نمک ہر ایک دو درم دونون کو پانی مین پیسکر مدار کے پتون پر لگاکر
خشک کرکے مٹی کے برتن مین رکھکر جنگلی کنڈے کی آگ مین ایک پہر تک جلائین جب راکھ ہو جاے
ایک رتی روز کھایا کرین دودھ دہی اور ترشی سے پرہیز لازم ہے دیگر مدار کی کونپل پان مین رکھکر
جاڑون کی فصل مین تین روز تک ہر روز ایک کونپل کھائین چوتھے روز ڈیڑھ کونپل پانچوین
روز دو کونپل اسی طرح چالیس روز تک نصف نصف کونپل ہر روز زیادہ کرکے کھائین دیگر
مدار کی کلی جو کھلی نہو جسقدر چاہین لیکر ہر پھول مین ایک سیاہ مرچ رکھکر مٹی کی نئی ہانڈی مین رکھین
اُسپر کھاری نمک چھاکر ہانڈی کا منھ بند کرکے تنور مین رکھین بعد سرد ہونے کے نکالکر چار رتی
اُسمین سے ہر روز کھایا کرین دیگر نافع ضیق النفس بلغمی دانہ الائچی مالکنگنی دو ماشہ لیکر
نگل جائین دیگر ادرک کا عرق پیاز کا عرق لہسن کا عرق گھیکوار کا عرق شہد ادویہ برابر لیکر

چینی یا شیشہ کے برتن مین رکھکر زمین مین دفن کرین بعد تین روز کے نکالکر برابر ایک کوڑی
کے ہر روز کھائین دیگر تھوڑی جڑ بسکھپرہ کی ہر روز پان مین کھائین دیگر تمباکو کا گل آگ مین
جلاکر سفید کرکے پیسکر دو رتی پان مین کھایا کرین بادی اور ترشی سے پرہیز کرین دیگر تمباکو کا
گل جمع کرکے جلائین جب سفید ہو جائے اُسکو پانی مین حل کرکے ایک رات دن رہنے دین اور
ہر روز تین مرتبہ اُسکو حرکت دیتے رہین پھر چھانکر پانی اُسکا لیکر پتیلی مین جوش دین جب نمک
ہو جائے دو رتی اُسمین سے لیکر پان مین کھایا کرین دیگر تھوہڑ کی لکڑی مجوف کرکے ایک درم
پھٹکری اُسمین رکھکر گل حکمت کرکے کنڈے کی آگ مین جلائین جب سرد ہو جائے پھٹکری
نکال کر دو سرخ کے برابر پان مین کھایا کرین دیگر ضیق النفس کو نافع ہی خواہ گرمی سے ہو خواہ
سردی سے اسغول کف دست کے برابر تین چار مہینے صبح و شام پھانکنے سے تخفیف ہوتی ہی
دیگر ضیق النفس بلغمی کو مفید ہی پان سہر در ناخن کے برابر پان مین رکھکر کھایا کرین دیگر
سمندر پھل دو عدد پیپل چار عدد دونون کو جلاکر پیس کر ایک کوڑی کے برابر پان مین روز
کھایا کرین دیگر مکڑی کا جالا صاف کرکے گڑ مین لپیٹکر کھائین اگرچہ گرمی بہت کرتا ہی مگر مفید
ہی دیگر روسہ کی پتیون کا عرق ضیق النفس کو نفع دیتا ہی دیگر چار تولہ گیہون اہار کے شیر مین تین روز
بھگوئین پھر مٹی کے برتن مین رکھکر منھ اُسکا بند کرکے جنگلی کنڈون مین جلائین جب سرد ہو جائے
پیسکر چھانکر چار تولہ گڑ ملاکر دو دام عالمگیری کے برابر گولیان بنائین ایک گولی صبح کو کھایا کرین
ترشی اور بادی سے پرہیز کرین چرچرہ کا نمک تھوڑا کھایا کرین سینہ کو بلغم سے پاک کرتا ہی اور
ضیق النفس کو دور کرتا ہی اور نمک تھوہڑ کا بھی یہی خاصیت رکھتا ہی اور مدار کا نمک کھانا بھی
نافع ہی اور اُسکا نمک بنانیکا طریقہ یہ ہی مدار کے پتے خشک کرکے جلاکر راکھ کو برتن مین بھگوئین
صبح پانی صاف اُسکا لیکر جلائین تا کہ پانی جلکر نمک ہو جائے اور نمک بھی اسی طریقہ سے بناتے ہین
دیگر مسہل ضیق النفس کو نافع زیادہ ہی جال گو مقشر کرکے چراغ مین جلائین جب راکھ ہو جائے
پیسکر چار حصے کرین ہر روز ایک حصہ پان مین رکھکر کھائین دیگر پھٹکری بریان مصری کی برابر

کوٹ چھانکر سفوف بنائین خوراک ایک ماشہ سے چھ ماشہ تک دیگر گیہون بقدر حاجت کے نیم
سبوچہ مین جلا کر کوئلا کرکے ہلدی گیہون جلے ہوے کے برابر لیکر جلائین پھر دونون باریک پیسکر
پہلے روز ساڑھے پانچ ماشہ پانی گرم یا سرد سے کہائین دوسرے روز ایک کوڑی برابر زیادہ کرین
علی ہذا القیاس ایک ماہ یا بیس روز تک استعمال کرین انشاء اللہ تعالی بعد سات روز کے تقاوت ظاہر
ہوگا دیگر کالی مدار کی جڑ ڈیڑھ حصہ اجوائن ایک حصہ کوٹ چھانکر چنے برابر گولیان بنائین ایکتولہ ہر صبح کو
کہائین دیگر کریل کی لکڑی جلا کر راکھ اسکی ایک ماشہ کھایا کرین دیگر گندھک آملہ سار سات ماشہ
مصری چار درم شہد مین ملا کر دو ماشہ پان پر لگا کر ملکر کہائین دیگر پاپانسہ کا چھوٹا درخت مع جڑ
پتون کے سایہ مین خشک کرکے کوٹ چھانکر سفوف بنا کر ایک کف دست ہر صبح کہائین دیگر
بارہ سنگھے کا سینگ جلا کر پہلے روز ایکماشہ شہد مین ملا کر کہائین پھر ایکماشہ روز زیادہ کرکے
ایک تولہ تک پہونچائین اگر اس درمیان مین گرمی زیادہ کرے اسیقدر پر اکتفا کرین دیگر مدار کی
چھال سہجنہ کی چھال ہر ایک تین درم جوا کھار ایک درم پیپل سات درم توتیا سے سبز چوتھائی درم
بریان کرکے سفوف بنائین خوراک آدھا درم دیگر اندراین کی جڑ پیپل سجی مساوی کوٹ
چھانکر رکھین ایک ماشہ صبح ایک ماشہ شام کو کھایا کرین دیگر لاہوری نمک پہلے روز دو ماشہ
پیسکر سوتے وقت چاٹین اور ہر روز آدھا ماشہ زیادہ کرین تا کہ چھ ماشہ تک پہونچے اس پر
پانی نہ پئین اگر پیاس بہت معلوم ہو نیم گرم پانی پئین دیگر مدار کی پتی اڑھائی پاؤ سہنڈ کی
شاخین ٹکڑے ٹکڑے کرکے سوا سیر اجوائن سادہ گندھک آملہ سار نیکوب پندرہ دام نمک سانبھر
لاہوری نمک سیاہ نمک جوا کھار سجی ہر ایک تین دام ادویہ ہانڈی مین بھر کر سرپوش کرکے
مٹی سے منھ اسکا بند کرین اسپر سے کپروٹی کرکے بہت سی لکڑیون مین رکھکر جلائین جب راکھ
ہو جاے پیسکر کھایا کرین اور تھوڑا تھوڑا بڑھا کر کف دست تک پہونچائین مگر جگر کا اس دوا سے
خون آنے کا خوف ہے زیادہ نہ کہائین سفوف کہ ہند مین اسکا استعمال ہے چکر تول بہارنگی
سیاہ مرچ پیپل کٹائی کی بیج کاکڑا سینگی سیاہ نمک لاہوری نمک سجی بلی لوٹن برابر کوٹ چھان کر

سفوف بنائین ایک ماشہ صبح ایک ماشہ شام کہائین اور طعام مین گھی زیادہ کرین شربت
تمباکو تمباکو کے سبز پتون کا بشیرہ گڑ مساوی الوزن لیکر شربت بناکر صاف کرکے رکھین خوراک
ایک ماشے سے دو ماشہ تک کم قوت کو کم دین کہ اسکو قے و اسہال کا اندیشہ ہی اور ضیق النفس کو بہت
مفید ہی پانچ روز مین صحت کلی دیتا ہی لعوق یعنی چٹنی کہانسی اور ضیق النفس کو کہ بلغم سے
ہو نافع ہی السی اسپند مساوی پیسکر دو چند شہد مین ملاکر ہر روز اس سے ایک تولہ چاٹین بعضون
نے لکھا ہی السی بریان تین درم سیاہ مرچ دس درم سہ چند شہد مین ملاکر چاٹین اور بعضے مرچ کے
عوض لودیہ ملاتے ہین اور بعضے فقط السی سہ چند مین قوام کرتے ہین دیگر سانس آنے کو مفید
ہی سہاگہ بریان تین تولہ شہد چار تولہ ملاکر رکھین سوتے وقت تین انگلی انمین سے لیکر چاٹین
دیگر بلغم کے دفع کرنیمین بیمثل ہی کائپہل سونٹھ پہکرمول کاکڑا سینگی بہارنگی دارفلفل مساوی الوزن
کوٹ چہان کر شہد مین ملاکر روز ایک ماشہ کہایا کرین دیگر بابچی ہلدی پیپل آنبہ ہلدی سیاہ مرچ
نمک سیاہ چیتہ سہاگہ بریان ہر ایک ایک ماشہ سجی آدہا ماشہ کوٹ چہان کر خوراک ایک مثقال
گرم پانی سے دیگر کاکڑا سینگی پہکرمول بہارنگی کائپہل برابر کوٹ چہانکر سونٹھ بہگوکر اس کے
پانی مین تر کرکے صبح و شام ایک ایک ٹانک کے برابر کہائین دیگر ضیق النفس اور کہانسی کو
مفید ہی ہلیلہ بہیڑہ دونون ایک ایک حصہ کوٹ چہان کر خوراک ایک ٹانک صبح اور ایک ٹانک
شام اور دو درم پیٹھا ہر روز کہانا ضیق النفس کو نفع رکہتا ہی دیگر قسط تلخ دو چند شہد مین ملاکر
چاٹین ضیق النفس اور کہانسی کو مفید ہی دیگر السی بھنی سات ماشہ مویز منقی ایک تولہ
پانی مین جوش دیکر صاف کرکے پیئین دیگر بڑی کٹائی کی جڑ ٹکڑے ٹکڑے کرکے پاؤ سیر پانی مین
جوش دین جب چہارم حصہ باقی رہے پیئین دیگر بلغمی کہانسی کو مفید ہی جنگلی پیاز شیطرج سونٹھ
بہارنگی کٹائی مع جڑ اور پتون کے اڈوسہ ببول کی چہال ہر ایک دو دو ماشہ ادویہ نیکوب
کرکے چھ حصہ کرین ایک حصہ آدہ سیر پانی مین جوش دین جب آدہ پاؤ رہے صاف کرکے
پیئین دیگر ضیق النفس اور کہانسی کو نافع ہی چھوٹی کٹائی کی جڑ گلو سے پہکرمول پیپل بہارنگی

کاکڑاسینگی نرکچور ہر ایک تین ماشہ ایک سیر پانی مین جوش دین جسوقت آدھ پاؤ رہے صاف
کرکے پیین حلوا سل اور خشک کھانسی کو نافع ہی مغز تخم کدو سے شیرین مغز تخم خیارین خشخاش
نشاستہ برابر شیرہ نکالکر قند سفید یا ترنجبین یا شیرخشت یا شربت بنفشہ ملاکر پیین حلوا کہ مرض
سینہ اور سل اور کھانسی اور دق اور قرحۂ امعا کو مفید ہی اور قوت دینے والا اور تر کرنے والا
دماغ کا ہی نشاستہ کو پانی مین جوش دیکر شکر ملاکر قوام کرین پھر شیرہ تخم خشخاش مغز تخم کدو ملاکر
حلوا بناوین **فصل مرض سل کا علاج** سل ریہ کے زخم کو کہتے ہین اور ریہ پھیپھڑے کا نام ہی اس مرض
کو کھانسی اور تپ لازم ہی کبھی کھانسی سے خون بھی نکلتا ہی اور بیمار روز بروز دبلا ہوتا جاتا ہی
ہر چند کہ یہ مرض علاج پذیر نہین ہی مگر تاکہ مریض جلد نہ مر جاے اول فصد باسلیق کھولین پھر
کھانسی اور تپ کا علاج کرین **حب** کہ سل کو نفع دیتی ہی سنگ جراحت زہرمہرہ کتھہ سفید کتیرا
صمغ عربی نشاستہ تخم خشخاش سفید تخم خطمی گیرو ہر واحد ایک درم افیون ایک ماشہ کوٹ چھانکر
گولیان بناوین اور کبھی شدت تپ مین تھوڑا کافور موافق مزاج کے ملایا جاتا ہی **قرص سرطان**
سل و دق کو نافع ہی گینگٹہ جلاکر دس درم نشاستہ تخم خشخاش سفید تخم خشخاش سیاہ ہر واحد دس درم
تخم خرفہ سیاہ ٹھیٹی مقشر تخم خطمی نیکوفتہ ہر واحد تین درم صمغ عربی کتیرا ایک ایک درم لعاب اسپغول
مین قرص بناوین خوراک دو درم **خشخاش کی چٹنی کا نسخہ** سہل سل کے مرض مین حکیم
اسمعیل خان کا مجرب ہی خشخاش سفید نیکوفتہ دس درم اسپغول تین درم آدھ سیر پانی مین جوش
دین جب تہا باقی رہے آدھ سیر قند مین قوام کرین اوپر سے خشخاش سفید صمغ عربی ہر ایک دو درم
پیسکر ملاوین خوراک ایک تولہ دوا سل کو نافع ہی ملتانی مٹی دو مثقال پیسکر پیین **فصل ذبۂ اطفال کا**
علاج ذبۂ اطفال پسلی کا عارضہ جو لڑکون کو ہوتا ہی اسمین تپ اور کھانسی اور پسلی کا دبنا عارض
ہوتا ہی یہ دو طرح پر ہی ایک یہ کہ مادہ اسکا گرم ہو اسمین تپ بھی ہوتی ہی اس سے چندان اندیشہ
نہین ہی اسمین سات روز تک اشیاء تیز کہ جس سے اندر کے اعضا چھل جائین مانند توتیاے ہندی اور
انجال گوڑا اور مثل اسکے نہ دین اور بہترین تدبیرون سے تلیین کرنا ہی چاہیے کہ املتاس عناب

منقی بنفشہ سے بے انتظار منضج تلیین کرین دوسرا وہ کہ بلغم کے مادہ سے ہوا سمین تپ اور
سوء تنفس بھی ہوتا ہی اول کی نسبت اسمین خطر ہی حب کہ دبۂ اطفال کو نافع ہی کمیلہ چونہ توتیاے سبز
ہلیلہ زرد پوست بہیڑہ کتھہ سفید مساوی باریک پیسکر گولیان بنائین وقت حاجت کے تھوڑے
گھی مین ملاکر طلا کرین حب دیگر کیچو اتخم پیلہ لونگ برابر وزن لیکر گولیان بنائین ایک گولی روز
دین دو تین روز مین دفع ہوجائیگا حب دیگر مغز تخم کرنجوہ ایک عدد توتیا سبز خام ایک سرخ
باریک پیسکر سرسون کے برابر گولیان بنا کر ایک گولی روز کہائین حب دیگر ایلوا جمال گوٹہ
سہبری دور کرکے مساوی الوزن لوہے کے برتن مین اُس گاے کے پیشاب مین جو جنی نہو لوہے
کے دستے سے پیسکر مونگ کے برابر گولیان بنائین خوراک سن کے موافق دایہ کے دودہ مین دین
حب دیگر لڑکون کے دبہ کو مفید ہی اور کیڑون کو نکالتی ہی کمیلہ آٹھ ماشہ ہینگ ایک ماشہ کوٹ
چھانکر دہی کے پانی مین سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین خوراک دودہ پیتے ہوے لڑکے کو
ایک گولی گرم پانی کے ساتھ اور بڑے لڑکے کے واسطے سن کے موافق دین حب دبۂ اطفال کو
نافع ہی چوکہ کی لکڑی سیاہ مرچ پوست ہلیلۂ زرد تربد مجوف برابر پیسکر سیاہ مرچ کے برابر گولیان
بنائین خوراک ایک گولی حب دبۂ اطفال کو مفید ہی خشک کیچوا پانی مین پیسکر ایکقطرہ
لڑکے کے حلق مین ٹپکائین بہت فائدہ رکہتا ہی حب بکائن کی پتی نیمگرم کرکے پہلے رینڈی
کا تیل پیٹ پر ملین اُسپر پتی باندہین جوشاندہ کسم کے پہول ایک ماشہ دو درم
لڑکے کے پیشاب مین جوش دین جب نصف یا چوتھائی رہے پلائین دیگر جوانسہ کی جڑ
دو ماشہ پانی مین جوش دیکر لڑکے کو پلائین ضماد دبۂ اطفال کو مفید ہی صمغ عربی ایک تولہ
ایلوا چھ ماشہ کوٹ چھانکر گھیکوار کے عرق مین ملاکر لگائین فائدہ اہل ہند کے نزدیک
نسخون معتبر سے ایک حب گھوڑچڑھی ہی یعنی تاثیر اُسکی بیمار کو مرض سے خلاص کرنے مین
اُس شخص کو مخلصی کے مانند ہی کہ گھوڑے پر سوار ہوا اور یہ نسخہ جوگیون کا ہی اُسکو حب
مسکین نواز بھی کہتے ہین نسخے اسکے بہت ہین دو ایک نسخے سہل اس جگہہ لکہتا ہون اکثر

بیماریون کے واسطے نافع ہین خصوصاً دبہ اطفال کے لیے جو بغیر تپ کے ہو نہایت مفید ہے حب گہوڑ چڑہی پارہ گندھک ہڑتال سونٹھ سیاہ مرچ پیپل پوست بلیلہ زرد پوست بہیڑہ آنولہ سہاگہ مغز تخم تر بزریحان سکے پتون کا عرق مساوی لیکر اول پارہ اور گندھک خوب پیسکر باقی ادویہ کے برتن مین ڈالکر لوہے کے دستہ سے بھنگرے کے عرق مین تین روز پیسکر مونگ کے برابر گولیان بناکر ایک گولی روز کہایا کرین دوسرا نسخہ حب گہوڑ چڑہی کا پارہ ایک دام گندھک تر بد سفید ہر ایک دو درم سیاہ مرچ تین درم سہاگہ چار درم پوست بلیلہ زرد آٹھ درم رینڈی سات درم جمال گوٹہ دیر آٹھ درم الایچی چوتھائی درم کوٹ چھانکر گولیان بنائین فائدہ یہ گولیان دفع ضیق النفس کے واسطے بلیلہ و بہیڑہ و آنولہ کے ساتھ اور زکام کے واسطے شکر کے ساتھ اور کہانسی خشک کے لیے بھنگرہ کے عرق کے ساتھ اور دفع زہر کے واسطے گیارہ گولیان چرچرہ کے عرق کے ساتھ اور دفع برص کے واسطے شہد کے ساتھ اور قولنج ریحی کے واسطے عرق بادیان کے ساتھ کہانا اور لگانا بکری کے پیشاب مین رگڑکر سفید داغ کے لیے مفید ہے اور آنکھ کے جالہ کے واسطے عورت کے دودھ مین رگڑکر لگانا اور دفع طاعون کے لیے لیمون کے عرق مین اور بیماریون ریحی کے واسطے ادرک کے پانی سے ایک گولی نگل جانا نافع ہے **فصل** ذات الجنب یعنی پہلو کے درد کا علاج اگر درد کے ساتھ تپ اور کہانسی بہی ہو فصد باسلیق کہولین اور باقی علاج اسکا جو کتابون مطولہ مین مذکور ہے کرین اگر ذات الجنب ریح اور سردی سے ہو علامت اسکی انتقال کرنا درد کا ایک جگہ سے دوسری جگہ اور تپ نہین ہوتی ہے دوا پہلو کے درد کو جو ریح اور سردی سے ہو مفید ہے تہوڑے سونٹھ اور تہوڑی ارنڈ کی جڑ نیم کوفتہ پانی مین جوش کرکے پیین طلا درد پہلو کے واسطے کہ بغیر تپ کے ہو نافع ہے مدار کی جڑ لڑکے کے پیشاب مین گھسکر موضع درد پر لگاکر دھوپ مین بیٹھین اور جنگلی کنڈون سے سینک کرین ضماد بارہ سنگہے کا سینگ سیاہ مرچ پانچ عدد پیسکر نیم گرم ضماد کرین دوا نافع درد سینہ دیودار اڑھائی ماشہ پیسکر پانچ ماشہ قند سیاہ ملاکر غلولہ

بناکر کھائین لیجئے اسکے برابر سونٹھ بھی زیادہ کرتے ہین دیگر نافع درد سینہ سہجنہ کی پھلیان
پکا کر کھائین دیگر ملیٹھی شہد ملا کر جوش کرکے پینا درد ورم سینہ اور ضیق النفس کو نافع ہی

فصل سعال یعنی کھانسی کا علاج جو کھانسی کہ ذات الجنب اور ذات الصدر اور ذات الریہ
و ورم جگر اور سل وغیرہ کے سبب سے ہو علاج اسکا دفع کرنا اس مرض کا اور کھانسی کی مجمل
کیفیت یہ ہی کہ کبھی خشک ہوتی ہی کہ اسمین کوئی چیز نہین نکلتی اور کبھی تر ہوتی ہی کہ اسمین
بلغم نکلتا ہی اور سینہ مین خرخراہٹ ہوتی ہی علاج بلغمی مین بعد نضج کے تنقیہ بلغم کا کرین
اور خشک مین ادویہ مرطبہ استعمال کرین حب اس کھانسی کو نافع ہی جو بلغم سے ہو کاکڑاسینگی
کوٹ چھانکر سیاہ مرچ کے برابر گولیان بناکر منھ مین رکھین دیگر تر و خشک کھانسی کو مفید
ہی ملیٹھی مقشر کتیرا صمغ عربی نشاستہ مصری مساوی کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولیان
بناکر منھ مین رکھین دیگر مجرب کھانسی کو نافع ہی بیستہ کے پھول ہلیلہ زرد دونون مساوی لیکر ادرک
کے شیرہ مین مونگ کے برابر گولیان بناکر منھ مین رکھین دیگر سیاہ مرچ بھی چنے بھون کر مقشر کرکے
مساوی الوزن لیکر ادرک کے شیرہ مین گولیان بنائین دیگر ایک ہفتہ مین کھانسی کو دور کرے
بلدی ایک درم سجی سفید چوتھائی درم کوٹ چھانکر گھرل مین پیسکر چھوٹے بیر کے برابر گولیان بناکر
صبح و شام ایک گولی کھایا کرین دیگر سیاہ مرچ سہاگہ کاکڑاسینگی لونگ پھٹکری بھارنگی پوست
ہلیلہ پیپل لاہوری نمک چنے برابر لیکر سب دوا کے ہموزن سونٹھ ملاکر کوٹ چھان کر لیمون کے
عرق مین گھرل کرکے چھوٹے بیر کے برابر گولیان بناکر سوتے وقت ایک یا دو گولی کھائین دیگر
لڑکون کی کھانسی کو جو بلغم سے ہو مفید ہی سہاگہ نصف خام نصف بھونکر اسکے برابر سیاہ مرچ لیکر
گھیکوار کے عرق مین گھرل کرکے چنے کے برابر گولیان بناکر استعمال کرین دیگر چھوٹی کٹائی کی جڑ
ملیٹھی کاکڑاسینگی خولنجان پوست ہلیلہ پانی مین جوش دیکر ببول کی چھال ملاکر چنے کے برابر گولیان
بناکر منھ مین رکھین دیگر کھانسی و ضیق النفس کو نافع ہی سیاہ مرچ پیپل مغز تخم کرنجوا کٹائی کے بیج
سہاگہ بریان کتھ سفید ہر واحد ایکدرم افیون آدھا درم کوٹ چھانکر ایک ادرک کے عرق مین گھرل

کرکے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بناکر مُنھ مین رکھین دیگر پوست ہلیلہ زرد مغز تخم کرنج کاکڑا سینگی
سیاہ مرچ ملیٹھی مساوی کوٹ چھانکر چنے کے برابر گولیان بناکر مُنھ مین رکھین دیگر تھوڑی خشخاش
بریان کرکے پیسکر تھوڑا لاہوری نمک و سیاہ مرچ ملاکر ایک ماشہ کے برابر ہر روز دو تین بار کھایا کرین
دوا بلغم پر کپروٹی کرکے تنور مین پکاکر پانی نیگرم اُسکا نچوڑکر مصری ملاکر پلائین حب بلغمی کھانسی کو
نافع ہی ملیٹھی سیاہ مرچ بریان کرکے برابر اُسکے مصری ملاکر کوٹ چھانکر چنے کے برابر گولیان بنائین
رات کو دو گولی مُنھ مین رکھ لین حب دیگر پوست ہلیلہ پوست بہیڑا کاکڑا سینگی بھارنگی
دار فلفل پھٹکری سہاگا چیتہ لونگ لاہوری نمک سونٹھ برابر سہاگا بریان کرکے چھوٹے بیر کے
برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی صبح ایک شام دوا کھانسی بلغمی کو نفع دے پنوار کے
بیج پیسکر چار ماشہ کے برابر تین ہفتہ تک کہائین دوا کیلے کا پتا جلاکر راکھ اُسکی لیکر تھوڑے
نمک مین ملاکر ہر روز چند مرتبہ کھایا کرین تدہین یعنی تیل لگانا تقعد یر بالخاصیت کھانسی کو
تسکین دیتا ہی دوا سرفہ مزمن کو نافع ہی پیپل چلم پر رکھکر مثل تمباکو کے پیین دوا گلے مین
لٹکانا اُسکا بالخاصیت مفید ہی ریاض عالمگیری مین لکھا ہی کہ کوے کا گوہ تھیلی مین باندھکر
لڑکے کے گلے مین لٹکائین کھانسی کو نافع ہی دوا سرفہ بلغمی کو نفع دیتی ہی کچلہ گھی مین جلاکر پیسکر
رکھین صبح دو رتی اُسمین سے کھائین حریرہ کھانسی کے واسطے مفید ہی گیہون کی بھوسی
پانی مین ملکر شیرہ اُسکا لیکر شیرہ مغز بادام و نشاستہ و قند ملاکر حریرہ بناکر نیگرم پیین دوا
نمک لاہوری نمک سانبھر نمک سیاہ اجوائن نمک نفطی سُہاگا سب ادویہ برابر لیکر مٹی کے
سبوچہ مین رکھکر اوپر سے کپروٹی کرکے آدھ گز کا گہرا ایک گڑھا کھودین اُسمین جنگلی کنڈے
بھرکر سبوچہ اُسکے اندر رکھکر جلائین جب سرد ہوجاے نکالکر پیسکر اُسکے برابر صمغ عربی ملاکر
ایک ماشہ روز کھایا کرین سفوف کھانسی کو مفید ہی تربھلا لاہوری نمک پوست انار
مغز تخم کونچ روسہ کے پتون کی راکھ جوانسہ کی راکھ ہر واحد ایک حصہ پیپل سیاہ مرچ ہر ایک
آدھا حصہ کوٹ چھانکر سفوف بناکر ایک ماشہ صبح و شام کھایا کرین تین روز مین آرام ہوتے

سفوف دیگر پوست انار اگر ولایتی ہو بہتر ورنہ دیسی پیپل کاکڑا سینگی ہر واحد چھ ماشہ لاہوری
نمک سیاہ نمک ہر ایک تین تولہ پوست بلیلہ دو تولہ کوٹ چھانکر سفوف بناکر ہر روز چند مرتبہ کھایا کرین
سفوف دیگر کاکڑا سینگی ملیٹھی مقشر ببول کا گوند پوست خشخاش پیپل مغز بہمند رچیل برابر کوٹ
چھان کر سفوف بنائین خوراک تین ماشہ شربت زوفا سرفہ بلغمی کو نافع ہی ملیٹھی مقشر
بادیان تخم خطمی پرسیاوشان ہر ایک دو درم زوفا ملیٹھی ہر واحد ایک درم لسوڑہ تیس عدد پوست
خشخاش مع تخم گیارہ عدد پاؤ سیر شکر مین بنائین املتاس کا گلقند کھانسی اور تلیین طبیعت کو
نفع دیتا ہی املتاس ایک حصہ قند دو حصہ بدستور گلقند بنائین خوراک ایک تولہ املتاس کی
چٹنی ملین طبع ہی اور بلغم کو سینہ سے دفع کرتی ہی اور کھانسی کو مفید ہی املتاس پانی مین حل
کرکے تین حصہ شکر مین قوام کرین خوراک دو تولہ عرق بادیان یا اسکے شیرہ کے ساتھ۔
بادام کی چٹنی بلغمی کھانسی کو نافع اور مواد کو سینہ پر گرنے سے مانع اور دافع درد پہلو ہی بادام
کو کوٹ کر شہد مین ملاکر چاٹین دیگر سرسون پیسکر شہد مین ملاکر چاٹنا تر کھانسی کو نفع دیتا ہی دیگر
کھانسی اور دمہ اور سوء تنفس اور خرخر کرنے لڑکون کو نافع ہی مویز منقی دو دام شہد خالص تین دام
سیاہ مرچ پیپلا بانسہ بھارنگی ناگرموتھا کاکڑا سینگی ہر ایک چھ ماشہ افیون نکچھ خراسانی ہر واحد
چار ماشہ کوٹ چھان کر شہد مین ملاکر موافق سن و سال کے دایہ کے دودھ مین ملاکر دین
خشخاش کی چٹنی اس کھانسی کو جو نزلہ سے ہووے نافع ہی پوست خشخاش مع تخم
تیس عدد لسوڑہ اسکے برابر بادیان تخم خطمی ہر واحد ایک تولہ آدھ سیر پانی مین جوش دین
جب نصف باقی رہے صاف کرکے پاؤ سیر شکر مین قوام کرین بعد قوام کے ملیٹھی مقشر دو درم
صمغ عربی ایک درم کتیرا آدھا درم پیسکر ملائین سوتے وقت اور صبح کو ایکتولہ اس سے چاٹین
گوندی کی چٹنی کھانسی کو نافع ہی گوندی لیکر لعاب اسکا نکالکر مساوی شکر سے قوام مین
لادین اور آخر قوام مین تھوڑا ببول کا گوند پیسکر ملاکر استعمال کرین دیگر کھانسی اور دق
اطفال کو نافع ہی کاکڑا سینگی ملیٹھی افیمیں پیپل صمغ عربی مساوی کوٹ چھانکر شہد مین

ملاکر چاٹین دیگر نافع سرفہ صمغ عربی ڈیڑھ تولہ کتیرا نشاستہ ہر واحد ایک تولہ ملیٹھی مقشر
آدھا تولہ قند سفید بارہ دام عالمگیری اور کبھی حرارت کے وقت مغز تخم تربز ایک تولہ اضافہ
کرتے ہین دیگر لڑکون کے خرخر کرنے اور بلغمی کھانسی کو مفید ہی اور اسکا ہمیشہ کھانا موجب فربہی
اور توانائی لڑکون کا ہی کاکڑا سینگی پیپکر شہد مین ملاکر لڑکے کو چٹائین خوراک سن کے موافق
دیگر کھانسی کو مفید ہی اور پہلے نسخہ سے قوت مین زیادہ ہی مویز دانہ نکال کر کاکڑا سینگی
دار فلفل ملاکر چاٹین دیگر ناگرموتھا ملیٹھی کوٹ چھانکر شہد مین ملاکر تھوڑا اس سے دایہ کے
دودھ مین ملاکر لڑکے کو دین حشمتی مؤلف کی ایجاد کھانسی کو مفید ہی ملیٹھی مقشر مویز منقے
ہر ایک چار درم پوست خشخاش مع تخم سات عدد لسوڑہ سات عدد السی دو درم انجیر بیادہ
تین عدد سوانف کی جڑ زوفا ہر واحد ایک درم سب کو تین پاؤ پانی مین جوش دین جب پاؤ سیر باقی
رہے صاف کرکے پاؤ سیر قند مین قوام کرین پھر مغز بادام نشاستہ مغز چلغوزہ ہر ایک چار درم
کاکڑا سینگی دو درم رب السوس صمغ عربی ہر واحد ایکدرم فلفل دراز آدھا درم مرکی ایک ماشہ
پیسکر ملائین خوراک ایک مثقال سے دو مثقال تک جوشاندہ مؤلف کا ایجاد کھانسی کو فائدہ
رکھتا ہی گاؤزبان ایک مثقال بادیان ایکدرم ملیٹھی چار درم پوست خشخاش ایک عدد صمغ عربی
آدھا درم لسوڑہ سترہ دانہ تخم خطمی ایک درم مویز منقی گیارہ دانہ مصری بدستور بناکر استعمال
کرین دیگر گیہون چار درم پاؤ سیر پانی مین جوش دین اور دو ماشہ یا ایکماشہ لاہوری نمک ڈالین
جب سوم حصہ باقی رہے صاف کرکے پیین ایکہفتہ مین کھانسی دور ہووے دیگر اس کھانسی کو
جو نزلہ سے ہووے جلد اثر کرتی ہی پوست خشخاش ڈنڈی اسکی دور کرکے چار عدد لاہوری نمک
دو ماشہ اڑھائی پاؤ پانی مین جوش دین جب سوم حصہ باقی رہے صاف کرکے سوتے وقت
پیین **فصل نفث الدم کا علاج** نفث الدم خون تھوکنے کو کہتے ہین اگر کھنکار سے
خون آئے سینہ کی حرارت سے ہی اور اگر بے کھنکار کے آئے دماغ سے ہی اور جو کھانسی مین آئے
مری اور منہہ اور جگر سے ہی علاج اگر دماغ سے خون آئے فصد سر رو کھولین اور جو سینے سے آئے

فصد باسلیق اور جو منہ کے اجزا سے آئے فصد چہار رگ کھولین قرص کہربا نفث الدم اور
زیادتی حیض اور خون کے پیشاب کو نافع ہی کہربا دو درم خرفہ کے بیج گھونگا جلایا ہوا مغسول
دھنیا بھونا ہوا نشاستہ گل ارمنی اقاقیا کتیرا ہر واحد ایک دام لیکر قرص بنائین خوراک
دو درم قرص گلنار نفث الدم کے واسطے نافع ہی گلنار چار درم چوکہ کے بیج دھنیا ہر ایک
دو درم کتیرا صمغ عربی سمنہ مازو ہر واحد ایک درم قرص بنائین خوراک دو درم اور جو قبض کی احتیاج
ہو ایک ماشہ افیون زیادہ کرین دوا صمغ عربی ملتانی مٹی کتیرا سفوف بنا کر سات ماشہ شیرہ خشخاش
شیرہ ادرک مین ملا کر پیین دوا گیرو کُندر گلنار صمغ عربی مساوی پیسکر آملہ کے شربت مین
ملا کر کھائین دوا عجیب نفث الدم اور قی الدم کے واسطے ببول کی کونپل انار کی پتیان
آملہ ہر واحد چار ماشہ دھنیا دو ماشہ رات کو پانی مین تر کرکے صبح پیسکر صاف کرکے تھوڑی
مصری یا شکر ملا کر پیین جوشاندہ خون تھوکنے کو مفید ہی گلوے بانسہ کی پتیان ہر واحد
ایک تولہ جوش دیکر صاف کرکے دو درم صمغ عربی پیسکر ملا کر پیین خیساندہ گل خیرو ایکتولہ
رات کو پانی مین بھگو کر صبح کو صاف کرکے پیین شربت حب الآس خون کے تھوکنے کو جو
خفقان اور اسہال کے ساتھ ہو نافع ہی حب الآس چار درم صندل کا برادہ آملہ مقشر گلنار
ہر واحد دو درم شکر سفید پاؤ سیر قوام مین لائین اور بعد سرد ہونے کے صمغ عربی بریان
ایک درم پیسکر زیادہ کرین دوا خون کے تھوکنے کو نافع ہی بانسہ کی پتیان اگر خشک ہون
آدھا تولہ اور اگر تر ہون ایک تولہ پیسکر شہد مین ملا کر کھائین دوا دو درم خرفہ کا شیرہ پینا
نفث الدم کو دور کرتا ہی دیگر نفث الدم اور قی کو بہت مفید ہی گوکھی پانی مین پیسکر ایکدام
کے برابر کھائین دیگر تخم خطمی چھوٹی بائین کوٹ چھانکر پانی مین ملا کر پیین دیگر افیون کھانا
نفث الدم کو نافع ہی اور جو اغذیہ کہ خون تھوکنے کو مفید ہین یہ ہین توری کدو پالک کا ساگ
خرفہ لال ساگ مسور مقشر دیگر کچنال اور اسکی کونپل کا عرق خون تھوکنے کو نافع ہی فصل قلب کے
امراض کا علاج خفقان یعنی ہول دل اور وہ دو طرح پر ہی ایک یہ کہ سبب اسکا قلب مین

ہووے دوسرے وہ کہ کسی دوسرے عضو کی شرکت سے ہووے مانند معدہ و جگر اور دماغ اور
امعا اور رحم وغیرہ کے جو ہول دل کسی عضو کی شرکت سے ہووے اُس عضو شرکی کا علاج کرین
اور غیر شرکی مادہ کا تنقیہ کرین اور خفقان سادہ مین تعدیل مزاج کی کافی ہی خمیرۂ صندل خفقان
گرم کے واسطے نافع ہی صندل کا برادہ دس مثقال رات کو اگر گلاب ہو بہتر نہین تو پانی مین بھگو کر
صبح جوش دیکر صاف کرکے آدھ سیر شکر مین قوام کرین اگر قوام پتلا ہو اُسکو شربت صندل کہتے
ہین اور اگر کھٹا کرنا چاہین لیمون کا عرق ملا دین شربت گاوزبان کہ مقوی دل اور خفقان کو نافع
ہی گاوزبان پاؤ سیر قند ایک سیر بدستور شربت بنائین شربت ابریشم دل کو قوت دیتا ہی ابریشم خام
چالیس درم تین روز پانی مین بھگو کر جوش کرین جب تیسرا حصہ باقی رہے عین جوش مین
سادج ہندی طباشیر ایک دو مثقال برادۂ صندل و الائچی ہر ایک چار مثقال تھیلی مین باندھ کر
ڈالین پھر چار ملکر صاف کرکے آدھ سیر قند مین قوام کرین شربت شگوفہ پنبہ یعنی روئی کے
پھولون کا شربت دلکو نہایت قوت و فرحت دیتا ہی اور وسواس و سوزش اور ابتدائے جنون کو
دفع کرتا ہی شگوفۂ پنبہ گلاب مین اگر گلاب نہو پانی مین جوش دین جب آدھا پانی باقی رہے دو
وزن قند مین قوام کرین تھوڑا کیبں درم تک رنگترہ کا شربت گرم دل کو قوت دیتا ہی مؤلف نے
ایجاد کیا رنگترے کا مغز پھانکون سے نکالکر بیج دور کرکے نچوڑ کر پانی خالص اُسکا لیکر برابر قند مین
قوام کرین اور آخر قوام مین تھوڑا گلاب ملائین شربت اناناس مؤلف کا ترکیب دیا ہوا اناناس
کا پانی ایک حصہ قند دو حصہ بدستور قوام مین لائین اور اگر تھوڑا گلاب و مشک زیادہ کرین بہتر
اور قوی العمل ہو گا شربت برگ تنبول سرد دل کو قوت دیتا ہی اور نسیان بلغم اور ضعف باہ
کو دفع کرتا ہی برگ تنبول پختہ زرد رنگ سو عدد کوٹ کر پانی مین جوش دیکر صاف کرکے آدھ سیر
شکر کے ساتھ قوام کرین اگر انمین تھوڑا گلاب ملائین قوی ہووے دواء المسک بارد خفقان
گرم کو نافع اور مقوی دل ہی زہر مہرہ گھسکر ایک درم گلاب کے پھول کشنیز خشک خرفہ مقشر
صندل گلابی مین پیسکر ہر ایک دو درم گاوزبان طباشیر ایک درم مشک آدھا درم شکر سفید

دوچند شہد ہمراہ برد و اء المسک حار خفقان سرد کو مفید ہے نرکچور بالچھڑ اشنہ سونٹھ پیپل ہر واحد
ایک درم ساذج ہندی بڑی الائچی کے دانے ہر ایک دو درم لونگ مشک آدھا آدھا درم
شہد سہ چند جوارش ساذج ہندی خفقان سرد کو زائل کرتی ہے اور ارواح کو نگاہ رکھتی ہے اور
حواس و معدہ اور تلی کو قوت دیتی ہے اور پسینے کی بو کو بہتر کرتی ہے اور محلل ریاح امعا اور سخن بدن
کی ہے اور دافع بدبوے دہن ہے اور دردسر اور مواد فاسدہ اور دشواری ولادت اور استسقا کو نافع
ہے ساذج ہندی پیپل دس درم شکر پاؤ سیر بدستور جوارش بنائیں خوراک چار درم تک
جواہر مہرہ نسخہ سہل مقوی دل ہے زہر مہرہ گھسا ہوا عقیق سنگ یشب بسد مونگا ہر ایک
دو حصہ گلاب مین گھسکر تارجیل دریائی جدوار طباشیر ہر واحد ایک حصہ گلاب مین گھسکر سب ادویہ
جمع کرکے کھرل کرکے غاولہ بنائیں اور پھر چوڑے پتھر سے چکنا کرکے اسپر سونے کے ورق لگائین
وقت حاجت کے چار رتی کے برابر گلاب مین گھسکر پیین گلقند ماہتابی ہول دل
گرم کو نافع ہے چاندنی کے پھول سو عدد قند سفید سو درم گلقند بنائیں اور تھوڑا گلاب
ملا کر چالیس رات چاندنی مین رکھیں خوراک ایک تولہ گلقند سیوتی ہندوستان کے
اگلے طبیبون کا مستعمل ہے خفقان کو نافع اور ملین طبع ہے سیوتی کے پھول پنکھڑی سبز اسکی
دور کرکے زیرہ نکالکر دوچند قند مین ملا کر شیشہ مین بھر کر چالیس رات چاندنی مین رکھین
اور دو تین عدد گل سیوتی غلاف سبز اور زیرہ اسکا دور کرکے چابنا اور کھانا خفقان کو
نافع ہے گڑھل کا گلقند دل اور حواس اور ذہن کو قوت دیتا ہے اور فرحت زیادہ کرتا ہے
اور بالخاصیت دافع وحشت ہے گڑھل کے پھول سبزی اسکی نکال کر دوچند قند مین ملا کر
رکھین ہارسنگھار کا گلقند تقویت دل اور خفقان گرم کے واسطے بے مثل ہے ہارسنگھار
کے پھولون کی ڈنڈی دور کرکے سفیدی اسکی لیکر دوچند شکر مین ملا کر شیشے مین بھر کر
چالیس رات چاندنی مین رکھین اور صبح کو ایک تولہ اسمین سے کھایا کرین دوا گرم خفقان کے
واسطے صندل سرخ آدھا تولہ آملہ دھنیا ہر ایک پانچ ماشہ آدھ پاؤ پانی مین بھگو کر صبح پانی صاف

اُسکا لیکر دو دام شکر سفید ملاکر پیین جوشاندہ خفقان بارد کے واسطے گاؤزبان دو درم
لونگ چار عدد جوش دیگر تھوڑی شکر ملاکر پیین معجون مقوی دل مربائے آملہ مربائے ہلیلہ
ہر ایک دو عدد گاؤزبان دو درم صندل گھسکر ایک درم گلاب کے پھول دو درم
فرنجمشک یعنی رام تلسی گاؤزبان کے پھول ایک دام گلقند نسرین چار تولہ کشمش یکمثقال
قند سہ چند دوا چنپے کے پھول تر و تازہ چار عدد دو دام شہد مین ملاکر کھائین دیگر خفقان
گرم کو نافع ہی کنگھی خوردہ کے چار عدد پتون کا شیرہ پانی مین نکالکر قند سے میٹھا کرکے پیین
دیگر پھول دل گرم کے واسطے بیمثل ہی تخم ریحان ایک تولہ رات کو پانی مین بھگوکر ہوا مین
رکھین دو دام شکر ملاکر چمچے سے نگل جائین دیگر اسبغول ایک تولہ لعاب اُسکا نکال کر
تھوڑی شکر ملاکر پیین دیگر خفقان گرم اور تلیین طبیعت کے واسطے مفید ہی املی پانی مین بھگوکر
پانی اُسکا لیکر شکر سفید ملاکر پیین دیگر پان کھانا ہول دل سرد کو فائدہ کرتا ہی اور افیون
کھانا خفقان گرم کو نافع ہی جوارش اترج سادہ خفقان صفراوی کو مفید ہی اور معدہ
کی بیماری اور قے اور متلی کو بھی فائدہ کرتی ہی دیگر جوارش خفقان کو نفع دیتی ہی چنے کی
دال چار درم رات کو پانچ یا چھ دام پانی مین بھگوکر صبح خوب ملکر شکر ملاکر نوش کرین اور
ترشی و بادی سے پرہیز رکھین دیگر ریوند پانی مین پیسکر دونون شانون کے درمیان لگائین
دیگر صاحب خلاصۃ التجارب نے اپنے مجربات مین لکھا ہی کہ چقندر کو بھوبل مین رکھین بعد تھوڑی
دیر کے نکالکر پوست دور کرکے گرم گرم ورق اُسکے تراش کر مصری پیسکر سب پر چھڑکین اُسمین سے
پانی میٹھا ٹپکیگا اُسکو پیین اسیطرح چند بار استعمال کرین عرق خس خس کا عرق نکالکر استعمال کرین
خفقان گرم اور قبض کو دفع کرتا ہی مؤلف نے کئی مرتبہ عرق نکالکر استعمال کیا اس عرق مین اگر شکر سفید
ملائین یا خمیرہ بنائین اور تھوڑا خس کا عطر اُسمین ملاکر استعمال کرین خفقان کو مفید اور تپ کی حرارت
کا دافع ہی دھنیے کا عرق قلب کو قوت دیتا ہی اور خفقان کو دفع کرتا ہی کشنیز مقشر گاؤزبان
ہر واحد دو تولہ الایچی کے دانے چنبیلی کے پھول گاؤزبان کے پھول گلاب کے پھول صندل کا برادہ

ہر واحد پانچ تولہ عود غرقی ایک تولہ مشک ایک ماشہ گاے کا دودھ پانچ سیر پانی مین موافق ضرورت
کے عرق کھینچین خمیرۂ عباسی گل عباسی سرخ رنگ ایک سیر لیکر عرق کھینچین پھر گلاب ملائین پھر شکر کا
قوام کرین آخر قوام مین تھوڑا زہر مہرہ اور طباشیر پیسکر ملا کر خمیرہ بنائین فصل غشی کا علاج
غشی حس و حرکت بیکار ہو جانے کو کہتے ہین اسباب غشی کے بہت ہین مثل ضعف دل و پہونچنے بخارات
ردیہ اور بدبو وغیرہ کے طرف قلب کے بہر حال غشی مین سرد پانی منھ پر چھڑکین اور خوشبو سونگھائین اگر
غشی مزاج کی حرارت سے ہووے مٹی گلاب یا پانی سے تر کرکے سونگھانا مفید ہی اور جو سردی سے
ہووے مشک سنگھائین اور لوبان کا دھوان لین اور پانون ملنا اور قی کرانا غشی کو فائدہ دیتا ہی
اور فاقہ کے وقت غشی کا سبب دریافت کرکے علاج کرین شیخ الرئیس نے لکھا ہی کہ کھیرا سونگھانا [illegible]
غشی کو دفع کرتا ہی فائدہ کبھی سپاری کھانے سے غشی عارض ہوتی ہی علاج اسکا جلد تھوڑا پانی
پلائین اور چھینکین لین اور سرد پانی سے دونون ہاتھون کی انگلیون کے سرے دھوئین اسیواسطے
سپاری کا ثفل کھانے سے کرو دسینہ کو پھیلتا ہی منع کیا ہی مگر جو سپاری منھ مین رکھکر لعاب اُس کا
نگلجائین اور ثفل دور کرین دل کو قوت دیتا ہی فصل پستان یعنی چھاتی کی بیماریون کا علاج
ضماد کہ لٹکی ہوئی پستان کو سخت کرے بڑی کٹائی اور چھوٹی کٹائی کی جڑ پوست انار کندوری کی
جڑ مولسری خام برابر برابر پیسکر ضماد کرین طلا اگر قبل بڑھنے چھاتیون کے استعمال کرین چھاتیونکو
بڑھنے نہ دے کندر کوڑی جلا کر برابر پیسکر ہر مہینے مین تین مرتبہ لگایا کرین طلا مینڈک کا خون
کبھی کبھی لگایا کرین ضماد کنجائی کہ برسات مین پیدا ہوتی ہی چالیس عدد لیکر نمک مین ڈالین
جب ملجائے ملتانی مٹی ملا کر لگائین پستان کو سخت کرتا ہی ضماد برگد کا ریشہ جو زمین پر لٹکا ہو
سر نازک زرد اور سرخ اُسکے لیکر خشک کرکے پیسکر پانی مین لگائین طلا لجالو اسگند کی جڑ ہر روز
پیسکر لگائین ضماد کہ دودھ کو جو گرمی و خشکی کے سبب جگیا ہووے بہاتا ہی مونگ ساٹھی کے چاول
دونون کو پیسکر نیمگرم لگائین ضماد دافع ورم پستان بگولگل خیرو گوکھرو شہبی افیون گیرو ہر واحد
ایک ماشہ پیسکر نیمگرم ضماد کرین انار کے پوست کا روغن ملنا پستان کو سخت اور فراخ کو تنگ کرتا ہی

انار کا پوست ایک سیر خشک یا تازہ خرد نیم کوفتہ آدھ پاؤ چار چند میٹھے پانی مین جوش دین جب ایک سیر
باقی رہے تلی کا تیل برابر اسکے ملا کر پھر جوش دین جب پانی جلکر روغن رہے استعمال کرین طلا جونکو بکر کے
انار کا پوست جھاؤ باریک پیسکر دودھ مین ملا کر رات دن مین دو بار متواتر لگائین ضماد ارنڈ کے پتے
سرکہ مین پیسکر ضماد کرین دوا شیشم کی پتیان پانی مین جوش دیکر ورم کو اس سے دھوئین اور پتی اسکی
گرم کرکے باندھین سفوف کہ دودھ زیادہ کرے سونف ستاور مساوی کوٹ چھان کر سفوف
بنائین اور چنے بھگو کر اسکے پانی کے ساتھ یہ سفوف پھانکین چند روز مین دودھ زیادہ ہووے اور
بعضون نے لکھا ہی کہ چنے کو دودھ مین بھگوئین ضماد کہ دودھ کی زیادتی کو کم کرے تخم کاہو سکو زیرہ
سرکہ مین پیسکر ضماد کرین **فصل معدہ کے امراض کا علاج** معدہ کا درد اگر گرانی اور کھانے
کے فساد سے کہ ہضم نہوا ہووے عارض ہوا ہی علاج گرم پانی مین نمک ملا کر قی کرین اور جب تک
بھوک معلوم ہووے کھانا نہ کھائین اور اشتہا کے وقت غذا نرم و زود ہضم کھائین اور اگر درد ریح
سے انتقال کے ساتھ ہووے گیہون کی بھوسی اور نمک یا باجرہ یا مالکنگنی کپڑے مین باندھکر یا گرم
ریگ سے سینکین اور اجواین سادہ کا عرق پینا فائدہ رکھتا ہی جوارشات دار فلفل کی جوارش
ریح کو دفع اور کھانے کو ہضم کرتی ہی اور معدہ اور باہ کو قوت دیتی ہی اور رطوبات کو معدہ سے
جذب کرتی ہی پانچ درم پیپل کو پیسکر پاؤ سیر شکر مین قوام کرین سونٹھ کی جوارش ریاح غلیظ اور
درد معدۂ بارد کو دفع کرتی ہی اور ہاضم طعام اور دافع نسیان ہی اور معدہ اور جگر سرد کو گرم کرتی
ہی سونٹھ پیسکر پانچ مثقال پاؤ سیر شکر مین قوام کرین اور بعضے سونٹھ کو لیمون کے عرق مین تین روز
بھگو کر خشک کرکے پیسکر شکر مین قوام کرتے ہین اور بعضے بیس درم ادرک پیسکر پاؤ سیر شکر مین قوام کرتے
ہین جوارش عود شیرین و ترش معدہ کو قوت دیتی ہی اور ہاضمہ کی مددگار ہی لوبان پیسکر دو درم
قند سفید پاؤ سیر قوام مین لا کر جوارش بنائین اگر ترش کرنا چاہین عرق لیمون بقدر مناسب
زیادہ کرین جوارش کندر بلغمی اسہال کو نافع ہی طعام کو ہضم کرتی ہی اور معدۂ بارد کو قوت
دیتی ہی کندر بڑی الایچی ہر واحد دو درم سونٹھ سرنجان اجواین بالچھڑ کلونجی چھوٹی الایچی کے

دانے سیاہ مرچ ہر واحد ایکدرم شکر سہ چند جوارش آملہ سادہ معدہ کو قوت دیتی ہی آملہ کا شیرہ پچیس درم
اگر گابہ بہتر والا پانی مین نکالکر آدہ سیر شکر مین قوام کرین اور آخر قوام مین پانچ درم مصطگی ملائین
جوارش اجوائن سادہ ہاضم طعام اور بھوک کو زیادہ کرتی ہی اور دفع ریاح ہی اجوائن لیمون کے عرقین مکرر
بھگو کر خشک کرکے دس درم پیسکر آدہ پاو شکر مین قوام کرین جوارش خولنجان سادہ ریح کو دفع کرتی
ہی اور ہاضم طعام ہی اور معدہ اور جگر کو نفع دیتی ہی اور معدہ کی رطوبات اور کھٹی ڈکار اور درد گردہ
بارد کو دفع کرتی ہی شکر پاؤ سیر قوام مین لاکر پانچ درم خولنجان پیسکر بدستور ملائین کلونجی کی جوارش
بلغم کو دفع کرتی ہی اور ریاح اور نفخ معدہ کو تحلیل کرتی ہی اور جانورون کے زہر اور دیوانہ کتے کے
کاٹے کو نافع ہی اور معدہ کے کیڑون کو مارتی ہی اور حیض و پیشاب کو جاری کرتی ہی اور سنگ گردہ و
مثانہ کو مفید اور رحم و گردہ کے درد کو دفع کرتی ہی اور تپ مزمنہ بلغمی اور سوداوی کو نافع ہی پانچدرم
کلونجی ایک رات سرکہ مین بھگو کر خشک کرکے بھونکر آدہ سیر شکر مین قوام کرین جوارش کمونی
معدہ کے درد کو نافع ہی زیرہ سیاہ مدبر پچیس درم بالچھڑ دس درم سیاہ مرچ دس درم بورہ ارمنی
اڑھائی درم شہد سہ چند ادویہ کا جوارش کمون دیگر معدہ کی ریاح اور مزاج کی سردی کو نافع ہی
اور معدہ کو قوت دیتی ہی اور غذا کو جلد ہضم کرتی ہی زیرہ سیاہ مدبر تیس مثقال سونٹھ دس مثقال
اجوائن پیپل بالچھڑ تج بورہ ارمنی ہر ایک دو مثقال شہد سہ چند جوارش مصطگی کہ معدہ کی
سردی کو نافع اور مقوی اور زود ہضم ہی نسخہ اسکا سیلان لعاب مین مذکور ہوا جوارش
وج معدے کی ریاح کو نافع ہی نسخہ پستان کے امراض مین بیان ہو چکا پودینہ کی معجون
معدے کے درد کو مفید ہی پودینہ کی پتیان چھ درم سونٹھ اجوائن سیاہ زیرہ ہر ایک
تین درم بڑی الائچی کے دانے سونف سیاہ مرچ ہر واحد دو درم قند سہ چند جوارش انیسون
مقوی معدہ و ہاضم ہی اور بھوک و اسہال کو نافع اور معدے کے نفخ اور ریاح کو دور کرتی ہی انیسون
سرکہ مین بھگو کر سایہ مین خشک کرین پھر تھوڑی بریان کرکے دس درم کوٹ چھان کر آدھ سیر
شہد مین قوام کرین جوارش خبث الحدید بھوک لاتی ہی اور معدہ کو مفید اور باہ کو زیادہ

کرتی ہی اور رنگ کو بہتر کرتی ہی اور بواسیر کو نافع ہی پوست ہلیلۂ کابلی پوست بہیڑہ آملہ پیپلی سونٹھ الایچی کے دانہ بالچھڑ گلاب کے پھول ہر ایک برابر خبث الحدید بدر یعنی لوہے کا میل ہلیلجات کو کوٹ چھانکر گھی مین تر کرکے برابر ادویہ کے قند یا شہد مین ملائین خوراک ایک درم سے دو مثقال تک اطریفل کبیر معدہ کو قوت دیتا ہی اور نفخ کو دفع کرتا ہی اور رنگ کو بہتر کرتا ہی پوست ہلیلۂ زرد پوست ہلیلۂ کابلی پوست ہلیلۂ سیاہ آملہ کوٹ چھانکر روغن مین چرب کرکے پیپل سیاہ مرچ ہر ایک چھ درم سونٹھ شیطرج اندر جو شیرین کنجد مقشر خشخاش سفید مصری ہر واحد دو درم سہ چند شہد مین ملائین جوارش طعام کو ہضم کرتی ہی اور بھوک لاتی ہی گلاب کے پھول چھ درم ناگر موتھا بالچھڑ بڑی الایچی کے دانے چار درم بالچھڑ اسارون خولنجان سافج ہر واحد تین درم تج زرنب مصطگی پوست ترنج ترنجبیر ہر ایک دو درم شیرۂ آملہ آدھ سیر قند ایک سیر بدستور معجون بنائین حب نمک معدے کے ریاح کو نافع ہی اور مقوی معدہ ہی اور ہچکی کو دور کرتی ہی اور ہاضم طعام ہی نمک طعام نمک لاہوری نمک سیاہ ہر ایک تین مثقال پودینہ ترنجبیر ہر واحد پانچ مثقال پوست ہلیلہ زرد پوست بہیڑہ آملہ پیپل سیاہ مرچ زنجبیل سونٹھ سیاہ زیرہ سفید زیرہ نمک سرخ ہر ایک نو مثقال دھنیا آٹھ درم سونف اجواین ہر ایک بیس درم کوٹ چھانکر لیموں کے عرق مین خمیرہ کرکے خشک کرین پھر آنولہ یا خسک کے پانی مین ملاکر خشک کرکے کوٹ چھانکر عرق لیموں مین بیر کے برابر گولیان بنائین حب تلیین طبیعت کرتی ہی اور ہاضمہ کو قوت دیتی ہی پوست ہلیلۂ زرد سونٹھ پیپل انار دانہ سنا کی ترپد مجوف منقی ہر واحد ایک حصہ قند چھ حصہ گولیان بنائین حب سنا قبض اور نفخ اور بدہضمی کو دفع کرتی ہی سنا کی پوست ہلیلۂ زرد سیاہ مرچ ہر واحد ایک درم مویز منقی بارہ درم کوٹ چھانکر پانی مین گولیان بنائین خوراک دو مثقال صبح کے وقت اگر زیادہ حاجت ہو دو نون وقت کھائین سہاگہ کی حب بھوک لاتی ہی اور معدہ کے درد کو دفع کرتی ہی سہاگہ دو درم اجوائن ساڑھے دس درم سیاہ مرچ بارہ درم ایلوا سولہ درم کوٹ چھانکر گھیکوار کے شیرہ مین کھرل کرکے چنے کے برابر گولیان بنائین خوراک ریاح کے واسطے تین گولیان اور رفع قبض کیلیے دو گولی اور

پیٹ بڑھجانے کے واسطے مجرب ہی حب ہاضم طعام کالی زیری رائی قند سیاہ ہموزن لیکر بیر کے
برابر گولیان بنا کر ایک گولی پانی سے نگل جائین دیگر پوست ہلیلہ زرد سناے مکی ہر ایک چار درم
سونٹھ ایک درم منقے اڑھائی درم شکر پانچ درم کوٹ چھان کر جا پھل کے برابر گولیان بنائین
خوراک ایک گولی سوتے وقت حب حلتیت کھانے کو ہضم کرتی ہی اور ریاح اور تلی اور
معدے کے نفخ کو دفع کرتی ہی اور بھوک لاتی ہی سونٹھ دو حصہ سہاگہ بریان پوست ہلیلہ زرد سیندہ نمک
ہینگ ہر واحد ایک حصہ سہجنہ کی جڑ کا شیرہ یا اُسکے پتونکے عرق مین جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین
دیگر کہ بھوک لائے اور طبیعت کو مجیب کرے پوست ہلیلہ زرد بہیڑہ آملہ سیاہ نمک سناء مکی برابر کوٹ
چھانکر لیمون کے پانی مین گولیان بنائین ایک تولہ یا کم و زیادہ موافق مزاج کے گرم پانی کے ساتھ
سوتے وقت کھائین حب صبر قبض کو دفع کرتی ہی اور پیٹ اور پہلو کے درد کو نافع ہی ایلوا صعتر
ہر ایک دو درم سیاہ مرچ ہنگوٹ کے پھل کا مغز ہر واحد ایک دام کوٹ چھان کر لیمون کے
عرق مین چنے کے برابر گولیان بنائین خوراک چار گولیان گرم پانی سے حب کہ بھوک لاتی ہی
پوست ہلیلہ زرد سونف پودینہ لاہوری نمک چوک ترش ہر واحد ایک تولہ سونٹھ سیاہ مرچ پیپل
پیپلا مول اجوائن ہر ایک ساڑھے تین ماشہ دو عدد لیمون کے پانی مین پیسکر گولیان بنائین حب ہاضم
سیاہ نمک چوک ترش ہر ایک دو تولہ اجوائن دو ماشہ لونگ سیاہ مرچ ہر واحد ایک ماشہ
ادویہ کوٹ چھانکر چوک مین ملا کر گولیان بنائین خوراک ایک ماشہ بعد غذا کھانے کے
اہل ہند کی دوا ہی جو غذا کو ہضم کرتی ہی اور بھوک لاتی ہی اور قولنج اور استسقا کو مفید ہی
اور ریاح کو تحلیل کرتی ہی پیپل ہلیلہ اور نمکون وغیرہ کو لیمون کے عرق یا اترنج کی کھٹائی مین
خمیر کر کے ایک گھڑے کو اندر سے خالی کرین اُسمین یہ دوا بھر دین اور کھٹا دو قسم ہی ایک تیز کھٹا کہ
اگر اُسمین سوزن رکھین گلجاے اور دوسرے مین تیزی اور کھٹائی کم ہوتی ہی حب دافع قبض
اور بلغم اور ریاح اور معدہ کی سردی کو نافع خصوصاً دودھ پینے والے لڑکون کے لیے مفید ہے
ہلیلہ سیاہ چار دام نرکچور سونف ہر ایک دو دام سہاگہ بریان ایکدام کوٹ چھانکر چنے کے برابر گولیان

بنائین خوراک ایک گولی حب نمک ریاح کو کھو دیتی ہی اور طعام کو ہضم کرتی ہی اور ہیضہ کو نفع
دیتی ہی لاہوری نمک ندرانی نمک سانبھر نمک سیاہ نمک نفطی نمک پوست بلیلہ زرد ہیرہ کا پوست
آملہ سونف اجواین ہر واحد ایک درم سیاہ زیرہ سفید زیرہ شیطرج سونٹھ سیاہ مرچ پیپل سہاگہ
نوشادر سناء مکی ہر واحد چھ ماشہ ہینگ بھونکر ایک ماشہ سب دوائیون کو باریک پیسکر چوبیس عدد لیمون
کے عرق مین کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیان بناکر ایک گولی روز کھایا کرین حب معدہ
کی ریح کو دفع کرتی ہی پوست بلیلہ زرد سونٹھ سیاہ نمک باوبڑنگ شیطرج ہینگ مساوی کوٹ
چھانکر سہ چند قند سیاہ کشمش مین ملاکر بوزن چھ ماشہ کے گولیان بناکر نیمگرم پانی سے صبحکو کھائین
سفوف نمک سیاہ بھوک لاتا ہی اور ہاضم ہی اجوائن شیطرج ہر ایک سات درم پیپل دو درم
پوست بلیلہ زرد دو درم سونٹھ بارہ درم سیاہ نمک پچاس درم کوٹ چھانکر لیمون کے عرق مین
تین مرتبہ پیسکر خشک کرین خوراک دو درم حریرہ معدے کے درد کو نافع ہی مغز تخم کسوم ایک تولہ
پانی مین شیرہ نکال کر دو تولہ شکر ملاکر حریرہ پکاکر نیمگرم پیین وہ بھوک کے لیے عجیب ہی
مرچ سرخ لیمون کے عرق مین چالیس روز کھرل کرکے دو رتی کے برابر پان مین کھائین
دیگر سونٹھ دو دام سونف ایک دام سینگ تین دام کوٹ چھان کر لیمون کے عرق مین
قرص بناکر توا کو لون کی آگ سے گرم کرکے قرص کو اسپر رکھین جب سرخ ہو جائے پیسکر بقدر
حاجت کھائین دیگر معدے کے درد کو مفید ہی سرس کی پتیان سیاہ مرچ بارہ عدد پیسکر پیین
دیگر اجوائن سیاہ نمک بھنگرے کے شیرے مین ملاکر کھائین دیگر بھوک لانے کے واسطے
بہت نافع ہی رام ہتری کہ صورت اور مزہ مین مانند جوتری کے ہوتی ہی ایک تولہ کھرل مین
باریک پیسکر آٹھ ماشہ پارہ ملاکر پھر دو پہر تک کھرل کرین جب خوب ملجائے صبح کو ایک دو چاول کے
برابر پان مین رکھکر کھایا کرین اور جاڑون کے موسم مین چالیس روز تک کھائین تاکہ فائدہ اسکا
ظاہر ہو اور جو کہ پارہ دوا مین خام ہی نقصان بھی نہین کریگا دیگر بھوک کے واسطے مفید ہی
اجوائن گھیکوار کے پانی مین پہلے بھگو کر خشک کرین بعد اسکے لیمون کے عرق مین سات بار بھگو کر

خشک کرکے موافق مزاج کے کھائین ترکٹا یہ لفظ ہندی ہی اسکے معنی تین دوا سونٹھ سیاہ مرچ
پیپل برابر وزن لیکر کوٹ چھانکر کھائین دافع ریاح اور ہاضم طعام ہی چترجاتک ہندی لفظ ہی معنی
اس لفظ کے چار دوا تج تیزپات ناگکیسر الایچی مساوی کوٹ چھانکر سفوف بناکر اسکے برابر قند ملائین
معدہ کو نافع اور ریاح کو دفع کرتا ہی سرخ ہرتال کا رس اسکو ناگکیسر کہتے ہین بھوک لاتا ہی اور باد کو
قوت دیتا ہی اور کھانسی اور دمہ کو دفع کرتا ہی چھ درم سیسہ گلاکر ایک دام سرخ ہرتال کی اسکو
چٹکی دین یعنی جس گھنٹے مین ہرتال پسا ہوا تھوڑا تھوڑا اسپر ڈال کر لوہے کے دستے سے
چلاتے جائین پھر اتار کر سرد کرین بعد اسکے گلاکر ایک دام ہرتال کی چٹکی دین اسیطرح چار گداز
کرکے چار دام ہرتال کی چٹکی دین بعد اسکے دو دام پارہ اور ایکدام ہرتا نبا کوٹا ہوا چار پہر تک
برگ تلسی کے عرق مین خوب پیسکر دو سکورون مین رکھکر گل حکمت کرکے گجپٹ آگ دین جب سرد ہوجائے
نکالکر گھیکوار کے لعاب مین چار پہر کھرل کرکے بدستور آگ دین پھر بھنگرے کے پانی مین چار پہر
کھرل کرکے اسی طرح آگ دین خوراک آدھی رتی پان مین گجپٹ آگ اسے کہتے ہین کہ ایک گڑھا
گول ایک گز کا گہرا اور منہ بھی اسکا ایک گز کا ہو کھود کر اسمین کنڈے سے بھر کر دوا کو درمیان مین اسکے
رکھکر آگ دین پچکول پانچ دوا سے مراد ہی پیپل پیپلامول چاب چیتہ سونٹھ کوٹ چھانکر
سفوف بنائین اشتہا پیدا کرتا ہی اور ریح اور بلغم کو دفع کرتا ہی روغن بیدانجیر اُس پیٹ کے
درد کو جو ریح سے ہو نافع ہی ارنڈ کے پتون کا عرق نکالکر برابر تیل مین جلائین جب پانی جلجائے
پیٹ پر ملین روغن شبت درد باد کو تحلیل کرتا ہی اور ریح کو نافع ہی سویہ کے پتون کا عرق
نصف اسکا روغن کنجد لیکر اسمین جلائین اور بعضون کے نزدیک روغن کنجد چوتھائی وزن
چاہیے نکچھکنی کا تیل بھوک کو نافع ہی نکچھکنی خشک چار سیر پیسکر چھان کر دس سیر ادرک کے
شیرہ مین کھرل کرکے قرص بناکر دس سیر گھی مین بریان کرین جب قرص جلجائے گھی کو
چھان کر رکھین اور دو ماشہ اسمین سے کھایا کرین سفوف پیٹ کے درد کو نافع ہی پیپلا
ترکٹا ہینگ لاہوری نمک پیپلامول مقشر کابلی الملاک شیطرج چاب مساوی کوٹ چھانکر

سفوف بنائین خوراک ایک درم سے دو درم تک سونٹھ کا سفوف معدے کی رطوبت کو
زائل کرتا ہی اور بھوک لاتا ہی سونٹھ دس درم سونف پانچ درم مصطگی تین درم مصری برابر ملا کر
سفوف بنائین سفوف سنا پیٹ کے درد اور قولنج کو نافع ہی اور صفرا اور بلغم و سودا نکالتا
ہی سنا مکی پوست ہلیلہ زرد نمک سیاہ برابر کوٹ چھانکر سفوف بنائین خوراک دو تولہ گرم پانی کے
ساتھ سفوف بھوک کے واسطے سیاہ نمک سیاہ مرچ پیپل ہر ایک دو دام سہاگہ بریان
ایک دام بارہ پہر لیموں کے عرق مین کھرل کرین خوراک چار رتی سے ایک ماشہ تک
بعد غذا کھانے کے سفوف آملہ ہلیلہ کابلی ہر ایک سات درم پیپل شیطرج لاہوری نمک مساوی
کوٹ چھانکر خوراک ایک درم سفوف سیاہ مرچ اجوائن شیطرج دار فلفل ہر واحد نو درم پوست
ہلیلہ دس درم سیاہ نمک پچاس درم کوٹ چھانکر تین مرتبہ لیموں کے عرق مین بھیگر خشک کرین خوراک
ایک درم سفوف قبض دفع کرتا ہی پوست ہلیلہ زرد تین عدد لاہوری نمک دو ماشہ کوٹ چھانکر
سفوف بنائین ایک تولہ منقے کے ساتھ ملا کر کھائین سفوف دیگر لونگ سیاہ نمک پیپل
سیاہ مرچ سونٹھ گلاب کے پھول نوشادر بریان کرکے مساوی کوٹ چھانکر خوراک ایک درم
انار دانہ کا سفوف بھوک لاتا ہی اور معدہ کو قوت دیتا ہی اور اسہال کو نافع ہی انار دانہ پاسیر
سونٹھ سفید زیرہ ہر واحد ایکدام لاہوری نمک ڈھائی دام سبکو کوٹ چھانکر ایکتولہ یا کم وزیادہ کھائین
اور چاہیے کہ ادویہ کو بہت باریک نکرین سفوف ہاضم طعام اور ملین طبع ہی پوست ہلیلہ زرد
بہیڑہ کا پوست آملہ سفید زیرہ سونف سیاہ نمک نوشادر کی ہر واحد ایکتولہ سونٹھ چھ ماشہ سفوف بنائین
خوراک چھ ماشہ سوتے وقت معدہ کے درد کو نافع ہی نمک بریان کرکے دو وزن اسکے سونف
پودینہ صعتر اور تھوڑی سونٹھ اور سینگ اور سیاہ مرچ ملائین پان کا عرق معدہ کے درد کو نافع
اور ہاضمہ کو قوت دیتا ہی پان دو سو عدد سافج آدھ پاؤ بالچھڑ اجوائن سونف ہر واحد ایک چھٹانک
چھوٹی الائچی کے دانے آدھ پاؤ پودینہ کی پتیان خولنجان نرکچور ہر ایک دو دام الائچی کے دانے
اور خولنجان اور نرکچور نیمکوب کرکے رات کو پانچ سیر پانی مین سب دویہ کے ساتھ بھگو دین صبح

پان ملا کر عرق کھینچین قرص مقوی معدہ لوبان چار درم پوست ترنج تین درم لونگ مصطگی
بالچھڑ الایچی جاوتری ہر ایک دو درم کوٹ چھانکر گلاب مین قرص بنائین خوراک دو درم ہر چند
یہ قرص غریبون کے لائق نہین ہی مگر جو مولف نے ایک عزیز کی تقویت معدہ کیواسطے ترکیب دی تھی
فائدہ کیا اسواسطے لکھا شربت سنبل الطیب یعنی بالچھڑ کا شربت مرض بارد یعنی بلغمی کو مفید ہے
بالچھڑ بیس درم ڈیڑھ سیر پانی مین جوش دین جب آدھ سیر رہجاوے ایک سیر شہد مین قوام کرین
ضماد درد شکم اور درد رحم کو نافع ہی جو سے کی بھنگنیان اگر پنساری کی دکان سے ملین بہتر
نہین تو جس جگہ سے بسر آئین برابر اسکے سونف پانی مین پیسکر نیم گرم ضماد کرین ضماد پیٹ کے
درد کو نافع ہی ہزیلی پانی مین پیسکر نیم گرم ناف کے گرد لگائین ضماد معدہ کے درد کو نافع ہی
بابونہ سرکہ مین خمیر کرکے کپڑے مین پوٹلی باندھکر نیم گرم سینک کرین ضماد سیاہ تل اجواین
پوست بلیلہ زرد کھاری نمک سرکہ مین ملا کر سینک کرین چورن معدہ کی سردی اور قصور ہضم
اور ضعف جگر کو نافع ہی شربت ریحان اڑھائی سیر شہد آدھ سیر مصری بالچھڑ دو دو مثقال لونگ
دو مثقال بڑی الایچی چھوٹی الایچی کے دانے ہر ایک چہ مثقال لوبان تین مثقال دارچینی تین مثقال
سونٹھ سیاہ مرچ ہر ایک دو مثقال زعفران آدھی مثقال مشک چوتھائی درم عنبر پانچ درم
نیکوفتہ تھیلی مین باندھکر شربت ریحان کے ساتھ چاندی یا تانبے کے قلعی دار برتن مین دو روز بھگو کر
شہد اور شکر مین ملا کر جوش دیکر قوام مین لائین اور تھیلی کو ہر لحظہ ملتے جائین پھر مشک اور
زعفران اور عنبر اسمین ملائین اور بعضے سیاہ مرچ کے عوض پیپل ملاتے ہین گلقند شکری
مقوی معدہ ہی اور غذا کو ہضم کرتا ہی اور ملین طبع ہی گلاب کے پھول ایک حصہ شکر دو حصہ باہم ملا کر
دھوپ مین رکھین اور اگر بجاے شکر کے شہد ملائین اسکو گلقند عسلی کہتے ہین فصل ہیضہ کا
علاج جب غذا معدہ مین فاسد ہو جائے اسکو قی اور اسہال سے نکالین اور جب تک طعام
فاسد و موذی بالکل دفع نہووے جلد بند نکرین اور جس جگہ پیاس کی زیادتی اور مزاج مین
گرمی یا سیرقی ہووے ہرگز گرم دوا نہ دین پانی کے عوض گلاب یا عرق بادیان یا عرق مکوہ

اکتفا کریں اور اس مرض میں بہتر تدبیر سونا اور غذا نہ کھانا ہی جب ہیضہ کو مفید ہی مدار کی جڑ
مساوی ادرک کے پانی میں کھرل کر کے برابر سیاہ مرچ کے گولیاں بنا کر ایک گولی صاحب ہیضہ
کو دیں اگر بحالت مرگ پہونچا ہووے فائدہ ہوتا ہی جوشاندہ نافع ہیضہ سونف تین درم پودینہ
دو درم لونگ چار عدد گلقند دو تولہ جوش دیکر پئیں دوا چوب چینی گھسکر پئیں دیگر کھجور کا
جوشاندہ پینا ہیضہ کو نافع ہی چھوٹی الائچی کا پوست ایک تولہ بلکہ دو تولہ تک جائز ہی گلاب
اگر موجود ہو ورنہ آدھ سیر پانی میں جوش دیں جب نصف باقی رہے پئیں دیگر پیپل کے پھول
چھ ماشہ پیسکر صاحب ہیضہ کو پلائیں جلد آرام ہو جاوے دیگر سرپھوکے کی جڑ دو ماشہ پانی
میں گھس کر نوش کریں دیگر ہیضہ کو بالخاصیت فائدہ دیتا ہی نیلا کپڑا جلا کر آدمی کے
پیشاب میں ملا کر پئیں کہا ہی کہ جب آدمی کو ہیضہ کا اثر معلوم ہووے اسیوقت اپنا پیشاب نوش
کرے ہیضے کے ضرر سے محفوظ رہتا ہی اور یہ عوام الناس اکثر یہ عمل کرتے ہیں دیگر نافع ہیضہ پانچ
ماشہ کھرہٹی کی جڑ پانی میں گھسکر پئیں بجائے چوب چینی کے ہی سرخ مرچ کا بیج ایک عدد
موم میں گولی بنا کر کھلائیں بہتر اکسیر ہے دیگر تلی اور بردہ ایک درخت ہی کہ گیہوں کے
کھیتوں میں پیدا ہوتا ہی تھوڑے پانی میں پانچ عدد سیاہ مرچ کے ساتھ پیسکر پلائیں اگر قے
ہو جاوے پھر پلائیں فصل ہچکی کا علاج اگر بعد غذا کھانے کے ہچکیاں برابر آئیں تو قے کرنا نافع
ہی اور ہاتھوں پانوں کا باندھنا اور غصہ اور ڈر اور خوشی و غم پیدا کرنا اور غفلت سے
منہ پر سرد پانی چھڑکنا اور چھینک لانا اور حرکت اور ریاضت کرنا اور دم روکنا اور معدہ
اور شانوں پر بغیر چیرنے کے سینگی لگانا ہچکی کو دفع کرتا ہی دوا ہچکی کے لیے مجرب ہی کلونجی
تین ماشہ پیسکر ایک درم مسکہ میں ملا کر کھائیں دیگر سیاہ ماش بجائے تمباکو کے حقے میں پئیں
دیگر چنے یا ارہر کا بھوسہ بجائے تمباکو کے حقے میں پئیں دیگر خلاصۃ التجارب میں لکھا ہی اگر پنج
ہاتھ سے ملکر حقے میں پئیں مفید ہی دیگر ناریل کے بال جلا کر راکھ اسکی پانی میں ملائیں جب
راکھ پانی کے نیچے بیٹھ جاوے پانی خالص اسکا لیکر پئیں دیگر مور کے پر جلا کر تین ماشہ

شہد مین ملا کر کھائین دیگر چہاڑ دکا زیرہ جوش کر کے پیین دیگر پرانی رسّی چھپّر کی حقہ مین رکھکر
پیین دیگر ہچکی کو ٹھہرائے ببول کے کانٹے خشک ہون یا تر لیکر آدھ سیر پانی مین جوش کرین
جب آدھ پاؤ پانی رہے صاف کر کے تھوڑا شہد ملا کر پیین اور بے شہد کے بھی پینا کافی ہی
دیگر ناٹ جلا کر چار ماشہ راکھ اُسکی پانی مین ملا کر پھر اُس پانی کو صاف کر کے پیین دیگر فواق
یعنی ہچکی کو نافع ہی بال گوڑ حقہ مین پیین دیگر بہنگات دو تین ماشہ چار عدد مغز بادام ملا کر پیسکر
پیین دیگر زیرہ سرکہ مین جوش دیکر پینا پیاس اور ہچکی کو دفع کرتا ہی دیگر آنب کے سوکھے پتے
چلم مین رکھکر پیین دیگر پودینہ شکر مین ملا کر چابین دیگر اُس ہچکی کو نافع ہی کہ جو تپ مین عارض
ہووے سکنجبین پانی مین گھول کر پلائین مادہ قے سے دفع ہوگا یا تحلیل ہو جائیگا دیگر تخم کنول
پیس کر پینا ہچکی کو دفع کرتا ہی دیگر تخم کاسنی ماش کا آٹا بودار چیز ملا کر بطریق تمباکو کے
پیین قرص کندر کہ فواق اور تپش یعنی اور نفخ اعضاے اندرون کو نافع ہی کندر دو درم
تخم پودینہ اجواین ناگر موتھا چھوٹی الائچی کے دانے سونف ہر واحد ایک درم لیکر پانی مین قرص
بنائین دیگر دوا لڑکون کی ہچکی کے واسطے نافع ہی ناریل شکر مین پیسکر دین اور کہا ہی کہ اگر
دودھ پلانے والی کے کپڑے سے ایک ٹکڑا کپڑے کا لیکر پانی مین بھگو کر لڑکے کی پیشانی پر
لگائین بالخاصیت ہچکی کو ٹھہراتا ہی دوا ریٹھا لڑکے کے گلے مین لٹکائین فصل عطش یعنی
زیادتی پیاس کا علاج اکثر پیاس گرمی سے ہوتی ہی علاج اسکا شیرہ تخم خرفہ یا سکنجبین سادہ
پیین یا اسبغول کا لعاب شربت نیلوفر مین ملا کر دین اور لیمون کا شربت اور پانی اُسکا
پیاس کو دفع کرتا ہی دوا کہ پیاس اور قے کو نفع دے پیپل کی چھال جلا کر پانی مین ڈالین جب
دُرد تہ نشین ہو جائے پانی صاف اُسکا لیکر پیین دیگر لڑکون کی پیاس کے لیے جو کہ گرمیون
مین عارض ہوتی ہی کنول گٹہ ٹکڑے کر کے جس برتن مین کہ لڑکا پانی پیتا ہی ڈالدین
اور وہی پانی لڑکے کو پلائین اور جو سبزی کنول گٹہ کے درمیان مین ہوتی ہی پیس کر
لڑکے کو پلائین دیگر پیاس کی زیادتی کو نافع ہی سیب کی چھال مٹی کے ہنڈول مین ملا کر غلولہ

بناکر آگ مین ڈالین جب خوب گرم ہوجاۓ پانی مین سرد کرین اور وہ پانی پلائین اور اگر
وہ پیاس کہ جسکو ہندی مین تونس کہتے ہین ہووے جنگلی کنڈہ جلا کر راکہ اُسکی کانسہ کے برتن
مین ڈالین پھر اُسمین پانی ملا کر اُس برتن کو پیاسے کی ناف پر رکہین بمجرد رکھنے کے سوختگی
اور گرمی اور پیاس موقوف ہوجائیگی دیگر آملہ اور سفید کتھہ منھہ مین رکھنا پیاس کو تسکین
دیتا ہی **فصل** معدہ مین درد اور خون جم جانے کا علاج اسکی نشانی پھولنا
پیٹ کا اور غشی اور سرد پسینا ہی اور کبھی لرزہ آتا ہی اور کبھی تپ ہوتی ہی اور مرض
سے پہلے کہانا دودھ کا علاج انجیر کی لکڑی کو راکھ کر کے تازے پانی مین ملائین جب
خاکستر تہنشین ہوجاۓ پانی صاف اُسکا لیکر پھر راکہ اُسمین ملائین اسی طرح سے سات مرتبہ
کر کے پانی صاف اُسکا لیکر پلائین اور اس جگہ قی کرانا مفید ہی دوا اُس خون کو جو معدہ مین جمگیا ہو
تحلیل کرے پودینہ کا عرق شکر مین ملا کر یا پودینہ خشک پیسکر کھلائین دوا خشک دانہ پانی مین
پیسکر کھلائین دوا معدہ مین خون جمجانے کے لیے دو درم رائی پانی مین پیسکر پین دیگر چنے بھونکر
کھاری نمک ملا کر استعمال کرین نافع ہی اور کبوتر کے بچے کی ہڈی بھونکر چابنا مفید ہی **فصل فساد**
شہوت یعنی خواہش کرنا طبیعت کا مٹی اور کوئلون کو علاج معدے کو پاک کرین اور
ایک درم نانخواہ ہر صبح کو کھانا اس بیماری کے لیے مفید ہی **فصل غثیان و تہوع کا علاج**
غثیان جی متلانے کو کہتے ہین اور یہ مقدمہ قی کا ہی اور تہوع ابکائی کہلاتی ہی وہ اسطرح پر ہی
کہ قی کے واسطے حرکت ہو اور کوئی چیز نہ نکلے قی وہ ہی کہ منھ کے رستے معدے سے کوئی چیز نکلے
جسوقت قی کثرت سے آۓ اور بند نہو علاج اور اسباب اور علامات ہر ایک کے کتب مطول مین
لکھے ہین سہل طریقہ یہ ہی کہ تھوڑا گیرو لیکر آگ مین گرم کر کے دو تین بار پانی مین بجھا کر وہ پانی
پلائین جب کہ متلی اور قی کو نفع دیتی ہی کیوڑ کچری کوٹ چھانکر مونگ کے برابر گولیان بناکر دو تین
گولیان کھائین دوا متلی کو نافع ہی ریٹھا کا مغز تین چار گھڑی پانی مین بھگو دین جب نرم
ہوجاۓ تھوڑا تھوڑا چابین دوا زیادتی قی کو نافع ہی مٹی کا پرانا چراغ آگ مین جلائین جب شعلہ اسکا

بجھ جاے پانی مین سرد کرکے اُس پانی سے تھوڑا پیین قی اور اُبکائی کے واسطے عجیب ہی حب
غثیان دائمی کو مفید ہی جھربیری کے تخم کا مغز تُلسی کی پتیان مصری ہر واحد ایک درم سیاہ
مرچ آدھا درم کوٹ چھان کر پانی مین ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیان بنا کر ایک گولی کھائین
دوا زیادتی قی کے لیے عجیب ہی تھوڑا مکھی کا گوہ گڑ مین ملا کر کھائین قی بند ہو جاے دیگر اُس قی
کی زیادتی کے لیے جو شراب پینے سے عارض ہووے سرخ چاول ساٹھی کے پانی مین بھگو کر وہ پانی
لیکر پیین دیگر نافع قی شیخ الرئیس نے قانون مین لکھا ہی کہ بادام کا شیرہ پانی مین نکال کر پیین قی کے لیے
بہت بڑا علاج ہی دیگر نیب کی شاخین کہ اُسمین پتیان بھی ہون بھوبھل مین رکھین جب گرم
ہو جائین پیسکر صاف کرکے پیین قی اور متلی کو مفید ہی دیگر ٹاٹ جلا کر راکھ اُسکی پانی مین ڈالین
جب راکھ تہ نشین ہو جاے وہ پانی صاف کرکے پیین دیگر اُس قی اور متلی کو مفید ہی کہ بسبب صفرا کے
ہو املی منھ مین رکھین دیگر مویز منقی انار دانہ ترش ہر ایک سات ماشہ سیاہ زیرہ ایک ماشہ پیسکر
تھوڑا تھوڑا دین دیگر قی کو بند کرے پیپل کی لکڑی یا خشاب چھال اُسکی جلا کر راکھ اُسکی ایک تولہ
لیکر مٹی کے برتن مین تازہ پانی مین ملائین جب ملکر تہ نشین ہو جاے پانی صاف لیکر پیین
دیگر کہ بالخاصیت بلغمی قی کو مفید ہی دو ماشہ توتیا کو گھی گرم کرکے اُسمین ڈالین پھر نکال کر سرد کرکے
ایک دو ماشہ ایک گھڑی کے فاصلے سے کھائین دیگر برگد کا ریشہ جلا کر راکھ اُسکی تھوڑی کھائین
قی بند ہو جاے الائچی کی جوارش قی بند کرتی ہی اور ہاضم اور مقوی معدہ کی بھی ہی عود غرقی
الائچی اگر چھوٹی ہو بہتر والا بڑی بیس مثقال پیسکر پاو سیر شکر مین قوام کرین اگر مقدور ہو بجاے
پانی کے گلاب ملائین شربت یخ سادہ قی کو تسکین دیتا ہی خصوصاً قی صفراوی کو تیخ کا پانی
پچاس مثقال ایک سیر شکر مین قوام کرین شربت تمر ہندی قی صفراوی کو نافع اور معدہ کو
قوت دیتا ہی اور پتون گرم کے واسطے مفید ہی املی کے بیج نکال کر نصف وزن اُسکے شکر لیکر
پانی مین بھگو دین پھر صاف پانی اُسکا لیکر دو چند شکر مین قوام کرین شربت اناری قی کو بند
کرتا ہی آب انار شیرین برابر شکر مین قوام کرین شربت فالسہ قی صفراوی اور اُبکائی کو

نفع دیتا ہی اور مقوی معدہ قائم مقام شربت انار کے ہی پتون گرم اور فساد خون کو مفید ہی اور
مزہ دار ہی غذا کے ساتھ بھی کھائین فالسہ میٹھا سیاہ رنگ کو پانی یا گلاب مین ملا کر صاف کر کے
دونے قند مین قوام کرین دوا ایکدرم بالچھڑ پانی مین پیسکر استعمال کرنا قی بلغمی کو نافع ہی دیگر
ناگرموتھا کھانا قی کو دور کرتا ہی دیگر متلی اور ابکائی اور ہچکی کو مفید ہی پودینہ تازہ آدھ سیر
ڈیڑھ سیر پانی مین جوش کرین جب آدھا رہے ایک سیر قند مین قوام کرین اور ایک دام
مصطگی پیسکر ملائین جب غلغل کرا اہل ہند اسکو مربا اور گنگہ کہتے ہین قی اور متلی کو دافع ہی
اور ہاضم و اشتہا آور ہی سیاہ مرچ تین دام پیپل چھ درم انار دانہ بارہ درم جوا کھار ڈیڑھ درم
کوٹ چھانکر قند سیاہ مین گولیان بنائین خوراک دو درم **فصل جگر کی بیماریون کا**
علاج استسقا اسکی ابتدا کو سوء القنیہ کہتے ہین اور سبب اسکا یہ ہی کہ مادہ سرد خارجیہ تمام
اعضا مین آجاتا ہی اور استسقا کی تین قسمین ہین لحمی زقی طبلی لحمی مین تمام اعضا پر ورم آتا ہی
سبب اسکا ضعف جگر ہی اور زقی مین پیٹ بڑھ جاتا ہی اور جلد بھاری ہو جاتا ہی اور جس وقت
مس کرین مثل مشک بھری ہوئی کے معلوم ہووے اور طبلی مین پیٹ بڑھ جاتا ہی اور ناف
نکل آتی ہی اور جب پیٹ پر ہاتھ مارین اس سے طبل کی آواز آتی ہی لحمی کثیر الوقوع اور بدترین
قسمون استسقا کا ہی علاج اسکا یونانی کتابون مین لکھا ہی کہ پانی نہ پین عوض پانی کے عرق بادیان
یا عرق مکو پلائین اور اگر پانی کی خواہش بہت ہو چاہیے کہ پانی کو جوش دیکر سرد کر کے تھوڑا تھوڑا دین اور غذا
شوربا اور منضجات و مسہلات کا استعمال کرین اور مریض کو گرم ریت مین گردن کے نیچے تک دفن کرنا
فائدہ رکھتا ہی اور آفتاب کی طرف پشت کر کے دھوپ مین بیٹھنا نافع ہی اور تنور جب سرد ہونے لگے
مریض کو اسمین اتنی دیر بٹھائین کہ پسینا نکل آئے حمام سے بہتر ہی اور جس قدر ریاضت کرنا کہ خوب پسینا بدن
سے نکلے مفید ہی قرص ریوند استسقا سے ریحی یعنی طبلی کو نافع ہی ریوند چار درم لاک مغسول مجیٹھ
بادیان تخم کاسنی بالچھڑ ہر واحد دو درم لیکر قرص بنائین خوراک دو درم سکنجبین اور عرق مکو کے ساتھ
شربت ریوند استسقا کو نافع ہی ریوند پانچ درم تخم کاسنی سات درم بیخ کاسنی دس درم بادیان لاک مغسول

ہر ایک درم عرق پاؤ سیر لیکر شربت بنائین خوراک وتولہ دوا استسقاکے واسطے مجرب ہے خبث الحدید یعنی لوہے کا میل بارہ درام پختہ آگ مین سرخ کر کے تین مرتبہ اس گاے کے پیشاب مین جو کہ نہ جنی ہو سرد کرین اور تین دفعہ دہی مین اور تین مرتبہ روغن تلخ مین بجہا کر بعد اسکے کوٹ چہانکر اس گاے کے پیشاب مین جو ہنوز جفت نہوئی ہو ملا کر لوہے کی کڑاہی مین ڈال کر چولھے پر رکھین جب تمام پیشاب اسمین جذب ہو جاے بطریق نمک کے سفوف ہوگا آدہا درم اس سے لیکر کھایا کرین جوشاندہ کہ استسقاے لحمی کو جو بغیر حرارت کے ہو نفع کرتا ہے اجواین سونف جوش کر کے پلائین دیگر سوء القنیہ کو نافع ہے چنے تین درام پاؤ سیر پانی مین جوش دین جب آدہا پانی رہے صاف کر کے پئین حب نافع استسقا مدار کے سبز پتے ایک پاؤ ہلدی ایک درام دونون کو پیسکر ماش کے برابر گولیان بنا کر ہر روز چار گولی تازہ پانی سے استعمال کرین اور ایک گولی روز زیادہ کرین تا کہ سات گولی تک پہونچے اور بعضی کتابون مین مدار کے پتون کا استعمال اسطرح پر لکہا ہے کہ مدار کے پتے بیالیس عدد ہلدی دو ماشہ بیر کی لکڑی کا کولا پانچ ماشہ خوب باریک صلایہ کر کے گہی خوب گرم کر کے اسمین ملا کر ماش کے برابر گولیان بنائین سفید داغ کے لیے ایک گولی صبح اور ایک شام کہائین اور تلی تپ کے لیے چار گولیان اور وجع مفاصل کے لیے ایک گولی ایک ہفتہ تک کہائین اور ہیضہ کے واسطے دو گولی اور رفع تغیر مزاج اور مادۂ فالج کیلیے ایک گولی صبح کو چار روز تک دین اور استسقا کے واسطے چار گولی سے سات گولی تک استعمال کرین فائدہ اگر صاحب استسقا کو نہانے کی حاجت ہو چاہیے کہ کہاری نمک پیسکر پانی مین ملا کر چند روز وہ پانی دہوپ مین رکھکر گرم کر کے اس سے غسل کرین مفید ہے اور دریاے شور کے پانی سے نہانا بہت مفید ہے حب صبر استسقا کو مفید ہے ایلوا چار درہم پوست بلیلہ زرد اجواین سیاہ مرچ ہر چہار ہر واحد ایک درم کوٹ چہانکر چنے کے برابر گولیان بنائین خوراک تین درم دوا سرس کی چہال جوش دیکر پئین اکبر نامہ مین لکہا ہے ایک قلعے مین بسبب گذرنے مدت کے غلہ وہان کا پرانا ہوگیا اور اس غلے کو قلعہ والون نے

کھایا اُس سے ورم پیدا ہوا پھر جس شخص نے سرس کی چھال کا استعمال کیا صحت پائی اور آخر یہ
نوبت پہونچی کہ چھال درخت مذکور کی سونے کی قیمت خرید کی گئی دوا استسقا کو مفید ہی حقہ کا
پانی جو بہت گندہ ہو گیا ہو پینا فائدہ کرتا ہی طلا گائے کا گوبر نمک مین ملا کر لگانا استسقا کو دفع
کرتا ہی دوا اگو بر جلا کر راکھ اُسکی ساڑھے تین مثقال ہر روز کھائین دیگر اندرائن کی جڑ جوش کر کے
پینا مادہ کو اسہال اور تحلیل سے دفع کرتا ہی دوا اونٹ کا پیشاب پینا فائدہ کرتا ہی اور طریقہ اُسکا
یہ ہی کہ صبح کو بیمار چار پانچ دام پیشاب مین تین ماشہ پوست ہلیلہ زرد ملا کر پیین اور اونٹ کا
دودھ بھی بہت مفید ہی بجاے پانی اور غذا کے اسی پر اکتفا کرین علاج بمثل ہی دیگر مولی کے
پتون کا پانی پینا نافع ہی دیگر سرخ بکری کا پیشاب چھ تولہ اُسمین ایک دام بالچھڑ ملا کر پینا استسقا کو
نفع دیتا ہی دیگر سوء القنیہ کو نافع ہی تازہ کریلہ چھ درم پانی نچوڑ کر صاف کر کے پیین اور اگر چاہئے
تھوڑا شہد مین ملائین دو تین دست لا کر مادہ کو دفع کرتا ہی دیگر گُرونده کا پانی ایک تولہ صبح کو
پیین اور روز زیادہ کر کے تین دن مین دس تولہ تک پہونچائین دواء الکرکم یعنی زعفران
کی معجون سوء القنیہ کو نفع دیتی ہی اور استسقا اور سختی اور درد اعضا مثل جگر اور تلی کو
مفید ہی زعفران تج قسط اسارون بالچھڑ تخم کرفس انیسون گلاب کے پھول کاسنی ہر ایک
دو حصہ مرمکی ریوند ہر ایک ایک حصہ شہد سہ چند خوراک ایک درم سے ایک مثقال تک
عرق بادیان کے ساتھ حب اہل ہند کی مستعمل استسقا کو نافع ہی گندھک مغسول پارہ
ہڑ بہیڑہ آملہ سجی جوا کھار سیاہ نمک لاہوری نمک نمک طعام سونٹھ سیاہ مرچ سہاگہ بریان
مساوی الوزن جمال گوٹہ دو حصہ ادویہ کوٹ چھان کر اکیس مرتبہ لیمون کے عرق مین پیسکر
خشک کر کے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی اونٹ کے دودھ مین سفوف
استسقاے لحمی و طبلی کے لیے نافع ہی سونٹھ ناگرموتھا شیطرج سفید زیرہ کٹائی ہلدی گج پیل
پیپلا مول مساوی کوٹ چھان کر سفوف بنائین خوراک تین ٹانک گرم پانی کے ساتھ سفوف
استسقا اور سوء القنیہ کو نافع تخم کرفس برنگ کابلی شیطرج سیاہ مرچ پیپل پیپلا مول سونف

سیاہ نمک ہر واحد ایک درم پوست ہلیلہ پانچ عدد سونٹھ دس درم کوٹ چھانکر خوراک
دو درم عرق بادیان کے ساتھ دیگر استسقاے طبلی کو مفید ہے تخم کرفس رازیانہ افسنتین اسارون
قسط تلخ ریوند چینی ہر ایک دو درم ناگرموتھا بالچھڑ ہر ایک ڈیڑھ درم سیاہ زیرہ تین درم کوٹ
چھانکر خوراک دو درم دیگر یہ نسخہ مجربات اکبری سے نقل کیا گیا منڈوے کا آٹا کچنال کے
پانی مین خمیر کرکے روٹی پکا کر نمک کے ساتھ کھائین اور بجاے پانی کے کچنال کی پتیان
جوش کرکے پیین یا عرق اسکا نکال کر استعمال کرین اور سواے جوشاندہ برگ کچنال کے کھانے
اور پینے اور وضو اور نہانے مین دوسرا پانی استعمال نہ کرین انشاء اللہ ایکہفتہ مین نفع بین ظاہر
ہوگا سفوف کنگھی پہلے روز ایک ماشہ کھائین دوسرے روز دو ماشہ تیسرے روز تین ماشہ پھر سروز
تین ماشہ کھایا کرین غذا مونگ کی کھچڑی دوا نافع استسقا سفید زیرہ نیمکوفتہ تین حصہ کنگھی
نیمکوفتہ نو حصہ انمین سے ایک تولہ لیکر رات کو ایک پیالہ مین بھگو دین صبح جوش کرین جب
آدھا پانی باقی رہے صاف کرکے نیمگرم نوش کرین دوا پیٹ بڑھجانے کو نافع ہے دو درم
شہد چار درم پانی مین ملا کر نوش کرین اور چند روز اسی طرح پیین اور یہ مرض اکثر لڑکون کو
عارض ہوتا ہے فائدہ استسقا والے کو گیہون کی روٹی سے جو کی روٹی کھانا بہتر ہے اور جو
گیہون کی روٹی کھانا چاہے جو کے آٹے مین گیہون کا آٹا ملا کر روٹی پکا کر کھائے [illegible]
عورت کیواسطے جسکا بعد جننے کے پیٹ بڑھگیا ہو مرچ پیپل پیپلا مول چاب شیطرج اشنہ ناگرموتھا
بادرنگ بویہ اور ترپھلا قسط مرمکی بادیان کچیل ترب تین درم اندرجو ہر واحد ایک درم کوٹ چھانکر
قند سیاہ پرانا ادویہ کے برابر ملا کر آدھے درم کے برابر گولیان بنا کر صبح ایک گولی [illegible]
کھائین طلا اندرائن کو پانی مین پیسکر لگائین پیٹ کا بڑھجانا جو بعد ولادت کے [illegible]
ہو دوا الکا یعنی لک کی معجون استسقا اور معدہ کی سردی اور کبد کو نافع ہے لک [illegible]
چار حصہ بالچھڑ ریوند ہر ایک تین حصہ اسارون تخم کرفس ہر واحد دو حصہ قسط تلخ مغز بادام
تلخ مرچ سونٹھ زیرہ ساذج مصطگی ہر واحد ایک حصہ شہد تین حصہ دوا کہ استسقا کو نافع تین عدد

ہڈی ہاتھ پانون آنکے دور کرکے ایک درم حب الآس کے ساتھ پیسکر کھائین دو ذیل نسخے
وسعد التاس کرتے ہین اگر خوراک لڑکون کے لیے ایک قیراط سے پانچ قیراط تک اور غیر اطفال
کیواسطے دو درم تک قرص لاک استسقا کے لیے نافع ہی لاک چار حصہ ریوند تخم کاسنی تخم خربزہ
تخم خیارین ہر ایک تین حصہ مجیٹھ بادیان بکواجمود بالچھڑ تج ہر ایک دو حصہ اجوائن کتھہ ہر واحد
ایک حصہ لیکر قرص بنائین خوراک ایک درم سے دو درم تک شربت بزوری کے ساتھ ضماد
بکری کی مینگنیان گائے کا گوبر گوکھرو سرکہ مین ملا کر ضماد کرین ضماد نمک بالچھڑ سرکہ مین ملا کر لگائین

فصل یرقان کا علاج ہندی مین یرقان کو کنول باد کہتے ہین اور وہ بسبب جاری ہونے
سودا یا صفرا بے عفونت کے جلد کی طرف حادث ہوتا ہی اگر صفرا سے ہو اسے یرقان اصفر
کہتے ہین اور اگر سودا سے ہو اسے یرقان اسود کہتے ہین اور جبکہ عفونت ہو اس یرقان کو تپ
لازم ہی علاج مسہل بہی املی کا پانی اور کاسنی کا شیرہ سکنجبین سادہ استعمال کرین سکنجبین سرکہ دو حصہ
قند تین حصہ قوام مین لائین دیگر یرقان کو نافع اور عجیب الاثر ہی صندل زرد تینی بالگیری گلاب آگرہ
بہتر والا پانی مین پانچ ماشہ آنبہ ہلدی پیسکر سات ماشہ شہد مین کھائین غذا ایک ہفتہ تک
دال خشکہ سعوط کہ یرقان کو مفید ہی بندال رات کو پانی مین بھگو کر صبح صاف پانی اسکا
لیکر دو تین قطرے ناک مین ٹپکائین طب فریدی مین لکھا ہی کہ بکری کی مینگنیان بعضے
ادویہ کے ساتھ کھانا دافع یرقان ہی نقوع نافع یرقان لونگ سنبر تین پاؤ رات کو پانی مین
بھگو کر رکھین صبح پانی صاف اسکا لیکر پئین غذا دال خشکہ طبیخ نافع یرقان ببول کی پھلی
سنکا ہولی آملہ ہر واحد دو درم نیم کوب کرکے ایک سیر شکر مین جوش دین جب چہارم حصہ
رہے تھوڑی شکر ملا کر صاف کرکے پئین سعوط کہ یرقان کو نافع ہی تلخ تونبڑی پانی مین
پیس کر سعوط کرین دوا آنکھی سات ماشہ پانی مین پیس کر شہد مین ملا کر کھائین غذا
دال خشکہ دیگر بندال دو دام رات کو پانی مین بھگو کر صبح پیسکر پانی صاف اسکا لیکر
تھوڑی نمک ملا کر نوش کرین اور ترشی و بادی سے پرہیز کرین دیگر ریشہ گاؤزبان دو درم

پاؤ سیر پانی مین بھگو کر پانی صاف اُسکا پیین انشاء اللہ ایک ہفتہ مین فرصت ہووے
دیگر دو تین کسوندی کی پتیان دو تین مرچ کے ساتھ پیین شربت مؤلف کا ایجاد حرارت
جگر اور یرقان کو نافع ہی برادہ صندل مویز منقی دو تولہ زرشک تخم کاسنی خیارین ہر واحد
ایک تولہ نمک سرخ دانہ الائچی ہر ایک دو درم قند پاؤ سیر شربت بنائین خوراک ایک تولہ
شیرہ اسے مناسب کے ساتھ دواء ہندی یرقان کو نافع و مجرب ہی چونہ جوان کے واسطے
تین ماشہ تک کیلہ کی پھلی پختہ کے ٹکڑے مین رکھکر کھلائین اوپر سے باقی پھلی کھلائین
اور اگر لڑکا ہو ایک ماشہ چونہ چوتھائی کیلے کی پھلی کافی ہی سفوف ببول کے پھول مصری
برابر پیسکر صبح ایک تولہ کھائین سفوف آئین زردی کے لیے کہ بعد رفع یرقان کے
باقی رہتی ہی سات دانے کلونجی کے عورت کے دودھ مین پیسکر سعوط کرین دوا لیمون کا
پانی آنکھ مین ٹپکائین دیگر مولی کا اچار کہ سرکہ مین بنایا ہو کھانا فائدہ کرتا ہی دیگر کھربا لٹکانا
اور کپڑے زرد پہننا یرقان کو بالخاصیت مفید ہی لقوع یرقان کے واسطے نافع ہی ایک
ہفتے تک استعمال کرین مہندی کی پتیان دو دام ٹیکوب کر کے رات کو پانی مین بھگو دین
صبح پانی صاف اُسکا پیین مطبوخ ہلیلۂ زرد کا جوشاندہ یرقان کو مفید ہی فصل

امراض طحال کا علاج تلی کی سختی کا سبب اکثر خون غلیظ سوداوی ہی اور ریتون مین
سے تہ پیری سے پانی پینا ہی یہ مرض دشواری سے صحت قبول کرتا ہی علاج فصد اسیلم
کھولنا نافع ہی فائدہ اگر صاحب طحال کے داہنے ہاتھ کی رگ اسیلم پر کپڑے کی بتی جلا کر داغ دین
اور ایک شب تک اُسے رہنے دین عجیب فائدہ ہوگا ترکیب تلی کی سختی دفع کرنے کے لیے چونہ کی ڈلی
تھوڑا ریٹھے کے مغز کے ساتھ کوٹ کر کیلہ کی پختہ پھلی کے ساتھ رکھکر داہنے پہونچے کے اندر کی طرف
جو بیچ کی انگلی کے مقابل ہو موٹے کپڑے سے ایک پہر تک باندھ رکھین کہ چونہ کی تیزی سے
وہان آبلہ پڑ جاوے پھر کھول ڈالین بیشک فائدہ ہووے سکنجبین افتیمونی تلی کو کہ تپ کی حرارت
سے ہو نفع دیتی ہی افتیمون چار تولہ انجیر سات عدد پوست بیخ کبر بیخ کاسنی ہر واحد دو تولہ تخم سنبھالو

تخم خیارین پرسیاوشان تخم کاسنی مائین تخم کشوث ملیٹھی گلاب کے پھول اسارون ہر ایک
دو تولہ قند سہ چند حل کرکے بدستور سکنجبین بنائین حب کہ تلی کی سختی کے لیے نافع ہی پوست
ہلیلۂ زرد سونٹھ شیطرج سہاگہ بریان سجی سفید قلمی شورہ بادبرنگ سفید زیرہ سیاہ زیرہ سیندھا
نمک مساوی دو چند گڑ ملا کر گولیان بنا کر دو ماشہ سے چار ماشہ تک گرم پانی کے ساتھ کھائین
حب ایلوا ہینگ سہاگہ نوشادر سجی سفید مساوی لیکر گھیکوار کے لعاب مین جنگلی بیر کے برابر
گولیان بنا کر ایک گولی روز کھائین حب سیاہ مرچ پیپل پھٹکری بریان نوشادر سہاگہ بریان
اجوائن کالی کاری نمک لاہوری نمک آنبہ ہلدی جواکھار برابر کوٹ چھانکر جنگلی بیر کے برابر گولیان بنا کر صبح
وشام ایک گولی کھائین حب تربد پوست ہلیلۂ زرد ایلوا سہاگہ سیاہ مرچ برابر وزن گھیکوار
کے پانی مین چار پہر کھرل کرکے گولیان بنائین خوراک ایک درم سنبھالو کی قرص اُس
تلی کے واسطے جو حرارت شدید کے ساتھ ہو نافع ہین تخم کاسنی پوست بیخ کنیر مغز تخم خیارین
تخم کشوث گل سرخ مائین ہر واحد دو درم اسارون آدھا درم مکو کے عرق مین قرص بنائین
خوراک دو مثقال حب تلی کے واسطے مجرب ہی قلمی شورہ سہاگہ بریان پھٹکری بریان سونچر نمک
سیندھا نمک پوست ہلیلۂ زرد آنبہ ہلدی اجوائن ساوہ کوٹ چھانکر تین مرتبہ لیمون کے عرق
مین تین مرتبہ ادرک کے عرق مین کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنا کر صبح وشام ایک
گولی کھایا کرین حب خفاش یعنی چمگادڑ کی حب تلی کے واسطے شیخ الرئیس کی مجرب ہی ایک
موٹا چمگادڑ ذبح کرکے پاک صاف کرین پھر مٹی کے برتن مین رکھکر اُسپر سرکہ تیز ڈالکر پروٹی کرکے
تنور مین رکھین جب جلجائے راکھ اُسکی سرکہ مین ملا کر گولیان بنا کر ہر روز دو درم کھایا کرین بہت
مفید ہی حب ایلوا لونگ ہندی نمک پوند ختائی قلمی شورہ کوٹ چھانکر ایکماشہ کے برابر گولیان
بنائین صبح وشام ایک گولی مسکہ مین ملا کر نگل جائین حب صبر بیخ کنیر نوشادر مرمکی مساوی
گھیکوار کے لعاب مین جنگلی بیر کے برابر گولیان بنا کر صبح وشام ایک گولی کھائین حب
سونٹھ سہاگہ بریان سیندھا نمک ہینگ مساوی سہجنہ کے شیرہ مین جنگلی بیر کے برابر گولیان

بنا کر شام صبح ایک گولی کھایا کرین حب قولنج اور معدہ اور تلی کے درد کو دفع کرتی ہی اور نفخ اور
قبض کو نافع ہی ایلوا چار درم پوست ہلیلۂ زرد اجوائن بدھارا سیاہ مرچ ہر ایک دس درم کوٹ چھانکر
چنے کے برابر گولیان بنا کر وقت حاجت کے استعمال کرین فائدہ صاحب تلی کو واجب ہی کہ لوہے کا بجھا ہوا
پانی بجا سادہ پانی کے پیا کرے دیگر جھاؤ کی لکڑی سے پیالہ بنا کر اسمین پانی پینا بالخاصیت تلی کو نفع
دیتا ہی دوا اینٹ ہی کا اچار کھانا تلی کو مفید ہی دیگر اگر کھانسی نہو تو انب کا اچار کھانا قاطع طحال ہی چاہیے
کہ اسکو روز کھایا کرے دیگر تلی کو نافع ہی اور ریح کو دفع کرتی ہی ہالون ایک حصہ کلونجی آدھا حصہ
شہد مین ملا کر ہر روز سکنجبین کے ساتھ کھایا کرین دیگر تلی کو نافع ہی اور بھوک لاتی ہی پوست ہلیلۂ زرد
اجوائن ہر ایک بیس درم لوہے کا میل تیس درم قند سیاہ ادویہ کے برابر برگ کیسکو ایقسر نصف وزن قند
ادویہ کو پانی مین ملا کر لوٹے مین رکھکر تین ہفتے تک گھوڑے کی لید مین دفن کرین پھر نکالکر صاف
کرکے دو درم صبح و شام کھائین دیگر سنبھالو کی بیخ پوست بیخ کبر ساوی سرکہ تیز مین بھگوئین اور
روزینا سرکہ ایک ہفتہ تک بدلتے رہین پھر سایہ مین خشک کرکے دو درم سکنجبین عسلی مین ملا کر کھائین
دیگر ریح کیواسطے نافع ہی کلونجی ایک حصہ ہالون دو حصہ شہد مین ملا کر ہر روز دو درم ایک تولہ
سکنجبین کے ساتھ کھائین دیگر سرسون کا تیل نیم گرم تلی پر ملنا اسکی سختی کو دفع کرتا ہی دیگر اجوائن
جس قدر کھا سکین صبح و شام کھایا کرین دیگر سہاگہ بریان ایک حصہ رائی تین حصہ دونون کو
باریک کرکے ایک ماشہ صبح و شام کھایا کرین دیگر لیمون کا عرق ایک درم پیاز کا عرق ایک درم
باہم ملا کر چودہ روز تک پیین اور سوا اسکے ہر چیز نا شد کھچڑی اور دال اور خشکہ کے اور کچھ نہ کھائین دیگر نوشادر
آدھا درم مولی کے پانی مین ملا کر پیین اور مولی اور کنجد برابر پیسکر تلی پر باندھین دیگر چونہ کی کلی
باریک پیسکر شہد مین ملا کر تلی پر ضماد کرکے انجیر کے پتے اسپر باندھین ضماد شیطرج سرکہ مین پیسکر
لگائین تلی کے ورم کو تحلیل کرتا ہی دوا مولی کے بیج پیسکر سرکہ یا سکنجبین مین ملا کر لگانا تلی کو دور کرتا
ہی دیگر کریل کی خشک کونپل ساڑھے تین مثقال سیاہ مرچ نصف وزن کوٹ چھانکر ہر روز
صبح کو پانی کے ساتھ پیین تلی کی سختی کو دور کرتا ہی دیگر گیہون کی بھوسی اور لہسن عشر جلا کر اسکی

راکھ سرکہ مین ملا کر نیم گرم لگائین دیگر پیاز اور کاندہ صاحب تلی کے گلے مین لٹکانا بالخاصیت جلد
اثر کرتا ہی دیگر جوارش وج تلی کے لیے نافع ہی نسخہ اسکا نسیان مین مذکور ہوا دیگر صاحب تلی
اگر اپنا پیشاب یا لڑکے کا تین چلو ہر صبح کو لیکر پیے تلی رفع ہووے دیگر آدمی اگر جوان ہو چھ ماشہ سجی
اور اگر لڑکا ہو دو ماشہ گڑ مین ملا کر اگر تپ نہووے اکیس روز کھلائے اور ترشی اور بادی سے
پرہیز کرے سفوف تلی اور بائی سول اور تلئین طبیعت کے واسطے نافع ہی اجوائن آدھ سیر برگ
گھیکوار تازہ بیس عدد ترپھلا ترکشا پانچون نمک سجی سفید کٹائی تربد سیاہ زیرہ وج بادیان اجمود
بدھارا ہر واحد ایک درم گھیکوار کے لعاب مین بھگو کر سایہ مین خشک کرکے کوٹ چھانکر رکھین خوراک
تین ماشہ تک تازہ پانی کے ساتھ دوا جھاؤ کی پتیان ایکدرم خشک کرکے کوٹ چھانکر ایک درم
شکر مین ملا کر کھائین دیگر جھاؤ کی پتیان کوٹ کر ایک اوقیہ پانی اسکا نچوڑ کر دس درم سکنجبین ملا کر
کھائین دیگر اونٹ کا دودھ اور پیشاب تلی کو مفید ہی دیگر برگ جھاؤ کا عرق تلی کو فائدہ کرتا ہی
دیگر نمدے کا ٹکڑا سرکہ مین بھگو کر تلی پر باندھین معجون تلی کے لیے مجرب ہی پوست بیخ کبر
افتیمون برابر شہد مین ملا کر معجون بنا کر ہر روز پانچ مثقال کھایا کرین دوا تلی کی سختی کو دفع کرتی
ہی کباب چینی پکر مول جواکھار ہلیلہ زرد ہینگ لاہوری نمک سانبھر نمک سنچر نمک کابلی شیطرج کف دریا تربد سفید
اجوائن مساوی کوٹ چھانکر خوراک ایک تولہ صبح و شام کھائین شربت برگ فراش فراش کی
پتیان پاؤ سیر دو درم دو سیر پانی مین جوش دین جب تیسرا حصہ رہے صاف کرکے پاؤ سیر شکر مین قوام
کرین خوراک دو تولہ فصل امراض امعا یعنی آنتون کی بیماریون کا علاج اسہال یعنی دست آنا
وہ کئی طرح سے ہوتا ہی اگر اسہال معدہ سے ہوں اسکو خلفہ اور ہندی مین سنگرہنی کہتے ہین اور اگر
جگر سے ہو ذوسنطاریا کہتے ہین اور وہ خون کا اسہال ہی گوشت کے دھوون کے دست آتے ہین یا
تمام کبری ہی اسمین پیپ نکلتی ہی اگر آنتون سے ہو اسکو سحج اور زلق الامعا اور زحیر کہتے ہین تفصیل
اسکی کتابون مطولہ مین لکھی ہی اس جگہ چند ادویہ مسہل کہ اسہال کو مفید ہین بیان کیجاتی ہین زرنجور
کہ جوارش ہی اخلاج کو دفع کرتی ہی اور اسہال معدہ کو نافع ہی شکر سفید پاؤ سیر زرنجور پیسکر پانچ درم

جوارش بنائین خوراک دو تولہ اور جوارش آملہ سادہ جو معدہ کے امراض مین نہ کور ہوئی فائدہ کرتی ہی
حب آملہ دستونکو روکتی ہی دم سہال معدی اور زلق الامعا کو نافع ہی ایک تولہ آملہ تھوڑے پانی
مین بھگو دین جب نرم ہو جاے صلایہ کرکے سیاہ نمک پیسکر ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیان بنا کر ایک گولی
صبح و شام کھایا کرین حب سہال کیواسطے مفید ہی رال پکہان بید ہیلگری زرکچور آملہ صمغ عربی بریان
ہلیلہ بریان بائین منقی بریان اجواین گیرو گلنار مساوی کوٹ چھانکر چنے کے برابر گولیان بنا کر صبح شام
کھائین حب انار انار خام مٹی مین لپیٹکر بھوبھل مین رکھین جب پکجاے مٹی دور کرکے انار کو کوٹ
پیسکر آملہ صمغ عربی بریان مغز ہیلگری اجواین ہر واحد دو ماشہ افیون زرکچور ایک ماشہ پیسکر انمین ملا کر
ونگ کے برابر گولیان بنا کر صبح و شام کھایا کرین جوارش جوزی قابض اور اسہال معدی اور تخمی
کو نافع ہی اور ہاضمہ کو قوت دیتی ہی مانجھر اجواین سونف بھونکر سونٹھ بھونا اگر ہو تھا ہر ایک
پانچ درم گلنار مائین بڑی الائچی کے دانے ہر ایک پانچ درم حب الاس چھ درم شہد یا شکر مین قوام
کرین حب شنگرف دستون کو روکتی ہی سہاگہ ایک ماشہ شنگرف دو ماشہ افیون چار ماشہ کوٹ
چھانکر سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی اور لکھا ہی رات کو اگر دست زیادہ ہون
یہ گولی شہد مین ملا کر کھائین اور اگر دن کو اسہال زیادتی کرے لیمون کے عرق مین ملا کر استعمال
کرین نسخہ دیگر حب شنگرف شنگرف لونگ افیون تینون ادویہ ہموزن مصری ایکماشہ کوٹ چھانکر
چار ماشہ کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی حب قابض اسہال موی اور صفراوی کو نافع ہی
دانہ سماق دو درم مازو پوست انار ہر ایک آدھا درم حب الاس دس درم سنگترے کے دانے تین درم صمغ عربی
پانچ درم کوٹ چھانکر گولیان بنائین خوراک دو گولی تک حب قابض بلغم بلغم کے اسہال کو دفع
کرتی ہی اور ہاضم ہی سیاہ مرچ پیپل سونٹھ لونگ عاقرقرحا ہر واحد ایک درم افیون دو درم ادرک کے
پانی مین پیسکر چنے کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی حب قابض اسہال کو نافع ہی رسوت
گیرو ہر ایک ڈیڑھ تولہ مردار سنگ مساوی پیسکر چنے کے برابر گولیان بنا کر ایک گولی صبح ایک
شام کھائین حب لڑکون کے اسہال کو مفید ہی اگرچہ تپ ہو جب بھی فائدہ کرتی ہی کتھہ گلنار ہر ایک

تین ماشہ زہر مہرہ بیسکر آملہ صمغ عربی مغز بیلگری بریان ہر واحد دو ماشہ افیون مازو بادام
بریان سفید زیرہ ہر واحد ایک ماشہ کافور ایک سرخ سیاہ مرچ کے برابر گولیان بناکر موافق مزاج کے
دین اور کبھی زہر مہرہ کے عوض طباشیر ملاتے ہین اور طباشیر زیادہ بھی کرتے ہین اور اگر اندیشہ ہو کافور
موقوف کرین حب کہ بہت قابض ہے منقے مع تخم سات عدد آنب کی گٹھلی ایک عدد افیون آدھا
ماشہ کوٹ چھانکر باہم ملاکر سات گولیان بناکر ایک گولی روز کھائین حب مازو سریع الاثر ہے اسہال
کو دفع کرتی ہے اور آنتون کے زخم کو فائدہ دیتی ہے مازو چار درم افیون دو درم اجواین ایک
مثقال چنے کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی حب عود العطاس یعنی نکچھکنی کی حب اس
اسہال کو نافع ہے جو ناف کے سرک جانے سے ہووے نکچھکنی جلاکر اجوائن سونٹھ برابر کوٹ چھانکر ایک ماشہ
گڑ ملاکر گولیان بنائین اور گھی کے ساتھ کھائین ضماد ناف کے سرکجانے کیواسطے پھٹکری تین درم
مازو تین عدد کوٹ چھانکر سرکہ مین ملاکر لگائین اوپر سے پٹی مضبوط باندھین حب اسہال کو نفع دیتی ہے
سونٹھ بھونا ہوا مین لودھ پٹھانی رال سفید گل دھاوا اندر جو شیرین مغز بیلگری موچرس آنب کی گٹھلی خرما بریان
سیاہ مرچ کوٹ چھانکر گولیان بنائین حب بنگ بریان بیر کی پتیان نرکچور ہموزن لیکر چنے کے
برابر گولیان بناکر دونون وقت کھائین حب آنتون کے چھل جانے اور خونی اسہال کو جو
بغیر بخار کے ہووے مفید ہے گیرو کتھہ رال گوند کتیرا تخم کونچ مقشر مغز بیلگری کوٹ چھانکر جنگلی بیر کے
برابر گولیان بنائین اور صبح و شام ایک گولی کھائین حب لڑکون کے اسہال کے واسطے گلنار
ایک عدد الایچی افیون ہر واحد ایک ماشہ چاکسو رسوت نرکچور سفید زیرہ ہلدی نیب کی چھال بکاین
کی کونپل ببول کی کونپل ہر واحد دو ماشہ کوٹ چھانکر مونگ کے برابر گولیان بنائین خوراک دو گولی
حب لڑکون کے سبز رنگ دست آنے کو مفید ہے ببول کی پتیان لونگ مردار سنگ گلنار زعفران
نیب کی کونپل سونف سیاہ زیرہ سفید زیرہ سوہاگہ نمک بچ اجوائن برنگ کابلی ہر واحد سات ماشہ بایک
مینگ چنے کے برابر گولیان بناکر ایک گولی صبح ایک شام کھلائین اور کبھی مردار سنگ کے عوض زہر مہرہ
یا طباشیر اور کبھی بچ کے عوض مرچ ملاتے ہین الایچی کا سفوف قابض و ہاضم ہے

زنجبیل بریان بادیان بریان بڑی الائچی کا پوست مساوی پیسکر سفوف بنائین خوراک
ایک کف دست سفوف وجع ورب وشکری کو نفع دیتا ہی گوری مٹی کے چھوٹے سبوچہ مین رکھکر
کپرو ٹی کرکے گرم تنور مین رکھین جب سرخ ہو جائے نکالکر پیسکر ایک درم لیکر دو درم شہد اور قدرے
نمک ملاکر کھائین غذا ساٹھی کے چاول کا خشکہ دہی کے ساتھ حب ہندی اسہال
خونی بواسیر اور ذرب کو بند کرتی ہی اور پیچش اور رنگ کی زردی کو نافع مصطگی سیاہ مرچ طباشیر
انار دانہ مغز تخم انبہ پیسکر میٹھے انار مین گل دھاوا انار دمساوی خشخاش کے پوست کے پانی مین
گولیان بنائین خوراک ایکدانگ ساٹھی کے چاولون کے پانی کے ساتھ غذا خشکہ اور مونگ کی دال
سفوف ہلیلہ سیاہ اسہال معدی اور زحیر صادق کیواسطے نافع ہی ہلیلہ گھی یا روغن بادام مین بھونکر دو تولہ
خشخاش کا پوست گھی مین بھونکر ایکتولہ کوٹ چھانکر سفوف بناکر برابر اسکے شکر ملائین خوراک ایکتولہ
صبح وسات ماشہ شام مؤلف نے اس نسخہ مین صمغ عربی بریان ملایا تھا بہت فائدہ کیا تخم کا سفوف
اسہال کو نافع ہی تخم گلنار سپاری کے پھول برابر سفوف کرکے موافق مزاج کے پانی کے ساتھ کھائین
سفوف بادیان بلغم کے اسہال کو نافع ہی اور مقوی معدہ اور دافع ریاح ہی سونف گھی مین یہانتک بریان
کرین کہ سرخ ہو جائے پھر کوٹ چھانکر برابر اسکے شکر ملائین خوراک سات ماشہ سرد پانی سے سفوف انار اسہال
صفراوی کیواسطے نافع ہی کھٹے انار کے دانے سیاہ زیرہ بریان پانچ درم آملہ ایکمثقال گوگل دھنیا پسا ہوا چار درم
گلنار صمغ عربی ہر واحد ایکدرم سفوف بنائین خوراک دو درم تک سفوف کشنیز اسہال دموی کے دفع
کرنے مین جو بغیر سدہ ہو مجرب ہی تخم جامن سوختہ تخم کنار سوختہ شاخ گوزن سوختہ حلیت بریان خشخاش
بریان منقی بریان ہر واحد ایکدرم ہلیلہ سیاہ بادیان ۱۲ ماشہ انار دھنیا تخم خرفہ کا صمغ عربی نشاستہ سیاہ زیرہ
سفید زیرہ تخم خرفہ سونٹھ اسبغول بارتنگ تخم ریحان ہر ایک دو درم لیکر بریان کرکے تخم خرفہ و اسبغول
و بارتنگ کو ثابت رکھین اور گل دھاوا اتیس انار مغز بیلگری رال کتھہ سفید کتیرا مغز تخم کوبج
بڑی الائچی کا پوست ثمر کچور گلنار ہر واحد آدھا درم کوٹ چھانکر سفوف بنائین خوراک موافق
مزاج کے دو مثقال نمک پانی کے ساتھ سفوف کہ اسہال کو نافع ہی سونٹھ بادیان رال خرما بریان

ہلیلہ سیاہ روغن مین بریان کرکے مغز بیلگری مساوی لیکر سفوف بناوین سفوف کہ اطفال کے
اسہال کو نافع ہی انار کی کلی مول کی چتیان بادیان بریان ہرایک تھوڑا پوست خشخاش سوختہ
برابر سبکے ملائین اور تھوڑا سن کے موافق دین سفوف گل دھاوا آملہ بیلگری اندرجو تلخ مساوی کوٹ
چھان کر سن و مزاج کے موافق شہد مین ملا کر چاٹین سفوف لڑکون کے اسہال کے واسطے
جو دانت نکلنے کے وقت عارض ہوتا ہی مغز بیلگری کتھہ آملہ کا پوست کوٹ چھانکر سفوف بنائین خوراک
موافق مزاج کے سفوف کہ اسہال کی سب قسمون کو نافع ہی شیطرج ناگرموتھا لودھ اندرجو محرس
بیلگری گل دھاوا مساوی کوٹ چھانکر سفوف بنائین خوراک ایک درم سفوف کہ اسہال
بلغمی کو نافع ہی سونٹھ بھونکر گل دھاوا موچرس اجمود مساوی لیکر سفوف بنائین خوراک
ایک تولہ سفوف کہ اسہال کو روکتا ہی اور اہل ہند کا مستعمل ہی چنے بھونکر مقشر کرکے
جوسے کی ہنگنیان ہر واحد ایک درم کوٹ چھان کر سفوف بنائین اگر اسہال قوی ہو چھ ماشہ
ورنہ چار ماشہ استعمال کرین دیگر بیلگری خس موتھا دھنیا مساوی کوٹ چھانکر ساٹھی کے چاول
کے ساتھ استعمال کرین دیگر اطفال کے اسہال کو نافع ہی افیم ایک ماشہ یا کم یا زیادہ پانی
مین پیسکر دین اور جوان کو ایک تولہ تک موافق مزاج کے کھلائین دستون کو بند کرتا ہی اور
چاہیے کہ تھوڑا کلنار بھی ملا لین دیگر سنگرہنی کے واسطے مجرب ہی اسبغول بریان مغز بیلگری انار
مغز تخم انبہ مغز تخم جامن نمک نفطی ناگرموتھا خشخاش سونٹھ سوائے اسبغول کے سب ادویہ کوٹ
چھانکر باہم ملا کر ایک کف دست صبح کو کھائین دیگر اُس اسہال دموی کے واسطے جو شدت کے
سبب سے ہوتا نافع ہی مغز تخم انبہ مغز تخم جامن تخم کوچ بموافق مزاج ساٹھی کے چاول کے پانی کے ساتھ
کھائین دیگر قبض اور پیٹ کے درد کو مفید اور کھانے کو بھی ہضم کرتا ہی بادیان دو درم سیاہ زیرہ
ایک مثقال سونٹھ ایک درم تینون دوائیان بریان کرکے اجمود اجوائن ہر واحد ایک درم پودینہ خشک
تخم ہر واحد ایک مثقال کوٹ چھانکر سفوف بنا کر دو درم سے دو مثقال تک دین سفوف کہ اسہال کو
نافع ہی ہر ہانڈی مین بھر کر منھ اُسکا بند کرکے کپڑ مٹی کرین پھر آگ مین رکھدین جب جل جائین نکال

ایک کف دست ہر صبح کھائین غذا خشکہ یا دہی یا مونگ کی دال سفوف بادیان بریان
تخم ابنہ کہنہ مساوی الوزن پرانی شکر برابر ملا کر آدھا دام کھائین آملہ کا شربت اسہال کو دفع
کرتا ہی اور استعمال اسکا الائچی کے دانہ کے ساتھ متلی کو نفع دیتا ہی اور شیرہ تخم خرفہ کے ساتھ حمیات کو
فائدہ کرتا ہی آملہ چار درم نیمکوب کرکے آدہ سیر پانی مین بھگو کر جوش دین جب نصف باقی رہے صاف
کرکے پاؤ سیر شکر ملا کر قوام مین لائین بیلگری کا شربت قابض و معدہ کو قوت دیتا ہی مغز بیلگری آدھ پاؤ
آدھ سیر پانی مین بھگو کر جوش دین جب نصف باقی رہے آدھ پاؤ قند مین قوام کرین خوراک مزاج کے
موافق معجون آملہ معدہ کو قوت دیتی ہی اور اسہال کو روکتی ہی قائم مقام نوشدارو کے ہی آملہ کا شیرہ
چھ درم الائچی ناگرموتھا ہر واحد دو درم نرکچور بالچھڑ پنج صمغ عربی ہر واحد ایکدرم مغز بیلگری تین دام
کوٹ چھانکر سہ چند شکر مین معجون بنائین جوشاندہ اسہال کو نافع ہی دو دام تمیر بالائین پاؤ پانی مین
جوش دین جب آدھ پاؤ رہے صاف کرکے پئین اور شام کو اسی دوا سے صبح کو ڈیڑھ پاؤ پانی مین جوش
دین جب نصف رہے صاف کرکے پئین ایک ہفتہ مین سنگرہنی دفع ہووے بیلگری کا عرق معدہ
کو قوت دیتا ہی اور اسہال کو نافع ہی اور زحیر او سنج مین قائم مقام عرق بادرنگ کے ہی مغز بیلگری
خشک یا تازہ کو پانی مین بھگو دین صبح عرق کھینچین جامن کا شربت قی اور متلی کو بند کرتا ہی اور
اقسام اسہال خونی او معدی او پیچش او ربواسیر کو نافع ہی جامن پختہ نچوڑ کر تھوڑے گلاب مین اگر
ہو بہتر ورنہ پانی مین قوام کرین پھر چوتھائی قند ملا کر شربت بنائین اور آخر قوام اگر بعض دوائیان
قابض مثل طباشیر او صندل کے گلاب مین گھسکر ملائین قوی العمل ہووے جوشاندہ مجرب دستون کو
روکتا ہی دھنیا ناگرموتھا خس سونٹھ مغز بیلگری ہر واحد پانچ ماشہ نیمکوب کرکے ڈیڑھ پاؤ پانی مین
جوش دین جب سوم حصہ رہے صاف کرکے پئین غذا خشکہ مونگ یا مسور کی دال کے ساتھ اور
اگر یہ دوا دو تین روز مین فائدہ نکرے دو ہفتہ تک دین اور اگر مزاج مین گرمی نہو سونٹھ زیادہ کرین
جوشاندہ اسہال اور ذرب کے واسطے مفید ہی [illegible] ہر واحد دو یا سہ تولہ خشخاش کا
پوست مغز بیلگری ہر ایک تین ماشہ آدھ سیر پانی مین جوش دین جب تہائی رہے صاف کرکے

پیین جوشاندہ دفع اسہال مین مجرب ہی اسگند بالا مین گل دھاوا کنیر کی چھال تین ناگرموتھا
بیلگری سونٹھ لودھ پٹھانی گلو ہر ایک ڈیڑھ ماشہ لیکر ایک سیر پانی مین جوش دین جب آدھ پاؤ رہے
صاف کرکے پیین اسی طرح سات روز استعمال کرین دوا برگد کا دودھ ناف مین بھر دین اور ناف کے
گرد بھی لگائین قرص اسہال کے واسطے نافع ہی مغز خستہ جامن مغز خستہ انبہ ہلیلہ زرد گھی مین
بھونین جب پھول جاے برابر پیسکر قرص بنائین خوراک ایک مثقال طلا آنب کی چھال
دہی کے پانی مین پیسکر ناف کے گرد لگائین اور بعضون نے سرکہ مین پیسکر طلا کرنا لکھا ہی طلا
نافع اسہال آملہ گھی مین پیسکر ناف کے گرد دائرہ بنائین اور کنارہ دائرے کا بلند
رکھین پھر اسمین ادرک کا شیرہ بھر دین اور اسی طرح تھوڑی دیر رہنے دین اگر پانی
کے دست آتے ہون بند ہو جائین مجربات اکبری مین لکھا ہی کہ یہ دوا سب دوائیون
کی بادشاہ ہی دوا اسہال معدے کو نافع ہی بیلگری تازہ بریان کرکے تھوڑی شکر ملاکر
ایک تولہ کھائین بہت مفید ہی فائدہ قے کرنا اسہال مین دستون کو بند کرتا ہی دوا
اسہال مزمن کے لیے کھیتھے کے بیج بھون کر کھانا اسہال کو دفع کرتا ہی دیگر دست بند کرے
مولی کے بیج بھونکر نو ماشہ برابر اسکے شہد ملاکر کھائین دیگر گولر کی کونپل ایک تولہ پیس کر
پیین دیگر آملہ روغن زرد مین بریان کرکے پانی مین پیسکر ناف کے گرد لگائین اور تھوڑی
افیون ادرک کے عرق مین حل کرکے دو تین قطرے ناف پر ٹپکائین دیگر گولر کے درخت
کا دودھ ایک ماشہ برابر کھائین دیگر بیر کے ستو قبض و اسہال کو دفع کرتے ہین اور
معدہ کی استرخا اور اسہال صفرا کو نفع دیتے ہین دیگر نافع اسہال صفراوی چاولون
کی پیچ پیین دیگر دودھی سبز پیس کر ایک پیالہ پیین دیگر پنیر پرانا لیکر اس قدر
دھوئین کہ اس مین نمک کا اثر باقی نہ رہے پھر اسکو بھون کر کھائین دیگر مسور مقشر
بھونکر استعمال کرنا قاطع اسہال ہی دیگر اگر جمال گوٹے کے کھانے سے اسہال ہون
آدھا درم کتیرا پیسکر دہی مین ملاکر کھائین فصل زحیر کا علاج جسکو عوام پیچش کہتے ہین اور

وہ دو قسم ہی صادق و کاذب صادق وہ ہی کہ تخم ریحان یا اسبغول یا مثل اُسکے کھائین بجنسہ
پاخانے مین نکلے آپین ادویہ قابضہ کا استعمال کرین اور کاذب وہ کہ دوائے پاخانے مین نکلین
پس زحیر کاذب مین جبتک مسہل نہ دین اور سدہ دفع نہووے قابضات کا استعمال نکرین کسواسطے کہ
اول قابضات دینا موجب سُدہ اور زور دار ربلا کی بیمار کا ہی جوشاندہ کہ زحیر کاذب کو نفع دیتا ہی
املتاس پانچ درم بادیان نیکوفتہ دو درم تخم خطمی بیخ خطمی ہر ایک ڈیڑھ درم لسوڑہ پچیس عدد
ادویہ جوش دیکر صاف کرکے املتاس ملا کر تھوڑا گھی ڈالکر ایک تولہ گلقند سے میٹھا کرکے پیوین
اور اگر سقدر دیر ہووے بنفشہ و آلوے بخارا اور مویز منقے بھی ملاتین و الا غریبون کو اسیقدر
کافی ہی اور دوسرے روز تخم ریحان و اسبغول ہر واحد ایک ایک مثقال استعمال کرین پھیر
بتدریج قابضات یا مقویات معدہ کے دین دوا اسہال و پیچش کو نافع ہی آنب کی چھال لیکر
پوست سیاہ اُسکے اوپر کا دور کرین اور اندر کا پوست اُسکا کہ زردی مائل ہوتا ہی لیکر پانی مین
گھسکر اور تھوڑا پانی اُسمین ملا کر جلد پی لین کیونکہ اگر ایک لمحہ دیر ہو گی جم جائیگا پھر پیا نجائیگا اس
دوا کے استعمال سے تین روز مین شفا ہوتی ہی دیگر اُس پیچش کو مفید ہی جو گرمی کے ساتھ ہووے
اسبغول بریان دو درم صمغ عربی گیرو ہر واحد ایک درم اجواین چوتھائی درم اور جو گرمی نہووے
بلکہ نفخ ہووے تو یون بریان دو درم السی بریان صمغ عربی گیرو ہر واحد ایکدرم ابہل آدھا درم
اجواین چوتھائی درم دیگر زحیر صادق کے واسطے تخم ریحان صمغ عربی ہر ایک مساوی بریان
پیسکر تخم ریحان ثابت رکھکر ایکتولہ سفید زیرہ کے شیرہ مین ملا کر دین دیگر نافع زحیر صادق ہر کی پتیان
ایکدرم سفید زیرہ آدھا درم پیسکر پیوین سفوف اسہال خونی اور زحیر صادق کیواسطے نافع ہے
بال کتھہ مغز بانگری تخم کوبخ برابر لیکر سفوف بنائین خوراک دو درم تک دیگر آنتون کے زخم اور
اسہال خونی کے واسطے کیتر بارہ سینگے کا سینگ جلا کر برابر لیکر سفوف بنائین خوراک ایکمثقال
دوا اینٹھی زحیر کو نافع ہی سفید زیرہ چار ماشہ اجواین پانچ ماشہ افیون دو سرخ باریک کوٹ
چھانکر تین خوراک کرین اور ساٹھی کے چاول کے ساتھ کھائین غذا کھچڑی جوشاندہ

زحیر صادق کو مفید ہی گل دھاوا تیل کا گوند مساوی پانی مین جوش دیکر صاف کرکے پیین اور
میٹھے تیل نیم گرم سے حقنہ کرنا پیچش کے دفع کرنے مین مجرب ہی دوا پیچش و زحیر خون اور بلغم کے اسہال
کو نافع ہی مروڑ پھلی ایک دام پانی مین بھگو کر ہاتھ سے ملکر صاف کرکے کھائین غذا کھچڑی کھائی
اور نمکین چیزون سے پرہیز کرین دیگر نافع پیچش سانگر کی پھلی پکا کر خشکہ کے ساتھ کھائین دیگر
نافع زحیر صادق رال شکر سفید ہر واحد ایک دام خشخاش کا پوست بریان ایک عدد کوٹ
چھانکر کت دست کے برابر کھائین سفوف ملین زحیر صادق کیواسطے نافع ہی گیرو تخم ریحان بریان
دونون ثابت رکھکر تخم چوکا ہر ایک دو درم گلنار صمغ عربی نشاستہ ہر واحد ایک درم کوٹ چھانکر سفوف
بنائین سفوف ہلیلہ قابض اور زحیر کو نافع ہی اور معدہ کے درد کو مفید ہلیلہ سیاہ کڑوے تیل
مین بریان کرکے صمغ عربی بریان کرکے سیاہ زیرہ مدبر بریان بادیان روغن مین بریان
کرکے ہر واحد ایک درم اسبغول ثابت بالم کی جڑ ہر ایک دو درم کوٹ چھانکر سفوف بنائین خوراک
چار دام سفوف مقلیاثا یعنے بالون کا سفوف زحیر کو نافع ہو مقلیاثا یعنے بالون تخم ریحان
اسبغول ہر واحد دو درم تینون اجزا کو ثابت رکھکر صمغ عربی نشاستہ تخم خطمی ہر واحد
ایک درم سفوف بنائین اور جو زحیر صادق ہو چاہیے کہ تینون تخم اول کو بریان کرین خوراک
چار دام تک نقوع کہ پیچش کو نافع ہی فالسہ کی جڑ نیمکوب کرکے رات کو پانی مین بھگو دین
صبح لعاب اسکا لیکر ایک تولہ اسبغول کے ساتھ کھائین جوشاندہ پیچش کو شدت درد کے
وقت نافع ہی تخم ریحان ایکتولہ پاو سیر گلاب مین اگر میسر آئے نہین تو آدہ سیر پانی مین جوش دین
جب آدھا باقی رہے مع تخم ریحان کے پیین جوارش مقلیاثا زحیر اور مغص یعنی مروڑا اور
بواسیر کے واسطے مفید ہی سیاہ زیرہ بریان ہلیلہ گھی مین بھون کر ہر ایک آدھا حصہ
بالون بے کوٹا ہوا بریان ایک حصہ مصطگی تہائی حصہ بدستور قند مین قوام کرین خوراک
دو درم اور اگر مصطگی میسر نہ آئے گوند ملائین سفوف نافع زحیر تخم خطمی بریان تخم خبازی
ہر ایک پانچ درم نشاستہ بریان تین مثقال صمغ عربی گیرو ہر ایک دو مثقال سفوف بنائین

خوراک تین درم تک دیگر نافع بچش گیرو صمغ عربی اسبغول تخم ریحان نشاستہ مساوی سفوف بناکر
خوراک تین درم دیگر خون آنے کو نافع ہے رال سونٹھ بادیان پوست انار خشخاش ہر واحد آدھا دام
شکر دو دام کوٹ چھانکر آدھے دام کے برابر تازہ پانی مین ہر صبح وشام کھایا کرین غذا چاول
اور مسور کی دال دیگر بابگری ایک تولہ کراکی چھال دو تولہ بادیان ہلیلہ زنگی ہر واحد ایکتولہ
اسبغول چہ ماشہ مصری تین تولہ ہلیلہ کو گھی مین بریان کرکے سوائے اسبغول کے کوٹ چھانکر
سبکو ملادین خوراک سات ماشہ سے ایکتولہ تک دیگر زحیر صادق کے واسطے ہلیلہ سیاہ گھی مین بھونکر سونٹھ
بادیان بریان ہر واحد ایک تولہ شکر ملاکر موافق مزاج کے دین دیگر آنتون کے چھل جانے کو نافع
ہے سانگری کتھہ مساوی لیکر سفوف بنائین دیگر اسہال صفراوی اور دموی اور زحیر کیواسطے نافع
ہے صمغ عربی ہر روز تین مثقال تین روز یا گیارہ روز تک پیسکر کھائین اور اگر اسہال مین شدت ہو
خشخاش کا پوست باریک پیسکر ایک مثقال سے دو مثقال تک پینا مجرب ہے اور اگر صمغ عربی ملائین
مفید زیادہ ہے حب اسہال اور زحیر بلغمی کو مفید ہے سونٹھ بادیان خشخاش تینون بریان کرکے دو درم
کوٹ چھانکر قند سیاہ اور گھی مین گولیان بناکر رکھین دیگر زحیر صادق کے واسطے افیون لہسن
مساوی لیکر سیاہ مرچ کے برابر گولیان بناکر ساٹھی کے چاول کے پانی کے ساتھ استعمال کرین دیگر
زیادتی اسہال اور زحیر صادق کو نافع ہے افیون خالص چونہ مساوی لیکر موٹھ یا مسور کے برابر گولیان بناکر موافق
مزاج کے ایک صبح ایک شام کھائین دیگر آنتون کے چھل جانے اور زحیر صادق کیواسطے مفید ہے مازو
مائین ہر ایک دو درم صمغ عربی ایک درم افیون آدھا درم سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین خوراک
جوان کے لیے دو گولی اور لڑکے کیواسطے ایک گولی دیگر مازو چار حصہ افیون دو حصہ اجوائن
ایک حصہ کوٹ چھانکر چنے یا مونگ کے برابر گولیان بناکر ایک گولی صبح کھایا کرین دوا کہ
زحیر صادق اور اسہال کو دور کرتی ہے درخت موہ کی چھال لیکر شیرہ اسکا چار دام کے برابر نکالکر
برتن مین رکھکر آگ پر رکھین اور تین ماشہ سونٹھ پیسکر اسمین ملائین جب تین جوش کھائے
اُتار کر نیم گرم پئین ترشی اور بادی سے پرہیز کرین دیگر خرمائے ہندی یعنی کھجور ایکدرم پیسکر تھوڑے

دہی مین ملاکر کھائین دیگر انار کی پتیان ایک پیالہ پانی مین پیسکر پئین دیگر کتیرا رات کو پانی مین
بھگو دین صبح تھوڑی شکر ملا کر پئین دیگر لسوڑہ کی کونپل پیسکر گولیان بناکر کھائین دیگر سپاری
جلا کر دہی مین ملاکر کھائین دیگر تخم ریحان کو مٹی کے برتن مین رکھکر اوپر سے دو تین قطرہ
میٹھے تیل کے ڈالکر آگ پر سرخ کرکے کھائین اسہال کی زیادتی کو منع کرتا ہی دیگر ملتانی مٹی
پیسکر بیدانہ یا اسبغول کے لعاب مین ملاکر دین دیگر سفید زیرہ دہی کے ساتھ کھائین دیگر ابتدا
خراش امعا کو مفید ہی صمغ عربی چار درم سرد پانی مین ملاکر پئین خراش کو دفع کرتا ہی فصل
قولنج کا علاج یہ مرض بسبب پڑجانے سدہ کے امعاء قولون مین عارض ہوتا ہی اسمین
ریح اور پاخانہ کا خروج بدشواری درد کے ساتھ ہوتا ہی علاج اگر قولنج ریح سے ہو وے سینک
کرین جسطرح معدہ کے درد مین اسکا بیان ہوا اور اگر بسبب ثقل یا بلغم کے ہو وے ملینات
دیگر مسہل پلائین اور جوشاندہ ملین جو پیچش مین مذکور ہوا قولنج کے واسطے بھی نافع ہی رینڈی
کے تیل سے جو معدہ کے درد مین مذکور ہوا مالش کرین حب کہ قولنج کو دفع کرتی ہی اور ہندی مین
مستعمل ہی پھٹکری بریان اجواین پیپلا مول سیاہ مرچ مغز کرنجوہ بابرنگ ایلوا سیاہ نمک برابر
کوٹ چھان کر ادرک کے پانی مین چار ماشہ کے برابر گولیان بناکر ایک گولی درد کیوقت
کھائین آبزن قولنج کے واسطے نافع ہی رینڈی سویہ کے بیج ملکو تخم خطمی بابونہ ہر ایک تھوڑا
لیکر پانی مین جوش دین جب نصف رہے صاف کرکے اسمین بیٹھین جوارش طبیعت کو
نرم کرتی ہی اور مسہل بلغم اور مقوی معدہ اور دافع قولنج ہی مویز منقی پاؤ سیر مصطگی ساڑھے چھ
درم تربد سفید دس درم کوٹ چھانکر منقے کو بیج نکالکر گلاب مین پیسکر اودویہ مین ملائین خوراک
دو درم اور جو ہمیشہ استعمال کرین تین درم تک ہی حب نافع قولنج اہل ہند کی مستعمل ہے
مغز کرنجوہ رینڈی کا مغز پھٹکری ہینگ سونٹھ برابر پیسکر بیر کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک
گولی نیم گرم پانی کے ساتھ حب پیٹ کی گرانی کے لیے ایک گولی گرم پانی کے ساتھ دین اور
پیٹ کے درد اور ہیضہ کے واسطے شیرۂ بادیان کے ساتھ دو گولی اور رفع قبض کے لیے پانچ گولی سرد پانی

کے ساتھ اور استعمال لانے کیواسطے آٹھ گولیاں گرم پانی کے ساتھ نافع ہین اور اگر گولیون کے
استعمال سے گرمی معلوم ہووے شربت گلاب مین پیا کرین نسخہ گولیون کا یہ ہے جمال گوٹہ ہرایک
درم ریونڈ ی کا مغز دس درم پوست ہلیلۂ زرد دو درم پارہ سہاگہ بریان جواکھار ہلدی ہر یک درم
ہر واحد ایک درم سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین جب پیٹ کے درد کو نافع ہو پیپل کے پتے
اڑھائی عدد چیاگر گڑ مین ملا کر گولیان بنا کر کھائین دیگر باد گولہ کو مفید ہے مغز سمندر پھل کف دریا
لاہوری نمک سیاہ نمک سجی سفید ترمد جواکھار سہاگہ پوست ہلیلۂ زرد پیپل سونٹھ ہینگ نمک کابلی
ہر ایک اڑھائی ٹانک املبید دس ٹانک کوٹ چھان کر گولیان بنائین خوراک دس ٹانک دیگر قولنج
اور اسکے درد کو نافع ہے ایلوا سہاگہ سیندھا نمک جواکھار ی گھیکوار کے لعاب مین بیر کے برابر
گولیان بنائین معجون مسہل سناء مکی پچیس درم بنفشہ شیر خشت یا ترنجبین گلاب کے پھول
پوست ہلیلۂ زرد شاہترہ ہر ایک پانچ درم مویز منقی پاؤ سیر شہد تین وزن خوراک تین مثقال
سفوف کہ دست لاتا ہے اور ہاضم ہے پوست ہلیلۂ زرد ہلیلۂ سیاہ لاہوری نمک سناء مکی پیس کر
نوماشہ کے برابر گرم پانی سے سوتے وقت کھائین شیاف کہ دست لاتا ہے گڑ تانبے
کے برتن مین آگ پر رکھین تاکہ گھل جائے پھر نمک پیس کر ملائین جب منعقد ہو جائے سر کرکے
شیاف بنا کر روز استعمال کرین اور فقط نمک کا حمول بھی فراغت سے دست لاتا ہے شیاف
قولنج کھولنے کے واسطے مغز تخم معود پانی مین صلایہ کرکے شیاف بنائین دیگر موم دو درم
اسمین آدھا درم نمک ملا کر روغن سے چرب کرکے شیاف کرین اور شیاف جب نکل آوے
پھر رکھین دیگر مدار کی جڑ گھول کرکے مقعد مین رکھنا فراغت سے دست لاتا ہے اور پانی مین
پیسکر پیٹ پر بھی نیم گرم ضماد کرین دیگر چوہے کی مینگنیان سانبھر نمک برابر شکر ملا کر نرم آگ پر
جما کر مثل خرما کی گٹھلی کے فتیلہ بنا کر روغن سے چرب کرکے مقعد مین رکھین شیاف دیگر صابون
کا ٹکڑا مثل خرما کی گٹھلی کے بنا کر روغن سے چرب کرکے رکھین جوشاندہ قولنج کو نافع ہے سوئے
کے بیج میتھی ہر ایک دو تولہ یا کم و زیادہ موافق مزاج کے لیکر جوش دیکر دو تولہ گھی مین ڈالکر پین دیگر

قولنج اور پیٹ کے درد کو نافع ہی سونٹھ ارنڈ کی جڑ ہر واحد ایک درم ہینگ سونچر نمک ہر ایک
ایک ماشہ سونٹھ اور ارنڈ کی جڑ کو تین پاؤ پانی مین جوش دین جب آدھ پاؤ رہے صاف کرکے
پہلے ہینگ اور نمک باریک کرکے گولی بنا کر کھالین پھر اوپر سے جوشاندہ پیین دوا ارنڈ کی جڑ جلا کر
راکھ اسکی ایک کف دست کھائین تو قولنج اور پیٹ کا درد دور ہو جاتا ہی محمد زکریا نے کہا ہی کہ مین نے
دیکھا بہت آدمیون کو قولنج عارض ہوا کرتا تھا انھون نے بھیڑیے کی کھال اپنے استعمال مین رکھی
یہان تک کہ اسی پر بیٹھتے تھے اور سوتے تھے اور گھوڑے پر ڈال کر سوار ہوتے تھے پس حدوث
قولنج کا اس سے موقوف ہوگیا دوا اسداب کا تیل ملنا کہ نسخہ اسکا مذکور ہوا قولنج کے درد کو نافع ہی
جوشاندہ اس درد قولنج اور دفع قبض کے واسطے جو مزاج کی سردی کے ساتھ ہووے ارنڈ کی جڑ
دو دام اگر تر ہو چار دام لیکر آدھ سیر پانی مین جوش دین جب چہارم باقی رہے صاف کرکے
رینڈی کا تیل دو تولہ ہینگ تین ماشہ باہم ملا کر نیمگرم پیین دیگر تخم نا لون پانچ درم پانی مین جوش
دیکر شکر اور تھوڑا روغن کنجد ملا کر پیین دوا کہ بالخاصیت قولنج کو نافع ہی مہندی کے بیج
آدھ مثقال بادیان کے عرق یا اسکے شیرہ مین ملا کر کھائین دیگر ریاض مین منقول ہی کہ جو
شخص بارہ سنگھے کا سینگ جلا کر ایک چمچہ ماء العسل مین ملا کر نوش کرے پھر قولنج عارض نہووے
اور شدت درد کی موقوف ہو جاوے دیگر آدھا درم میٹھا تیل شکر مین ملا کر پینا قولنج کو نفع دیتا ہی
دیگر گرم پانی پینا اس قولنج کو کہ بسبب ضعف کے ہووے زائل کرتا ہی دیگر بکری کی مینگنیان لڑکے
کے پیشاب مین جوش دین پھر پیس کر کپڑے پر لگا کر نیمگرم طلا کرین دیگر ساکھو کے پتون کا عرق نچوڑ کر
اسمین بارود پیس کر ناف کے گرد ملین دیگر چنبیلی کا تیل گرم کرکے روئی اس مین بھگو کر پیٹ پر
رکھین دیگر صابون گرم پانی مین حل کرکے پیٹ پر اسکے گرد لگائین دیگر حقہ پینا قولنج کے
درد کو فائدہ کرتا ہی دیگر بالخاصیت قولنج کے درد کو نافع ہی جب لڑکا پیدا ہو اسکے ناف کا
ٹکڑا اپنے پاس رکھین قولنج عارض نہووے طلا رینڈی کا مغز ایلوا مغز تخم مہوہ سبکو کوٹ کر
سرکہ مین پکا کر نیمگرم طلا کرین دیگر لہسن کھانا اور پیس کر لگانا قولنج کے درد کیواسطے عجیب ہی

دیگر بکری کا بتہ نیم گرم ناف کے نیچے ملنا دست لاتا ہے اور خاصتہً دفع قبض لڑکون کے لیے
بہت مفید ہے ضماد داہل ہند کا مستعمل ہے دست برابر لاتا ہے اور دبۂ اطفال کے لیے بہت مفید
ہے سہاگہ تپایا توتیا مغز چہال گوٹہ ہر واحد ایک درم تھوہڑ کے دودھ مین پیسکر ناف کے گرد ضماد
کرین قرص کندر آنتون کے درد اور پیچش کو نافع ہے کندر سویہ کے بیج سونف ہر ایک پانچ درم
تخم کرفس تین درم اجواین اڑھائی درم کوٹ چھانکر پانی مین قرص بنائین شربت ایک مثقال
ایک شخص کے معدہ مین کیڑے پڑ گئے تھے اسکو مین نے مسہل دیا کیڑے دفع ہو گئے پس
ضعف ہضم عارض ہوا اور بسبب نفخ اور نہ ہضم ہونے غذا کے کبھی کبھی کیڑے پیدا ہوتے تھے
یہ معجون مین نے اسکے واسطے تجویز کی مفید ہوئی پودینہ سونف صعتر انیسون زیرہ پوست اترج
دارچینی زرنب سونٹھ ہر واحد ایکدرم اجواین آدھا درم الائچی دھنیا صندل گلاب مین پیسکر
ہر ایک دو درم آملہ کا مربا تخم نکالکر چار عدد سہ چند شہد مین معجون بنائین فصل دیدان شکم یعنی پیٹ کے
کیڑون کا علاج وہ آنتون مین پیدا ہوتے ہین اور انکے اقسام ہین ایک لانبے سانپ کے مشابہ
ہوتے ہین دوسرے چوڑے کہ انکو حب القرع اور کدو دانہ کہتے ہین تیسرے چھوٹے کیڑے سر کے کیڑون کے
مشابہ کہ امعا مستقیم مین پیدا ہوتے ہین اور یہ اکثر بسبب برائی کہانون اور مقعد کے اچھی طرح نہ دھونے
سے لڑکون کے امعا مین پیدا ہوتے ہین علاج ایک قدر روز دودھ پی کر یہ گولی استعمال کرین
سناء مکی گلقند ہر ایک پانچ تولہ پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ زنگی ہر واحد دو تولہ سونٹھ مویز منقا
ہر ایک ایک تولہ شہد مین گولیان بنائین خوراک ایک تولہ دھنیے کی جوارش کہانا جس کا
امراض معدہ مین مذکور ہوا نافع ہے اطریفل کہ دیدان کو نکالتا ہے پوست ہلیلہ کابلی
پوست بہیڑہ آملہ سیاہ برنگ کابلی ہر ایک دس درم تربد مجوف حب النیل ہر واحد آدھا درم
کیلا قسنطیح نمک ہندی ہر ایک تین درم کوٹ چھان کر سہ چند شہد مین ملائین خوراک
چار درم تک سفوف پیٹ کے کیڑون کو مارتا ہے اور دفع کرتا ہے اور ہاضم طعام ہے: کمود دم
برنگ کابلی لاہوری نمک جوا کہار پوست ہلیلہ زرد پیپل سونٹھ سب دواءین مساوی الوزن

ہینگ بھونکر ایک جزو کا آدھا حصہ کوٹ چھانکر خوراک دو درم نہار کمیلا کی حب پیٹ کے
کیڑون کے دفع کرنے کے لیے مفید ہی ہینگ پودینہ بابرنگ نمک ہندی پوست بلیلہ زرد
مساوی کوٹ چھانکر گولیان بنائین خوراک تین عدد اور کبھی انمین تربد مجوف زیادہ کرتے ہین
دیگر برنگ کابلی نمک ہندی ہر ایک دو درم تربد مجوف آدھا درم قند برابر لیکر گولیان بنائین
خوراک دو مثقال گرم پانی کے ساتھ سفوف کہ ہر طرح کے کیڑون کو نافع ہی برنگ کابلی
لاہوری نمک کمیلا پوست بلیلہ زرد مساوی چھان کر آدھا درم گائے کے دہی کے
ساتھ کھائین غذا کھچڑی حب دیگر دست لاتی ہی اور کیڑون کو دفع کرتی ہی سیاہ زیرہ
تین ماشہ برنگ کابلی درمنہ ترکی ہر واحد دو ماشہ تربد مجوف افسنتین سونٹھ کتیرا ایلوا
ہر واحد ایک ماشہ کوٹ چھانکر گولیان بنا کر کھائین یہ ایک خوراک ہی جو شافی نافع دیدان
شکم مین مستعمل ہی کھٹے انار کا پوست توت کی چھال ہر واحد دو تولہ نیم کوفتہ پانی مین جوش دیکر
صاف کرکے پئین دیگر کرم کلان اور کدو دانہ کو نافع ہی بکائن کی چھال دو تولہ آٹھ سکورہ
پانی مین جوش دین جب ایک سکورہ پانی رہے تھوڑا گڑ ملا کر کھا کر سو رہین اسی طرح سے
تین روز تک استعمال کرین حب معدہ کے کیڑون کو نافع ہی مغز کرنجوہ تخم پلاس یا بڑا اجواین
کمیلا بابرنگ قند سیاہ برابر لیکر گولیان بنائین خوراک آدھا درم دیگر چھوٹے کیڑون کے
واسطے جو لڑکون کی مقعد مین پڑجاتے ہین نافع ہی رسوت چاکسو مقشر ہینگ ہر ایک دو ماشہ
ایلوا ایک ماشہ سیاہ مرچ آدھا ماشہ نیب کی پتیان دو عدد کرونده کے عرق مین پیسکر جوار
کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی دیگر ملیم کتھ سفید افیون بیر کی پتیان پرانا ناریل
مساوی لیکر مونگ کے برابر گولیان بنا کر ایک گولی لڑکے کو کھائین دیگر دیدان کیواسطے نافع ہی
سویز منقی مین اسکے تخم کے برابر برنگ کابلی بھر دین جوان کو بیس دانے اور لڑکے کو پانچ دانے
دس دانے تک کھلائین اور بہتر وہ ہی کہ منقے کو بغل مین دیگر بیل کا سم جلا کر راکھ اسکی شہد یا گڑ مین
ملا کر کھانا حب القرع کو دفع کرتا ہی دیگر کرم صغار کو نافع ہی جو لڑکون کی مقعد مین پیدا ہوتے ہین

برگ شفتالو جلا کر روغن تلخ مین ملا کر مقعد پر ملین دیگر سیاہ دھتورہ کی پتیون کا شیرہ پان کا شیرہ
نکالکر ہر روز دو مرتبہ انگلی مین لگا کر مقعد کے اندر پھیرین یا کپڑے کا فتیلہ بنا کر دوا سے آلودہ
کر کے مقعد مین پھیرین سب کیڑے مرجائین دیگر نمک سے شیاف کرنا اطفال کے کیڑون کو مارتا ہی
دیگر دافع کدو دانہ اول شب دو تولہ کنجی تل تھوڑے گڑ مین ملا کر کھائین صبح اسکی چار درم کمیلا
ایک درم صابون ملا کر تین گولہ بنا کر گرم پانی سے نگل جائین سب کدو دانہ اسہال سے
نکل جائین دیگر پوست ترکی انار کے دانہ کے ساتھ نکوب کر کے ہر صبح بادام کے برابر کھائین
صاحب خلاصۃ التجارب نے اس دوا کو مجرب لکھا ہی دیگر نافع کرم صغار اطفال ارنڈ کے پتون کا شیرہ
یا بھنگرہ کے پتون کا شیرہ یا دھتورہ کے پتون کا شیرہ ہر روز دو تین مرتبہ مقعد مین ملین **فصل خروج المقعد**
یعنی کانچ نکل آنے کا علاج یہ مرض اکثر لڑکون کو بعد اسہال کے عارض ہوتا ہی ذرور نافع خروج
مقعد کہ اطفال کو عارض ہو پرانی چھالی کا چمڑہ جلا کر راکھ اسکی مقعد پر چھڑکین دیگر پہلے مقعد کو روغن
سے چرب کرین پھر لسوڑہ جلا کر میکر اسپر چھڑکین دوا لڑکون کی کانچ نکل آنے کو نافع ہی مریض پیشاب
اپنا برتن مین لیا جب جاجت سے فارغ ہو مرے اس پیشاب سے پہلے مقعد کو دھوئے پھر پانی سے استنجا کرے
دو تین روز مین فائدہ ہوتا ہی دیگر ببول کی چھالی برگ پان گل دھاوا جوش دیکر اسکے جوشاندہ مین بیٹھیا اسکے
پانی سے استنجا کرے دیگر آمب کی پتیان جامن کی پتیان اور چھال اسکی دونون نیمکوفتہ جوش دیکر
اس پانی سے آبدست لین دوا جب مقعد ورم کے سبب سے اندر نہ جائے چند مرتبہ گرم پانی مین بیٹھنا اور
روغن گل اسپر ملنا شفا دیتا ہی ذرور کانچ نکلنے کو نافع ہی بکری کا سم جلا کر مازو گل انار پوست انار
پھٹکری بریان برابر کوٹ چھانکر چھڑکین طلا انڈے کی سفیدی مقعد پر باہر اور بھیتر سے لگانا درد او
ورم کو نفع دیتا ہی اور فصد باسلیق کھولنا نافع ورم اور مسکن درد ہی ضماد مقعد کے ورم کو نافع ہی جو کا
آٹا مسور انڈے کی سفیدی روغن گل مین ملا کر ضماد کرین سفوف کہ خروج مقعد اور اسکے درد کو مفید ہی
سونٹھ آملہ ہر ایک ہر ایک درم دھنیا لاہوری نمک ہر ایک دو درم سیاہ نمک چار درم ہلیلہ مون یا لہ
درم کوٹ چھانکر سفوف بنالین خوراک دو درم **فصل بواسیر کا علاج** وہ دو قسم ہی ایک وہ کہ

مقعد کے کنارے مسون کی فرزونی ہووے اور اس سے خون نہ نکلے اسکو بواسیر خونی کہتے ہین دوسری
وہ کہ مقعد مین سے نہون اور پیٹ مین قراقر ہووے اور اگر مقعد پر فرزونی ہووے منتفخ ہوجاوے
اور خون نہ نکلے اسکو بواسیر بادی کہتے ہین علاج چوتڑ کی ہڈی پر سینگی لگانا بہترین علاج کا
ہی اور بواسیر کے خون کو ابتدا مین بند کرین مگر جب زیادہ نکلے اور مریض کی قوت ضعیف ہوجاوے
بند کردین طبیبون نے لکھا ہی کہ خنصر اور بنصر کے درمیان داغ دینا بواسیر کو مفید ہی اور ہتھیلی پر
داغ دینا بواسیر کے لیے نافع ہی اور بعد داغ کے روئی پانی مین بھگو کر اسپر رکھین تاکہ جاری
رہے ہارسنگھار کے بیج کی حب بواسیر کیواسطے نافع و بیمثل ہی ہارسنگھار کے بیج مقشر کرکے ایکتولہ
سیاہ مرچ تین ماشہ کوٹ چھانکر گولیان بنائین خوراک تین ماشہ سرد پانی کے ساتھ حب
بواسیر بادی کے لیے مفید ہے اور قبض نہین کرتی ہی اور ملین طبع ہی سونف پوست بلیلہ
زرد پوست بہیرہ آملہ ہر ایک دو درم گوگل رسوت چار درم گندنا کے بیج ایک درم انجیر
چار دانہ ہلیلجات کو اول گھی مین چرب کرکے دھکشمش کوٹ کر اسمین ملا کر گولیان بنائین خوراک
بقدر حاجت دوا گاے کا دودھ آدھ سیر مین اور جب دودھ کا پیالہ منھ سے لگائین لیمون
کاغذی کا عرق اسمین ڈال کر فوراً پی لین تین روز مین فائدہ ظاہر ہوگا گکروندہ کی
حب یہ نسخہ اہل ہند کا مستعمل اور مجرب ہی ایک سیر گکروندہ کا عرق نرم آگ پر جوش کرین
جب گاڑھا ہوجاوے ایک درم سیاہ مرچ پیسکر ملائین پھر کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیان
بناکر ایک گولی صبح ایک شام کھائین حب برگ کنگھی بواسیر خونی اور بادی کو نافع ہی کنگھی
کی پتیان سیاہ مرچ ہر واحد اکیس عدد پانی مین پیسکر سات گولیان بناکر ایک صبح ایک شام
کھائین حب بواسیر کے واسطے نافع ہی شورہ قلمی رسوت مساوی پیسکر جنگلی بیر کے برابر
گولیان بناکر ایک گولی صبح کو کھایا کرین ضماد کے واسطے بھی یہ گولی بہترین دوائی ہی دیگر
بواسیر خونی اور بادی کے لیے مغز تخم نیب مغز بکائین گوگل رسوت ایلوا سیاہ مرچ گیرو برگ بکو
کے شیرہ مین جنگلی بیر کے برابر گولیان بناکر ایک گولی صبح ایک شام کھائین دیگر بواسیر کا

خون بند کرے رسوت سات ماشہ مویز منقےٰ مع تخم چودہ ماشہ کتیرا سات ماشہ سب کوٹ
چھانکر جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین خوراک ہر صبح ایک گولی اُسکے اوپر سے دو لقمے
روٹی کے گھی کے ساتھ کھائین دیگر بواسیر خونی اور بادی کو نافع ہی رسوت دو حصہ پوست
انار چار حصہ گڑ آٹھ حصہ کوٹ چھانکر گولیان بنائین خوراک چار درم دیگر بواسیر
خونی کے واسطے سیپی سفید چونہ سفید چنے بھونکر ہر ایک آٹھ درم کوٹ چھانکر تیس درم
قند سیاہ مین ملاکر تیس عدد گولیان بنائین خوراک ایک گولی صبح و شام دیگر
بواسیر بادی کو نافع ہی ہلیلہ ایک درم سیاہ زیرہ آدھا درم دونون بریان کرکے
کوٹ کر گندنا کے پانی مین گولیان بنائین خوراک ایک ایک گولی حب گوگل بواسیر
خونی اور بادی کو مفید ہی پوست ہلیلہ زرد پوست بہیڑہ آملہ ہر ایک دس درم سیپ
جلاکر بارہ سنگھے کا سینگ جلاکر ہر واحد ایک درم اجوائن تین درم گوگل دو چند ادویہ
کے لیکر پانی مین پیسکر گولیان بنائین ایضاً نسخہ دیگر ہلیلہ سیاہ بہیڑہ آملہ ہر واحد ایک حصہ
قند برابر گلاب یا پانی مین پیسکر گولیان بنائین خوراک دو درم حب نافع بواسیر خونی
برگ بکائن پاؤ سیر کھاری نمک ایک دام پیسکر جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین حب
بواسیر خونی کے واسطے انڈے کا چھلکا جلاکر سندروس شیطرج ہندی ہر ایک پانچ ماشہ
نوشادر سرخ کوٹ چھانکر ریٹھے کے برابر گولیان بنائین خوراک چھ گولی حلوا بواسیر کے
خون بہنے کو نافع ہی گل چکندر باریک کوٹ چھانکر شکر اور گھی مین حلوا بناکر ایک تولہ کھائین
اطریفل بواسیر خونی اور بادی کو نافع ہی پوست ہلیلہ زرد پوست بہیڑہ آملہ دھنیا
ہر واحد ایک حصہ گوگل گندنا کے پانی مین حل کرکے تین حصہ تک سہ وزن شہد
مین تیار کرین سفوف کہ بواسیر کا خون بند کرے ایک عدد ناریل کے اوپر کا پوست لیکر
جلائین اور اُسکے برابر شکر ملاکر تین خوراک کرین خون جاری بند ہو جائیگا اور ایک برس
تک عود نکرے دیگر بواسیر بادی کو نافع ہی مغز تخم بکائن بادیان ہر واحد ایک درم

کوٹ چھانکر برابر اُسکے شکر ملاکر سفوف بنائین خوراک آدھا درم دیگر بواسیر کا خون بند
کرے اسپند سوختہ گندم سوختہ مساوی پیسکر خوراک تین ماشہ تک دو تولہ گھی کے ساتھ
دیگر اندر جو تلخ کہ جمیع افعال مین شیرین سے قوی زیادہ ہے بواسیر کے اسہال کیواسطے
مجرب ہے ہر روز چھ ماشہ سرد پانی کے ساتھ استعمال کرین دیگر سنگول کی جڑ کہ اسکو انگول
بھی کہتے ہین ایک ماشہ سیاہ مرچ مساوی اُسکے لیکر سفوف بناکر کھائین اور بخور بھی اُسکا
لینا دافع بواسیر ہے دیگر گل معصفر خونی اور بادی بواسیر کو نافع ہے گل کسم تین ماشہ پانی مین
پیسکر دہی مین ملاکر کھائین دیگر مولی کے ورق ورق تراش کر سایہ مین خشک کرین پھر
کوٹ چھانکر ایک کف دست برابر اُسکے شکر ملاکر چالیس روز تک پھانکین کالی زیری
کا سفوف بواسیر خونی اور بادی کے لیے مفید ہے کالی زیری تین درم نصف بریان و
نصف خام ہر روز ساٹھی کے چاول کے پانی کے ساتھ ایکدرم کھائین دیگر ایلیا زنگی گھی مین
بریان کرکے شکر ملاکر ہر روز ایک تولہ کھائین سفوف جوز یعنی اخروٹ کا سفوف خون
بواسیر کو بند کرتا ہے اخروٹ کا پوست جلاکر روب تا بعضات کے ساتھ مثل رب بہ
ورب انار کے کھائین سفوف بلہل بواسیر خونی و بادی کو نافع ہے بلہل کے بیج ایک حصہ
شکر دو حصہ ملاکر کھائین دو ماشہ سفوف بواسیر کے خون کو بند کرتا ہے نریل جلاکر تھوڑی
شکر ملاکر کھائین دیگر خاکستر تخم تر ہندی ایک ماشہ سے دو ماشہ تک دہی کے ساتھ کھائین
دیگر پاؤ سیر کندہ جلاکر راکھ اسکی گھڑے مین رکھکر آدھا گھڑا پانی اسمین ڈالکر آٹھ روز رکھین
اور ہر روز گھڑے کو حرکت دیا کرین آٹھوین روز پانی کو حرکت دیکر گھڑے سے چھانکر مٹی
کے تغار مین رکھین اور ثفل اُسکا دور کرکے سایہ مین خشک کرین پھر ہر روز چھ ماشہ
اسمین سے لیکر اسی طرح سات روز تک کھائین اور اس عرصہ مین مونگ کی دال کی
کھچڑی غذا کرین اور بعد سات روز کے پھر کھائین اور پرہیز نہ کرین چودہ روز مین
بواسیر بالکل دور ہو جائے پھر عود نہ کرے سفوف المانک بواسیر خونی اور بادی کو

نفع دیتا ہی مغز کرنجوہ ایک عدد باریک پیسکر ایک تولہ شکر ملا کر کھایا کرین اور مدت استعمال
اس دوا مین چکنی غذا کھائین سفوف جنگلی کبوتر کی بیٹ ببول کے پھول کی زردی برابر
لیکر باریک پیسکر ایک ماشہ صبحکو تھوڑا گلاب ملا کر کھائین ترشی اور بادی سے پرہیز کرین تین روز مین
آرام ہو جائے دیگر بواسیر کو نافع ہی ببول کے پھول برابر شکر لیکر ہر صبح ایک کف دست کھائین
دیگر اوندھا ہولی سایہ مین خشک کرکے باریک پیسکر نصف وزن اسکا سیاہ مرچ پیس کر
ملا کر آدھا دام تازہ پانی کے ساتھ کھائین سفوف خون کو بند کرتا ہی گیرو کھریا مٹی مساوی
آدھا دام لیکر دہی اور شکر کے ساتھ تین روز تک صبح کو کھائین دیگر زمین قند ٹکڑے ٹکڑے
کرکے سایہ مین خشک کرین پھر مقشر کرکے کوٹ چھانکر ہر روز ایک دام نہار کھانا نافع ہی دیگر کرڑا
کی چھال گوبھی چندن ناگیسر دوست مساوی سفوف بناکر ہر روز دو درم کھائین دیگر بواسیر کے
درد کو تسکین دیتا ہی پوست ہلیلۂ زرد گھی مین بریان کرکے بادیان ہر واحد ایک حصہ کوٹ کر
تخم بالون ثابت دو حصہ ملا کر ہر روز نوماشہ ایک چمچہ مٹھائی ملا کر کھائین جوشاندہ کہ بواسیر کو
نافع ہی کریل کی جڑ سایہ مین خشک کرکے پھر نیکوب کرکے تین سیر پانی مین جوش دین جب
آدھ سیر رہے صاف کرکے پاؤ سیر اس پانی سے صبح اور باقی شام کو نوش کرین سات روز
نہایت دس روز مین خون بند ہو جائے تو بواسیر بتدریج تحلیل ہو جائیگی نقوع کہ خون
بند کرے گل دھاوا ایک دام ایک پیالہ پانی مین ترکرکے شبنم مین رکھین صبح بے مالش
چھانکر نوش کرین اوپر سے ایک دام شکر کھائین دیگر آملہ مہندی کی پتیان ہر ایک ایک
دام ڈیڑھ پاؤ پانی مین رات کو بھگو دین صبح کو صاف کرکے پیئین دوا بواسیر کو نافع
ہر روسہ کی پتیان سایہ مین خشک کرکے کوٹ چھانکر رکھین اور ہر روز چار پانچ مرتبہ
مقعد پر ملین بخور بواسیر کے لیے نافع ہی بھنگ کی پتیان نیم کی پتیان بکائن کی پتیان
املی کی پتیان سنبھالو کی پتیان نیل کی پتیان مساوی کوٹ کر جوش دیکر بخور لین پھر بدلا
جوش دیکر بخور لین دیگر ہاتھون پاؤون کے ناخن تراش کر بخور لین دیگر ارہر کی

پتیان سرس کی پتیان گل دھاوا بھنگ کی پتیان لو وے برابر ایک درم جوش دیکر بخور لین
دیگر بھنگ کی پتیان گاے کے دودھ مین پکا کر پہلے اُسے کھائین پھر پیسکر مسے پر باندھین
دیگر گینڈہ کا سینگ جلا کر بخور لین دیگر کچلہ جلا کر دھوان اُسکا لین درد اور خون
دفع ہووے دیگر گلہری کا گوشت خشک کر کے کوٹ کر صبح و شام تھوڑا اُسے جلا کر
دھوان لین دیگر ارنڈ کے پتے پانی مین جوش دیکر بخور لین دیگر سنہ دس کا تیل ملنا
بواسیر کو خشک کرتا ہی خصوصاً گندنا کے بیج ملا کر ملنا دیگر جو اسکے جوشاندہ مین بیٹھنا بواسیر کو
نافع ہی دیگر بہل کی پتیان جوش دیکر اُس سے آبدست لین اور بہل کا ساگ دہی کے
ساتھ کھانا بواسیر کے خون کو دفع کرتا ہی دیگر استنجا روغن سے نافع بواسیر ہی سیندور چار ماشہ
گھی ایک دام پھول کے کٹورے مین ڈالکر درخت جیت کی لکڑی سے کہ اُسکے سر پر ایک دام
سیسہ لگا ہو حل کرین تا کہ اثر سیسہ کا بھی اُسمین آئے اور مثل مرہم کے ہو جاے بواسیر پر ملین
روغن وسمہ برگ تازہ نیل کوٹ کر عرق نکالکر میٹھے تیل مین جوش دین جب روغن رہجائے
بواسیر پر ملین دیگر روغن کراث یعنی گندنا کا تیل گندنا کا عرق نچوڑ کر اسکو ایک حصہ لیکر
آدھے حصہ میٹھے تیل مین جوش دین تا کہ پانی جلکر روغن رہجائے تھوڑا یہ روغن لیکر
تھوڑا گوگل اُسمین حل کر کے بواسیر پر لگائین دیگر روغن زرد آلو مغز تخم زرد آلو کا
بدون آمیزش قند مثل روغن بادام نکال کر بواسیر پر لگائین دیگر روغن دھتورہ میٹھے
تیل مین دھتورہ کا پھل جلائین جب روغن باقی رہے روئی اُسمین تر کر کے بواسیر پر
باندھین روغن عقرب سنگ مثانہ اور گردہ کو دور کرتا ہی اور بواسیر کو نفع دیتا ہی کئی بچھو
میٹھے تیل مین ڈالکر ایک شیشی مین بھر کر چالیس روز دھوپ مین رکھین وہ روغن لیکر بواسیر پر
لگائین دیگر گھی مکرر بواسیر پہ ملنا درد کو تسکین دیتا ہی طلا پانچ چھ تولہ سیسے کا
ایک دستہ بنائین اور ایک دام ببولہ کا مغز اُس سے پیسین جب بقدر ایک درم دستہ سے
بھی اُسکے ساتھ حل ہو کر دوا مثل مرہم کے ہو جاے طلا کرین دوا کچنال ورجان اور مولسری کی

چھال کو پانی مین جوش دیکر استنجا کرین بواسیر کو دور کرتا ہی روغن توتیا ایکماشہ ملتانی مٹی پانچ
ماشہ سیندور دو ماشہ میٹھا تیل دو تولہ پیسکر روغن مین ملا کر بعد پاخانہ پھرنے کے انگلی
سے بواسیر پر خوب ملین دوا نافع بواسیر آدھ پاو پھٹکری بریان کرکے گھی مین خوب حل
کرین کہ شکل مرہم کے ہوجائے پھر سویہ کے بیج پانی مین پکا پیسکر اول اسکو مقعد پر باندھین
بعد اسکے مرہم مذکور روئی مین تر کرکے مقعد پر رکھین اور صبح سے شام تک اور شام سے صبح تک
سات روز متواتر لنگوٹ کسے رہین سب مسّے بیٹھ جائینگے دیگر بواسیر کو نافع ہی برگ نرمہ
دو دام باریک پیسین اور مہندی نیم دام پیسکر اسمین ملائین اور گھی مین گرم کرکے کپڑے پر
رکھکر مقعد پر باندھین بہت مفید ہی دیگر بواسیر بادی کو نافع ہی عرق برگ گلرونده بواسیر
پر ملین اور اوپر سے برگ اسکے باندھین دیگر بیخ کنیر تازہ پانی مین پیسکر قدرے مسّون پر
کہ پاخانہ پھرتے وقت نکل آتے ہین لگائین اگرچہ یہ دوا بہت درد پیدا کرتی ہی مگر بہت
نفع دیتی ہی دیگر حنظل بواسیر پر ملنا نہایت مفید ہی دیگر آبزن بواسیر اور اسکے درد کو نافع ہی
جو اسمہ جوش دیکر اسمین بیٹھین اگر پیشاب بند ہوگیا ہو اسکو بھی کھولتا ہی دیگر اونٹ کے چمڑے پر
بیٹھنا بالخاصیت بواسیر کو نافع ہی دیگر آبدست کرنا حقہ کے اس پانی سے کہ زرد اور بدبو
ہوگیا ہو مفید ہی دیگر مدار کے پتون سے بجائے کلوخ کے مقعد پاک کیا کرین حمول بواسیر کو
نافع ہی تین روز مین مسّون کو دور کرتا ہی شورہ قلمی پھٹکری بریان پیسکر صابون کے پانی
مین گولیان بنائین پاخانہ سے فارغ ہوکر صبح و شام تین روز ایک گولی حمول کرین لیکن
اس دوا سے کچھ ایذا ہوتی ہی دیگر برگ ارنڈ سبز پیسکر مقعد پر باندھین دیگر خون بواسیر کو بند کرے
گوبھی جنگلی کا ساگ پکا کر کھائین دیگر سوزش بواسیر کو نافع ہی کائی مقعد پر ملین دیگر خون بند
کرتی ہی آنب کی کونپل پانی مین پیس چھانکر تھوڑی شکر ملا کر پئین دیگر برگ کسوندی بقدر
دو تولہ آدھ پاؤ پانی مین پیس چھانکر دو تین ماشہ گیرو ملا کر پئین دیگر جامن کی کونپل
دو دام شیرہ نکالکر تھوڑی شکر ملا کر پئین دیگر گیندے کی پتیان چھ ماشہ سے ایک تولہ تک شورہ

سیاہ مرچ دو ماشہ سے تین ماشہ تک پیسکر پئین دیگر فراش کہ ایک درخت ہی اُسکی کونپل ایکدرم تھوڑے پانی مین پیسکر چھانکر تھوڑی شکر ملاکر پئین دیگر بواسیر خونی اور بادی کو نافع ہے برگ الیہ برگ جامن ہر وا حد ایکدرام گاے کا دودھ پاؤ سیر تیون سے بے پانی ملائے عرق نکالین اگر نہ نکلے تھوڑا اور دودھ ملاکر نکالکر سب دودھ شامل کرکے تھوڑی شکر ڈالکر آٹھ روز تک اسی طرح پئین ترشی اور بادی سے پرہیز کرین دیگر بواسیر خونی اور بادی کو نافع ہی چاکسو مقشر تین درم پیسکر انگلی سے ملا کرین دیگر چاکسو مقشر تین درم پیسکر ڈیڑھ دانگ شکر سرخ کے ساتھ پئین دیگر بواسیر خونی کو نافع ہی بندال قند پُرانے مین ملاکر شیاف کرین تین روز مین دفع ہو دیگر برگ انبہ سبز ملاکر بجاے تنباکو کے حقہ مین پئین دیگر کلونجی جلاکر پیسکر ملنا فائدہ کرتا ہی اور شہد مین ملاکر حمول کرنا بھی بواسیر کو نافع دیگر ریندھی کا گودا بواسیر کے درد کو اگر بدون سوزش ہو تسکین دیتا ہی دیگر میتھی کا جوشاندہ بواسیر کو نافع ہی دیگر کوار خشک یا تر پانی مین پیسکر مصری مین ملاکر پینا خونی قے و خونی اسہال و خونی بواسیر اور خون حیض کو قطع کرتا ہی عرق گل صد برگ نافع بواسیر پاؤ سیر گیندے کی پنکھڑیان و دو سیر کیلے کی جڑ کے عرق مین رات کو تر کرکے صبح کو عرق کھینچین دو تولہ صبح اور دو تولہ شام کو پینا قطع بواسیر اور دفع مرض کے واسطے عجیب العمل ہی ذرور خروج مقعد یعنی کانچ نکلنے کو نافع تخم سن جلاکر کانچ پر ذرور کرین دیگر نافع قروح مقعد السی جلاکر مقعد کے زخم پر چھڑکین دیگر بکری کے سینگ یا سُم یا انڈے کا چھلکہ یا کاغذ جلاکر مقعد کُھجلا کر اُسپر ذرور کرنا مفید زخم ہی دیگر بسوزہ جلاکر ذرور کرین دیگر پُرانی چھلنی کا چمڑا جلاکر ذرور کرین دیگر مازو پوست انار پیسکر ذرور کرین

فصل علاج امراض کلیہ و مثانہ یعنی گردہ اور پھکنے کی بیماریان سنگ گردہ و مثانہ دونون مین فرق موضع درد سے معلوم ہوسکتا ہی ریگ اور پتھری گردہ مین سرخ رنگ ہوتی ہی اور مثانہ مین سفید علاج گاڑھی چیزون سے پرہیز کرنا ضرور ہی اور تلیین طبیعت اس بیماری مین لازم ہی

شربت برگ انگور گردہ کی پتھری کو نافع ہے تخم خیارین دو درم گوکھرو دس درم پپیتا و خشخاش دس دس درم
بسفائج سات درم تخم خربزہ تخم کرفس پانچ پانچ درم بادیان تخم کاسنی تین تین درم انگور کے پتے نرم چالیس درم
ایک اندن پانی مین بھگوئین صبح کو جوش دیکر سہ چند شکر مین شربت کا قوام کرین سفوف
حجر الیہود سنگ گردہ اور سنگ مثانہ کو دفع کرتا ہے حجر الیہود تین درم مغز تخم خربزہ مغز خیارین
گوکھرو کاکنج ہر ایک دو درم بادیان کرفس ہندی یعنی اجمود صمغ عربی ہر واحد ایک درم کوٹ چھانکر
سفوف بنائین خوراک دو درم چنے کے جوشاندہ کے ساتھ اور اگر ادویہ کو سہ چند شہد کے
ساتھ قوام مین لائین اسکو معجون حجر الیہود کہتے ہین سفوف گل داودی سنگ مثانہ کو نافع
ہے گل داودی کی پنکھڑیان خشک کرکے کوٹ چھانکر شکر برابر ملاکر کھائین اور جوش دیکر
پینا بھی مفید ہے دوا جوا کھار سہاگہ ہر ایک دو دو ماشہ گوکھرو کے شیرہ کے ساتھ نوش کرین
دیگر برگ نیب جلاکر کنار اسکا نکالکر دو ماشہ کھایا کرین دیگر انگور کی لکڑی کی راکھ چھ ماشہ
گوکھرو کے شیرے کے ساتھ نوش کرین دیگر کھجور کی کونپل خشک کرکے جلاکر اسکی
راکھ دو درم دو تولہ شہد مین ملاکر کھائین دیگر تل کی لکڑی جلاکر دو درم اسکی راکھ
ایک دام سرکے کے ساتھ کھائین دیگر جنگلی کبوتر کی بیٹ دو درم شکر اسکے برابر ملاکر پانی کے
ساتھ پھانکین خصوصاً اس کبوتر کی بیٹ جسکو عوض دانہ کے السی کھلائی ہووے حب
کرنجوہ سنگ مثانہ اور گردہ کو نافع ہے مغز کرنجوہ کوٹ چھانکر بقدر ایک ماشہ کے تین ماشہ شہد کے
ساتھ ہر روز کھائین اور ایک ماشہ روز زیادہ کرتے جائین گیارھوین روز سے ایک ماشہ
کم کرنا شروع کرکے تین ماشہ تک پہونچائین سنگ گردہ دور ہو جائیگا آبزن دو طرح پر مستعمل ہے
ایک یہ کہ دوا کا پانی یا گرم پانی سادہ بڑے برتن مثل دیگ کے وغیرہ مین بھر کر اسمین مریض کو بٹھائین
دوسرے نطول کہ پانی کو لوٹہ یا مشک مین بھر کر فاصلے سے مریض کے عضو پر ڈالین آبزن سنگ
گردہ و مثانہ کو نافع برگ کرنب برگ مولی برگ شلغم برگ کنجد برگ خطمی ہر ایک چھ درم پانی مین
جوش دین جب نصف باقی رہے آبزن کرین نطول دیگر سرگین کبوتر تخم سویہ تخم کرنجوہ سونف کی جڑ

گوکھرو پوست خربزہ بیج تخم خطمی اشنان ہر ایک قدرے بدستور آبزن کرین جوشاندہ
کبسناک گردہ و مثانہ کو توڑتا ہے میتھی کلتھی ہر ایک تین درم سونف دس درم چار پیالہ پانی مین
جوش دین جب ایک پیالہ پانی رہے صاف کرکے تین ماشہ لاہوری نمک اور تھوڑا شہد ملاکر
نوش کرین دیگر محمد زکریا نے لکھا ہے کہ اگر کونپل درخت انگور کی جوش کرین اور تھوڑی شکر
ملاکر نوش کرین سب بیماریان گردہ کی دور ہوجائین دیگر کاہو چنے کے ساتھ جوش دیکر
پانی اسکا نوش کرین دیگر جوارش کلونجی کہ نسخہ اسکا امراض معدہ مین مذکور ہوا ہے
سنگ گردہ اور درد گردہ کو دفع کرتا ہے دیگر پتھرپھوڑی کہ ایک درخت ہے اسکی پتی ایکدام
مین چبانکر تھوڑی شکر ملاکر پیین دافع سنگ گردہ ہے اور برگ خشک برگ تازہ سے
کم نفع رکھتا ہے دیگر سنگ گردہ کو نافع ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے جھاڑ کی سینٹھ کے
پھول دو تولہ لیکر دو سیر پانی مین تر کرکے اسکا صاف پانی لیکر اس پانی مین خیارین گوکھرو
جواسے ہر ایک چھ ماشہ سہاگا ایک دو ماشہ پیس چھانکر ملائین اور تھوڑی شکر ڈال کر نوش
کرین دیگر مولی کے پتون کا عرق چار درم نچوڑ کر اجمود تین ماشہ پھانک کر اسی عرق سے
نگل جائین دیگر نافع سنگ گردہ و مثانہ پوست کی پتی باریک پیسکر پیین دیگر چولائی کا ساگ
کھانا پتھری کو نافع ہے دیگر اگر درد گردہ ریحی ہو ریندی کا مغز پیسکر نیم گرم لگائین آبزن
پتھری کو نافع عل کی پتی پانی مین جوش کرکے مریض کو اسمین بٹھائین دوا اس درد گردہ کو
نافع ہے جو سردی سے ہو پانچ دانہ اسپند کے نگلنا شروع کرین اور ہر روز پانچ دانہ بڑھائین
جب سو دانہ کی نوبت پہونچے پانچ پانچ دانہ ہر روز کم کرین درد گردہ دفع ہوجائیگا دیگر اگر
درخت کنجد کی کونپل سایہ مین خشک کرین جلا کر روز دو تین درم کھایا کرین سنگ گردہ دور
ہوجائے دیگر عرق جو اسے بیماری گردہ کو مفید ہے حیض کی رکاوٹ کو بھی دفع کرتا ہے دیگر
روغن سداب کی یعنی تیل کے تدہین گردہ اور مثانہ کی پتھری اور سردی کو مفید ہے نسخہ اسکا
فالج مین مذکور ہوا فائدہ جالینوس نے کہا ہے لوہے کی انگوٹھی یا چھلہ پہننا بالخاصیت پتھری کے

مرض کو مفید ہی فصل حرقۃ البول یعنی سوزاک کا علاج اسمین استعمال ایسی سرد دواؤن کا چاہیے کہ ادرار کرین اور سب لعابات پیشاب کی سوزش کو نافع ہین بنادق البزور پینے بیجون کی گولیان پیشاب کی سوزش کو نافع ہین تخم خرفہ تخم خشخاش سفید تخم خیارین مغز تخم خربزہ مغز تخم تربز ہر ایک پانچ درم گوکھرو خرد صمغ عربی کتیرا ہر ایک دو درم اسبغول کے لعاب مین گولیان بنائین خوراک تین ماشہ حب سوزش بول کے واسطے بہروزہ کو گلاکر پانی مین ڈالین اور اُسکے برابر کتیرا اور بھونے چنے مقشر پیسکر ملائین اور چنے کے برابر گولیان بناکر ایک گولی گوکھرو کے شیرہ سے کھائین حب نافع سوزاک پیا بانسہ کا چھوٹا سا درخت جلاکر اسکی راکھ کتیرے کے پانی مین ملاکر چنے کے برابر گولیان بنائین ہر صبح ایک گولی گل خیرو کے پانی سے کہ رات کو بھگویا ہو پیین سوزاک قدیم اور جدید کو نفع کرتی ہی سفوف سفید سوزاک سنگ جراحت رال مصری ہر ایک دو تولہ تال مکھانا گوکھرو سریالی ایک ایک تولہ کوٹ چھانکر چودہ حصہ کرین ہر روز ایک حصہ بکری کے دودھ کے لسّی کے ساتھ پھانکین دیگر سوزاک کو نفع دے اور آلایش بند کرے پھٹکری بریان گیرو ہر ایک ایک درم شکر برابر ملکر سفوف بنائین اور ہر روز سات ماشہ گاے کے دودھ کے ساتھ کھائین دوا مجرب سرد مزاج کے سوزاک کو مفید ہی ببول کا گوند ہر صبح ایک تولہ پیسکر سات روز دہی کے ساتھ کھائین سفوف سوزاک کیواسطے سفید تال مکھانا تخم خرفہ سریالی گوکھرو تخم کاہو سنگجراحت مساوی الوزن سفوف بنائین خوراک ایک تولہ گاے کے دودھ کے ساتھ دیگر سوزاک کی آلایش بند کرنے کیواسطے کتیرا تخم بنگ سریالی رال سفید بیج بند سیاہ بیج بند سرخ مساوی سفوف بنائین خوراک دو درم دیگر نافع سوزاک قدر سے ہلدی پرانہ کو کوٹ چھانکر برابر اُسکے شکر ملائین خوراک ایک تولہ پانی کے ساتھ سوزاک جدید کو ایک ہفتہ مین دور کرتا ہی اگر رہجاے چاہیے کہ دو مہینے استعمال کرین دیگر سوزاک کی پیپ کو کہ بعد رفع ہو جانے سوزش کے باقی رہے نافع ہی رال پیسکر اُسکے برابر مصری ملاکر تین درم روز کھائین اٹھارہ روز

تک دیگر سوزاک کو نفع دیتا ہے اور تپ کو دفع کرتا ہے ڈھاک کی کونپل خشک کرکے ڈھاک کا گوند ڈھاک کی چھال ڈھاک کے پھول کوٹ چھانکر اُسکے برابر شکر ملاکر دو مثقال ہر روز دودھ کے ساتھ کھائیں مجرب ہے دیگر سوزاک کے واسطے مجرب ہے شورہ قلمی الائچی سرخ ہر واحد ایک دام کوٹ چھانکر چھ حصہ کرین ایک حصہ صبح اور ایک شام کو پانی کے ساتھ کھایا کرین اور چوتھے روز سے اسطرح کھائین کہ دو تین دام ساٹھی کے چاول پانی مین تر کرین اور صبحکو اُسکے پانی کے ساتھ نوش کرین تین روز تک دیگر تاج خروس کہ ایک درخت ہے ہندی مین اُسے مرغ کا کیس کہتے ہین اُسکے بیج ایک تولہ دو تولہ قند سفید مین ملاکر سفوف بنائین اور ہر صبح چند روز تک کھائین دیگر برگد کی کونپل سایہ مین خشک کرکے پیسکر اُسکے برابر شکر ملاکر دو تولہ لسی کے ساتھ صبح کو سات روز تک کھائین دوا دو تولہ نشاستہ ایک پیالہ پانی مین رات کو بھگو رکھین صبح نہار پیین نقوع برگ مہندی آملہ زیرہ سفید دھنیا کوکرو ہر واحد ایک تولہ نیمکوب کرکے رات کو بھگو دین صبح صاف کرکے ایک تولہ شکر ملا کر پیئین پہلے تین ماشہ کتیرا کوٹ چھانکر کھائین اُسکے اوپر خیسانده مذکور پیئین دیگر چنے مقشر پاؤ سیر گل مہوا زیرہ سفید ایک ایک دام سبکو ایک سیر پانی مین آٹھ پہر بھگوئین آدھا پاؤ اُسکا پانی صبح کو اور اسیقدر شام کو پیئین جب پانی کم ہووے اور ڈالدین دیگر بیخ فالسہ ایک دام نیمکوب کرکے رات کو پانی مین تر کرین صبح ملکر صاف کرکے تھوڑی شکر ملاکر پیئین دیگر آنب کی چھال نیمکوفتہ دو دام رات کو پاؤ سیر پانی مین تر کرین صبح ملکر چھانکر ایک ہفتہ تک پیئین دیگر نافع سوزاک جدید ہے سیندھی کھلی دو تولہ رات کو پانی مین بھگودین صبح چھانکر تھوڑی شکر ملاکر پیئین دیگر واسطے سوزاک جدید کے برگ درخت سدا سہاگن ایک تولہ شب کو پانی مین تر کرین صبح ملکر چھان کر تھوڑی شکر ملاکر پیئین دیگر نافع سوزاک کھل تلخ ایک دام جوکوب کرکے رات کو پانی مین تر کرین صبح اُسکا صاف پانی نوش کرین دیگر آٹھ دانگ مرچ رات کو پانی مین بھگو رکھین صبحکو اُسکا آب زلال تھوڑی مصری ملاکر پیئین دیگر ریٹھا ایک تولہ رات کو تر رکھکے صبح کو اُسکا شفاف پانی

پیین قرص کاکنج سوزاک اور زخم گردہ اور مثانہ کو نفع دیتا ہی اور پیشاب کو جاری
کرتا ہی کاکنج چار درم تخم خیارین تخم خرفہ ایلشی مقشر نیکوفتہ تخم خشخاش سفید ہر یک تین درم
کتیرا صمغ عربی گیرہ ہر ایک دو درم اجوا ایک درم افیون آدہا درم کوٹ چہانکر لعاب اسبغول
سے قرص بنائین خوراک ایک دام جوشاندہ نافع سوزاک سنکہیا ہولی جوش دیکر پیین دیگر
نافع سوزاک و دشواری بول بیخ کاندر سات پیالہ پانی مین جوش دین جب ایک
پیالہ پانی رہے صاف کرکے اسی طرح تین روز پیین دیگر نافع سوزاک گڑہل کے
پھول پہلے روز ایک عدد بتاسے کے ساتھ کہائین اسی طرح چار روز تک ایک ایک
زیادہ کرین اور پانچوین روز سے ایک ایک کم کرین کہ ایک عدد رہے انشاء اللہ
سوزاک دفع ہو جائیگا دیگر سوزاک کے لیے نافع ہی برگ نیب برگ چنبیلی جوش دیکر اُسکے
نیمگرم پانی مین قضیب کو رکہین اسکا چار الین بعد آدہ گہڑی کے اُسمین پیشاب کرین
اسی طرح ہر روز تین مرتبہ کرین دیگر نافع سوزاک سرپاراینی تخم تاج خروس جسے ہندی
مین کلغا کہتے ہین تین درم باریک کوٹ کر آدہ سیر دودہ مین رات کو چاندنی مین رکہین
صبح کو پیین سوزاک اور جریان کو نافع اور منی کو گاڑہا کرتا ہی لیکن تھوڑی شکر ملا لینا
مناسب ہی کہ سرپارا کی مصلح ہی دیگر نافع سوزش بول بہیکلے کے درخت کا عرق نچوڑ کر
پیین دیگر دافع سوزاک جونکہ ایک درخت ہندی ہی کہ اکثر برسات مین اُگتا ہی اُسکی
پتیان اور پھل ایک تولہ لیکر پانی مین پیس چہان کر تہوڑی شکر ملا کر پیین دیگر دافع
سوزاک دو بتاسے لیکر اُسمین برگد کا دودہ ٹپکا کر تین روز صبح کے وقت کہائین
دیگر سات ماشہ جواکہار گائے کے دہی مین پیین دیگر گندہ بیروزہ دو رتی تہوڑے
گڑ مین لپیٹکر کہائین اور اُسکے اوپر دہی پانی مین گہولکر پیین دیگر نافع سوزاک برگ
درخت سرس پانی مین پیسکر موافق مزاج کے تہوڑی شکر ملا کر نوش کرین دیگر ببول کی
کونپل ایک تولہ گوکہرو ایک تولہ دونون کا شیرہ نکال کر تہوڑی شکر کے ساتھ پیین۔

دوا گلاے کا دودھ تھوڑی شکر اور کتیرے کے ساتھ ہمیشہ پینا حرقت بول ظرمن سے صحت دیتا ہے عمل عورت کے سوزاک کو دفع کرتا ہے عورت ایک لتہ اپنی فرج کی آلایش مین ترکرکے بچہ دار کتیا کو تین روز تک کھلاے سوزاک دفع ہوجاے زرورق یعنی پچکاری سوزاک اس زخم کو مفید ہے کہ قضیب کے اندر ہو جوشاندہ توتیا تین ماشہ پھٹکری چھ ماشہ آدھ سیر پانی مین جوش دین جب آدھا پانی رہجاے شیشہ مین رکھکر پچکاری لین اگر اس دوا سے خون آنے لگے کچھ اندیشہ نہین ہے اور اگر درد زیادہ ہوجاے عورت کے دودھ کی پچکاری لے لین بعضے اس دوا مین ایک تولہ سفیدہ کتھہ بھی زیادہ کرتے ہین پچکاری پیشاب کی سوزش کو نافع ہے دیکامالی ایک تولہ تین تولہ کڑوے تیل مین پکائین جب خوب جلجاے صاف کرکے روغن سے پچکاری لین دیگر نافع سوزاک کتھہ مردارسنگ رسوت ہر ایک آدھا دام توتیا بریان چار رتی بدستور پچکاری لین دیگر نافع سوزاک پوست ہلیلہ زرد پوست بہیڑہ آملہ ہر واحد ایک درم توتیاے سبز آدھا درم سب اجزا کوٹ کر رات کو پانی مین بھگوکر صبح پچکاری لین شیاف نافع سوزاک کتھہ سفیدہ مردارسنگ رال صمغ عربی گیرو برابر باریک کرکے شیاف بناکر قضیب کے سوراخ مین رکھین اور کبھی اسمین درد کی شدت کے وقت افیون زیادہ کرتے ہین اور سوزش کی زیادتی مین کافور بڑھایا جاتا ہے قطور نافع زخم قضیب صمغ عربی نشاستہ عورت کے دودھ مین گھولکر اور لعاب اسبغول یہ سب قروح قضیب کو مفید ہین دیگر تالاب کی کائی نچوڑکر تھوڑا اسکا پانی سوراخ عضو تناسل مین ٹپکائین فصل افراط بول یعنی زیادتی پیشاب کی اگر شانہ کی سستی اور سردی کی زیادتی سے ہو ادویۂ گرم وقابض استعمال کرین جوارش روکنے والی پیشاب کی پوست ہلیلہ زرد پوست بہیڑہ آملہ روغن مین چرب کرکے کندر تاگرموتھا ہر ایک دو مثقال کندر اجوائن ہر واحد ایک مثقال شہد مین جوارش بنائین جوارش سعد کوفی زیادتی پیشاب اور ضعف اور سردی شانہ اور رحم کو نافع ہے اور معدہ اور کبد کو گرم اور دماغ کو

دفع کرتی ہی ناگرموتھا پانچ مثقال پیسکر سرکہ مین ملاکر تین روز شہد مین ترکرین اور خشک
کرکے کوٹ چھانکر پاؤ سیر شکر مین قوام کرین جوارش کندر پیشاب کی زیادتی کو نافع ہی کندر
گلنار ہر دو احدا ایک مثقال مصطگی ایک درم کوٹ چھان کر شہد مین ملائین خوراک تین
مثقال جوارش خولنجان زیادتی پیشاب کو نافع ہی اسکا نسخہ امراض معدہ مین مذکور
ہوچکا سفوف پیشاب کو روکتا ہی کندر ناگرموتھا خولنجان سیاہ زیرہ بلوط حب الآس
وغیرہ سرکہ مین ترکرکے خشک کرین اور پیسکر سفوف بنائین خوراک ڈیڑھ مثقال دیگر
تل دو حصہ اجوائن ایک حصہ لیکر سفوف بنا کر ایک کف دست کھائین یا قند سیاہ مین
گولیان بنائین خوراک آدھا دام دوا پیشاب کی زیادتی کو نافع ہی لسوڑہ کے نرم پتے
ایک تولہ لیکر اسکا شیرہ نکالکر ایک تولہ شکر ملاکر پیئن طلا نافع سلس البول مغز تخم تمرہندی
برگ سنبھالو دونون پیسکر سرد زیر ناف لگائین سفوف سلس البول کو نافع ہی سنگھاڑہ
خشک کوٹ چھانکر شکر ملاکر ایک تولہ کھائین دیگر واسطے تقطیر بول کے نافع ہی ببول کی
کچی پھلی سایہ مین خشک کرکے کوٹ چھان کر گھی مین بریان کرین اور شکر ملا کر صبح وشام
دھیلا بھر کھایا کرین دوا سوتے مین پیشاب ہوجانے کو نافع ہی مازو ایک عدد
تخم ریحان تھوڑی کوٹ چھانکر کھائین دیگر خولنجان سرد پانی کے ساتھ کھانا عجیب الاثر ہی
دیگر سوتے مین پیشاب ہوجانے کو نافع ہی کبوتر کی بیٹ آٹے مین گوندھ کر روٹی
پکا کر کھائین دیگر نر بکرے کا سینگ جلا کر شہد مین ملاکر کھانا بول فی الفراش کے
دفع مین اثر تمام رکھتا ہی خوراک دو دام تک فصل احتباس بول یعنی بند ہوجانا
پیشاب کا اس مرض کے پیدا ہونے کے اسباب بہت ہین اگر پیشاب کا بند ہونا مثانہ
یا گردہ کے ورم سے ہو اول فصد باسلیق کھولین بعد اسکے وہ ادویہ کہ جس سے
پیشاب جاری ہو استعمال کرین دوا پیشاب بند ہوجانے کو نافع ہی رائی شورہ قلمی
ہر دو احدا یکماشہ شکر برابر ملائین یہ دو خوراک ہین صبح کو کھائین پیشاب جاری ہوجاکے

دوا پیشاب کے بند ہو جانے کو کھوے گینڈے کی پتیاں دو تولہ پانی میں تھیرو نکال کر
تھوڑی شکر ملا کر پئیں طلا پیشاب کھرے چوہے کی مینگنی دو دام پانی میں پیسکر گرم ناف
کے نیچے لگائیں دوا تھوڑا کافور قضیب کے سوراخ میں رکھیں پیشاب کھل جاوے
دیگر شورہ قلمی کپڑے میں تر کرکے ناف کے نیچے رکھیں دیگر پیشاب کھولنے پارہ دو ماشہ
پچکاری میں رکھکر سوراخ قضیب کے اندر پہونچائیں فوراً پیشاب کھل جائے اگر پیشاب بند
ہو جانے کا سبب ورم ہو تھوڑا شورہ قضیب کے سوراخ میں رکھیں پیشاب کھل جائے دیگر
پانچ رتی کنوچہ پیسکر پانی کے ساتھ پھانکیں پیشاب کھلجائے دیگر بھینس کے کان کا میل
مریض کے زیر ناف ملیں دیگر میوہ جوش دیکر زیر ناف نطول کریں ضماد پیٹا پیڑو پر ضماد
کریں دوا پتھر چٹا یعنی بسکھپرے کے پتوں کا عرق نچوڑ کر دودھ میں ملا کر کھائیں دیگر ایک
جوں قضیب کے سوراخ میں چھوڑیں دیگر کھٹمل بیمار قضیب کے سوراخ میں چھوڑیں دیگر مریض
کو گرم پانی میں بٹھائیں دیگر گوکھرو خیارین سونف تخم خربزہ پانی میں پیسکر پئیں دیگر بکری
کے نیم گرم دودھ میں قضیب کو رکھیں دیگر ریوند چینی سونف کے عرق میں پیسکر ناف
کے گرد لگائیں دیگر سیپ پیس کر ناف کے نیچے لگائیں دیگر ریاض الادویہ میں
منقول ہے کہ بیضہ کے چھلکے کو اندر کے پردے سے پاک کرکے پیسکر اُسکے برابر شکر ملا کر
پئیں احتباس بول کو دفع کرتا ہے دیگر مونگ کا دانہ پانی میں ایک رتی رگڑ کر پئیں
دیگر لاہوری نمک مقعد میں رکھنے سے پیشاب کا ادرار ہوتا ہے اور تلیین طبیعت بھی ہے دیگر
تخم پیٹھا پیسکر بالائے ناف لگائیں اور ایک جسہ کافور کھائیں دیگر شہتوت کے عرق میں
شورہ قلمی پیسکر ناف کے نیچے لگائیں دیگر ایک دام اندرائن کی جڑ جوش دے کر پئیں

فصل بول الدم یعنی پیشاب میں خون آنا علاج پھٹکری کا قرص کھائیں اُسکا نسخہ
یہ ہے کہ پھٹکری بریان بارہ سنگھے کا سینگ جلایا ہوا کتیرا گیرو گلنار صمغ عربی ہر واحد ایکدرم
کوٹ چھان کر قرص بنائیں خوراک ایک مثقال شیرہ تخم خرفہ کے ساتھ اور یہ قرص سوزاک کو

بھی نافع ہے دوا خون کے پیشاب کے لیے مجرب ہے اکیس دانے چاکسو کے باریک کوٹ کر کھائیں
اسکے اوپر نقوع برادہ صندل یعنی وہ پانی جسمین برادہ صندل بھگویا ہو نوش کرین دیگر جو
پیسکر پینے فائدہ کریگا آبزن خون کے پیشاب کو نافع ہے اور حیض جاری کو بند کرتا ہے پوست
انار سوپر مقشر ببول کی پھلی بچیہ الثیس باجرہ صندل ہر ایک تھوڑا تھوڑا لیکر پانی مین جوش
دین جب نصف رہے آبزن بیٹھین فصل ضعف باہ یعنی کم ہو جانا شہوت کا کمال شہوت
صحت اعضاے رئیسہ یعنی دل و دماغ و جگر اور قوت اعضاے شریفہ یعنی معدہ و گردہ پر موقوف
ہے اس جگہ چند ادویہ سہل اس مرض کی مفید ذکر کیجاتی ہین معجون لبوب صغیر کہ اہل ہند نے
ترکیب دی ہے باہ کو قوت دیتی ہے اور منی کی تغلیظ اور تولید کرتی ہے اور سرعت انزال کو نافع ہے
اور نشاط لاتی ہے مولہ کرکا مغز مغز تخم خربزہ چرونجی کنجد خشخاش سفید سینبھل کا موسلا موصلی سفید
ستاور اسگند سنگھاڑے کا آٹا املی کے بیج مقشر لسوڑہ ایک ایک تولہ تخم کیوڑہ تخم پیاز تخم شلغم تخم مولی
بھوپھلی تال مکھانا بریان سمندر سوکہ بیدہ لکڑی ہر واحد نو ماشہ خولنجان چنیا گوندنا گرموتھا
تخم کونچ چھوٹا گوکھرو اندرجو شیرین ببول کی پھلی مغز کنول گٹہ گل دھاوا سینبھل کا گوند
بیج بند موچرس ہر ایک چھ ماشہ اسپند گجراتی بریان تخم اٹنگن عاقرقرحا سونٹھ پیپل خرلسانی
اجوائن ہر واحد تین ماشہ کوٹ چھانکر سہ چند قند مین قوام کرین اور اگر مغز بادام و مغز پستہ و
مغز چلغوزہ و مغز اخروٹ و مغز ناریل ہر واحد ایکتولہ بھنگ دو تولہ اس لبوب مین ملا لین بہتر ہے و
الا غربا کے واسطے اسیقدر کافی ہے خوراک ایک تولہ اس دودھ کے ساتھ جسمین خرما جوش کیا ہو
معجون کشمش باہ کو قوت دیتی ہے اور منی کو پیدا اور گاڑھا کرتی ہے موچرس ثعلب مصری
سمندر سوکھ موصلی سیاہ موصلی سفید مغز بادام ہر ایک پانچ درم ستاور دس درم سونٹھ خولنجان
ہر ایک آدھا دام کشمش آدھ سیر قند ایک سیر بدستور قوام کرین خوراک دو تولہ سے تین تولہ گاے
کے دودھ کے ساتھ جسمین خرما جوش دیا ہو معجون مالکنگنی باہ کو قوت دیتی ہے مالکنگنی عاقرقرحا
تخم کیوڑہ لونگ زعفران ہر واحد ایک دام اسپند آدھا دام خشخاش سفید پانچ دام

سفید تل چار درم زردی بیضہ مرغ پانچ عدد شہد مین قند چہار چند ادویہ بدستور معجون بنائین
دوسرا نسخہ معجون ناگنگنی کا اہل ہند کے طریقے پر ناگنگنی بھنگرہ کے عرق مین تر کر کے
گاے کے دودھ اور پانی مین جوش دین جب دودھ جذب ہو جائے پیسکر برابر شہد لیکر معجون
بنائین آدھا درم پہلے روز کھائین اور ہر روز آدھا درم زیادہ کر کے آٹھ درم تک پہونچائین یا اوس
چالیس روز تک کھایا کرین پیر کو جوان کرتی ہے معجون باہ کو تقویت دے عاقرقرحا لونگ سونٹھ ہر ایک
دو تولہ زردی بیضہ مرغ پچیس ۲۵ عدد اکیس درم شہد مین قوام کرین خوراک چار درم قبل غذا کے
معجون پیاز سفید کا عرق ایک سیر شہد ایک سیر آگ پر رکھین جب قوام ہو جائے تو دری سرخ
وسفید ثعلب مصری بہمن سرخ وسفید سونٹھ تخم پیاز تخم مولی گندنا تخم شلغم تال مکھانا موصلی سفید
وسیاہ ہر واحد ایک سیر شاہی کوٹ چھانکر بدستور معجون بنائین معجون پیٹھ سرعت انزال کو اسکے
بیٹھ ہی منی کو بھی غلیظ کرتی ہی تخم خربزہ موصلی سفید شیرینی پیٹھہ ہر ایک آدھ پاؤ گھیکوار کا پٹھا
دو عدد کباب چینی چھ ماشہ سب کو باریک پیسکر آدھ سیر قند سفید مین قوام کرین خوراک ایکتولہ
معجون سیر یعنی لسن سرد مزاج والون کی باہ کو قوت دیتی ہے اور فالج ولقوہ کو نافع ہے لسن کو
دودھ مین ایسا جوش کرین کہ دودھ جذب ہو جائے پھر اسکو گھی مین بریان کرین اور شہد کے ساتھ
معجون بنائین معجون سرعت انزال کو نافع ہے اور رقیق منی کو غلیظ کرتی ہے اور باہ کو قوت
دیتی ہے پوست بلیلہ زرد بہیڑہ آملہ خرما بریان ثعلب مصری میدہ لکڑی گوکھرو موصلی سفید وسیاہ
بالچھڑ تخم کونچ سنگھاڑہ خشک مغز کنول گٹہ لسوڑہ مغز چلغوزہ شیرین املی کے بیج کا مغز ہر ایک دو درم گلنار
شہدانہ اجوائن سیاہ زیرہ حب الاس دھنیا طباشیر برگد کی کونپل مصطگی شادبلوط بیج بندسریالی
لودھ اسپغول بریان ہر واحد ایک درم بیج اسگندتال مکھانا بریان سمندر سوکھ چنیا گوند ناگرموتھا
گل دھاوا موچرس ستاور ببول کی پھلی کیوڑے کے بیج ہر واحد ایک مثقال قند سہ چند
سفوف خشک اشہ یعنی کرکا سفوف مقوی باہ و مولد منی ہے کرکا دو درم سیاہ تل سات درم خشخاش
سفید پانچ درم مغز بنولہ تخم اندر جو شیرین چار درم مصری تمام ادویہ کے برابر خوراک ایکتولہ

گائے کے دودھ سے سفوف دار قلفل کہ باہ کو قوت دیتا ہی ایک سیر دودھ مین پیپل کو
جوش دین جب دودھ جذب ہو جاسے پیپل کو خشک کرکے پیسکر ہر روز ایکدام مین چہ دام مصری ملاکر
دودھ کے ساتھ کھائین سفوف باہ کو قوت دیتا ہی منی کو پیدا کرتا ہی سنبھل کا موسلا باریک
پیسکر اسکے برابر شکر ملاکر ہر روز ایک تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ کھائین دیگر واسطے
جریان منی کے عجیب ہی گوکھرو پانچ درم سنگھاڑہ ساٹھی کے چاول کنول گٹہ کا مغز ہر ایک تین درم
تال مکھانا دو درم موچرس سمندر سوکھ سریالا بیج بند ہر واحد ایک درم شکر برابر سب ادویہ کے
ملاکر سفوف بنائین خوراک ایکتولہ دیگر منی کو گاڑھا کرتا ہی کچی پھلی ببول مولسری کا پوست
ستاور موچرس مساوی شکر برابر ادویہ خوراک ایک کفدست دیگر رقیق منی کو جماتی ہی برگد کی
کونپل گولر کی چھال مساوی الوزن شکر سفید برابر ملاکر ایک تولہ دودھ کے ساتھ کھائین
دیگر مقوی باہ پستہ دو تولہ مصری دو تولہ پسی ہوئی سونٹھ چہ ماشہ سب کو ملاکر ہر روز ایکتولہ
شہد مین لت کرکے ایک رتی بھنگ باریک پیسکر اسپر چھڑک کر تین روز کھائین دیگر سرعت
انزال کو نافع ہی کچی پھلی ببول کی سایہ مین خشک کرکے تال مکھانا چنیا گوند نخود بریان مقشر
مساوی الوزن مصری برابر ملاکر ہر صبح ایک کف دست کھائین دیگر منی کو گاڑھا
کرتی ہی اور سرعت انزال کو نافع ہی درخت کھرنی کی چھال تج میدہ لکڑی سب کے برابر شکر
ملاکر ایک تولہ گائے کے دودھ سے کھائین دیگر چنیا گوند بھوپھلی برابر پیسکر ایک تولہ ہر روز
دودھ کے ساتھ چالیس روز تک کھائین دیگر سرعت انزال کو نافع ہی تخم سرس تخم پلاس
برابر کوٹ چھانکر ہموزن مصری ملاکر ایک تولہ آدھ سیر گائے کے دودھ کے ساتھ کھائین
عجیب فائدہ کرتا ہی دیگر بند کشاد کو نافع اور منی کو نفع کرتا ہی تال مکھانا سریاری اسگندنا گوری
سمندر سوکھ موچرس مساوی کوٹ چھانکر برابر شکر ملاکر ایک کف دست کھائین گولی
رقیق منی کو گاڑھی کرے اور سرعت انزال کو نفع دے املی کے بیج تین چار روز پانی مین تر
کرین پھر پوست سیاہ اسکا دور کرکے پیس کر برابر شکر سفید ملاکر چنے کے برابر گولیان بنائین

خوراک دو گولی سفوف جریان منی اور سرعت انزال کو نافع ہے ببول کی چھال ببول کی پھلی ببول کا گوند ببول کی کونپل برابر کوٹ چھانکر شکر ملا کر سفوف بنائین خوراک ایک تولہ سفوف دیگر رقت منی کو نافع ہے گولر کی اُس جڑ کی چھال کہ اُسکے ریشے زمین کے اندر ہون گوکھرو تال مکھانا مغز کنول گٹہ ہر ایک پانچ تولہ بھوپھلی ملکھانا بیج بند تخم سرپالی چنیا گوند ہر ایک تین تولہ کوٹ چھانکر سفوف بنا کر ایک کف دست گائے کے دودھ کے ساتھ کھائین دیگر نافع رقت منی و سرعت انزال تخم کونچ خام سایہ مین خشک کر کے باریک پیسکر تین درم لیکر ایک پاؤ گائے کے دودھ کے ساتھ جوش دیکر کھائین دیگر نافع بند کشا دسمندر سوکھا اجواین ہر واحد پانچ دام اسبند سوختنی تین دام کوٹ چھانکر صبح و شام بوزن ایک دام کے پانی کے ساتھ پھانکین ترشی اور بادی سے پرہیز کرین دیگر جریان منی کو مفید ہے تخم بلیل تین دام بیج بند تین دام تال مکھانا اندر جو شیرین چھوٹا گوکھرو ہر ایک چھ دام لسوڑہ چوبیس دام شکر ادویہ کے برابر کوٹ چھانکر سفوف بنائین دیگر امساک منی کے واسطے گیندا کے بیج ایکدام اُسکے برابر شکر ملا کر کھائین دیگر رقت منی کو مفید ہے سمندر سوکھ تال مکھانا تخم ریحان ہر ایک پانچ درم کوٹ چھانکر سفوف بنا کر آدھا دام نہار کھایا کرین ترشی اور بادی سے پرہیز کرین دیگر سرعت انزال کے واسطے آنب کا بور دو دام موصلی سیاہ و سفید موچرس ہر ایک نیم دام کو کنار ایک عدد بھنگ دو ماشہ خوراک ایک تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ دیگر منی کو غلیظ کرتی ہے اور نافع اور دافع مذی ہے سنگھاڑہ خشک چنیا گوند سمندر سوکھ ہر ایک دو حصہ بیج بند موچرس تال مکھانا گوکھرو تخم کونچ دھنیا میدہ و لکڑی ہر واحد ایک حصہ تخم کاہو آدھا حصہ برابر شکر ملا کر ایک تولہ کھائین دیگر نافع سرعت انزال برگد کی کونپل چنیا گوند کھرفی کی جڑ کی چھال لسوڑہ بھوپھلی ستاور ساوی کوٹ چھانکر سفوف بنائین خوراک ایک تولہ گائے کے دودھ سے سفوف سیلان و جریان منی کو نافع کچی پھلی ببول کی تین دام چھوئی دودھی مع بیج و برگ سایہ مین خشک کر کے پیسکر برابر اُسکے قند ملا کر سفوف بنائین دیگر رقت منی کو نافع

اور باہ کا مقوی ہے درخت ڈھاک کی چھال اور گوند درخت گولر کی چھال اور گوند درخت مہوسلا اور گوند مولسری کی چھال بھونے چنے ببول کا گوند مساوی لیکر سفوف بنائیں خوراک چار
دیگر نافع جریان منی اور مقوی اُسکا موصلی سیاہ موصلی سفید تال مکھانا تخم کونچ تخم اُٹنگن موچرس بیخ اونٹ کٹارہ بیخ اونٹ کٹارہ بیج بند سیاہ و سرخ بھونبلی کرکس تخم گاجر ساٹھی کے چاول ستاور اسگندھ سوکھا اندر جو شیرین ہر واحد ایک درم سنگھاڑہ ڈیڑھ درم شکر سفید برابر لیکر دو درم گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں حلوا رقیق منی کو غلیظ کرتا ہے تخم آلہ مقشر ڈھاک کا گوند نشاستہ ہر واحد ایک تولہ شکر تین تولہ گھی چار تولہ گھی گرم کرکے نشاستہ بریان تخم ابلی اور گوند پیسکر ملا کر حلوا بنائیں خوراک ایک تولہ سے دو تولہ تک سفوف سیلان منی کو نافع ہے تالاب کی کائی ٹھیکری پر رکھکر آگ پر چڑھا کر جلائیں اور اُسکی راکھ میں برابر شکر ملا کر چار ماشہ ہر روز کھائیں دیگر برگد کا پھل خشک کرکے گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں پتلی منی گاڑھی ہوتی ہے حب امساک منی کیواسطے خشخاش اسپند بریان شنگرف کو کھرو کچلہ جلا کر برابر کوٹ چھانکر اُس پانی سے جسمیں پوست خشخاش تر کیا ہو گولیاں بنائیں اور چار گھڑی قبل جماع کے ایک گولی کھائیں اور اوپر سے ایک پیالہ دودھ پئیں گولی امساک منی کی اجواین پانچ ماشہ مغز تخم کدو چھ ماشہ اسپند نو ماشہ تخم بھنگ آٹھ ماشہ بھونے چنے سات ماشہ افیون تین ماشہ زعفران چار رتی الایچی کے دانے ایک ماشہ پوست خشخاش دو عدد دوا کوٹ چھان کر اُس پانی میں جسمیں پوست خشخاش جسے ڈوڈہ کہتے ہیں بھگویا ہو گوند ملکر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں حاجت کے وقت ایک گولی کھائیں اگر زیادہ گرمی کرے شیرہ تخم کدو و تخم تربز و تخم خرفہ پئیں حب حکیم علوی خان مرحوم کا نسخہ لطف اسمیں یہ ہے کہ افیون نہیں ہے عاقر قرحا ایک درم تخم ریحان آٹھ درم قند سفید نو درم کوٹ چھانکر گولیاں بنا کر ایک درم کھائیں تاثیر یہ ہے کہ جب تک لیموں کا پانی نہ پئینگے انزال نہ ہوگا حب منی کو روکتی ہے اسپند بریان کافور مرکی اجوائن مساوی کوٹ چھانکر ادرک کے پانی میں چنے کے برابر گولیاں بنا کر جماع سے قبل ایک گولی گائے کے دودھ کے

ساتھ کھاوین گولی کہ اگر زیرہ کے برابر بنا کر قضیب کے سوراخ مین رکھین امساک کرے
خوب کلان سفید مقشر افیون مصری کافور سیاہ مرچ ضفدع یعنے مینڈک کے سر کو خوب نچوڑین
جو کچھ نکلے سیپ سے کھرچ کر اوٹھالین حب اہل ہند کی مجرب ہے باہ کو قوت دیتی ہے اور بعد
جماع کے ماندگی نہین لاتی ہے اور منی کو روکتی ہے اسپند سوختنی پانچ درم نصف خام نصف
بریان پوست خشخاش سیاہ تل ہر ایک دو درم قند سیاہ بیس درم تینون ادویہ کوٹ چھانکر
پرانے گڑ کے ساتھ کوٹین جب مل جاے سات حصہ کرکے ہر حصہ کی ایک گولی بنا کر رکھین وقت مجامعت
کے وقت ایک گولی کھاوین حب سرعت انزال اور ریزش منی کو نافع ہے تخم تمر ہندی مقشر
تخم بول مقشر تال مکھانا سنبھل کی بونڈی تخم سرس مقشر تخم کونچ مقشر تخم اٹنگن تخم بنگ برابر
لیکر بھنگرہ کے شیرہ مین کھرل کرکے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بناوین خوراک چھ ماشہ
دودھ کے ساتھ حب جریان منی کے واسطے فائدہ رکھتی ہے دھتورہ کے بیج چھ ماشہ
سیاہ مرچ چھ ماشہ کوٹ چھانکر سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنا کر ہر صبح ایک گولی ایک تولہ
شیرۂ بادیان کے ساتھ کھاوین اگر مرض مزمن ہو ایک روز مین شفا کامل ہوتی ہے
حب خراطین باہ کو قوت دیتی ہے کیچوا تازہ پاک وخشک کرکے چھ دام اجوائن دو دام
کوٹ چھانکر چار دام قند سیاہ ملا کر ایک تولہ کے برابر گولیان بنا کر اکیس روز کھاوین
خوراک ایک گولی حب مقوی باہ پوست کسونڈی خشک کرکے باریک پیس کر
شہد مین ملا کر گولیان بناوین اور دو دام کھا کر اوپر سے ایک پیالہ دودھ پیوین حب
باہ کو قوت دیتی ہے سیاہ دھتورہ کے پھول خشک کرکے چنے کے برابر گولیان بناوین
خوراک ایک گولی حب یہ حب منی کو گاڑھا کرتی ہے اور باہ کو قوت دیتی ہے چھوئی موئی
سایہ مین خشک کرکے پیکر جنگلی بیر کے برابر گولیان بناوین اور صبح کو ایک گولی گاے کے
دودھ مین کھاوین حب مقوی باہ چھکنی موصلی سیاہ ستاور تخم کونچ تخم اٹنگن پوست بیج
اونٹ کٹارہ مالکنگنی قند سیاہ برابر کوٹ چھانکر ادرک کے شیرہ مین جنگلی بیر کے برابر

گولیان بناکر ہر روز ایک گولی گاے کے دودھ کے ساتھ کھاوین حب کیب سہل باہ کو قوت
دیتی ہی قند سیاہ آدھ پاؤ کنجد سیاہ دو دام اسگند ناگوری چار دام بریان چار دام خام کوٹ
چھانکر چودہ گولیان بناکر ایک گولی روز کھاوین سفوف پرمیہ کو نافع ہی ترپھلا ببول کے پھول
ہلدی برابر مصری آدھا وزن سب کو کوٹ چھان کر سفوف بناوین خوراک تین درم گاے کے
دودھ مین سفوف باہ کو قوت دیتا ہی اجوائن کی بھوسی آدھ سیر مولی کے بیج چنے بریان زردک
کے بیج سیاہ تل ہر ایک پاؤ سیر کوٹ چھانکر سفوف بناوین اور ہر روز ایک تولہ کھاوین باد عود کر آے
دوا انگھانی موصلی سیاہ موصلی سفید سونٹھ برابر لیکر سفوف بناکر ہر روز آدھا درم گاے کے
دودھ کے ساتھ کھاوین انڈے کا حلوا باہ کو قوت دیتا ہی فی بیضہ مرغ دو درم تباسہ اور
دو درم گھی لیکر خوب لت کرکے کوئلون کی آگ پر رکھین اور چمچہ سے حرکت دیتے رہین
جب پک جاے سرد کرکے کھاوین شکر قند کا حلوا منی کو پیدا اور گاڑھا کرتا ہی شکر قند
تازہ خشک کرکے کوٹ چھان کر گھی اور شکر ملا کر حلوا بناوین بعضے شکر قند بریان کو گھی مین
ملا کر حلوا بناتے ہین سنگھاڑے کا حلوا منی کو گاڑھا اور پیدا کرتا ہی سنگھاڑہ خشک
پیس کر شکر اور گھی مین حلوا بناوین دوا بند کشاد کے واسطے درخت ڈھاک کی کونپل
جو کھلی نہ ہو اور وہ خزان کے بعد بہم پہونچتی ہی جس قدر ہو نرم کوٹ کر چھ برس کے پرانے
گڑ مین یا جس قدر پرانا ہو بہتر ہی چیکر اخروٹ کے برابر چار روز کھاوین دیگر مقوی باہ
چنے بریان ہموزن اسکے بادام مقشر ہر صبح و شام کھانا بہت قوت دیتا ہی دیگر مقوی باہ
چنے کی دال مقشر دو تولہ پانی مین بھگو کر سونٹھ ایک ماشہ تخم خشخاش سفید ایک ماشہ
شہد مین ملاکر ہر روز صبح کے وقت کھاوین دیگر اگر سرد مزاج والا سردی کے موسم مین
اسکو کھاوے قوت باہ اور حفظ صحت اور تقویت ہاضمہ کے لیے سب طرح سے مفید ہی
پارہ ہر روز ایک کوڑی بھر کھانا شروع کرکے ایک دانگ تک پہونچاوین اور نگلکر اوپر سے
گھی پین دیگر مقوی باہ چلغوزہ کا مغز اور منقی شیرین دوا سے عجیب ہی ان دونون کو

پانی مین ایک رات دن بہگو کر تہوڑی شکر ملا کر کہا ئین دیگر مقوی زیادہ ہے پوست بیخ
اونٹ کٹارہ ایک دام کے برابر لیکر نیم کوب پوٹلی باندھکر آدھ سیر دودھ اور آدھ پاؤ پانی
مین جوش دین جب پانی جذب ہوکر دودھ رہجاے صاف کر کے مٹھائی ملا کر پئین اور
اگر اسمین دو تین خرما ڈالین زیادہ قوی ہوجاے دیگر شہد جوش کرین اور کف اُسکا
نکال کر مولی کے بیج اُسمین ملا کر صبح اور سوتے وقت کہایا کرین دیگر باہ کو قوت دیتا
ہے ڈہاک کی جڑ ایک پاؤ لیکر دو تین سیر پانی مین جوش دین جب آدہا پانی جل کر باقی
گاڑہا ہوجاوے اُسمین سے تہوڑا لیکر پان کے ساتھ کہایا کرین دیگر بلغمی مزاج مین مقوی باہ ہے
شہد بہلانوہ گاے کا گہی برابر قوام کر کے خوراک موافق مزاج کے دین دیگر قوت باہ کے
واسطے اگر جیٹھ پہر کہائین سہ پہر سے تا شہر کرے جنگلی سیم کا درخت جو نرم اور چہوٹا ہو جڑ اُسکی
لیکر ٹکڑے ٹکڑے کر کے سایہ مین خشک کرین اور راجوائن کی بہوسی اور اُردو مقشر تینونکو برابر
لیکر پیسا ہوئی اُسکے قند سیاہ ملائین اور اخروٹ کے برابر غلولہ بنا کر ہر صبح ایک غلولہ کہائین
دیگر گولر کے پہول خشک کر کے کوٹ کر قند مین میٹہا کر کے چالیس روز تک دو مثقال
ہر روز کہایا کرین دیگر چار درم اسگند کوٹ چہان کر ایک سیر دودھ مین جوش دین
اور دو تین درم مصری ملا کر دونون وقت کہائین بدن کا رنگ سرخ ہوجاے اور تیاری
اور باہ زیادہ ہو دیگر کہ اگر جماع کرنے کے بعد کہائین ناطاقتی نہووے خیر التجارب
مین لکہا ہے کہ اگر بعد جماع کے چار درم گڑ کہائین ضعف نہووے دیگر مقوی باہ سنگہاڑہ
ہر روز گاے کے دودھ مین کہائین دیگر کہ باہ کو قوت دیتا ہے ارنڈ کی کونپل آدھ پاؤ گوشت
آدھ سیر دو پیازہ پکا کر تین روز کہائین دیگر تخم خشخاش دو تولہ شہد چار تولہ سونٹھ آدہا درم
کوٹ چہان کر شکر ملا کر چالیس روز کہائین دیگر گوکہرو شکر گاے کا گہی شہد سب کو کوٹ کر
ملا کر کہائین اور اُسکے اوپر گاے کا دودھ پئین دیگر اشتہا اور باہ کو مفید ہے آملہ سیار
گندہک لیکر لسابہیرہ کے شیرہ مین اسقدر کہرل کرین کہ گاڑہا ہوجاے پس ہر روز ایک چاول کے

برابر پندرہ روز تک کھائین دیگر شیر برنج کھانا منی کو پیدا کرتا ہی اور چنے کا چولا کھانا باہ کو
قوت دیتا ہی دیگر منی اور بند کشاد کو نافع ہی ایک بتاسہ مین چند قطرے برگد کا دودھ
ڈالکر کھایا کرین دیگر دو تولہ منولہ آدھ سیر گاے کے دودھ مین پکا کر کھائین دیگر بیر کی
گٹھلی کا مغز پرانے گڑ مین ملا کر پیسکر کھائین دیگر یہ میوے کے سب قسم کو نافع ہی اینٹ
پرانی پکی کوٹ چھان کر ایک حصہ شکر دو حصہ سفوف کرکے ہر روز ایک درم کھائین
دیگر منی اور مذی کے بہنے کو مفید ہی اور سرعت انزال کو نافع اگر عورت کو کھلائین فرج
تنگ ہو جاے انڈے کا چھلکہ جسقدر رچاہین پانی مین ڈالکر اُسکے اندر کا پردہ باریک دور کرکے
چھلکون کو برتن مین رکھکر اُسمین لیمون کا عرق اتنا ڈالین کہ ایک اُنگل چھلکون کے اوپر
آجاے پھر اُسپر کچھ چھپا کر رکھدین یہان تک کہ عرق چھلکون مین جذب ہو جاے تین مرتبہ
اسی طرح کرین بعد اُسکے چھلکون کو مٹی کی گلھیا مین رکھکر گل حکمت کرکے جنگلی کنڈے کی
بجیت آگ دین جب سرد ہو جاے پھر اُسیقدر آگ مین رکھین اسی طرح سے تین مرتبہ
آگ دیتے رہین چھلکے جلکر سفید ہو جاینگے پس نکال کر دو سرخ شہد مین ملا کر کھائین ترشی
اور بادی سے پرہیز کرین دیگر دوب کا بونڈا ہر صبح باسی پانی مین پیس چھانکر ایک ہفتہ
پئین سفوف نافع بند کشاد کھرنی کی چھال گوندی کی چھال لسوڑہ کی چھال آنب کی
چھال ہر ایک مساوی پیسکر شکر برابر ملا کر نہار ایک بولی تک پانی کے ساتھ کھائین دیگر منی
کو روکتی ہی آک کے پھول دھتورے کے پھول موصلی سیاہ اسپند ہر ایک پانچ ٹانک پیسکر
گھی مین چرب کرکے پندرہ ٹانک شہد مین ملا کر برابر ایک ٹانک کے شہد مین ملا کر کھائین
اور اُسکے اوپر دودھ پیین دیگر مقوی باہ سونٹھ پیپل زردک کے بیج برابر لیکر انڈے کی زردی
کے ساتھ کھائین دیگر اجوائن سیاہ تل ایک ایک حصہ خشخاش نصف حصہ گڑ مین ملا کر
سفوف بنائین خوراک ایک تولہ دیگر کھرنی کے تخم کا مغز خشک کرکے پیسکر سوم حصہ اُسکا
شکر ملا کر گاے کے دودھ کے ساتھ کھائین باہ کو قوت دیتا ہی دیگر چاہیے کہ ہر روز صبح کو

میٹھا آنب کھائین اور اوپر سے گائے کا دودھ کہ جسمین دو تین خرمے اور قدرے سونٹھ
جوش دیا ہو پیئین باہ کو زیادہ اور بدن کو موٹا کرتا ہی اور دماغ کو قوت دیتا ہی اور پکا ہوا
کھانا مولد منی ہی اور کٹھل بھی مقوی باہ ہی اسی طرح سے کٹھل کے بیج بھونکر کھانا فائدہ کرتا ہی
حلوا سے انبہ مقوی باہ اور مولد منی ہی میٹھے آنبون کا شیرہ تین سیر شکر سفید ایک سیر
گائے کا گھی آدھ سیر گائے کا دودھ ایک سیر شہد پاؤ سیر سونٹھ ایک تولہ پیپل چھ ماشہ
ستاور ایک تولہ ثعلب مصری مغز بادام ہر ایک چار تولہ خولنجان چھ ماشہ بہمن سرخ
بہمن سفید ہر واحد ایک تولہ سنبل کا موسلا ایکتولہ سنگھاڑہ خشک چار تولہ سرمہ سا کوٹ کر
چار تولہ پہلے آنب کا شیرہ اور شکر ملا کر دودھ ڈالکر شربت بنائین پھر مغزیات پیس کر
گھی مین بھون کر شربت مین ملائین اور ادویہ ڈال کر حلوا بنائین لہسن کا روغن
قضیب کی سستی کو نافع ہی لہسن کو السی کے تیل مین جوش دیکر صاف کرکے رائی عاقرقرحا
لیمون کے بیج ناگنگنی ہر ایک کوٹ چھانکر تیل مین جلا کر اس تیل کو چند روز مالش
کرین سستی دور ہو جائے گل شبو کا تیل باہ کو قوت دیتا ہی گل شبو لیکر روغن مین ملائین
جب پھول کمھلا جائین اور بدل دین اسی طرح سے تین مرتبہ بدلین پھر صاف کرکے
تھوڑا عاقرقرحا پیسکر ملا کر لگائین اور اسپر پان باندھین روغن باہ کو قوت دیتا ہے
بھٹ کٹائی کی پتیان کڑوا تیل ہر ایک چار درم بچھو سیاہ کلان اگر میسر آئے تو بہتر ہی
نہین تو جس قسم کا ہو پہلے تیل کو گرم کرکے پتیون کی ٹکیا بنا کر بچھو اور ٹکیا کو اسمین ڈال کر
جلائین جب خوب جلجائے کپڑے سے چھان کر رکھین اور ایک رتی پان مین لگا کر قضیب
پر باندھین روغن دیگر لکھوا کہ ایک جانور بیر بہوٹی کے مانند ہی اور اسکے پر نہین ہوتے ہین
اسکو دبان اور سوال بھی کہتے ہین اور اس سے بلبل کو پکڑتے ہین پانچ چھ عدد لیکر
چار پانچ درم گائے کا گھی اور ایک درم زعفران ملا کر برتن مین رکھکر جلائین پھر مل
کرکے قضیب پر ملین اونٹ کٹارے کا تیل قضیب کی سستی کو نافع ہے

اونٹ کٹارہ کا درخت مع جڑ اور شاخ اور پتیوں کے بکری کے دودھ مین ترکرکے بطریق پتال جنتر کے روغن کھینچکر قضیب پر ملین روغن مورچہ سو عدد چیونٹی بڑی جو قبرون اور آنب کے درختون پر ہوتی ہین لیکر چنبیلی کے تیل مین ڈالکر شیشے مین بھرکر چالیس روز دھوپ مین رکھین پھر روغن لیکر مالش کرین **چنبیلی کی پتیون کا تیل** ممسک اور مقوی باہ ہی سفید چنبیلی کی پتیان پیسکر شیرہ اُسکا لیکر میٹھے تیل مین جلائین جب پانی جلجاے تیل لیکر شیشے مین رکھین دو گھڑی قبل جماع سے قضیب پر ملکر پان باندھین روغن کہ جلق لگانیوالے کو فائدہ کرے اور قوت باہ کو نفع دے کپڑے کو مدار کے دودھ مین ایکدن رات ترکھین پھر نکالکر خشک کرکے اسمین گھی لگاکر دو فتیلہ بناکر جلائین اور اُسکے نیچے کانسے کی تھالی رکھین جو روغن فتیلہ سے تھالی مین ٹپکے سر قضیب چھوڑکر طلا کرین اوپر سے پان یا ارنڈ کے پتے باندھین دیگر چنبیلی کی پتیان ایک پاؤ میٹھا تیل ایک پاؤ دونون کو کڑاہی مین ڈالکر جوش دین جب پتیان جلکر روغن رہجاے قسط تلخ سہاگہ خام ہر ایک آدھی بہلولی تھوڑا تھوڑا روغن مین ڈالین جب ملکر رنگ دونکا سرخ ہوجائے اُسوقت کڑاہی اُتارکر ہر تیلہ دھی بہلولی ملاکر روغن کو پھول کے برتن مین ڈالکر نیب کی لکڑی سے دو پہر حل کرکے شیشے مین رکھین اور ایک ماشہ لیکر قضیب کا سر چھوڑکر لیپ کرین اوپر اسکے پان باندھ دین اسیطرح ایکہفتہ تک ایک روز درمیان دیکر لگائین اور اس عرصہ مین جماع نہ کرین **چنبیلی کا تیل** باہ کو قوت دیتا ہی چنبیلی کی پتیون کا عرق دھتورہ کی پتیون کا عرق ہر ایک دو دام میٹھا تیلیہ قسط تلخ ایک دام سینبل آدھا دام سہاگہ ایک دام روغن کنجد سات دام ادویہ پیسکر ٹکیا بناکر روغن مین پانی ملاکر اُسمین جلائین جب پانی جلجاے ادویہ پیسکر رکھین اور ایک ہفتہ تک طلا کرین **روغن زلو** یعنی جونک کا تیل مقوی باہ ہی جونک کلان سات عدد آدھ پاؤ میٹھے تیل مین جلاکر صاف کرکے قضیب پر طلا کرین **روغن** کہ باہ کو قوت دیتا ہے مالکنگنی اور کچلہ کا برادہ تخم بلاسن جنگلی کبوتر کی بیٹ ہر ایک چار دام کوڑی سفید دو درم رات کو بکری کے دودھ مین ترکرکے صبح آتشی شیشے مین روغن نکالکر مالش کرین اور دوسرے

نسخے مین کوڑی سفید کے برابر عاقرقرحا بھی لکھا ہی دیگر ایک بالشت کپڑا باریک لیکر آدھ سیر
دھتورہ کے عرق مین ایس روز تک رکھین تا کہ عرق کپڑے مین جذب ہو جاسے پھر پانچدرم روغن کنجد
نرم آگ پر پکائین بعد اُسکے نکالکر پارچہ کو لوہے کی سیخ مین لٹکا کر نیچے اُسکے تھالی رکھین اور ایک
طرف سے کپڑے مین آگ لگا دین جو کپڑے سے تیل اُس تھالی مین ٹپکے اُسکو لیکر اور دو قطرے
ہر روز چار روز تک طلا کرین دیگر مسہل مقوی باہ اور جلق لگانیوالے کو نافع ہی میٹھا تیلیہ دو دام تولی
سکے بیچ آدھا دام مغز جمال گوٹہ سب ادویہ باریک پیسکر آدھ پاؤ روغن کنجد مین کھرل کرکے تھوڑا
اُسمین سے لیکر استعمال کرین دیگر مسہل مقوی باہ چھ درم میٹھا تیل نرم آگ پر جوش دین اور آدھا
درم ہرتال سرخ پیسکر اُسمین ملائین بعد اُسکے سہاگہ بعد اُسکے قسط تلخ ہر واحد ایک درم
اُسمین ملائین پھر چنبیلی کی پتیون کا عرق ڈالکر آگ پر رکھین جب پانی جلکر روغن رہجاے
قضیب پر ملین اور اوپر سے پان باندھین دیگر باہ کو قوت دیتا ہی اور قضیب کی سستی کو
دفع کرتا ہی لودھ پھٹکری پوست بیخ ارنڈ تخم اسگند ہر واحد ایک درم کوٹ کر پانی مین جوش دین
اور آدھ پاؤ روغن کنجد مین جلاکر صاف کرکے ملین دیگر بندکشاد کو نافع ہی کنجہ بام مچھلی کا تیل
آٹھ ٹانک اسگند گیارہ ٹانک فلفل دراز ایک ٹانک ادویہ پیسکر روغن کنجہ مین جلا کر
رکھین اور ایک قطرہ قضیب کے سوراخ مین ٹپکائین اور اگر سوراخ زیادہ تنگ ہو گیا
تیل ٹپکائین اور طریقہ بام مچھلی کے تیل نکالنے کا یہ ہی کہ بام مچھلی کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے پانی مین
جوش دین جسقدر چکنائی پانی پر آئے اُسکو استعمال کرین دیگر مین نے ایک کتاب مین لکھا
دیکھا کہ اگر چند عدد بھڑون کو میٹھے تیل مین جلاکر وہ تیل قضیب پر ملین قوت بہت دیتا ہی فائدہ
بندکشاد ذکر کے سوراخ بڑھ جانے کو کہتے ہین اور وہ نزدیک حکماے ہند کے دشوار علاج ہی اور
جو چیزین مغلظات منی ہین وہی اس مرض کو نافع ہین روغن مقوی باہ گھونگچی سرخ وسفید
کی دال ہرتال ہر واحد ایک دام بکری کے دودھ مین کھرل کرکے چنے کے برابر گولیان
بناکر تین روز صبح وشام آتشی شیشے مین رکھکر روغن نکالکر قضیب پر طلا کرکے اوپر سے پان

باندھین فائدہ یعنی پٹی تقویت باہ کے واسطے باریک کپڑا تھوہڑ کے دودھ مین تین مرتبہ
بھگو کر خشک کرین اور تین مرتبہ پیاز کے عرق مین تر کرکے خشک کرین بعد اُسکے کپڑے کو
السی کے تیل مین ایک رات دن بھگو دین پھر آلت کو سر چھوڑ کر مسکہ سے چرب کرکے اوپر سے
یہ پٹی چار گھڑی تک باندھے رکھین اگر ضرورت ہو تو دوسرے روز بھی یہی عمل کرین اور کپڑے کو
ہر وقت السی کے تیل مین تر رکھین فائدہ کپڑا آب ہلدی مین رنگ کر خشک کرین بعد اسکے
دھتورے کے عرق مین تین مرتبہ بعد اُسکے مدار کے دودھ مین تین مرتبہ تر کرکے سایہ مین خشک
کرین پھر بھینس کے گھی مین نرم آگ پر بریان کرکے وقت حاجت کے پٹی پر شہد لگا کر
سیراھینگ ایک رتی کے برابر پیسکر اُسپر چھڑک کر تین روز باندھین دیگر مقوی باہ مدار کا
دودھ آدھ پاؤ شہد خالص اڑھائی پاؤ کڑاہی مین ڈال کر لوہے کے دستے سے
استقدر لت کرین کہ قوام بندھ جاسے اور کڑاہی لس کی وجہ سے دستے کے ساتھ زمین
سے اُٹھ آنے لگے پھر چار ماشہ افیون ڈال کر حل کرین کہ خوب ملجائے پس دوا کو چینی
کے برتن مین رکھین اور حاجت کے وقت آلت کو سر چھوڑ کر اُس روغن سے چرب کرین
اور اُسپر پان لپیٹ کر گڑی کی پٹی سے ملفوف کرکے ایک پہر بیٹھے رہین بعد اُسکے پٹی دور کرکے
گائے کا گھی اکیس ۲۱ مرتبہ دھو کر آلت پر ملین اور تین روز تک اسی طرح عمل کرین طلا ضعف باہ
کو نافع اور جلق لگانے والے کو مفید ہے مدار کا دودھ برابر اُسکے گائے کا گھی ملا کر بارہ پہر
کھرل کرکے ایک رتی قضیب پر لگائین اور بعضے اسمین شہد بھی ڈالتے ہین اور بعضون نے
لکھا ہے کہ دو دام مدار کے دودھ مین ایکدام گھی ملا کر جلائین اور لکڑی سے خوب حل کرین جب
دودھ جلکر روغن باقی رہے چھانکر شراب دوآتشہ ملا کر کھرل کرکے رکھین اور سر آلت کو چھوڑ کر طلا کر
اوپر سے لسوڑے کے پتے باندھین اور ایک پہر کے بعد کھول ڈالین طلا کہ جلق لگانیوالے
اور نامرد کو فائدہ کرے مرغ سیاہ جوان جسنے جفتی نہ کی ہو ذبح کرکے اُسکا خون لیکر مساوی اُسکے
گدھے جوان کا خون ملا کر قضیب پر ملین اور ہوا دین تا کہ خشک ہو اسیطرح سے تین مرتبہ

برابر لیپ کرین اول مرتبہ سوزش پیدا ہوگی دوسری مرتبہ سوزش کم ہوگی تیسری مرتبہ بالکل
سوزش جاتی رہیگی اور شہوت غلبہ کریگی اُس روز جماع نکرنا چاہیے بعد اُسکے جماع کرین طلا
کو قوت دیتا ہی مولی کے بیج بنولہ ہر ایک دو حصہ عاقرقرحا قسط تانبہ ہر واحد ایک حصہ باریک پیسکر
لگائین طلا کہ اسکو شاہ لیپ کہتے ہین لونڈے باز اور جلق لگانیوالے کے حق مین آب حیات کا
حکم رکھتا ہی اور قضیب کی کجی دور کرتا ہی اور باہ کو قوت دیتا ہی ایک نار وبینگن جو درخت مین
پک کر زرد ہوگیا ہو لیکر اُسمین سات عدد پیپل چھو کر لٹکائین جب بینگن خشک ہو جاے
آدھ سیر میٹھے تیل مین اُسے جوش دین جب تیل جوش مین آئے سات تولہ کیچوا خشک تیل مین ملائین
جب کیچوے جلجائین لسن چھیل کر اُسمین ڈالین پھر کھرل کرکے ایک شیشے مین رکھین
اور پندرہ روز تک ہر روز ایک ماشہ ذکر پر ملکر برگد یا السوڑہ کے پتے اُسپر باندھین فضل الٰہی
صحت ہوگی دیگر مقوی باہ گھونگچی سفید عاقرقرحا بیربہوٹی سو تین تین ماشہ سنکھیا ایک ماشہ
شراب دو آتشہ مین تین روز تک کھرل کرکے رات کو قضیب پر لگا کر اُسپر پان کچے دھاگے
سے باندھکر سو رہین اسی طرح سے ایک ہفتہ تک باندھین اس عرصہ مین جماع نکرین دیگر مقوی
باہ آدمی کے کان کا میل سور کی چربی باہم ملا کر تین روز کھرل کرکے سات روز لیپ کرین دیگر
مقوی باہ پوست بیج کنیر سفید بساوی گدھے کے پیشاب مین پیسکر آلت پر طلا کرین اور پیسنے
اُسمین تھوڑا شنگرف بھی ڈالتے ہین اُسکے اوپر ارنڈ کے پتے باندھین کہ خشک ہوجاے
طلا مقوی باہ زہر تلیہ آنبہ ہلدی میدہ لکڑی ہر ایک آدھا دام علحدہ علحدہ کوٹ چھانکر
تین پڑیان بنا کر ایک پڑیا تازہ پانی سے خوب لت کرکے حشفہ اور سیون چھوڑ کر آلت پر
لگائین اوپر سے پان لپیٹکر تمام روز بندھا رکھین دوسرے اور تیسرے روز بھی اسیطرح کرین چوتھے روز
گھی دھو کر آلت پر ملین دیگر ایک بڑی جونک کہ تالاب مین ہوتی ہی گاے کا گھی ایک پاؤ اول
گھی کو لوہے کے برتن مین گرم کرکے زندہ جونک اُسمین ڈالدین جب جونک کا پیٹ پھٹ جاے
اور اُسکے پھٹنے کی آواز کان مین آئے اُتار کر سنبھل کا گوندا ایک ٹانک پیدہ کے شکل باریک

پیسکر انہیں ملائین اور سیب کی لکڑی سے چار پہر رگڑ کر قضیب پر لگائین اور اگر بڑی جونک
ملے سات عدد چھوٹی جونکین روغن مین جلائین دیگر مقوی باہ کنیر کی جڑ پوست بیخ دھتورہ
پوست بیخ بنگ بیخ ہر ابر برابر لیکر سایہ مین خشک کرکے کوٹ کر برگ دھتورہ کے عرق مین
بیر کے برابر گولیان بنائین اور وقت حاجت کے ایک گولی اپنے پیشاب مین پیسکر آلت پر
لگا کر خشک کرکے جماع کرین دیگر سرسون سفید قسط تلخ بڑی کٹائی کا پھل اسگند کی جڑ
مساوی لین اور کوٹ چھانکر پانی مین ملا کر قضیب پر طلا کرین جب خشک ہونے لگے
چھڑا ڈالین تین چار روز اسی طرح کرین آلت جسیم ہو جائے اگر سرسون سفید نملے زرد کافی ہے
دیگر بیجوا ایک تولہ گائے کا گھی دو تولہ ملا کر دو پہر تک کھرل کرکے تھوڑا لیکر طلا کرین
اسکے اوپر برگ کنیر یا برگ ارنڈ باندھین دیگر اسپند رینڈی کا مغز سرسون زرد ہر ایک تین دام
کوٹ چھانکر چنبیلی کے تیل مین کھرل کرکے دونون وقت اس طرح سے ذکر پر ملین کہ صبح کو
آفتاب مین اور شام کو بند مکان مین کہ وہان ہوا نہ آئے بیٹھکر لگائین اور اگر جاڑے دن کا
موسم ہووے انگیٹھی جلا کر آگے رکھ لین اور ہر بار انگیٹھی سے ہاتھ سینک کر ناف کے نیچے
ران تک تین کرین تدہین کی اقل مدت پانچ گھڑی ہے یہ ترکیب صاحب زاد الغربت کے
مجربات سے ہے ضماد کہ بہت لذت دیتا ہے بیر بہوٹی تازہ اسکے برابر بھڑ کا چھتہ لیکر روغن بیچ
مین حل کرکے ضماد کرین طلا پارہ تین دام گائے کا پتہ بارہ عدد آدھ سیر بھنگ کے
عرق مین لوہے کی کڑاہی مین لوہے کے دستے سے ایک پیسہ اسپر لگا کر چھ روز تک
حل کرین جب گاڑھا ہو جائے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین وقت حاجت کے تھوک
مین گھولکر لگائین ضماد امساک کرتا ہے خشکی مین رہنے والے مینڈک کو سایہ مین خشک کرکے
سر اور پیر اسکے کاٹ کر باریک پیسین پھر ایک جائپھل اور دو ماشہ زعفران ملا کر گولیان
بنائین وقت حاجت ذکر پر حشفہ چھوڑ کر ضماد کرین دیگر سستی ذکر کو دفع کرتا ہے اسگند
گج پیپل قسط تلخ باریک پیسکر گائے کے مسکہ مین ملا کر پندرہ روز ہر روز دو بار ملین اور گرم

پانی سے دھوئین اور دوسرے نسخے مین بجاے نجبیل کے دارفلفل لکھا ہی اور ایک نسخے
لکھا ہی کہ ایک بڑا مینڈک کہ جو کوئین مین رہتا ہو لیکر اسکی مقعد سی دین اور دو تین درم سیماب
اسکے منھ مین ڈالکر رکھین جب خشک ہو جاے مینڈک کا پیٹ پھاڑکر پارہ کو کہ گولی بندھ جائیگی
نکال لین اور جماع کے وقت منھ مین رکھین انزال نہین ہوگا دیگر گاے کا پتہ شہد مین ملا کر
ذکر پر ملین اور گرم پانی سے دھووین پندرہ روز تک اسی طرح استعمال کرین دیگر لذت
دیتا ہی جنگلی کبوتر کی بیٹ اور اسکی چربی اور لاہوری نمک اور شہد چارون اجزا برابر
لیکر پیسکر ذکر پر ملین اور مجامعت کرین لذت زیادہ ہو ضماد بہت لذت دیتا ہی بارہ بینگن
مٹی مین لپیٹکر بھوبھل مین رکھین پھر مٹی دور کرکے بینگن کا پانی نچوڑکر چھان کر چند عدد
پیپل تین روز تک اس پانی مین بھگوئین چوتھے روز نکالکر خشک کرکے باریک پیسکر شہد
مین ملا کر ضماد کرین طلا مقوی باہ پوست بیخ کنیر باریک پیسکر کھٹ کٹائی کے شیرہ
مین کھرل کرکے چند روز طلا کرین ضماد کجی ذکر کے واسطے جو جلق لگانے سے ہو گئے
نافع ہی ذکر کو پہلے روغن کنجد نیمگرم سے ملین بعد اسکے قدرے ہالون پیسکر نیمگرم ضماد کرین
پھر اوپر پان یا ارنڈ کا پتا لپیٹکر گرد اگرد اسکے کپاس رکھکر پٹی سے مضبوط باندھین اور
ایک پہر کے بعد نیمگرم پانی سے دھوئین سات روز کے استعمال سے کجی دور ہو جائیگی دیگر
قضیب کے موٹے ہونے کیواسطے ہر رات کو تازہ دودھ سے ذکر کو ملکر کپڑے سے خشک پیسکر اسپر ملا کرین
دیگر کاپھل بھینس کے دودھ مین پیسکر لیپ کرکے تمام رات باندھے رکھین صبح گرم پانی سے
دھوئین چند روز اسی طرح عمل کرین دیگر ریٹھا کا پوست عاقرقرحا برابر تیز شراب مین
کھرل کرکے سواے سر ذکر کے طلا کرین اور اوپر اسکے پان لپیٹین اسیطرح چند روز استعمال
کرنے سے فائدہ معلوم ہوگا دیگر مقوی باہ زیرہ کنول گٹہ شہد خالص باہم خوب پیسکر ملا کر سواے
حشفہ کے قضیب پر طلا کرین اوپر سے کپڑا لپیٹین اور بعد دو پہر کے دور کرکے گرم پانی سے
دھوئین مکرر اسی طور سے کرین دیگر ذکر کو بڑا کرتا ہی دو درم اندر جو بھینس کے تازہ دودھ مین

تر کرکے چار پہر اسکو پیسکر گرم ذکر پر باندھیں اوپر سے کپڑا لپیٹ کر سو رہیں صبح گرم پانی سے
دھوئیں چند روز متواتر یہی عمل کریں دیگر قضیب کو سخت کرے تخم انگن کوٹ چھان کر
قضیب پر ہر روز دو بار ضماد کریں چند مرتبہ یہی استعمال کریں طلا اساکہ و سنبری اگر کیوڑے
سفید پر رنگانے کی جڑ جو کوب کرکے سیاہ دھتورہ کے شیرہ میں بھیں تہ تر کرکے خشک کریں بعد اسکے
پیسکر رکھیں حاجت کے وقت تھوک میں حل کرکے قضیب پر طلا کریں اور ایک پہر کے بعد جماع کریں بعد
جماع کے گائے کا گھی ذکر پر ملیں دیگر چنبیلی کے تیل میں رائی پیسکر قضیب پر لگائیں دیگر عاقرقرحا دو حصہ
کاندہ یعنی جنگلی پیاز کا عرق دس حصہ پیسکر قضیب پر لگائیں دیگر گانجہ رینڈی کے تیل میں
کھرل کریں پھر التہ پر لپیٹکر کے باندھیں تھوڑا خراش کرتا ہے لیکن مقوی باہ ہے اور مجلوق کو نفع
دیتا ہے دیگر ملہل کے بیج دو حصہ چھال اسکی ایک حصہ باریک کوٹ چھان کر میٹھے تیل میں
چار پہر کھرل کرکے لگائیں دیگر لونگ مغز سمندر پھل ایک ایک عدد شہد میں پیس کر لگائیں
رینڈی کا تیل مجلوق کے واسطے میٹھا تیل رینڈی کا مغز ہر واحد پاؤ سیر دونوں کو جوش دیکر
حل کرکے شیشے میں رکھیں اور ہر روز طلا کریں مجلوق کو بہت مفید ہے دیگر جنگلی کبوتر کی بیٹ
کی سفیدی چنبیلی کے تیل میں پیسکر ضماد کریں دیگر استادگی اور سختی قضیب کے لیے سفید کنیر
چنبیلی کے تیل میں پیسکر لگائیں دیگر چمگادڑ کا خون قضیب پر ملیں قوت باہ زیادہ ہو جاوے
دیگر سدسار یعنی گرہ کا گوہ لگانا باہ کو قوت دیتا ہے دیگر سانپ کی چربی اور مچھلی اور جنگلی سور
کی چربی بکری کے پیشاب میں تین روز کھرل کرکے لیپ کریں دیگر روہو مچھلی کی چربی طلا
کرنا نافع ہے دیگر چوہے کی مینگنیاں شہد میں ملاکر قضیب پر لگانا باہ کو قوت دیتا ہے دیگر
چھوٹی کٹائی کا پھل بیج دور کرکے پیسکر قضیب پر طلا کریں اور اسپر ارنڈ کے پتے باندھیں
دیگر پارہ ایک دام شہد دو دام دونوں کو لوہے کے برتن میں لوہے کے دستہ سے حل کریں
جب یک ذات ہو جائے کپڑے پر لپیٹکر کے قضیب کے اوپر لپیٹیں جب استادگی ہو دھوکے دوا کو دور
کرکے جماع کریں اور ایک عدد روہو مچھلی کا مغز اسمین ڈالیں بہتر ہے اور بعد طلا کرنے کے بنگلہ پان

گرم کرکے کچے تاگے سے اسپر لپیٹین اسکا سات روز استعمال کرنا چاہیے دیگر سارون بکری
کے تازہ دودھ مین پیسکر ہمیشہ قضیب پر لگانا باہ کو قوت دیتا ہی دیگر ذکر کی سختی کے واسطے
مولی کے بیج دس درم میٹھے تیل مین جوش دیکر دونون وقت قضیب پر ملین سختی دور کرتا ہی
دیگر مردار سنگ مرغی کے پتے مین پیسکر قضیب پر لگا کر عورت سے نزدیکی کرین لاکن منزل
نہون عورت بستہ ہو جائیگی دیگر ہینگ گائے کے پتہ مین حل کرکے گولی بنا کر آتشی شیشے مین
روغن نکالین وہ روغن طلا کرین دیگر لذت کے واسطے عورت کے سر کے بال جلا کر راکھ
کرکے چنبیلی کے تیل مین ملا کر قضیب پر لگائین اور جماع کرین اور اگر کبوتر کی بیخال کی سفیدی
بھی ملائین بہت فائدہ کریگا دیگر امساک منی کے واسطے مفید ہی تکو سر کا دودھ گائے کا دودھ
دونون برابر لیکر تمام دن دھوپ مین رکھین رات کو تانبے مین ملین جب خشک ہو جائے
بعد دو گھڑی کے جماع کرین دیگر سیاہ دھتورہ کی پتیون کا عرق نکالکر دونون تخنون پر لگائین
جب خشک ہو جائے جماع کرین دیگر مساک کا فور کنائی کے زیرہ کے ساتھ شہد مین پیسکر
چھوٹے زیرے کے برابر شیاف بنا کر ذکر کے سوراخ مین رکھین بعد ایک ساعت کے جماع
کرین امساک منی کرتا ہی اور بند کشاد کو مفید ہی دیگر ہینگ شہد خالص مین پیسکر مثل زیرے
کے بتیان بنا کر ایک بتی سوراخ ذکر مین رکھین بعد ایک گھنٹہ کے جماع کرین دیگر مین نے
ایک کتاب مین دیکھا ہی کہ کونچ کی جڑ انگلی کے سر پور کے برابر جماع کرتے وقت منہ مین رکھین
جب تک منہ مین رہیگی انزال نہوگا دیگر احتلام کو نافع ہی اونٹ کے بال کی رسی بنا کر ران مین
باندھین دیگر لکھا ہی کہ پھٹکری کمر مین باندھنا نافع احتلام ہی دیگر لکھا ہی کہ اتوار کو گھوڑے
اور خچر کی دُم کا ایک ایک بال لیکر زرد کوڑی مین سوراخ کرکے ان دونون بالون
مین پروئین اور سیدھے بازو پر باندھکر جماع کرین انزال نہوگا دیگر لکھا ہی کہ نر چھچھوندر کا
خصیہ چمڑے مین رکھکر تعویذ بنا کر کمر مین باندھین جب تک کمر پر رہیگا انزال نہوگا جب
اسکو پیٹ کی طرف لائینگے انزال ہو جائیگا دیگر کچلہ کو شراب دو آتشہ مین پیسین اور روغن

پرگاڑھا ضماد کرکے بعد خشک ہونے کے جماع کرین امساک کرتا ہو دیگر کرنجوہ کی پتیون کا
شیرہ نکالکر ہتھیلیون اور تلوون مین ملکر بعد چار گھڑی کے جماع کرین ایک کتاب مین لکھا ہو کہ
امساک کرتا ہو جشتر کہ بالخاصیت انزال کو روکتا ہو کتا جسوقت وہ سے جفتی کرے اور کوز خشفہ
ہو جاوے نر کتے کی دم کاٹ کر چالیس دن زمین مین دفن کرین جب دم کا گلکر ہڈیان باقی رہین آسکو
تاگے مین پرو کر اپنے پانوُن مین باندھکر جماع کرین فائدہ جماع کرنے مین چاہیے کہ لذت کی
طرف مشغول و مصروف نہو بلکہ اور باتون کا خیال دلمین لائین جب جانے کہ انزال ہوا چاہتا ہو
ٹھر جائے بعد ایک لمحہ کے پھر شروع کرے اسطرح سے انزال کے وقت رعایت کرتا رہے اور
بہتر یہ ہو کہ ایک عدد معین سے مثل پانچ یا سات کے شروع کرکے ہر مرتبہ ایک عدد ولاق بڑھاتا جاے
دوسری بات یہ کہ جب جانے کہ منی نکلتی ہو چھنگلیا اور بیچ کی انگلی سے وہ رگ کہ خصیہ کے
نیچے اور درمیان مقعد کے ہو زور سے پکڑے منی پھر جائیگی اسی طور سے ہر دفعہ کرے اور بہتر
وہ ہو کہ جب جماع کرنے کو بیٹھے ایڑی سے یہ رگ دبائے رکھے حب ممسک شنگرف ہو چرس
افیون ہر ایک چار ماشہ سہاگا ایک ماشہ پیسکر سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائے ایک گولی
قبل جماع کے کھائے جشتر لکھا ہو کہ اونٹ کی ہڈی مین سوراخ کرکے جسکے سرہانے رکھدین نکوٰ
فصل امراض خصیہ کا علاج فتق یعنی بڑھ جانا خصیون کا فارسی مین اسکو بارخایہ کہتے ہین
فائدہ اگر داہنے خصیہ مین ورم ہو بائین ہاتھ کی رگ اسلم کو داغ دین اور اگر بائین خصیہ
ورم ہو داہنے ہاتھ کی رگ اسلیم کو داغ دین درد و ورم خصیہ دفع ہوگا اسلیم ایک رگ ہو چھنگلیا
اور اسکے پاس کی انگلی کے بیچ مین اسکو ریشمی کپڑا جلاکر داغ دین اور طریقہ داغ کو اکثر اوباش
جانتے ہین کہ اپنے ہاتھ پانوُن داغا کرتے ہین دوا مستعمل اہل ہند خصیہ کے بڑھجانے کو نافع
ہو ڈھاک کی جڑ کی چھال سایہ مین خشک کرکے باریک پیس چھانکر سات ماشہ تازہ پانی سے
پھانکین درد ناف کو بھی مفید ہو سفوف درازی خصیہ کے واسطے کندر یا برنگ پرانی اینٹ
برابر کوٹ چھانکر دو دام گھی کے ساتھ کھائین اگر اول روز قے ہو جائے خصیہ اپنے حال پر آجائیگا

جوشاندہ نافع فتق پانچ درم حب الآس تین درم پانی مین جوش دین جب چہارم حصہ بچے
صاف کرکے دس درم گھی ملا کر نیم گرم کپڑے ہو کر سینکین دوا فتق کو نافع ہو سہاگہ بریان چھ ماشہ
پیپل پرانے گڑ مین ملا کر تین گولیان بنائین ایک گولی ہر صبح کھائین اسکے اوپر تھوڑا گھی بہین
غذا مالیدہ بے نمک ضماد نافع ورم خصیہ اونٹ کی مینگنی اور تھوڑی ہلدی جوش دین جبکہ
گاڑھی ہو جائے پیس کر خصیہ پر نیم گرم لگائین دیگر ورم خصیہ سرد کو نافع خرمے کی گٹھلی کا آٹا
تخم خطمی سرکہ مین ملا کر ضماد کرین دیگر ورم خصیہ اوراسکی خارش کو مفید ہے آدھ پاؤ بھنگ
آدھ پاؤ پانی مین جوش دین جب نصف رہے اس پانی سے خصیہ کو دھوئین اور اسکا
ثفل ضماد کرین دیگر بکری کی مینگنی جلا کر اجوائن خراسانی اسکے برابر لیکر پانی مین پیسکر
نیم گرم لگائین ضماد تخم [illegible] برگ نازبو کے رس مین پیسکر لیپ کرین دیگر بیخ ارنڈ سرکہ
مین پیسکر نیم گرم لگائین دیگر تخم کرنیل کوٹ چھان کر نیم گرم ضماد کرین دیگر ورم اور درد خصیہ کو
مفید ہے بھنگرہ چوہے کی مینگنی [illegible] ہر ایک برابر تخم [illegible] دونا برگ ارنڈ کے عرق مین پیسکر
ضماد کرین دیگر لڑکون کے فتق کے لیے نافع ہے [illegible] پانی مین پیسکر نیم گرم لگائین دوا نافع ورم
گرم خصیہ [illegible] کو پانی مین بھگو کر خصیون کو جب تک ممکن ہو اسمین رکھین دو بار اسی طرح
کرین اور اسکا ثفل خصیہ پر باندھین ضماد نافع ورم گرم خصیہ مسور مقشر پوست انار مساوی
پانی مین پکائین جب گل جائے پیسکر ضماد کرین طلا ورم خصیہ کو نفع دیتا ہے رینڈی کا گودا پیسکر
گرم کرکے روز دو تین مرتبہ لگائین کالائی خصیہ کی دور ہو جاتی ہے ضماد بارزد اسگند پانی مین پیسکر
نیم گرم ضماد کرین دوا نرکچور پیسکر نیم گرم لیپ کرکے اسکے اوپر برگ پان باندھین دوا ورم سرد خصیہ کو
مفید ہے درخت [illegible] کے برگ و شاخ کوٹ کر روٹی بنا کر خصیہ پر باندھین ورم دفع ہو جائیگا اور درد
کو بھی مفید ہے فائدہ خصیہ کے ورم گرم کا علاج فصد صافن ہے اور اجوائن خراسانی اور جو کا
آٹا اور کدو کی لکڑی اور [illegible] کی پتیون کا عرق اور کالی اور صندل سرخ کا ضماد کرنا اور
اگر ورم سرد و بلغمی ہو تخم السی شستہ کا ضماد کرین محلل ورم اور درد خصیین کو نافع ہے گل [illegible]

جوش دیکر اُسکے پانی سے نطول کرین اور اُسکا ثُفل نیمگرم باندھین طلا خصیہ کی چوٹ کو نافع
ہی تھوڑی ہلدی پیسکر زردی بیضہ مرغ مین ملاکر نیمگرم لگائین طلا خصیین کی سختی کو نافع ہے
زیرہ سفید اور سیاہ مرچ پانی مین پیسکر پکائین اور طلا کرین دیگر خصیہ کی سختی کو نافع ہی پتہ زیرہ شہد
مین ملاکر لگائین ضماد خصیہ کی خارش کو مفید ہی درخت سرس کی چھال پیسکر ضماد کرین دیگر
نافع ورم خصیہ بیجان پانی مین پیسکر ضماد کرین دیگر خصیہ اور ذکر کے زخم کو مفید ہی جلایا ہوا گندھک
انگور کی لکڑی کی راکھ زخم کو تھوک سے ترکرکے اُسپر چھڑکین غسول وہ دوا رقیق ہی کہ جس سے
زخم وغیرہ دھوئین غسول نافع قروح خصیہ پوست کیکر نیمکوفتہ پانی مین جوش دیکر زخم کو اُس سے
دھویا کرین دوا نافع قروح ذکر کمیلہ روغن کنجد مین ملاکر لگائین ذرور چاکسو باریک پیسکر
زخمون پر چھڑکین ضماد بلندی ناف کے دفع کے لیے یعنی اگر ناف اونچی ہو جائے اس دوا سے
حالت اصلی پر آجائے اور وہ بلندی عارضی جاتی رہے اجوائن کوٹ چھانکر بیضہ مرغ کی
سفیدی مین ملاکر ضماد کرین اور اوپر اُسکے سیسے کا ٹکڑا باندھین فصل اُن امراض اور اعراض کے
علاج مین جو خاص عورتون کو ہوتے ہین عقر یعنی عورت کا حاملہ نہونا جس عورت کو یہ
مرض ہو اُسکو عربی مین عقیمہ اور اُردو مین بانجھ کہتے ہین اور عقر کبھی اُن اسباب کے حادث ہونے
سے ہوتا ہی کہ مانع حمل ہین اس قسم کو عقر مجازی کہتے ہین یہ علاج پذیر ہی اور کبھی عقر بدون اسباب
ہوتا ہی مثل بعض درختون کے کہ وے نہین پھلتے ہین یہ عقر حقیقی ہی اسکی دوا نہین اور اسباب عقر
کبھی مردون مین ہوتے ہین اور کبھی عورتون مین اسکا طریقہ امتحان کا یون لکھا ہی کہ سات دانے
گیہون یا باقلا یا جو کے علحدہ علحدہ مٹی کے نئے برتن مین رکھین ایک ظرف مین مرد دوسرے
مین عورت سات روز تک پیشاب کرے جسکے پیشاب سے دانے کو اُگین اُسکی طرف عقر کا سبب
نہین ہی اور جسکے پیشاب سے دانے نہ اُگین اُسمین سبب عقر کا موجود ہی یا عورت و مرد علحدہ علحدہ
پیالہ مین پانی بھر کر اپنی اپنی منی اُسمین ڈالین جسکی منی پانی مین تہ نشین ہو جاوے اُسکی طرف
عقر نہین ہی یا مرد و عورت علحدہ علحدہ کسی زمین پر پیشاب کرین پس جسکے پیشاب پر درخت خشک ہو جائے

عقر اسی کی طرف ہوگا اب چند ادویہ عمل مفید عقر کی لکھی جاتی ہین سفوف حاملہ ہونے کیواسطے
نافع ہے ہاتھی دانت کا برادہ کوٹ چھانکر مصری برابر ملا کر رکھین جس روز عورت حیض سے فارغ ہو
نو ماشہ سات روز تک کھائے بعد ساتوین روز کے مرد سے نزدیکی کرے تین دن مین حاملہ ہو جائے
دیگر حمل کیواسطے کابیل کوٹ چھانکر برابر شکر ملا کر حیض کے بعد عورت تین روز تک ایک کف دست کو
غذا شیر برنج بعد اسکے جماع کرائے دیگر سگند کوٹ چھانکر شروع حیض سے پیشتر ایک درم سے دو درم تک
کھائے غذا شیر برنج اور بعد پاکی کے جماع کرائے حب نافع حمل کے واسطے مرکی لونگ شادرچینی پیسکر
بقدر چار چار تولے کے گولیان بنائین عورت ایام حیض مین ایک گولی روز کھائے بعد پاکی کے
نزدیکی کرے دوا اگر حمل پر چین ہے ہاتھی کا پیشاب قبل جماع یا وقت جماع عورت کو پلائین عقر کو
نافع ہے دیگر بیج پیابانسہ نیم درم پانی مین پیسکر تھوڑے گائے کے دودھ کے ساتھ مرد کھلائے اور عورت کو
تین روز تک کھلائے اسکے بعد نزدیکی کرے دیگر عقر کو نافع ہے گل دھتورہ سیاہ پیسکر شہد اور روغن زرد
مین ملا کر کھلائین دیگر ایک عدد دمنہ رکپل تھوڑے دہی کے ساتھ نگل لین بالخاصیت فائدہ دیتا ہے
حمول کہ حمل پر اعانت کرے مغز کرنجوہ عورت کے دودھ مین پیسکر حمول کرین دوا اجوائن
ایک کف دست چند روز کھائین شیاف تھوڑی سرسون پیسکر تین روز بعد حیض کے شیاف کرے
حاملہ ہو جائے فرزجہ حمل پر اعانت کرتا ہے باز کی بیٹ کپڑے مین لگا کر فتیلہ کرکے جب عورت حیض سے
فارغ ہو فرزجہ کرے اور لکھا ہے کہ اگر تھوڑا شہد ملا کر عورت کو کھلائین بالخاصیت فائدہ دیتا ہے
فرزجہ کبوتر کی بیٹ حیض کے بعد فرزجہ کرین **فصل** حاملہ کی تدبیر کا بیان حاملہ عورت کو فصد و
مسہل سے خصوص چوتھے مہینے کے قبل اور ساتوین مہینے کے بعد احتراز چاہیے اور رنجکنے اور
مدرات حیض اور ڈر کی باتون اور آواز ہولناک سے ہر وقت پرہیز کرنا واجب ہے اور دو مہینے کے بعد
ترک جماع کرنا چاہیے اور لازم ہے کہ کھانا بہت نہ کھائے اور بدہضمی سے ڈرا کرے اور اگر حاملہ خوش
وخرم اور صحیح الاشتہا ہو اور اسکو کوئی بیماری مثل ورم ران اور درد سر اور تلی کے نہو اور بائی کی داہنی جانب
مین بوجھ معلوم ہو اور داہنی چھاتی بڑی ہو اور چھاتیون پر سرخی ظاہر ہو غالباً لڑکا جنے گی اور جس

عورت کو دختر کا حمل ہوگا اسمین اُسکے بالعکس نشانیان پائی جاینگی اور اُسکا سر بھاری و چہرہ
زرد اور بیرونق ہوگا اور بھوک کم اور کاہلی زیادہ ہوگی اور پستان اور دودھ رقیق ہوگا اور
نیند بہت آئیگی اور چلنے مین پہلے داہنا پیر اُٹھائیگی اور کھڑے ہونے کے وقت داہنا ہاتھ
ٹیک کر اُٹھیگی اور اطبا نے یہ بھی لکھا ہے کہ حاملہ ہتھیلی پر جون رکھکر اُسپر اپنا دودھ ڈالے اگر
جون اُسمین حرکت کرے پیٹ مین لڑکا ہونے کی علامت ہے اور اگر حرکت نہ کرے اور مر جائے
دختر کی علامت ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ برگ چقندر خشک کرکے حاملہ کی ناک مین پھونکین اگر چھینک
آئے لڑکی اور اگر نہ آئے لڑکا جنے گی اعمال حافظ جنین یعنی وہ دوائیان کہ حمل کو
گرنے نہ دین بعضی عورتون کو عادت ہے کہ انکا حمل ابتدا مین گر پڑتا ہے سرخ کپڑے مین سرخ
تاگے سے کہ کسم مین رنگا ہو ایک کرنجوہ باندھکر نو مہینے تک کمر پر باندھ رکھین اور
کہربائے شمعی اور درونج عقربی کمر پر باندھنا مفید ہے دیگر وہ سوت کہ کنواری لڑکی نے کاتا ہو
عورت کے سر یعنی تالو سے پانون کے ناخن تک ناپ کر اُسکو ایک تار کا بنائین اور سیاہ دھتورہ
کی جڑ لیکر اُسکو سات ٹکڑے کرکے اُس تاگے مین جدا جدا باندھکر عورت کی کمر مین باندھین دیگر زمرد
کی انگوٹھی بائین ہاتھ مین پہننا حاملہ کے جریان حیض کو نافع ہے طلا حاملہ عورت کی فرج کی خارش
اور سوزش کے واسطے تخم خطمی ملتانی مٹی مکو کی پتیون کے عرق مین پیسکر لگائین دیگر
بہمن سپیدی کافور گلاب مین پیسکر موضع مخصوص مین ملین فائدہ کہربا کمر پر باندھنا حمل کو اسقاط سے
حفظ کرتا ہے اور معدہ پر لٹکانا تخمہ کو نافع ہے اور گردن پر یرقان کو فائدہ دیتا ہے اور سینہ پر
رکھنا دل کو نفع کرتا ہے اور دافع طاعون ہے اور یہ سب تاثیرات بالخاصیت ہین دوا حاملہ عورت
کی بھوک کے فساد کے دفع کرنے کو مفید ہے بڑی الایچی دس درم چھ مثقال قند کے ساتھ پیسکر
تین ماشہ روز کھائین فصل عسر ولادت یعنی لڑکا پیدا ہونے کی دشواری عورت حاملہ کے
قریب جننے وقت خوشبودار چیزین نہ جلنے دین اور چار مثقال املتاس کے چھلکے پانی مین جوش
دیکر تھوڑی شکر ملاکر پلانا عسر ولادت کیواسطے تاثیر عجیب رکھتا ہے اور گھوڑے کے سم کی دھونی

نافع ہی اور بعضے اطبا نے لکھا ہی کہ تھوڑی گھوڑے کی لید کبوتر کی بیٹ کے ساتھ پانی میں گھول کر
عورت کو کھلانا تسہیل ولادت کا فائدہ دیتا ہی اور سانپ کی کینچلی کا بخور مردہ لڑکے کو فی الفور
نکالتا ہی اور گاجر کے بیجوں کا بخور بھی تسہیل ولادت کرتا ہی اور گل بابونہ نو ماشہ تھوڑے پانی میں جوش
دیکر شہد بقدر ضرورت ملا کر پلانا بہت نافع ہی دوا اگر حالت حمل میں خون حیض جاری ہو جائے گو لڑکی جڑ
نیکو جوش دیکر پلانا یا سفوف کر کے وضع حمل کیواسطے مفید ہی نیلوفر طباشیر اگر گرمی ہوئی صندل
گھسا ہوا مصری برابر سفوف بنا کر اور ساٹھی کے چاول بھگو کر اسکے پانی سے ایک کف دست
کھانا … عمل کر بالخاصیت تسہیل ولادت کو نافع ہی سنگ مقناطیس کو ہاتھ میں لینا مجرب ہی
دیگر تسہیل ولادت کے لیے کہ بجوہ چمڑے میں رکھکر درد زہ میں بائیں پنڈلی پر باندھیں تھوڑی
ہینگ کھانا عسر ولادت کو دفع کرتا ہی اور درد زہ کے وقت آدمی کے سر کے بالوں کی
دھونی لینا دشواری ولادت کو نافع ہی اور آدمی کے بال جلا کر اسکی راکھ گلاب میں ملا کر
عورت کے سر پر ملنا بالخاصیت نافع عسر ولادت ہی اور اگر … کپڑے میں نمک باندھکر عورت کی
بائیں طرف لٹکائیں بالخاصیت دافع عسر ولادت ہی اور سانپ کی کینچلی عورت کے چوتڑ پر
باندھنا اور اسکی دھونی دینا تسہیل ولادت کو فائدہ دیتا ہی اور چقماق کا پتھر لتے میں لپیٹکر
عورت کی ران پر باندھنا بالخاصیت دشواری ولادت کو مفید ہی اور اسیطرح سے بارہسنگے
کا سینگ باندھنا نافع تسہیل ولادت ہی اور گدھ کا پر عورت کے پاؤں کے نیچے رکھنا عسر ولادت
کو مفید ہی اور اگر … کی جڑ عورت کی کمر میں باندھے لڑکے کو جلد نکالے اور زعفران
کے وقت عورت کے گلے میں لٹکانا تسہیل ولادت کو اثر رکھتا ہی فرزجہ کہ تسہیل ولادت کرتا ہی
اندرائن کی جڑ … کے گھی میں ڈالکر فرزجہ کریں دوا اس درد کو تسکین دیتی ہی جو بعد
ولادت رحم میں ہوتا ہی دو درہم پوست … خشک کر کے سونف کے عرق میں پیکر … دیگر
پرانا … کھانا مفید ہی دیگر … کو جوش کر کے پینا دیگر بچون … ایک … پانی میں …
فائدہ رکھتا ہی دیگر شربت اصول فائدہ دیتا ہی دیگر جوشاندہ … کا نافع ہی دیگر پوست تر

خشخاش پلانا فائدہ رکھتا ہے **فصل** اُن ادویہ کا بیان کہ عورت کو بانجھ کرین ہاتھی کا لینڈا
نچوڑ کر ایکتولہ شہد مین ملاکر تین روز تک حیض سے پاک ہونے کے بعد پیین اور ہاتھی کے
لینڈ سے حمول کرنا بھی عورت کو بانجھ کرتا ہے دوا کہ عورت کو بانجھ کرے نوشادر پھٹکری پانی
مین پیسکر حیض کے بعد موضع مخصوص مین رکھین دیگر اگر ہر روز صبح کو ایک لونگ نگلے حمل نہ رہے دیگر
اسپندانا گوری جلا کر حیض کے بعد کھائین دیگر اگر سر ذکر کو میٹھے تیل دو رنگ سے چرب کرکے جماع
کرین نطفہ کو رحم قبول نکریگا دیگر شیاف کہ عورت کو بانجھ کر دے پانچ میٹھے تیل مین پیسکر حیض کے بعد
شیاف کرے دیگر ہلدی پیسکر حالت حیض مین کھائے اور جب حیض سے پاک ہو تین روز تک
کھائے حاملہ نہو دیگر عورت کو بانجھ کر دے چنبیلی کی جڑ اور گل چنبہ کا زیرہ برابر پیسکر سایہ مین
خشک کرکے شروع حیض مین تین روز تک کھائین اُسکے اوپر ایک گھونٹ پانی جسمین جوشاندہ
کہ مانع حمل ہے درخت فراش کی چھال اور گرجوش دیگر پہین حمول سیاہ مرچ بعد جماع کے
اندام نہانی مین رکھنا حمل کو مانع ہے دوا ایک مثقال نیل اگر عورت کھائے حمل کو مانع ہوگا دیگر
کالی زیری تخم ہلیلہ کابلی ناگیسر کچور کلونجی کا پھل ہر ایک پانچ درم کوٹ چھانکر گولیان بنائین
حالت حیض مین عورت سات روز تک ایک گولی کھائے دیگر لکھا ہے کہ چنبیلی کی ایک کلی
اگر عورت نگلے ایک سال تک حمل نہ رہے دیگر ایک رینڈی کی گودی نگل جائین ایک سال تک
حمل نہ رہے اور اگر دو نگلین دو سال تک نہ رہے دیگر نمک طعام پیسکر حمول کرنا مانع حمل ہے
دیگر چوہے کی مینگنی شہد مین ملاکر فرزجہ کرنا حمل کو مانع ہے دیگر تدبیر کہ حمل نہ رہنے دے
عورت اپنی ران جماع کے وقت بلند نکرے اور مرد انزال کے وقت ذکر اپنا باہر نکال لے
اور کوشش کرے کہ اپنے انزال کے ساتھ عورت کو انزال نہو اور عورت انزال کے بعد
جلد اُٹھ کھڑی ہو کر چھینکے دیگر بالخاصیت مانع حمل ہے لڑکے کا جو دانت پہلے گرے اور
زمین پر نہ گرنے پائے اُسکو لیکر اتوار کے روز چاندی مین منڈھکر عورت بازو پر باندھے
دیگر تخم حماض بائین بازو پر باندھنا مانع حمل ہے دیگر اگر مینڈک کی ہڈی عورت اپنے

پاس رکھے حاملہ نہو دیگر جو عورت سانپ کے دانت اپنے پاس رکھے حاملہ نہو دیگر سات دانے
کلونجی کے حیض سے پاکی کے بعد عورت نگل لے دیگر تھوہر کی لکڑی سایہ مین خشک کرکے
جلا کر ایک ماشہ اسکی راکھ برابر شکر ملا کر اکیس روز تک ہر روز کھائین دیگر آدمی کے کان کا
میل ایک دانہ باقلا کے برابر سیاہ رنگ شیشے مین باندھکر عورت کی گردن مین لٹکائین
جب تک گلے مین رہے بالخاصیت مانع حمل ہو شیاف تخم سہجنہ باریک پیسکر روغن گاؤ
اور شہد مین ملا کر بعد حیض کے شیاف کرین فائدہ لکھا ہو کہ اگر عورت اپنے لڑکے کے
پیشاب پر پیشاب کرے ہرگز حاملہ نہو یہ بالخاصیت ہو دوا اگر عورت ہر مہینے مین تھوڑا
پیشاب خچر کا پیئے ہرگز حمل نرہے دیگر حمل رہنے سے مانع اور دور رحم کو جو بعد جماع کے ہو
واقع ہو مازو باریک پیسکر روئی اُسمین آلودہ کرکے گولہ بنا کر جماع سے پیشتر رحم کے منہ تک
پہونچائے فصل حمل گرانے کی دوائین دوا اندراین نچوڑ کر اُسمین روئی ڈبو کر موضع
مخصوص مین رکھین شیاف کہ حمل کو گرائے کڑوی توری مع تخم پیسکر شیاف کرین شیاف
صابون مثل شیاف کے بنا کر رحم کے منہ مین رکھین یا اُسکو کڑوے تیل مین پیسکر اُس سے
روئی تر کرکے رحم کے منہ مین رکھین دیگر مرکی قند سیاہ مین لپیٹ کر کھائین اور کنول
پیسکر شیاف کرین جوشاندہ کہ پیٹ سے لڑکا نکالنے کے واسطے بے نظیر ہو تخم تھوا
ڈیڑھ تولہ آدھ سیر پانی مین جوش دین جب آدھا پانی باقی رہے چھانکر پین سفوف کہ حمل کو
گرائے اشنان بقدر ایک درم کے سفوف کرکے پھانکین شیاف کہ حمل کو گرائے اور حیض کو
جاری کرے ایلوا ابندال مر برابر لیکر شراب تیز مین کھرل کرکے شیاف کرین جوشاندہ کہ لڑکا
کانال جھلی رحم سے نکالتا ہو درخت سہجنہ کی چھال گڑ کے ساتھ جوش دیکر پین بخور کہ حمل کو
گراتا ہو جنگلی کبوتر کی بیٹ اور گاجر کے بیج برابر لیکر بخور کرین شیاف دیگر کہ حمل کو گرائے
سنبلہ کہ گیہون مین ہوتا ہو اور ایلوا برابر لیکر شیاف کرین طلا کہ حمل گرانے مین اعانت
کرتا ہو اونٹ کٹارہ کی جڑ پانی مین پیسکر عورت کے پیٹ پر ضماد کرین دیگر گل گڑہل

پانی مین پیسکر ناف پر اور اُسکے گرد لگائین مجرب کہ حمل کو گراتا ہے گندھک مرکی ہینگ گوگل
پیسکر بخور کرین اگر اُسمین گائے کا پتہ بھی ملائین زیادہ قوی ہوجا مجرب کہ زندہ اور مُردہ لڑکے کو پیٹ
سے نکالے اور حمل کو گرائے گھوڑے کی لید عورت اپنے آگے جلائے اور بخور لے دیگر پوست انار
کا بخور بھی عمل کرتا ہے دوا کہ لڑکا گرا دے بسکھپرہ کی جڑ چھ انگل کاٹ کر اُسکا ایک طرف باریک
بنائین اور ایلوا گائے کے پتہ مین پیسکر اُسکو باریک طرف مین خوب لگا کر خشک کرکے رحم کے
منہ تک پہونچائین اور اُسکی دوسری طرف ایک تاگے سے مضبوط باندھین اسطرح دو چار روز
رکھین تاکہ بچہ گر جائے دوا شورہ نیم دام نہار منہ کھائین حمل گر جائے شیاف ارنڈ کی
نرم ٹہنی رینڈی کے تیل مین تر کرکے شیاف کرین مجرب گدھے کے سُم اور اُسکے گوہ کا بخور لین
دوا کہ حمل کو گرا دے میتھی ہلدی پھٹکری ایکدام توتیا بھر بھوسے کے چھپر کا دھوان ہر ایک آدھا
درم کوٹ چھانکر پانی مین ملا کر شیاف بنا کر خشک کرین پہلے چکنا اور نرم کرنے والی چیزین
مثل گھی اور پودینہ کے فم رحم مین لگائین بعد اسکے صبح و شام شیاف مذکور رکھین اور
اسقاط حمل کے بعد گھی مین ایک لتہ تر کرکے مقام مخصوص مین رکھنا چاہیے کہ درد دفع ہو جائے اور
بھی بعد گر جانے حمل کے گوکھرو چھ ماشہ تخم خربزہ مقشر سونف ہر دو ایکتولہ جوش دیکر چھانکر مصری ملا کر پئین
اور غذا کچھ نہ کھائین اور پانی کے عوض کپاس کی تازہ کلیان یا بانس کی تازہ گرہین چار چار
دام پانی مین جوش دیکر پلایا کرین دیگر جوشاندہ تخم گاجر تخم سویا میتھی ہر ایک چھ درم دو سیر پانی
مین جوش دین جب ایک سیر باقی رہے ملکر چھانکر دو ہفتہ تک اسی طرح پئین حمل گر جائے فرزجہ
مجرب ایلوا پنج بسکھپرہ توتیا تخم کھرنی تخم [illegible] برابر کوٹ چھانکر فتیلہ کرکے رکھین شیاف
کہ اسقاط حمل کے واسطے مجرب ہے ارنڈ کی کلی ایک دام ایلوا چار ماشہ مغز تخم کھرنی
چار ماشہ باریک پیسکر شیاف بنا کر صبح و شام رحم کے منہ مین رکھا کرین دیگر حمل گرانے
کیواسطے مجرب دیکھا کہ ایک مشہور لکڑی ہے اُسے اکثر اونٹون کی خارش مین لگاتے ہین ایک حصہ
اُسمین سے لیکر پانی مین گھسین اور تین حصہ سوت ملا کر خرمے کی گٹھلی کے برابر شیاف بنائین

اور خشک کرکے رحم کے منہ مین رکھین دو یا تین روز مین حمل گرجائیگا اور اگر فم رحم کے گرد اگرد
دانے پڑجائین اُنمین گھی لگائین جوشاندہ پوست اخروٹ پوست ببولہ تخم مولی تخم گاجر تخم سویا
کلونجی مساوی جوکوب کرکے دو چند گڑ ملاکر موافق مزاج کے لیکر پانی مین جوش دین جب سوم حصہ
باقی رہے پلائین فصل ادویہ کہ مقام مخصوص کو تنگ کرین حمول بھنگ خشک کرکے پیسکر
حمول کرین سفوف قُبل کی تنگی کے لیے ڈھاک کی کلیان سایہ مین خشک کرکے برابر شکر
ملاکر تین درام روز کھایا کرین چودہ روز مین تنگ ہوجائیگی شیاف مدار کی جڑ عورت اپنے
پیشاب مین پیسکر شیاف کرے چار گھڑی کے بعد مرد کے پاس جائے مرد اُسپر فریفتہ ہوجائے
فرزجہ کھینچے خشک کرکے عورت اندام نہانی مین ملے کوئی شخص اُسپر قادر نہوسکے دیگر
تنگی کے واسطے ببول کی چھال جھربیری کی چھال مولسری کی چھال کچنال کی چھال پوست
انار مساوی الوزن تھوڑے پانی مین جوش دیکر اُس پانی سے آبدست لین اور جوش کرتے وقت
ایک سفید کپڑا اُسمین ڈالدین جب رنگین ہوجائے تھوڑا کپڑا مقام مخصوص مین رکھین سفوف
ڈھاک کی کونپل سایہ مین خشک کرین اور کوٹ چھانکر اُسکے برابر مصری ملاکر نیم درام سے
دو درام تک کھائین سات روز مین تنگی کا اثر ظاہر ہوگا دوا تنگی کے لیے سیب پیسکر ہر روز
دو بار موضع مخصوص مین ملین دیگر سرخ بیر بہوٹی گھی مین پیسکر ملین دیگر فرج کو تنگ کرے
گینڈے کا پوست جلاکر راکھ اُسکی ملین دیگر گل جاہی جوہی کوٹ چھانکر اندام نہانی مین
رکھین دیگر پوست درخت بکائن خشک کرکے پیس چھانکر شیاف بناکر مقام مخصوص مین رکھین
نہایت مفید ہے دیگر گٹھلی پالک کے بیج کوٹ چھانکر فرزجہ کرین سفوف اُس رطوبت کو
دفع کرے کہ رحم سے بہتی ہے مولسری کی چھال خشک کرکے کوٹ چھانکر اُسکے برابر شکر
ملاکر ہر صبح ایک کفدست تازہ پانی سے پھانکین فرزجہ مغز تخم تمر ہندی کوٹ چھانکر صبح و
شام مقام مخصوص مین ملاکرین دیگر کف دریا مغز تخم ہلیلہ برابر لیکر پیس کر موضع مخصوص
مین رکھین تنگ ہوجائے فرزجہ اندام نہانی کی تنگی کے واسطے مجرب ہے

اور اس سے بہتر کوئی دوا نہیں ہے چنیا گوند چھ ماشہ باریک پیسین اور دو تولہ پھٹکری بریان
کرین اور عین بریان کرتے وقت پانی مین وہی چنیا گوند ملا کر اسپر چھڑکین بعد سرد ہونیکے
پیسین پھر تھوڑا اگل دھاوہ ملا کر دوسری بار پیسکر محل مخصوص مین رکھین فائدہ عجیب دیکھین
دیگر تنگی کے واسطے مفید ہے کچنال کی کلی ایک دام پوست انار موچرس ہر ایک پانچ ماشہ
کچی پھلی ببول کی خشک کی ہوئی چار عدد مازو ایک عدد باریک پیسکر کپڑے مین چھانکر
استعمال کرین سہاگ سونٹھ یعنی معجون زنجبیل یہ اہل ہند کا نسخہ ہے عورتونکی کمر کی قوت کیواسطے
سونٹھ نیم پاؤ تین پاؤ گھی اور گاے کے دودھ مین جوش دین جب گاڑھا ہوجاے مغز تخم خربزہ
حب السمنہ نشاستہ سنگھاڑا ہر ایک دو تولہ اسگند موصلی سفید موچرس گوند ناگوری دانہ الایچی
ستاور ہر ایک دو تولہ تیزپات صندل پیسکر تج گل دھاوا ہر ایک نو ماشہ گوکھرو پیپل سیاہ مرچ
اجھر ناگر موتھا مغز تخم کونچ چنیا گوند ہر ایک چھ ماشہ کوٹ چھانکر شکر مین معجون بنائین فصل
سیلان طمث یعنی زیادہ بہنا خون حیض کا اگر معین ایام مین ہو تو اسکو استحاضہ کہتے ہین
اس بیماری مین چھاتیون کے نیچے سینگی لگانا بہت مفید ہے دوا کہ خون حیض کو بند کرے
بکائن کی کونپل ایک تولہ بھنگ کی طرح گھونٹ کر شیرہ نکالکر پئین دیگر کہ خون حیض کو بند کرے
کپاس کے پھول جلا کر اسکی راکھ ایک ایک کف دست پانی کے ساتھ پھانکین دیگر سر بالا
جلا کر اسکی راکھ ایک کف دست پھانکین دیگر کرگی چھال سات ماشہ کوٹ چھانکر تھوڑی
شکر کے ساتھ پانی سے پھانکین سفوف قابضہ خون حیض کو بند کرتا ہے مسور ارہر ماش دو تولہ
ساٹھی کے چاول ایک تولہ سب کو جلا کر باریک پیسکر سفوف بنا کر ایک کف دست
کھائین سفوف کہ حیض بند کرے چنے جلائے ہوئے تج اودہ ساوی پیسکر برابر شکر
ملا کر ایک کف دست پھانکین دیگر خون حیض کے بند کرنے کے لیے گل دھاوا لتی شکر تری ہر ایک
چھ ماشہ باہم ملا کر کھائین دیگر رال پیسکر شکر کے ساتھ سفوف بنا کر کھائین دیگر سنگ جراحت
گیرو برابر سفوف بنائین خوراک چھ ماشہ صبح کو سرد پانی سے پھانکین دیگر چھوٹی دودھی

سایہ مین خشک کرکے کوٹ چھانکر ہر صبح ایک کف دست کھائین دیگر استحاضہ کے دفع
کے واسطے دانہ لاکھ شکر برابر پیسکر ایک کف دست پانی سے کھائین دیگر اسگندہ کوٹ
چھانکر مصری برابر ملاکر ایک تولہ پانی سے پھانکین دیگر ببول کا گوند بریان کرکے گیرو برابر پیسکر
ہر صبح دو مثقال کھائین دوا خون حیض کی زیادتی کو نافع ہے ہار سنگھار کی کونپل سات عدد
سیاہ مرچ سات عدد پانی مین پیس چھانکر پیین دیگر ملتانی مٹی پانی مین بھگو کر اسکا آب زلال
پیین جوشاندہ کہ جریان خون حیض کو نافع ہے دھنیا خشک ایک کف دست جوش
دیکر چھانکر چند روز کھائین دیگر کچنال کی کلیان اور سبز گولر اور خرفہ کا ساگ و مسور کی
دال اور ٹیسن کے پھول پکا کر سرخ چانول کے خشکہ کے ساتھ کھانا حیض کو بند کرتا ہے
معجون فوفل کہ ہندی مین اُسے سپاری پاک کہتے ہین خون حیض اور رطوبت
فرج کے دفع کے واسطے نافع ہے گاے کا دودھ پانچ سیر سپاری چکنی پاؤ سیر کوٹ چھانکر
دودھ مین ڈالکر نرم آگ پر جوش دین تاکہ پک جائے بعد اُسکے آدھ سیر شکر ڈالکر
قوام کرین پھر چھوٹی بڑی مائین ہر ایک اڑھائی دام پختہ سپاری کے پھول گل دھاوا
ہر ایک پانچ دام پختہ ڈھاک کا گوند آدھ پاؤ سب کو سرمہ کے مثل باریک کوٹ چھانکر جب
قوام سرد ہونے کے قریب ہو دوائیان اُسمین ملائین اور پاکیزہ برتن مین رکھکر بقدر حاجت
ایک دام سے تین دام تک کھائین قرص کہ حیض کی زیادتی کو بند کرے رسوت ببول کا
گوند رال ہر واحد ایک ماشہ سپاری اڑھائی ماشہ پیس چھانکر پانی مین ایک ماشہ کے
برابر قرص بنائین دو تین قرص کھائین حمول کہ خون حیض کو بند کرے گدھے کی لید خشک
کرکے پوٹلی مین باندھکر حمول کرین دوا بکری کی مینگنی خشک پیسکر پوٹلی بناکر رحم کے
مُنہ کے قریب رکھین اور اگر تھوڑا گندہ بہروزہ ملائین قوی الاثر ہو جاوے دیگر خون حیض کو
روکنے کو پوست انار جوش دیکر ایک تولہ پیین فرزجہ کہ قطع خون کے واسطے مجرب ہے زیرہ
بریان و زیرہ غیر بریان سرخ چانولون کی پیچ مین پیسکر فرزجہ کرین فصل احتباس حیض

یعنی بند ہوجانا خون حیض کا اگر قلت خون بدن کی جہت سے حیض بند ہوجائے
مضائقہ نہین اور اگر کسی اور سبب سے بند ہوجائے علاج کرنا چاہیے فصد صافن ایام
کے قبل کھولنا حیض کو جاری کرتا ہی جوشاندہ کہ حیض کو جاری کرے تونبا سرخ مجیٹھ میتھی
تخم گاجر تخم سویا تخم مولی اجوائن سونف تلی کی پتیان درمنہ ترکی قند سیاہ برابر ملاکر
جوش دیکر پیین دیگر ادرار حیض کے واسطے برگ وگل نرمہ یعنی کپاس آدھ پاؤ ایک سیر
پانی مین جوش دین جب چہارم باقی رہے صاف کرکے چار دام گڑ ملاکر پیین جوشاندہ
کہ حمل کو گراوے اور حیض جاری کرے پوست اخروٹ تخم مولی پوست املتاس پپیا وشان
بابرنگ نیمکوفتہ ہر ایک نو ماشہ قند سیاہ دو چند اوویہ سب کو ملاکر جوش دیکر پیین اور بعضے
کلونجی اور پوست نرمہ بھی زیادہ کرتے ہین جوشاندہ حیض جاری کرنے کے واسطے نیب کی
چھال نیمکوفتہ دو تولہ سونٹھ نیمکوفتہ چار ماشہ قند سیاہ دو تولہ ڈیڑھ پاؤ پانی مین جوش دین
جب آدھ پاؤ باقی رہے چھان کر پیین جوشاندہ درد کے واسطے کہ حالت حیض مین
عورت کو عارض ہوتا ہی نافع ہی سونٹھ بابرنگ نیم دام قند سیاہ دو دام جوش دے کر پیین
نقوع کہ حیض کو جاری کرے کنجد سیاہ گوکھرو ہر واحد ایک تولہ رات کو پانی مین تر کرین
صبح کو شیرہ نکال کر تھوڑی شکر ملاکر پیین سفوف کہ حیض جاری کرے تخم مولی تخم گاجر
میتھی کوٹ چھان کر ایک کف دست نیم گرم پانی سے پھانکین دیگر مجیٹھ پیس کر ایک
کف دست پھانکین دیگر جوارش شونیز یعنی کلونجی پیشاب اور حیض کا ادرار کرتی ہی اور
درد رحم کو دفع کرتی ہی فتیلہ یعنی بتی کہ حیض کو فراغت سے جاری کرتی ہی گڑ تھوڑے گھی
مین ملاکر کسی برتن مین آگ پر رکھین جب بتی بنانے کے قابل ہوجائے تھوڑا بیروزہ
خشک پیسکر ملاکر فتیلہ بناکر رحم کے منہ مین پہونچائین بخور اظفار الطیب یعنی نکھ اگر عورت
اسکا دھوان چند بار لے حیض جاری ہوجاے دیگر بخور گندہ بیروزہ کا بھی ادرار حیض کرتا ہی
ضماد حاملہ عورتون کے ناف کے درد کو مفید ہی کالی زیری دو دام رینڈی کا گودا آدھ پاؤ

سوختہ ایک دام سبکو جوش دیکر پیسکر نیم گرم ضماد کرین حمول کہ رحم کو رطوبات سے پاک کرتا ہی
مرکی لونگ برابر کوٹ چھانکر لتہ مین باندھکر صبح و شام رحم کے قریب پہونچائین تین دن مین
پاک کرے دیگر رحم کی رطوبات کو جذب کرے اجوائن بابونگ گندہ بیروزہ خشک ہر واحد
ایک حصہ تخم سویا لاہوری نمک ہر ایک آدھا حصہ شہد ملا کر روئی اسمین ترکرکے رحم تک پہونچاوے
دیگر بابونگ کف دریا ہر واحد ایک حصہ گندہ بیروزہ خشک لاہوری نمک ہر ایک دو حصہ
کوٹ چھانکر کپڑے مین باندھکر محل مخصوص مین رکھین دیگر اس درد رحم کو کہ سردی سے ہو
نافع ہی تل میٹھے تیل مین پیسکر نیم گرم ناف کے نیچے ضماد کرین حمول گندہ بیروزہ لونگ
بابونگ لاہوری نمک نرکچور ہر ایک تھوڑا لیکر میٹھے تیل مین پیسکر روئی اسمین ترکرکے
رکھین رحم کو رطوبات سے پاک کرتا ہی فرزجہ کہ رحم کے زخم کو نافع ہی پہلے شہد سے شیاف
کرین تاکہ پیپ اور کثافت دور ہو جائے بعد اسکے مازو پانی مین جوش دیکر اس پانی مین
کپڑا ترکرکے شیاف کرین کہ خشک ہو جائے اور مطلق تری مقام مخصوص مین باقی نرہے دیگر
ہلدی باریک پیسکر گھی مین ملاکر اسمین روئی ترکرکے شیاف بنائین اور رحم تک پہونچائین
ورم رحم کو بالکل زائل کرے اور بہت نفع دے روغن زعفران کہ رحم کی سختی کو تحلیل کرتا
ہی پچاس مثقال زعفران ساڑھے تین رطل میٹھے تیل مین ڈالکر پانچ روز تک رہنے دین اور
ہر روز بلاناغہ ملا کرین بعد اسکے استعمال مین لائین فصل امراض مفاصل کا علاج۔
وجع مفاصل جوڑون کے درد کو کہتے ہین اور نقرس پانؤن کی انگلیون کے درد کا
نام ہی اور وجع الظہر پیٹھ اور کمر کے درد کو کہتے ہین اور عرق النسا کو ہندی مین سنگھن
کہتے ہین اور وہ وہ درد ہی کہ چوتڑ سے شروع ہوتا ہی اور پانؤن کی انگلیون تک پہونچتا ہی
ہرچند کہ یہ بیماریان بجز دیر پا منضج اور مسہل کے بدون نہین جاتی ہین لیکن چند ادویہ سہل
کہ مفید ہین غریبون کے واسطے لکھی جاتی ہین فصد کہ استفراغ کلی ہی ان امراض مین
بہت فائدہ کرتی ہی فصد کے بعد جو دوا استعمال کرین سریع التاثیر ہوگی جوشاندہ

تا درد

منضج وجع مفاصل کو نافع ہے سونف تخم کاسنی مکو پرسیاوشاں ہر ایک ۵ درم سونف کی جڑ
کاسنی کی جڑ ملیٹھی بیخ کبر ہر ایک دو مثقال گل بابونہ گلقند تین تولہ جوش دیکر پیوین سفوف
سورنجان نافع وجع مفاصل و مسہل اخلاط ہے بعد منضج مادہ پانچ روز تک استعمال کرین
سورنجان شیرین دس درم سناء مکی سات درم پوست ہلیلہ زرد چار درم تربد سفید مجوف تین
درم مغز بادام تین درم برگ مہندی دو درم زعفران ایکدانگ کوٹ چھانکر سفوف بنائین قند
نصف وزن ادویہ کا خوراک پانچ درم ہے حب شیطرج یعنی چیتہ مسہل ہے اور وجع مفاصل
کو نافع ایلوا دس درم پوست ہلیلہ خورد پانچ درم تربد سورنجان گوگل ہر ایک دو درم سونٹھ
شیطرج رائی نمک ہندی اندرائن کا پردہ مجیٹھ ہر واحد ایک درم اجوائن پیپل سیاہ مرچ ہر ایک
نیم درم قند تین درم کوٹ چھانکر گولیان بنائین خوراک تین درم بحسب مزاج یہ گولیان
سرد مزاجون کے لائق ہین حب مقل یعنی گوگل وجع مفاصل و درد زانو و پشت کو نافع ہے
گوگل ایک حصہ قند سیاہ دو حصہ بیر کے برابر گولیان بنائین ایک گولی تھوڑے گھی کے ساتھ
نگل لیا کرین استعمال اسکا بعد مسہل لینے کے چاہیے حب کہ بعد مسہل کے مستعمل ہے وجع مفاصل
اور درد کمر اور پیٹھ کے درد کو نافع ہے موصلی سفید و سیاہ پیپل اجوائن پیپلا مور ہر ایک ایک درم
ستاور بدھارا سونٹھ اسگندھ ہر ایک دو درم کوٹ چھانکر قند سیاہ مین ملا کر جنگلی بیر کے برابر
گولیان بنائین خوراک موافق مزاج کے حب تمام بدن کے درد کو جسے ہندی مین ہر پھوٹن
کہتے ہین نافع ہے پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ سیاہ بادیان سیاہ مرچ پیپل مغز کرنجوہ کالی زیری
ہر واحد ایک حصہ مویز منقی پانچ حصہ کوٹ چھان کر گولیان بنائین خوراک دو درم حب شنگرف
درد مفاصل و آتشک کو نافع ہے شنگرف ہلدی اجمود عاقرقرحا برگ نیب اجوائن برگ سنبھالو
بیخ اندرائن سرپھوکہ اسگند پاڑہی سیاہ مرچ بیخ بکائن بیخ مدار بھلانوہ سناء مکی کوٹ چھانکر
برابر گڑ ملاکر گولیان بنائین خوراک ایک درم دیگر شنگرف پارہ افیون ہر ایک دو دانگ
اجوائن پانچ دانگ بھلانوہ کی ٹوپی دور کرکے سات دانگ گڑ پرانا پانچ دانگ پارہ اور شنگرف

باہم خوب پیسکر ادویہ کو کوٹ چھانکر ادرک کے عرق مین کھرل کرکے گولیان بنائین اور ایک
گولی کھائین اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ حب شنگرف وحب سیماب وحب سم الفار کے
کھانے کے ایام مین ترشی و بادی وگوشت و نمک سے پرہیز کرین اور شیر برنج یا چپنی یا گیہون
کی روٹی بے نمک بہت گھی ڈالکر یا خشکہ اور دہی کھایا کرین جوشاندہ معمولات اہل ہند سے درد
کمر کو نفع دیتا ہے انجیر کی جڑ کی چھال سونٹھ دھنیا نیمکوفتہ مساوی کرکے دس درم لیکر ایک رطل
پانی مین رات کو بھگو کر صبح کو جوش دین جب چوتھائی رہجاے چھانکر پیین حلوا نافع
درد کمر سونٹھ رینڈی کا مغز ہر ایک چھ دام گھی وشکر ہر ایک بارہ دام گاے کا دودھ
آدھ سیر اول رینڈی کا مغز پیسکر گھی مین بریان کرین پھر دودھ مین ملا کر جوش دین جب گاڑھا
ہوجائے شکر ڈالکر حلوا بنائین خوراک حسب مزاج کے کھائین چار دانہ وجع مفاصل اور بلغمی و
بادی بیماریون کو نافع ہے کالا نون اجواین کلونجی میتھی برابر لیکر صبح کو ایک چٹکی بھر یعنی تین انگلیون
سے جسقدر اٹھے پھانک کر پانی کے گھونٹ سے نگل جائین اس نسخہ کو حاکم بدن کہتے ہین
معجون وجع مفاصل کے واسطے سورنجان دس درم سنامکی پانچ درم زنجبیل اسارون زیرہ سفید
پیپل ہر ایک دو درم شہد برابر ادویہ کے لیکر معجون بنائین خوراک دو مثقال گرم پانی سے
دوا درد کمر اور درد مفاصل کو کہ گرمی سے ہو نافع ہے دھنیا ایکدرم قند تین درم ملا کر کھائین
اور تین درم تخم خشخاش تین درم قند کے ساتھ بھی نافع ہے چار دانہ کہ سرد بیماریون مین
استعمال کرتے ہین مالکنگنی تخم پنواڑ پانچون نون برابر ملا کر رکھین تین ماشہ صبح کو پانی کے
ساتھ نگل جائین یہ دوا سفید داغ کو بھی مفید ہے دوا نافع اوجاع مفاصل اور بادی کے
دردون کو مفید اور دافع بلغم اور حافظ صحت ہے مالکنگنی لیکر اول روز ایک دانہ نگلین اور
ہر روز ایک دانہ بڑھایا کرین جب سو دانہ تک پہونچے ایک ایک دانہ کم کرین اس عرصہ میں
اور زیادتی مین بیماری مذکورہ رفع ہوجائے اور بھوک زیادہ ہوگی اور اگر زیادہ کرنے
کے دنون مین گرمی معلوم ہو زیادہ نہ کرین بلکہ اسی وقت سے ایک ایک کم کردین پھر

درد کمر کو نافع ہے کریل کی لکڑی جلاکر دو ماشہ تھوڑے گھی کے ساتھ کھائین دیگر ہاتھ
پانون کے رہ جانے کو نافع ہے اور قبض دائمی کو دفع کرتا ہے اور جو شخص قولنج کا عادی ہو
اسکو بہت فائدہ دیتا ہے ریٹھی چھیلکر نگل جائین پہلے روز ایک دانہ دوسرے روز دو دانہ
اسی طرح سے روز ایک ایک دانہ زیادہ کرتے رہین جب سات دانہ کی نوبت پہونچے
ایک ایک دانہ روز کم کرین دیگر بائی کے درد کو نافع ہے ہر روز ایک ماشہ تخم رواس کھائین
دیگر درد اعضا کو نافع ہے پوست خشخاش بقدر برداشت طبیعت پانی مین بھگو دین اور
اسقدر پیئین کہ نشہ ہو دیگر شورہ قلمی دو ماشہ کتیرا چھ رتی ایکدام شہد مین ملاکر تین جز کھائین
اور دو ماشہ میٹھے تیل مین ملاکر کمر پر لگائین دیگر شکر اور کھوپرہ کھانا درد کمر کو نفع دیتا ہے
دیگر روغن تخم حبوہ کو کولھو مین نکالتے ہین اور گھی کیطرح زرد رنگ ہوتا ہے اعضا پر ملنا بائی کے
درد اور وجع مفاصل وغیرہ امراض بارد کو مفید ہے دیگر درد کمر کو نافع ہے ریٹھی لاہوری
میدہ لکڑی ایک ایک تولہ ہینگ چھ ماشہ گیہون کا آٹا آدھ پاؤ سب کو باہم پیسکر
روٹی پکائین جب ایک طرف روٹی پک جائے مقام درد پر باندھین روغن بھلاوہ کہ مثل
قند کے سفید مگر مائل بزردی ہوتا ہے کہ پہاڑ سے لاتے ہین اسکا ملنا نقرس کے وجع مفاصل
اور درد سرد اور بادی اور بلغمی درد کو فائدہ رکھتا ہے روغن سنبھالو اسکا ملنا وجع مفاصل کو
نافع ہے برگ سنبھالو کوٹ کر اسکا عرق نچوڑ کر اسکے برابر میٹھا تیل ملاکر جوش دین جب پانی
جلجائے اور صرف تیل رہجائے چھانکر نیم گرم درد پر ملین اور برگ سنبھالو گرم کرکے اس پر
باندھین روغن بید انجیر اوجاع مفاصل کو نافع ہے ارنڈ کی جڑ دو سیر آٹھ سیر پانی مین جوش دین
جب دو سیر رہے رینڈی کے تیل مین ڈالکر اسقدر جوش دین کہ پانی جلکر صرف روغن
رہجائے مالش کرین دیگر روغن نافع وجع مفاصل روغن السی روغن سرسون روغن کنجد
ہر ایک آدھ پاؤ دھتورہ کے درخت کا عرق کہ پتی اور پھل اور جڑ سمیت نکالا ہوا ان سب
تیلون مین ڈالکر نرم آگ پر جوش دین جب پانی جلکر روغن رہجائے چھانکر درد پر ملین اسپر

ارنڈ یا مدار کے پتے باندھین روغن مدار ریاح کو تحلیل کرتا ہو اور اُسکی مدہین وجع مفاصل کو
نفع دیتی ہو مدار کی جڑ نیمکوفتہ کردہ سے تیل مین جلائین جب جلکر تہ نشین ہو جاوے روغن چھانکر
ملین اور صرف مدار کے پتے گرم کر کے زانو کے درد پر باندھنا بھی فائدہ کرتا ہو روغن کہ درد
مفاصل اور فالج کو اور جسے بائی نے پکڑا ہو نافع ہو میٹھا تیل پاؤ سیر لہسن آدھ پاؤ بھلانوہ چار
عدد لہسن چھلا ہوا اور بھلانوہ میٹھے تیل مین جلائین کہ خاک ہو جاوے پھر چھانکر استعمال کرین
اور ہوا سے پرہیز رکھین روغن اسپند کمر اور پنڈلی اور پہلو کے درد اور رگ ہمن یعنی عرق النسا
کو مفید ہو اسپند میٹھے تیل مین جلائین اور چھانکر استعمال کرین اور بعضون کے نزدیک روغن
اسپند کی یہ ترکیب ہو اسپند آٹھ دام سونٹھ دو دام رات کو پانی مین بھگو دین صبح کو آدھ سیر
روغن کنجد مین جوش دین جب پانی اور اسپند اور سونٹھ جلکر روغن رہ جاوے چھانکر
مالش کرین اور بعضے اس روغن مین قسط تلخ ملا کر ملتے ہین اور روغن بابچی کی مالش
کہ فالج مین مذکور ہوا عرق النسا کو مفید ہو حب شدت درد مفاصل اور نقرس اور
عرق النسا کو فائدہ دیتی ہو شیطرج افیون ہر ایک دو درم تخم کاہو اجوائن ہر ایک
دس درم کوٹ چھانکر مقدار چلغوزہ کے برابر گولیان بنائین خوراک ایکعدد روغن نانخواہ
گٹھیا کو نافع ہو اجوائن پیسکر میٹھے تیل مین ملا کر ملین روغن تمباکو جوڑون کے درد
کے واسطے تمباکو آدھ سیر روغن کنجد ایک پاؤ تمباکو کو توڑ کر آدھ سیر پانی مین رات کو
تر کرین صبح تمباکو کا پانی روغن کنجد مین ملا کر نرم آگ پر جوش کرین جب پانی جلکر روغن
باقی رہے صاف کر کے ملین روغن ریحان گھٹنے کے درد کو نافع ہو ریحان کی پتیون کا
پانی دو حصہ میٹھا تیل دو حصہ لیکر جوش کرین جب روغن رہجاوے ایکتولہ چنے کا پانی
کہ زیرہ اسمین پکایا ہووے ملا کر پیین اور عضو پر بھی ملین روغن چوب چینی مفاصل کے
درد اور پیٹھ کے درد اور اُس درد کو جو آتشک سے پیدا ہووے نافع ہو چوب چینی نیمکوب
میٹھا تیل ہر ایک دس مثقال پانچ سیر پانی مین جوش دین جب پانی جلجاوے صاف کر کے

استعمال کرین روغن خفاش یعنی چمگادڑ کا تیل وجع مفاصل اور تشنج اور فالج اور رعشہ کو نافع ہی چمگادڑ موٹا بڑا اتنے میٹھے تیل مین جوش دین جب چمگادڑ گلجائے صاف کرکے استعمال کرین اور اس روغن کو سوراخ ذکر مین ٹپکانا پیشاب کو بھی جاری کرتا ہی روغن حنا درد مفاصل کو نافع ہی مہندی کی پتیان چار دانگ پانی مین جوش دین جب نصف باقی رہے صاف کرکے آدھ سیر روغن کنجد کے ساتھ جلا کر استعمال کرین روغن مفاصل کے درد کو نافع مؤلف کا ایجاد ہی برگ مہندی برگ سنبھالو برگ نازبو برگ دھتورہ برگ مدار برگ ارنڈ برگ بکو برابر لیکر عرق اُسکا نکالکر اور برابر پتون کے روغن کنجد ڈالکر جوش کرین اور اسپند ایکتولہ سویہ کے بیج ایک تولہ اجوائن چھ ماشہ ملائین جب یہ ادویہ جلکر روغن رہجاوے صاف کرکے پہلے افیون دو ماشہ روغن مین ملائین پھر سورنجان تلخ ایک تولہ ملاکر استعمال کرین روغن زنجبیل یعنی سونٹھ کا تیل مفاصل کے درد کو نافع اور ریاح کو تحلیل کرتا ہی ادرک کا پانی چار حصہ میٹھا تیل آدھا حصہ باہم ملاکر جوش دین جب پانی جلکر روغن رہے صاف کرکے نیم گرم مالش کرین کیوڑے کا تیل پیٹھ اور جوڑون کے درد کو نافع ہی اور ڈھیلے اعضا کو سخت کرتا ہی کیوڑے کا پھول میٹھے تیل مین ڈال کر چالیس ۴۰ روز دھوپ مین رکھکر تدہین کرین سداب کا تیل ملنا پیٹھ اور مفاصل کے درد کو مفید ہی بخور درد شانہ کے واسطے کرنجوہ جوش دیکر بھپارا لین اور پتے باندھین اور ہوا سے پرہیز کرین اور جسکو سردی پکڑے یہ بخور نفع دیتا ہی برگ سرس برگ سنبھالو برگ سہجنہ پانی مین جوش کرکے بخور لین اور ادویہ کو پانی سے نکالکر عضو پر باندھین اور ہوا سے پرہیز کرین بخور گرد پر جانے مفاصل مین اور ہر عضو کے درد کو نافع ہی سنبھالو کی پتیان سویہ کے بیج اسپند جوش دیکر بخور لین ۹۹ ا جوڑون کے درد کو مفید ہی دھتورہ کے پتے گرم کرکے باندھین ضماد پیٹھ اور زانو کے درد کو مفید ہی میدہ لکڑی پیسکر نیم گرم باندھین دیگر گھٹنے کے درد کے واسطے نیب کی کونپل اور اُسکے اندر کا پوست پیسکر پانی گاڑھا اُسکا لیکر نیم گرم ضماد کرین ضماد درد مفاصل اور گھٹنے کے درد اور نقرس کو نافع ہی ترنجمہ کی پتیان میٹھے تیل مین پیسکر لگائین

ضماد گھٹنے اور مفاصل اور کمر کے درد کو مفید ہی ہٖ تولہ کوٹ کر تھوڑے پانی مین جوش کرین جب
گلجائے پیسکر ٹکیا بنا کر ایکدن مین دو بار نیم گرم عضو پر باندھین چند روز مین درد دفع ہووے
ضماد مفاصل کے درد کو نافع ہی گاے کا تازہ گوبر سرکہ مین پکا کر موضع درد اور ورم پر باندھین
ضماد گھٹنے کے درد کو نفع دیتا ہی کنیر کی پتیان جوش دیکر کوٹ کر میٹھے تیل مین ملا کر لگائین دیگر
بکری کی مینگنیان دو حصہ جو کا آٹا ایک حصہ سرکہ اور ارنڈ کے تیل مین ملا کر ضماد کرین ضماد نقرس
گرم کو نافع ہی بزر قطونا سرکہ مین پکا کر ضماد کرین طلا نقرس گرم کو مفید ہی کائی لگائین اور
اسی طرح جو کا آٹا اور خطمی کوٹ چھانکر ضماد کرنا شہد مین ملا کر لگانا نقرس سرد کو فائدہ دیتا ہی
طلا گھٹنے کے درد کو نفع دیتا ہی سہجنہ کے بیج پیسکر نیم گرم طلا کرین درد زانو کہ مزمن ہو دور ہو جاتا
دوا تھوہر کانٹے دار کو پھاڑ کر محل درد پر ایک رات دن باندھے رکھین اور چند روز اسی طرح
استعمال کرین ضماد جوڑون کے درد کے لیے کنجہ مقشر بابونہ ہر واحد ایکتولہ رینڈی کا مغز چھ ماشہ
پانی مین پیسکر لگائین دوا اسرگندہ کی جڑ سونٹھ پیسکر میٹھے تیل مین ملا کر نیم گرم ملین اور اگر بیخ اسرگندہ
نہو تو نرگل کی جڑ کافی ہی ضماد نافع نقرس برگ ارنڈ جوش دیکر پیسکر ضماد کرین طلا کہ سرد درد کو تسکین
دیتا ہی لوبان پیس کر لگا کر سینک کرین درد دور ہو جائے ضماد گھٹنے کے درد اور عرق النسا
کو نافع ہی صابون مہندی مین ملا کر پانی مین پیسکر ضماد کرین اور بعضون نے اندرائن
ملانا بھی لکھا ہی ضماد گھٹنے کے درد کو مفید ہی مہندی کی پتیان ارنڈ کے پتے پیسکر نیم گرم
زانو پر باندھین دوا کمر اور پیٹھ کے درد کو مفید ہی ہلہل کی چھال اسکے اوپر کی سیاہی دور
کرکے پوست اندر کا لیکر سایہ مین خشک کرکے کوٹ کر رکھائین اور برابر اسکے شکر ملا کر نہار پانچ درم نصف
کے شیرہ کے ساتھ کھائین طلا نافع نقرس بکری کی مینگنیان شہد مین ملا کر لگائین دوا نافع
عرق النسا سونٹھ ایک پاؤ باریک کوٹ چھانکر ایک تولہ پارہ خوب اسمین دونون ملا کر تھوڑا
اس سے لیکر مالش کرین ضماد بائی کے درد کو نافع ہی سہجنہ کی پتیان پانی مین پیسکر نیم گرم ضماد کرین
دوا اعضا کے درد کو جو سردی سے ہو وے نافع ہی سونٹھ کا پھل اسگندہ برابر پیسکر مالش کرین

دیگر اس درد کمر کو نافع ہے جو ریح اور بلغم سے ہو ریونڈ ہی لاہوری نمک میدہ لکڑی ہر واحد
ایک تولہ ہینگ چھ ماشہ گیہون کا آٹا آدھ پاؤ کوٹ چھانکر ملاکر روٹی بنائین ایک طرف
روٹی کا توے پر سینک کر نیمگرم موضع درد پر باندھین ضماد ورد او رعدم کو مفید ہے اجوائن
کوٹ چھانکر شہد مین ملاکر ضماد کرین ضماد ایڑی اور تلوے کے درد کو مفید ہے مسو سرکہ مین پکاکر
نیمگرم ضماد کرین فصل امراض ظاہر بدن آتشک کا علاج سبب اس مرض کا مادہ سوداوی محترق
ہے چاہیے کہ بعد نضج کے بدن کو اخلاط سوختہ سے کئی مرتبہ پاک کرین اور اگر علاج اس بیماری کا
ادویہ سمیہ سے ہے تو بہت نقصان رکھتی ہے کہ اس سے گٹھیا ہوجاتی ہے اور علاج کی سوء
ترکیب سے بیمار ہلاک ہوتا ہے چاہیے کہ پہلے مسہل لین بعد اسکے اور دوا استعمال کرین مسہل
جو بہ جہت مواد کو نکالے اور آتشک کو نفع دے پارہ گندھک آملہ سار ہر واحد ایکماشہ گیرو آدھا ماشہ
مغز جمال گوٹہ سبزی نکالکر تین ماشہ پہلے پارہ اور گندھک کو باہم ملاکر کھرل کرین بعد اُسکے اجزاء
دیگر ڈالکر پانی سے کھرل کرکے قرص بناکر برتن مین رکھکر اسمین پانی بھرکر آگ رکھدین جب
جذب ہوجائے نکالکر تین رتی آدھ سیر دودھ کے ساتھ کھائین مسہل دیگر کہ مادہ بلغم او رصفرا کو
بخوبی نکالے پارہ گندھک آملہ سار ہر واحد ایک درم سہاگہ شیطرج سیاہ مرچ سونٹھ ہر واحد
تین درم مغز جمال گوٹہ سبزی دور کرکے گیارہ درم باہم پانی مین ایک پہر کھرل کرین خوراک ایک رتی
سے دو رتی تک شربت مصری کے ساتھ حب مسہل آتشک کیلیے جمال گوٹہ مدبر ایکدرم آملہ چار درم
کوٹ چھانکر لیمون کے پانی مین سات پہر کھرل کرکے چنے کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک
گولی سے تین گولی تک موافق مزاج مریض کے اور بعض نسخون مین جمال گوٹہ مدبر اور ہلیلہ سیاہ
ہر واحد ایک حصہ آٹا دو حصہ لیمون کے پانی مین کھرل کرکے برابر بندوق کی گولی کے
گولیان بنائین خوراک ایک گولی دیگر گندھک مغسول سیماب مغسول سہاگہ سونٹھ سیاہ مرچ
جمال گوٹہ مدبر برابر لیکر کوٹ چھانکر گاے کے دودھ مین پیسکر دو رتی کے برابر گولیان بنائین
خوراک ایک گولی پانی کے ساتھ اور گولی کھاکر جسقدر پانی پیین اُسی قدر اجابت ہوگی غذا

شیرہ بیخ بادیہی چاول شربت حنظل یعنی اندرائن کا شربت مواد سوداوی کا اسہال کرتا ہی
اور آتشک والون کو نافع ہی پوست حنظل ٹکڑے ٹکڑے کرکے دو حصہ دس حصہ پانی مین جوش دین
جب تیسرا حصہ رہے صاف کرکے شکر سفید برابر وزن دوا کے ملاکر قوام مین لائین خوراک بارہ درم
سے بیس درم تک دوا آتشک کے لیے چاہیے کہ اول تین روز منضج پلاکر مسہل دین نسخہ منضج کا یہ ہی
شیرہ برگ شاہترہ دو درم بادیان ڈیڑھ درم گلقند دو تولہ ملاکر پیین چوتھے روز حب النیل
بریان کوٹ چھانکر شکر برابر ملاکر تین روز کھائین پھر یہ حقہ پلائین آدھا دام شنگرف باریک
پیسکر ایک دام افیون مین ملاکر نو قرص بنائین اور تین روز ایک قرص صبح ایک دوپہر
ایک شام کو بطور تمباکو کے بیر کے کولون سے مٹی کے حقہ مین نرکل کے نیچہ سے پیین جب قرص
خوب جلجائے اُسکو مع کولہ وغیرہ اُسی حقہ کے اندر ڈالدین اور تین روز حقہ سے نہ نکالین اور
اُسی حقہ مین پیا کرین غذا فقط بھونے چنے یا چنے کی روٹی بے نمک تین روز تک پھر چوتھے روز
ملائم کھچڑی ایک دو دن کھائین بعد اسکے اختیار ہی اور اگر منہ آئے کچنال کی چھال جوش دیکر
کلی کرین روغن آتشک کے واسطے اندرائن کی جڑ آدھ پاؤ جوکوب کرکے دو سیر پانی مین جوش
دین جب آدھ سیر رہجائے ملکر صاف کرکے آدھ سیر رینڈی کے تیل مین ملاکر نرم آگ پر جوش
دین جب پانی جلکر روغن رہجائے شیشے مین رکھین اور صبح کو ایک دام کے برابر پیسکر
بگلے کے دودھ مین ملاکر پیین غذا مونگ کی کھچڑی دو تین روز مین مرض دفع ہوجائے اور
یہ دوا مادہ اسہال کو دفع کرتی ہی نقوع کہ آتشک کو فائدہ کرتا ہی مندال کا پھل دو عدد آدھ پاؤ
پانی مین ترکرین صبح پانی صاف اُسکا پیین دوا نافع آتشک دس درم کونچ کی تیج پچاس درم
پانی مین پیسکر نہار سات روز تک کھائین سفوف آتشک کیواسطے مجرب ہی کنول کوٹ چھانکر
پہلے روز ایک ماشہ دوسرے روز دو ماشہ اسی طرح ہر روز ایک ماشہ زیادہ کرکے سات روز
تک کھائین بعد اُسکے ترک کردین اس عرصہ مین ایک بار قے اور اسہال ہوگا اور سوائے ترشی
کے اور کچھ آئین پرہیز نہین ہی دیگر آتشک کو نافع ہی بدار کی لکڑی کا کولہ پیسکر صاف کرکے

اسکے برابر شکر ملا کر آدھا دام دو دام گھی مین ملا کر سات روز کھائین غذا قلیہ دیگر مفید آتشک
عباسی کے بیج جسکا پھول سرخ ہووے جسقدر چاہین بھونکر پوست اسکا دور کرکے مغز اسکا
کوٹ چھانکر برابر شکر ملا کر سفوف بنائین اور ہر روز ایک دام ہمراہ پانی سے کھائین دیگر رسکپور
نو ماشہ سیاہ مرچ اکیس عدد کوٹ چھانکر سفوف بنا کر سات حصہ کرین ایک حصہ نکالکر چھ حصہ
ایک صبح ایک شام بکری یا گائے کے دودھ کے ساتھ کھائین غذا سات روز تک شیر برنج پھیکی
پھر کچنال کی چھال باز و ببول کی پتیان اسپند کے جوشاندہ سے غرغرہ کرین بعد اسکے کلی پانچ
جوش دیکر کلی کرین دیگر پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ مرچ سیاہ ہر ایک دو
مثقال پارہ سات مثقال شکر سولہ مثقال کوٹ چھانکر خوراک بنا کر استعمال کرین دیگر دافع
آتشک پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ سیاہ توتیا بریان کوڑی زرد سوختہ برابر لیکر عرق لیمون کے
ساتھ لوہے کے برتن مین سولہ پہر کھرل کرکے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنا کر ہر روز ایک گولی پان مین
پندرہ روز تک کھائین اور تھوڑا گولی کو پیسکر کاغذ پر رکھکر زخم پر لگائین اگر منہ آئے کچنال کی
چھال جوش دیکر کلی کرین حب دافع آتشک تلسی کی پتیان سبز چار درم توتیا سبز ایک دام
باہم پیسکر بیر کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی صبح کو گرم پانی کے ساتھ غذا کھچڑی
بے روغن سنکھیا کی حب آتشک کے لیے کتھ سنکھیا الائچی کے دانے کھریا مٹی مساوی الوزن
اگر ملے ہو گلاب نہین تو پانی مین خوب پیسکر جوار کے برابر گولیان بنا کر بارہ روز تک ہر روز ایک
گولی کھائین اگر ضعف ثابت ہو ایک روز درمیان دیکر کھائین غذا غلیظ اور بادی اور
گوشت چارپایہ اور ترشی سے پرہیز کلی رکھین اور نمک بھی کم کھائین اور گیہون کی روٹی
گائے کا گھی اور مونگ کی دال کھائین حب دافع آتشک اک کی جڑ پانچ درم سیاہ مرچ اڑھائی درم
کوٹ چھانکر گڑ مین ملا کر جوار کے برابر گولیان بنا کر ایک صبح ایک شام کھائین کھٹائی اور بادی چیز
سے پرہیز کرین حب دیگر ہلیلہ سیاہ چار دام سیاہ مرچ ایک دام توتیا سبز چوتھائی حصہ
کاغذی لیمون کے عرق مین کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنا کر ایک صبح ایک شام کاغذی لیمون کے

عرق کے ساتھ چالیس روز نگل جایا کرین غذا مونگ کی دال اور اگر گولی کھاتے وقت حلق مین
سوزش معلوم ہووے تھوڑا دہی کھائین اور بعضے نسخون مین ہلیلہ زنگی بھی تولہ توتیا ایک تولہ
لکھا ہی اور سیاہ مرچ نہین ہی سنکھیا کی حب سنکھیا ایک ٹانک کتھہ پانچ ٹانک بھنگرہ کے پانی مین
چنے کے برابر گولیان بناکر پہلے روز ایک گولی صبح اور ایک شام کھلائین اور جو ہوا سرد اور مریض
قوی ہووے تیسرے روز دو گولی صبح اور دو شام چودہ روز تک اسی طرح کھائین اور اگر ممکن
ہو اکیس روز تک استعمال کرین اور اگر مریض ضعیف اور ہوا گرم ہو ایک گولی صبح اور
ایک شام کھائین اور جو گولیون کے کھلانے سے متلی اور قی عارض ہووے پان بہت
کھلائین اور خوب پرہیز کرائین حب سیماب مقعد کے زخم اور آتشک کو نافع ہی پارہ اڑھائی
درم مصطگی شکر سرخ ہر ایک تین درم کندر پانچ درم شنگرف دو درم پہلے پارہ کو تھوک مین ملاکر انگلی
سے خوب لت کرین تاکہ اجزا اسکے جدا ہو جائین پھر آدھی شکر اسمین ڈالکر ملین جب پارہ
شکر مین منفصل ہو جائے تھوڑا تھوک اور باقی شکر ڈالکر خوب ملین اسی طرح سے ہر واحد
علیحدہ کوٹ چھان کر ادویہ کے برابر لیکر جنگلی بیر کے برابر گولیان بناکر ایک درم ہر روز
ایک ہفتہ تک کھائین دیگر حب سیماب آتشک کے لیے پارہ کتھہ ہندی برنگ کابلی
اجوائن سیاہ مرچ مہوے کے پھول ہر واحد ایک حصہ کوٹ چھانکر گڑ ادویہ کے برابر لیکر جنگلی
بیر کے برابر گولیان بناکر ایک گولی صبح ایک شام پانی کے ساتھ کھائین غذا گیہون کی
روٹی دیگر پارہ عاقرقرحا اجوائن موچرس ہر ایک چھ ماشہ بھلانوہ سات عدد قند سیاہ
ادویہ کے برابر کنجد بوزن بھلانوہ کوٹ چھانکر گڑ مین ملاکر چودہ گولیان بنائین اور ایک گولی
صبح اور ایک گولی شام کو دہی کے ساتھ کھائین دیگر جوڑون کے درد کے واسطے جو
بسبب آتشک کے ہووے مفید ہی اور آتشک کو بھی فائدہ کرتی ہی پارہ اجوائن خراسانی
بھلانوہ ٹوپی دور کرکے اجمود سفید ہر ایک تین ماشہ گڑ دو دام کوٹ چھانکر جنگلی بیر کے
برابر گولیان بناکر ہر روز ایک صبح ایک شام حلق مین رکھکر پانی سے اسطرح نگل جائین

کہ دانتون پر نہ پہونچے غذا کھچڑی و دال خشکہ اور گیہون کی روٹی ترشی اور بادی سے پرہیز
کرین پانچ روز مین مرض دفع ہووے اور اگر منہ آئے کلی کرین بعد مسہل کے کھانا زیادہ مفید
ہے دیگر نافع آتشک پوست بیخ روسہ سبز پیسکر جنگلی بیر کے برابر گولیان بناکر گھی کے ساتھ کھاوین
دیگر دافع آتشک اجوائن کی بھوسی سرسون سیاہ مرچ ہر واحد ایک دام کوٹ چھانکر گولیان
بناکر کھاوین اس دوا مین پرہیز مطلق نہین ہے حب نافع آتشک پارہ اجوائن سادہ خراسانی
بھلانوہ سادی ایک دام لیکر بھنگرہ کے شیرہ مین حل کرکے خشک کرین اور برابر اسکے گڑ
ملاکر ایک دام کے برابر گولیان بناکر ایک گولی روز ایک ہفتہ نہایت دو ہفتہ تک
کھاوین اور اگر منہ آئے کچنال کی چھال سے کلی کرین حب شنگرف آتشک و درد جوڑون کے
درد کو جو بسبب آتشک کے ہووے نافع ہے شنگرف افیون پارہ ہر واحد دو دانگ اجوائن پانچ دانگ
بھلانوہ ٹوپی دور کرکے سات دانگ پرانا گڑ پانچ دانگ پارہ اور شنگرف باہم کرکے ادویہ
کوٹ چھان کر ملاوین اور سب ادویہ کو ادرک کے پانی مین کھرل کرکے سات گولی بناکر
ایک گولی روز کھاوین حب سیماب نافع آتشک کتھا پارہ ایک بہلولی پارہ چار ماشہ تین
سال کا پرانا گڑ تین بہلولی تینون ادویہ پیسکر ملاکر سات گولیان بناکر استعمال کرین دیگر
آتشک کو نافع اور مقوی باہ بھی ہے پارہ گندھک سرتال سہاگہ ہر ایک ایک درم سیاہ مرچ
دو درم کوٹ چھانکر لیمون کے عرق مین ملاکر گولیان بناوین خوراک ایک گولی صبح ایک شام
دیگر آتشک کو مفید ہے پارہ اجوائن موصلی سیاہ ہر ایک دو درم بھلانوہ ایک درم گڑ سولہ درم
گیارہ گولیان بناکر ایک گولی دہی کے ساتھ کھاوین یہ نسخہ شاندہ آتشک کے واسطے مجرب
ہے منہ نہین لاتا ہے پرہیز بھی اسمین نہین ہے اگر پرہیز کرین قلیہ اور خشکہ کھاوین جلد
آتشک کھو دیتا ہے کچنال کی چھال اندرائن کی جڑ ببول کی پھلی چھوٹی کٹائی مع جڑ اور
پتون کے پرانا گڑ ہر ایک آدھ پاؤ تین پاؤ پانی مین جوش کرین جب چوتھائی رہے صاف
کرکے شیشے مین بھر رکھین اور سات خوراک کرین انشاء اللہ جلد مرض دفع ہوجائیگا دیگر

سرس کی چھال ببول کی چھال نیب کی چھال ہر ایک سوا سیر سب دویہ کو سات لوٹہ پانی مین جوش دین جب ایک لوٹہ پانی رہے صاف کر کے شیشے مین رکھین اور ہر روز آدھ پاو پیین غذا چنے کی روٹی ایک ہفتہ تک کھاوین وہ مفید آتشک گدھے کے پتے جلا کر راکھ اسکی دو کوڑی کے برابر پان مین ہر روز کھاوین آتشک جو باقی رہی ہو دفع ہوجاے دیگر پھل کی پتیان پیسکر بھنگ کیطرح پیین اور ثفل اسکا زخم پر باندھین دیگر آتشک کو نافع ہے برگد کی چھال ہر فارپوڑی کی چھال پانچ درم سیاہ مرچ تین درم پچاس دام پانی مین پیسکر چودہ روز تک کھاوین دیگر ہنس کہ ایک گھاس ہے مع بیخ اور برگ اور شاخ کے جلا کر راکھ اسکی چھ ماشہ ہر روز ایک تولہ شہد یا گڑ مین ملا کر سات روز تک کھاوین دیگر نافع آتشک کسونڈی کی پتیان پانچ درم سیاہ مرچ ایک درم دونون کو پیسکر پیین اور بے نمک کی غذا کھاوین دیگر نافع آتشک درخت کنگھی کلان کی پتیان ابتدا سے مرض مین ایک دام لیکر پانی مین تر کر کے پانی اسکا بیس روز تک پیین بخور نافع آتشک اجوائن خراسانی اڑھائی ماشہ شنگرف پانچ ماشہ توتیا دورقی عاقرقرحا پانچ ماشہ مدار کی چھال دس ماشہ کوٹ چھان بیر کی لکڑی کی آگ پر رکھکر دھوان اسکا لین بخور دافع آتشک اجوائن خراسانی چھونچھر کی چھال عاقرقرحا مردار سنگ ہر واحد ایکماشہ پیسکر بیر کی لکڑی سے جلا کر دھوان لین حقہ دافع آتشک شنگرف توتیا سبز ہر ایک اڑھائی دام بابرنگ پانچ ماشہ پوست بیخ مدار دس ماشہ اگر مزاج مقوی ہو بیس ماشہ کوٹ پیسکر چھ قرص بناوین اور بے پانی کے حقہ مین بیر کی لکڑی کی آگ سے مثل تمباکو پین اور دھوان اسکا زخم پر لین اور گل اسکا کہ مثل راکھ کے ہوجائے تھوک مین ملا کر تین روز صبح تمام زخم پر ملین غذا روٹی گھی شکر کے ساتھ کھاوین چاہیے کہ قبل استعمال اس دوا کے جلاب لین دیگر شنگرف عاقرقرحا نیب کا گوند مازو سہاگہ ہر واحد ایک دام سب دویہ کو کوٹ کر سات پڑیان بنا کر ایک پڑیا چلم مین رکھکر بیر کی آگ سے پیین جب ایک طرف اسکا جل جائے دوسری طرف اسکا جلا کر پیین اگر اس عرصہ مین قے آئے مضائقہ نہین ہے اسیطرح سے ایک وزن

دو تین پڑیا صبح دوپہر شام کو استعمال کرین اور راکھ اُسکی زخم پر چھڑکین غذا موہن بھوگ شکرتری کے ساتھ تین روز نہایت سات روز یہ عمل کرین کافی ہے اگر مُنہ آلیے چنبیلی کی پتیان جوش دیکر کلی کرین دوا دافع آتشک کرنجوہ کی سبز پتیان نیب کی سبز پتیان ہر ایک پندرہ ماشہ سیاہ مرچ ساڑھے سات ماشہ تینون کا شیرہ نکالکر چوب چینی چار ماشہ پیسکر چھڑکین اسی طرح سات روز پیین غذا مین نمک نہ کھائین دیگر گرمی کو مفید ہے شنگرف پھٹکری اسپند اجوائن ہر واحد ایک ٹانک سب کو پیسکر نیم ٹانک دونون وقت چلم مین رکھکر بطور تمباکو کے بیر کی آگ سے پیین اور بند مکان مین جس جگہ بدن کو ہوا نہ پہونچے رہین روغن اور نمک سے پرہیز کرین اور خشک روٹی کھائین دیگر دافع آتشک حیض کا کپڑا جلاکر مساوی اُسکے گڑ ملاکر بیر کے برابر گولیان بنائین ہر روز صبح کو ایک گولی کھائین غذا چاول یا روٹی نمک ترشی سے پرہیز کرین دیگر آتشک کے لیے رسکپور شنگرف ہر ایک چھ ماشہ توتیا سبز ساڑھے تین ماشہ موم سفید دو دام گاے کا گھی چار دام کپڑا چار گرہ نیب کی پتیون کی ٹکیا پہلے ٹکیا کو روغن مین پکا کر دور کرین پھر موم ڈالین جب وہ گل جائے برتن کو نیچے اُتار کر رسکپور ڈالکر حل کرین اُسکے بعد شنگرف پیسکر ملائین پھر توتیا ڈالکر موم جامہ کرکے چھ فتیلہ بنائین اور اپنے تئین چادر سے چھپاکر ایک فتیلہ لیکر بیر کی لکڑی کی آگ سے بخور لین غذا تین روز تک شیر برنج کھائین مرہم آتشک کو نافع ہے رسکپور سفیدہ کاشغری ہر ایک سات ماشہ چھوٹی الائچی کے دانے ساڑھے تین ماشہ گھی مین حل کرکے مرہم بنائین مرہم دیگر کتھہ دو ماشہ سنگ جراحت ایک ماشہ توتیا ایک چنے کے برابر چھالیہ سوختہ ایک عدد گھی بقدر ضرورت کے لیکر ایک سو اکیس بار دھوئین پھر اودیہ مین ملاکر مرہم بناکر زخم پر رکھین اور اگر کوڑی زرد جلاکر ملائین بہتر ہے دیگر بیدار کے پتے اکیس عدد سرسون کا تیل آدھ پاؤ سات پتے تین مرتبہ تیل مین جلاکر برابر راکھ کرین بعد اُسکے موم چھ ٹانک ملاکر مرہم بنائین فرو بنافع آتشک کیمخت جلاکر توتیا کو زنگار جلاکر مساوی کوٹ چھان کر چھڑکین دیگر کتھہ سفید پرانی سپاری ہر ایک اڑھائی دام زنگار

ایک ایک درم ادویہ کو ایک دام پانی مین پیسکر کاغذ پر لگا کر جلائین اور راکھ اسکی لیکر زخم پر چھڑکین دیگر
پرانے جوتے کا چمڑا مسور جتنے جلا کر پیسکر ذرور کرین دیگر ہلیلہ زرد سہاگہ آمد سب کو جلا کر پیس کر
زخم پر باندھین **فصل جذام کا علاج** یہ بیماری سوداوی ہے جب مستحکم ہو جاتی ہے صحت نہین ہوتی
ابتداء مین فصد اور مسہل لینا لازم ہے چاہیے کہ ہر مہینے مین مسہل لین اور غم و رنج اور جاگنے سے
پرہیز کرین اور اگر خشکی زیادہ ہو تو جو چیزین کہ رطوبت اصلی کو تحلیل کرتی ہین اُنسے پرہیز رکھین
اور بہتر غذا جذام والے کے لیے بکری کا دودھ ہے **معجون بیش** یعنی بچھناگ یہ نسخہ جذام والے
کے لیے اہل ہند کا ایجاد ہے ہلیلہ شیطرج ہر ایک دس درم سیاہ مرچ پانچ درم بچھناگ اڑھائی درم
کوٹ چھانکر گائے کے گھی مین چرب کرکے دو وزن شہد ملا کر معجون بنائین خوراک ایکمثقال
سے دو درم تک ایک مثقال دواء المسک کے ساتھ کہ وہ بیش کی مصلح ہے **فائدہ** اہل ہند کا مجرب
ہے کہ ہرتال کا کشتہ چالیس روز کھانا جذام کو فائدہ کرتا ہے ہرتال کے کشتہ کرنے کا طریقہ یہ ہے ہرتال
ایکدام کرنجوہ پھٹکری ہر ایک دو دام پہلے آدھا کرنجوہ کا مغز نیمکوب کرکے سکورہ مین رکھین
اسپر نصف پھٹکری کوٹ کر بچھائین پھر اُسپر ہرتال ڈالین اور نصف باقی مغز کرنجوہ اور پھٹکری
کوٹ کر ہرتال پر بچھائین اور کپر وٹی کرکے سات سیر جنگلی کنڈے مین رکھکر آگ دین جب
سرد ہو جاوے نکالکر آدھی رتی ہر روز پان مین کھائین پچاس دن مین مرض دفع ہو جاوے
دوسرا طریقہ ہرتال کے کشتہ کرنے کا یہ ہے ایک دام ہرتال انڈے کی سفیدی مین ملا کر غلولہ
بنا کر سکورہ مین رکھین اوپر سے ایک سکورہ رکھکر کپر وٹی کرکے خشک کرین اور چار پہر آگ مین
رکھین کشتہ ہو جائیگا **نیب کا سفوف** جذام کو نافع ہے پھول اور پتیان اور پھل اور جڑ اور
چھال پرانی نیب کی ہر ایک آدھ سیر سیاہ مرچ پوست ہلیلہ زرد پوست بہیڑہ آملہ باچی ہر ایک
پاؤ سیر کوٹ چھانکر سفوف بنائین خوراک دو ٹانک سے چار ٹانک تک مجیٹھ کے جوشاندے کے
ساتھ چار مہینے تک استعمال کرین گوشت اور نمک اور گرم چیزون سے پرہیز کرین **حب**
جذام کو نافع اور مجرب ہے پارہ دو درم سنکھیا ایک درم گندھک چھ درم ریوند چینی تین درم

ببول کا گوند دو درم پارہ کو کشتہ کرکے سب ادویہ کو لیمون کے عرق مین کھرل کرین پھر کشتہ
اور سات عدد بہیڑہ کے پتے اُسمین ملاکر سیاہ مرچ کے برابر گولیان بناکر صبح و شام ایک گولی کھائین
کھٹائی سے پرہیز کرین نقوع نافع جذام شاہترہ اسگند برہنڈی پوست بلیلہ زرد مساوی الوزن
دو تولہ کے برابر رات کو پانی مین ترکرکے صبح ملکر صاف کرکے پیین سفوف جذام اور جوشش
خون کو نافع ہی ہنکوٹ کی چھال کوٹ چھانکر ہر صبح ایک تولہ پانی کے ساتھ کھائین ترشی اور
بادی اور نمک سے پرہیز کرین دو ہفتہ مین فائدہ بخوبی ہوگا نقوع جذام کو نافع ہی چنے کی بھوسی
آدھ پاؤ ایک سیر پانی مین ترکرکے صبح ملکر چھانکر اسی طور سے ایک مہینا اُنیس روزتک پیین
چاول اور دودھ دہی اور جو چیز سفید ہو اور ترشی سے بھی پرہیز کرین گوشت اور گڑ اور شکر
جو انمین سے بہتر آئے کھائین اگر کچھ مرض باقی رہے اور چند روز نہین دوا جذام کو مفید ہی پانی
کہ مستی کے وقت نیب کے درخت سے ٹپکتا ہی لیکر بدن پر ملین دیگر سر پھوکہ کا عرق استعمال کرنا
جذام کو نفع دیتا ہی دیگر نیب کے پھولون کا عرق جذام کو مفید ہی نقوع کہ جذام کو فائدہ دیتا ہی
بھیسار کی لکڑی ایک دام کوٹ کر پانی مین ترکرکے ہر روز اسی طرح سے چالیس روز تک نقوع
اُسکا پیین دیگر مہندی کی پتیان تین مثقال رات کو پانی مین ترکرین صبح مل کر صاف
کرکے تھوڑی شکر ملاکر اسی طور سے چالیس دن تک پیین دوا نافع جذام سرس کی پتیان
ایک دام پختہ سیاہ مرچ دو ماشہ ہر روز پانی مین پیسکر چالیس دن تک پیین دیگر نافع جذام
ببول کی چھال دو دام نیکوب کرکے پانی مین ترکرکے صبح ملکر صاف کرکے ہر روز اسی طرح سے
پیین سیسون کا شربت فساد خون کی سب بیماریون اور جذام اور گرمی کو نافع ہی سیسون
یعنے شیشم کا برادہ پاؤ سیر تین سیر دریا کے پانی مین آٹھ پہر بھگو کر صبح جوش دین جب
نصف باقی رہے تین پاؤ شکر مین قوام کرین خوراک چھ تولہ ہر صبح و شام اس طریق سے
کہ سیسون کی سرخ لکڑی کا برادہ آدھ دام لیکر آدھ پاؤ پانی مین جوش دین جب نصف
باقی رہے صاف کرکے شربت مذکور ملاکر پیین چالیس روز تک اسی طرح سے استعمال کرین

ترشی اور دودھ دہی اور بقولات وغیرہ سے پرہیز رکھین دوا نافع جذام درخت سمندر پھل
کی چھال کوٹ چھانکر ہر صبح ایک تولہ پانی کے ساتھ تین روز کھائین اور تین روز ناغہ کرین
اسی طرح سے اکیس روز تک کھائین اور اس مدت مین مونگ کی دال اور کھچڑی غذا کرین
ابتدا مین قے ہوگی اور جو مرض مستحکم ہو اول دنون مین قے ہوگی بعد چند روز کے قے آنا موقوف
ہوجائیگا دوا نیب کی پتیون کا عرق جذام اور خارش اور داد کو نافع ہے فائدہ بہت
جذام والون کو دیکھا کہ ابتدائے مرض مین انھون نے افیون اور پوست کھانے کی عادت
کی مرض مین تخفیف ہوگئی شربت چھاؤ کی جڑ کا جوشاندہ دافع اس مرض مین سرخ گندھک کا
حکم رکھتا ہے اور صاحب تذکرۂ داؤدی نے مجرب لکھا ہے دوا کہ جذام اور داغ سفید کو نافع ہے نیب
کی پتیان اور اسکے برابر سیاہ تل اور تھوڑا لاہوری نمک لیکر پیا ناگرشب اور دیہ کے برابر ملاکر ہر روز
پانچ درم کھائین فصل سعفہ یعنی سر کے گنج کا علاج وہ سر کا زخم ہے پیپ اور خشک ریشہ یعنی کھرنڈ
کے ساتھ ہوتا ہے پیدایش اس مرض کی سوداے غیر طبعی سے ہے لڑکپن کے زمانہ مین کہ رطوبت
غالب ہوتی ہے شروع شباب تک شدت کرتا ہے علاج جونکین لگانا مفید ہے دوا مجرب
آملہ جلا کر پاؤ سیر پوست خشخاش سوختہ آدھ پاؤ کمیلہ ہر ایک چار چار دام توتیا سہاگہ بریان
پھر بھوبچے کے چھپر کا دھوان بھٹی کی راکھ ہر واحد ایک دام کوٹ چھانکر سرسون کے
تیل مین ملاکر طلا کرین روغن اوراق نافع سعفہ برگ بسکھپرہ برگ فراش برگ نیب
برگ چنبیلی برگ ارنڈ بکائن بے برگ لے ورپھل ہر ایک دو تولہ پیسکر ٹکیا بنا کر پاؤ سیر میٹھے تیل مین
ملائین پھر ایک ماشہ توتیا مہندی کی پتیان مردار سنگ سہاگہ بریان ہاری سوختہ کتھہ
بابچی آملہ سوختہ سیاہ مرچ سوختہ ہر ایک چھ ماشہ پیسکر روغن مین جلا کر نیب کی لکڑی سے
حل کر کے استعمال کرین گدھے کی لید کا تیل گنج سر کو نافع ہے گدھے کی لید نیم خشک
گڑھے مین رکھکر تھوڑے کوئلے ڈالکر جلائین اور اوپر اسکے ڈھانپنے کی ایسی تھالی کہ اسکے
لب الٹے ہوئے ہون اس طرح اس گڑھے پر رکھین کہ کنارے اسکے زمین سے دو انگل اٹھے رہین

ناک بہا ریلہ کا اُس تھالی مین جمع ہو اُسکو لیکر طلا کرین طلا نافع گنج سرائی نصف بریان
نصف خام پیسکر کڑوے تیل مین ملاکر لگائین دوا گنج سر کو نافع ہے مہندی کی پتیان چار تولہ
ہالچھڑ مرداسنگ کمیلا کتھہ سہاگہ ہر ایک دو تولہ توتیا تین ماشہ کوٹ چھانکر کڑوے تیل مین ملاکر
طلا کرین ضماد گنج سر کو مفید ہے چھہ دام توتیا سبز تین دام آدھ پاو میٹھے تیل مین جلاکر پیسکر
ضماد کرین طلا ہلیلہ کابلی کتیرہ زیرہ کا پھول ہر واحد ایک درم توتیاے سبز آدھا درم کوٹ چھانکر
طلا کرین دوا لڑکون کے گنج سر اور اُن پھوڑے اور پھنسیون کو جو لڑکون کے سر پر پیدا ہوتی
ہین نافع ہے کمیلا کتھہ گیرو شورہ توتیا ہر واحد ایک حصہ مرداسنگ سیاہ مرچ دو حصہ مہندی
کی پتیان چار حصہ سرسون کے تیل کو گرم کرکے اسمین ملاکر استعمال کرین ضماد نافع گنج سر
ارنڈ کی کونپل کوٹ کر تھوڑا نمک ملاکر ضماد کرین دوا گنج سر کو فائدہ دیتی ہے پرانے چمڑے کا
جلا کر کڑوا تیل ملاکر استعمال کرین دیگر تمباکو کا گل پیسکر کڑوے تیل مین ملاکر لگائین دیگر
آم کے اچار کا تیل جو ایک سال کا ہو لیکر گنج سر پر لگائین دیگر گھوڑے کے سم جلاکر میٹھے تیل
مین ملاکر سر پر ملین روغن تخم بکائن سعفہ کو نافع ہے بکائن کے پھل کا مغز نیم کوب کڑوے
تیل مین جلاکر صاف کرکے گنج سر پر استعمال کرین روغن فراش گنج سر کو نافع ہے برگ فراش
پیسکر ٹکیا کڑوے تیل مین جلاکر صاف کرکے ملین ضماد دھنیا سرکہ مین پیسکر لگانا گنج سر کو
نفع کرتا ہے ضماد چقندر کے پتے پیسکر لگانا مفید ہے دوا بکری کی مینگنیان لگانا گنج
سر اور قروح سارعیہ یعنی پھیلنے والے قرحہ کو نافع ہے فصل برص و بہق ابیض یعنی
سفید داغ کا علاج ان دونون مین فرق یہ ہے کہ برص اُن سفید داغون کو کہتے ہین جو ظاہر
جلد مین ہوتے ہین اور گوشت اور جلد کے اندر گھسے ہوتے ہین اور بہق وہ ہین سفید رقیق
ہو اور برص سے صحت نہین ہوتی ہے اور بہق کا اگر ابتدا مین جلد علاج کیا جائے زائل ہو جاتا ہے
علاج بعد تنقیہ کے مادہ بلغم کا تنقیہ کرین بلغمیات اور اشیاے سرد سے پرہیز لازم جانین حب
[illegible] انجیر کی چھال تئیس درم شیطرج سولہ درم گندھک پندرہ درم ہلیلہ سیاہ و دھنیا ہر ایک

چھ درم کوٹ چھانکر گاے کے بچہ کے پیشاب مین ملاکر جوش دین جب گاڑھا ہوجاے پیسکر جنگلی بیر کے
برابر گولیان بناکر ایک مہینہ بیس روز تک ہر روز ایک صبح ایک شام کھائین حب سفید داغ کو
نافع ہے اور بالون کو سفید نہین ہونے دیتی ہے بانچی مدبر مقشر پوست بیخ کندوری پوست بیخ نیب
پوست شاخ نیب برگ نیب مساوی الوزن کوٹ چھانکر رکھین اور کتھہ کی لکڑی ٹکڑے ٹکڑے
کرکے ایک حصہ آٹھ حصے پانی مین جوش دین جب نصف رہے صاف کرکے ادویہ مذکورہ اسمین
خمیر کرین اور گولیان بناکر ایک درم سے ڈیڑھ درم تک کھائین بانچی کے مدبر کرنے کی تدبیر یہ
ہے بانچی کو سرخ رنگ کی گاے کے پیشاب مین جو جنی نہو اکیس روز تر رکھین پھر نکالکر پوست
اسکا دور کرکے سایہ مین خشک کرین حب سفید داغ کو نافع ہے بانچی مدبر سیاہ تل برابر لیکر
شہد مین ملائین اور تین تین ماشہ کی گولیان بناکر صبح وشام ایک ایک گولی کھایا کرین حب
نافع داغ سفید ارجمود بانچی پنواڑ کے بیج کنول گٹہ برابر لیکر شہد یا گڑ ملاکر گولیان بنائین خوراک
دو درم حب نافع سفید داغ گیرو گندھک بانچی مساوی باریک پیسکر اورک کے پانی مین جھڑبیر کے
برابر گولیان اور ایک گولی نیکوب کرکے آدھ پاؤ پانی مین رات کو تر کرین صبح پانی صاف
اسکا پیئین اور ثفل اسکا بدن پر ملکر آفتاب مین بیٹھین ترشی اور بادی سے پرہیز کرین
اسی طرح ہمیشہ استعمال کرتے رہین دوا نافع برص و بہق سیاہ دھتورہ کے بیج دو درم
نصف بریان نصف خام شیطرج دو درم سیاہ مرچ ایک یا دو درم کوٹ چھانکر ہر روز دو رتی
کھائین غذا ایک وقت شیر برنج گھونس کا تیل برص کو نافع ہے ایک گھونس پکڑکر پیٹ چاک
کرکے کثافت اسکی دور کرین اور سو تولہ میٹھے تیل مین جوش دین جب سوم حصہ باقی رہے لتہ
اس تیل مین تر کرکے رات کو موضع داغ پر رکھکر باندھ دین اور صبح کو دھو ڈالین اسیطرح سے پچاس روز
تک استعمال کرین نفع ظاہر ہووے حب کبیس سیاہ پانچ درم نیل پنوار دو درم بانچی تین سیر نیب کی
خشک پتیان آدھ سیر گندر سیاہ ڈیڑھ سیر کوٹ چھانکر گولیان بناکر ہر روز ایک گولی کھائین
نیب کا سفوف برص کو نافع ہے پھل اور پھول اور پتیان نیب کی مساوی پیسکر دو ماشے

کھانا شروع کرین چھ ماشہ تک پہونچاکر چالیس روز تک استعمال کرین دیگر نافع برص مشکی
ایک حصہ سمندرسوکھ آدھا حصہ کوٹ چھانکر سفوف بنائین خوراک ایک ماشہ سے نو ماشہ تک
دیگر سفید داغ کو مفید ہے باپچی آدھ سیر نمک تین پاؤ کوٹ چھانکر ایک کفہ دست کھائین غذا
سوائے چنے کی روٹی کے اور کچھ نہ کھائین دیگر نافع داغ سفید گولر کی چھال لال کے بیج دونون
برابر وزن کوٹ چھانکر پانی سے چالیس روز تک پیائین دیگر نافع برص اجمود پہلے روز چار ماشہ پھر
ایک ایک ماشہ روز زیادہ کرکے صبح کو سرد پانی سے پیائین یہان تک کہ آٹھ ماشہ تک پہنچے اگر دو مہینہ
مین نفع ظاہر ہو تیسرے مہینے مین بار بار تک ایک ماشہ ملا کر کھائین ترشی اور بادی سے پرہیز کرین
لکھا ہے کہ چنے کی روٹی یا چنے بھونکر کھانا جب ہی سوائے اسکے اور کوئی چیز نہ کھائین دیگر
اجمود دو حصہ گیرو ایک حصہ کوٹ چھانکر دو ماشہ کھائین غذا بے نمک اور بے گھی کی روٹی
کھائین طلا نافع برص باپچی پنوار گیرو مساوی لیکر کوٹ چھان کر ادرک کے عرق مین گولیان
بنا کر دو ہفتہ تک طلا کرکے دھوپ مین بیٹھا کرین طلا بلاس پاپڑہ تین درم خام توتیا تین ماشہ
کتھ سفید ایک تولہ باریک کوٹ چھان کر لیموں کے عرق مین کھرل کرکے گولیان
بنا کر لگایا کرین یہ گولی داد کے لیے بھی نافع ہے طلا کلونجی سرکہ مین پیسکر لگانا بہق اور
برص کے واسطے مفید ہے تخم ترد تیز سرکہ مین پیسکر ضماد کرنا بہق اور برص کو نفع دیتا
ہے طلا کندش شہد مین ملا کر لگانا بہق اور برص اور داد کو نافع ہے دیگر بالنگنی گائے کے
پیشاب مین کئی روز بھگو کر تیل اسکا نکال کر برص پر لگائین دیگر نوشادر شہد مین ملا کر
برص اور بہق پر لگانا مفید ہے طلا نافع برص کلونجی نو درم باپچی تین درم دھتورہ کے بیج
ڈیڑھ درم مدار کے پتے آٹھ عدد پیسکر سفید داغ پر لگائین دیگر کندش مولی کے بیج سرکہ
مین پیس کر لگائین دیگر بکری کے گردے کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے گندھک اسپر
چھڑک کر کباب کرین جو پانی اس سے ٹپکے اسکو بہق سفید اور برص پر ملین دیگر برص کو
نافع ہے املی کے بیج مقشر باپچی دونون مساوی خوب پیسکر آٹھ روز تک لکڑی سے موضع

داغ پر لگائین ضماد جنگلی انجیر کی جڑ باچی سہاگہ املی تازہ پانی مین پیسکر چالیس روز تک ضماد
کرین طلا ہرتال سچی ہر ایک آدھا دام کوٹ چھانکر پیشاب مین ملاکر داغ پر لگائین دیگر نافع بہق
سفید ہلدی آنبہ ہلدی آملہ لاکھ گندھک آملہ سار پنوار کے بیج مساوی گندھک چھاچھ کوٹ
چھانکر خالص پانی مین ملاکر بہق پر لگائین دیگر نافع سفید داغ چیتے چیتہ تیل گیرو مساوی کوٹ
چھان کر سرکہ مین ملاکر لگائین دیگر مولی کے بیج دس حصہ گندھک قسط ہر ایک دو حصہ
پرانے سرکہ مین ملاکر ضماد کرین طلا نافع برص مولی کے بیج شیطرج خولنجان آملہ مساوی سرکہ مین
ملاکر لگائین دیگر نافع برص یہ نسخہ کتاب گنج باد آورد سے نقل کیا گیا ہے چونہ کی کلی برابر وزن
پیسکر جس جگہ کہ سفید داغ ہو طلا کرین جب خشک ہو جائے سخت کپڑے سے چھیلکر دور کرین
اور دوبارہ لگائین اسی طرح چند مرتبہ کے استعمال مین اس جگہ کی کھال دور ہو کر ایک
داغ ظاہر ہوگا پھر اس مقام پر میٹھا تیل ملین تاکہ رنگ اصلی پر آجائے طلا نافع برص
باچی دہی مین تین روز تک بھگو دین پھر خشک کرکے آتشی شیشے مین تیل نکالین اور
تھوڑا نوسادر پیسکر روغن مین ملاکر داغ کو چھیلکر اسپر طلا کرین دیگر گینچوا برتن مین بند کرکے
ایک مہینے تک رکھین اس عرصہ مین راکھ ہو جائیگا اسکو لیکر برص پر لگائین دیگر نافع برص
سیاہ بچھو مار کر خشک کرکے سرکہ مین پیسکر برص پر لگائین دیگر ہوتھون کی سفیدی کو نافع
ہوا وندھا ہولی کی جڑ پانی مین گھسکر ضماد کرین دیگر روغن تخم تمباکو کولھو مین نکال کر
مالش کرین چند روز مین داغ اصلی رنگ پر آجائے دیگر نافع برص کیلے کے زرد پتے
کڑوے تیل مین جلا کر مردار سنگ ملاکر طلا کرین دیگر سرس کے بیجون کا تیل نکال کر
برص پر ملین دیگر بھنگن سادہ کا تیل برص کو نافع ہے بھنگن پانی مین پکائین جب
گلجائے پانی صاف اسکا ایک میٹھے تیل مین ملاکر پھر جوش دین جب پانی جل کر روغن
رہجائے استعمال کرین دیگر خرمے کا تیل برص کو مفید ہے ایک عدد خرما سرسون کے تیل مین
جلا کر حل کرکے رکھین رات کو داغ پر ملکر کوئلون کی آگ سے سینکین تاکہ گرم ہو جائے اسیطرح سے

چند روز استعمال کرین بعض کتابون مین لکھا ہی کہ خرمے کی گٹھلی نکالکر صاف کرکے تیل مین
جلاکر تھوڑا اشنگرف ملائین اس روغن کو موضع چھاجن اور ناسور پر بھی ملنا مفید ہی **فصل عرق**
مدنی یعنی نارو کا علاج وہ ایک دانہ ہی جب پھوٹ جاے تو اسکے اندر سے تاگا نکلتا ہی **علاج**
مواد سے بدن کو پاک کرین اور نارو کے گرد جونکین لگائین اور گرم پانی سے کہ اسمین تیل
ڈالکر جوش کیا ہو نطول کرین تاکہ تاگا سہل سے نکل آئے اور احتیاط کرین کہ ٹوٹ نہ جائے
دوا نارو کو نافع ہی پہلے نارو اور ورم کو نیمگرم تیل سے چرب کرکے مدار کے پتون سے سینک
کرین اور وہی نیمگرم پتے ورم پہ باندھین **دوا** نارو کے لیے مفید ہی سفید بسکھپرہ کی جڑ
اسکے پتون کے عرق مین پیسکر نارو پر باندھین اور بعضے تھوڑی سونٹھ بھی اضافہ کرتے ہین
ضماد نارو کو نافع ہی جمال گوٹہ پیسکر لیپ کرین یا کلونجی دہی مین پکاکر ضماد کرین **دوا**
اگر کینچوا خشک نارو والے کو کھلائین جلد خشک کرتا ہی **دیگر** آدھا دام روغن گل مین حل
کرکے تین روز کھلائین اور اس عرصہ مین چکنی غذا تناول کرین **ضماد** نارو کو مفید ہی
پیاز ایک گرہ لسن ایک گرہ تھوڑا صابون بھلانوہ ایک عدد رائی آدھا دام کوٹ چھانکر
ٹکیا بناکر نارو پر ایک دن رات باندھین تین روز مین تاگا بالکل نکل آئیگا **دوا** نارو کو نافع
ہی رال ایک دام صابون دو دام افیون دس ماشہ کوٹ پیسکر آٹھ دام روغن کنجد مین پکاکر
مثل مرہم کے کرکے پان پر لگاکر باندھین اور صبح و شام مرہم بدلا کرین تین روز مین شفا
ہو جائے **ضماد** نارو کو مفید ہی موٹھ کا آٹا چار دام ہینگ ملاکر پیسکر خمیر کرکے نارو پر باندھین
دیگر چولائی کی جڑ پیسکر نارو پر باندھین **حب** نارو کے لیے مفید ہی جنگلی کبوتر کی بیٹ دو دام
قند سیاہ دو دام کوٹ پیسکر جنگلی بیر کے برابر گولیان بناکر رکھین ہر روز ایک گولی کھائین **دوا**
نارو کو فائدہ کرتی ہی گھوڑے کا پر دو چاول کے برابر گڑ مین ملاکر کھائین **دیگر** سات پتے
بکائن کے ہر روز نگل جائین **دوا** ایلوا پہلے روز آدھا دام دوسرے روز ایک دام تیسرے روز
ایک مثقال کھائین اور اوپر سے بھی لگائین **دوا** پوست ہلیلہ زرد پوست بہیڑہ آملہ سونٹھ

کیلا مساوی ہر روز دو درم چھ درم شہد مین ملا کر کھائین اور دودھ گھی کثرت سے کھائے
فائدہ کرتا ہے **فصل حمرہ** اسکو سرخ بادہ کہتے ہین اور وہ لڑکون کو بہت عارض ہوتا ہے سبب اسکے
التہاب اور جوشش خون ہے علاج دایہ کو ادویہ مصفی اور مصلح خون کی پلائین حب
لڑکون کے سرخ بادہ کو مفید ہے دوا سرخ صندل برم ڈنڈی نیل کنٹھی ہر ایک تین ماشہ جامن کی
پتیان نیب کی پتیان ہر ایک پانچ عدد مہندی کی پتیان پانچ ماشہ دھنیا تین ماشہ سیاہ مرچ
ملتانی مٹی ہر واحد ایک ماشہ مہندی کی پتیان اور دھنیا پانی مین بھگو کر صبح اسکے پانی مین
سب دوا پیسکر چنے کے برابر گولیان بنالین غذا مونگ کی دال و رخشکہ بے نمک کھائین ترشی
اور بادی سے پرہیز کرین دیگر لڑکون کے سرخ بادہ کو نافع ہے رسوت سیاہ مرچ افیون نیب
کی پتیان سبز چاکسو چٹیے کے بیج برابر کوٹ چھانکر باجرہ کے برابر گولیان بنا کر ایک گولی
لڑکے کو اسکی دایہ کے دودھ مین ملا کر دین دوا لڑکونکے سرخ بادہ کو مفید ہے مکس کی ایک
بوٹی ہے دو دام لیکر پانی مین پیسکر پاؤ سیر آٹے مین ملا کر روٹی پکائین پھر گھی مین چپڑ کر بچہ کے
دودھ پلانے والی کو کھلائین عجیب التاثیر ہے دیگر سرچوپ کہ جوش دیکر لڑکے کو پلائین دیگر رسوت
ایک چنے کے برابر لڑکے کو کھلائین جوشاندہ لڑکون کے فساد خون اور سرخ بادہ کو نافع
ہے سرخ صندل مہندی دھنیا ہر ایک چار درم گل معصفر دو درم ترکیب کرکے سات خوراک
کرین اور ایک خوراک آدھ پاؤ پانی مین تر کرکے صبح جوش دیکر پیین اور ثفل اسکا رات کو
جوش دیکر پیین اور اسکا ثفل بدن پر ملکر گرم پانی سے دھو ڈالین سات روز اسی طرح استعمال
کرین غذا گیہون کی روٹی اور گھی نمک نہ کھائین **فصل قوبا** اسکو داد کہتے ہین یہ مرض
سوداوی شدید الحکارش ظاہر جلد پر پھیلتا ہے خون سے بھی پیدا ہوتا ہے شروع مین
علاج اسکا کہ جب تک گوشت کے اندر سرایت نہ کرے سہل اور جب گوشت مین سرایت
کر جاے تو جب تک جونک اور پچھنے اور ادویہ حادہ کا استعمال نہ کرین دفع نہین ہوتا
ہے حب داد کو مفید ہے رال گندھک سہاگہ اجواین خراسانی کوٹ چھان کر

گولیان بناکر داد کو کھجا کر اُسپر لگائین ضماد دواد کو نافع ہی مردار سنگ گندھک توتیا درسہاگہ
ازو مرچ سیاہ کتھہ سفیدہ افیون چنیا گوند کوٹ چھانکر گولیان بنائین اور لیمون کے عرق مین پیسکر
ضماد کرین دیگر بارز دوا ایک حصہ چونہ ڈیڑھ حصہ مازو باریک چونہ مین حل کرکے تھوڑے پانی مین
ملائین جب درتہ نشین ہو جاسے پانی لیکر داد کو کھجا کر اُسپر ملین طلا داد کو کھجا کر گھی سے چرب
کرکے چونہ اُسپر لگائین دوا داد کو نافع ہو مدار کے پھول پنوار کے بیج کوٹ چھانکر کھٹے دہی مین
ملاکر مالش کرین اور اگر دہی ترش نہ ملے پانی کافی ہو طلا تخم املی لیمون کے عرق مین پیسکر لیپ
دیگر خشک سنگھاڑہ لیمون کے عرق پیسکر لگائین دیگر بار سنگھار کی پتیان پیس کر لگائین
دیگر عباسی کی پتیان نمک کے ساتھ پیسکر ملین دیگر ہلدی جلاکر پیسکر چونہ اور پان مین ملائین
پھر پانی مین حل کرکے داد کو کھجا کر لگائین دیگر لیمون کا عرق ہر روز دوبار داد کو کھجا کر اُسپر
ملین دیگر پاپات جوہی کی جڑ لیمون کے عرق مین گھسکر ملین اور پتی بھی اسکی ملنا مفید ہو
دیگر کلونجی سرکہ مین پیسکر ملین طلا پلاس پاپڑہ کتھہ پیسکر لگائین دیگر کسوندی کی جڑ لیمون
کے عرق مین گھسکر طلا کرین دیگر گیہون کا جوہر نیم گرم ملین اور طریق نکالنے جوہر کا یہ ہے
گیہون وغیرہ کو رات کو ہوا مین رکھین صبح گیہون کو صاف پتھر پر رکھکر ایک لوہے کا ٹکڑا
آگ مین سرخ کرکے گیہون کے اوپر رکھکر دبائین جو کچھ اسمین سیاہ رنگ نکلے اُسکو گرم
لیکر داد پر ملین دیگر مجرب داد کو نافع ہو آملہ صندل سرخ چنیا گوند رال سہاگہ کتھہ مساوی
پانی مین پیسکر داد کو کھجا کر ملین دیگر داد اور خارش خشک اور تر کو نافع ہی پنوار کے بیج پانی
مین بھگو دین جب سڑ جائین پیسکر ملین پھر گرم پانی سے نہائین ضماد دواد کو نافع ہی ریٹہ
کو کپڑے سے چھانکر پانی مین پیسکر لگائین دیگر املتاس کی پتیان داد پر ملین یا اُسکی
پھلی کا مغز نکال کر پانی مین پیسکر لگائین دیگر داد کو نافع ہو مولی کے بیج لیمون کے
عرق مین کھرل کرکے گولیان بناکر لگایا کرین طلا مولی کے بیج شریفہ کی پتیون کے عرق مین
پیسکر گولیان بناکر لگائین ضماد کچا سرکہ مین پیسکر لگائین طلا داد اور خارش کو نافع ہی

داد و خارش

سجی ایک درم کوٹ چھانکر دو درم گاے کا گھی سو بار دھو کر اسمین ملا کر طلا کرین داد
اور خارش کو مفید ہی حرام مغز ملین دیگر نافع داد انجیر کا دودھ ملین دیگر نافع توتیا صندل سرخ
افیون تینون ادویہ برابر لیکر لیمون کے عرق مین پیسکر داد کو کسی کھردری چیز سے کھجا کر لگاوین
دیگر سیندور پانی مین پیسکر لگاوین ضماد سرکش مین لکھا ہی کہ جبتک داد اچھا نہین ہوتا ہی
سرکش نہین چھوٹتا ہی دیگر پارہ سرکہ مین پیسکر لگاوین دیگر مہندی سرکہ مین پیسکر لگاوین
دیگر مرکی سرکہ مین پیسکر طلا کرین ضماد نیب کی پتیان دہی مین پیس کر لگاوین طلا
پنوار کے بیج ایک حصہ سجی دو حصہ جواکھار چار حصہ کانجی کے پانی مین پیسکر اپلا بھینس کے
گوبر کے اوپلے سے داد کو کھجا کر اسپر اسکی ذرا لگاے رہین کہ خشک ہو جاے تین روز مین
دفع ہو جاوے دیگر سیندور گندھک ہلدی سیاہ مرچ سہاگہ برابر لیکر گھی مین ملا کر ہر روز
چار پانچ مرتبہ طلا کرین دیگر پنوار کے بیج آملہ کتھہ دہی کے پانی مین پیسکر داد کو کھجا کر طلا کرین
دیگر پارہ گندھک آملہ سار توتیا سہاگہ لیمون کے عرق مین حل کر کے داد کو کھجا کر لگاوین
فصل جرب و حکہ خشک کھجلی کو حکہ اور تر کو جرب کہتے ہین جو کہ یہ مرض ظاہر جلد پر پیدا
ہوتا ہی امراض جلدیہ سے شمار کیا جاتا ہی اور جرب کا مادہ اکثر بلغم کھاری ہی اور حکہ مین
زیادتی سودا کی ہی علاج ہفتہ الدوام کی فصد کھولین و رجاع اور گرم چیزون مثل بینگن
اور مرچ اور کڑوے تیل اور اشیاے نمکین وغیرہ سے پرہیز کرین اور ہر روز شاہترہ کا اطریفل
کھاوین دوا پوست ہلیلہ زرد و ہلیلہ کابلی پوست بہیرہ آملہ ہلیلہ زنگی سرپھوکہ کی پتیان
افیون ہر ایک دو درم برگ شاہترہ دس درم کوٹ چھانکر گاے کے گھی مین چرب کر کے
تین وزن شکر ملاوین خوراک دو تولہ دیگر خارش کو نافع ہی نیب کی کونپلین دو تولہ لیکر پانی
مین پیسکر سات روز تک پیوین اسی طرح سے سرپھوکہ کا پینا فائدہ رکھتا ہی دیگر خارش کو مفید
ہی چرایتہ تلخ شاہترہ ہلیلہ زنگی تینون ادویہ ایک تولہ لیکر رات کو پانی مین تر کرین صبح
پیسکر صاف کر کے پیوین دیگر کھجلی کو نافع ہی گندھک آملہ سار ہلدی بابچی ہر ایک آدھا درم

شاہترہ ایک دام سب کو تین حصہ کرکے ایک حصہ اُس مین سے رات کو پانی مین تر کرین صبح پانی صاف
اُسکا پیین اور ثفل اُسکا کڑوے تیل مین ملاکر بدن پر ملکر گرم پانی سے غسل کرین دیگر ایلی کو
بھگوکر چند روز استعمال کرنا خارش تر اور خشک کو مفید ہی نسخہ اُسکا سنلی کے مرض مین مذکور ہوا
دیگر خارش کو مفید ہی ہلیلہ سیاہ ٹھیکو فتہ بین درم افتیمون پانچ درم آدھ سیر گرم پانی مین تر کرین
صبح صاف کرکے دس درم شکر ملاکر دو دفعہ کرکے پیین دیگر موجز مین خشک کھجلی کے واسطے
لکھا ہی کہ ہر روز ایک سو تیس درم دودھ اور نصف اُسکا سکنجبین ملاکر پینا مفید ہی اور یہ دوا
شیخ الرئیس کے نزدیک بھی مجرب ہی لاکن اسقدر دوا دہاتیون کے لائق ہی اور لوگون کے لیے
اسقدر خوراک بہت ثقیل اور ضعف معدہ ہی گندھک کا تیل کھجلی تر اور خشک اور
داد کو نافع ہی گندھک آملسار کے دودھ مین دو روز کھرل کرکے قرص بناکر سایہ مین خشک کرین
پھر برتن مین ڈالکر پانی بھرکر چار پہر نرم آگ پر جوش دین جسقدر تیل پانی پر آوے اُسکو لیکر
استعمال کرین اور بعضے گندھک کو مدار زرد رنگ کے دودھ مین پکاکر دو روز کھرل کرتے ہین
دوا نافع خارش توتیا سبز تپا کو خشک ہر واحد ایک درم کمیلہ دو درم سفیدہ چینی چار درم
کڑوے تیل مین ملاکر تین روز لگائین قرص عرقی خارش تر کو نافع ہی اور بلغم اور صفرا کو
نکالتا ہی پوست ہلیلہ زرد پوست بہیڑہ آملہ برنگ کابلی مقشر ہر واحد ایک حصہ تربد مجوف
دو حصہ کوٹ چھانکر پانی مین ملاکر گولیان بنائین خوراک تین درم اور اگر اسہال زیادہ منظور ہو
دس درم کھائین روغن کھجلی تر کو مفید ہی تین تولہ اینسل باریک پیسکر ایک سیر گائے کے گھی مین
ملاکر جوش کرین جب دھوان موقوف ہو جائے ایک تغار مین پانی بھرکر اوسکو مع روغن اُسمین
ڈالین جب سرد ہو جائے پانی کے اوپر سے روغن لیکر طلا کرین دوا خارش کو مفید ہی
پاؤ سیر کڑوے تیل کو خوب جوش کرین اور مدار کے پتے سبز اکیس عدد لیکر ایک ایک
پتا اُسمین ڈالین جب سب پتے جلکر راکھ ہو جائین اُتار کر تھوڑا اینسل پیس کر اُس مین
ملائین اور شیشے مین رکھکر موضع خارش پر ملین دو تین روز مین دفع ہو جاوے

دوا خارش کو نافع ہی کٹھل کا موسلہ جو پرانا ہوا اور کرم خوردہ ہو کو لون کی آگ مین جلا کر
باریک پیسین پھر کڑوے تیل مین ملا کر ملین اور تین چار گھڑی کے بعد سرد پانی سے دھوئین
اور چار دن مین یہ دوا لگا کر نیم گرم پانی سے غسل کرین دوا نافع خارش توتیا پارہ سیاہ مرچ
ہر واحد تین ماشہ بندوق کی باروت ایک دام چار دام گھی ملا کر ملین اور ایک پہر کے بعد
گرم پانی اور بیسن سے دھوئین دوا خارش کو مفید ہی مدار کا دودھ جلا کر خشک کرین پھر جلا
کڑوا تیل ملا کر بدن پر ملین اور چار گھڑی کے بعد نہائین دوا نافع خارش سہجنہ کی جڑ کڑو
تیل مین جلا کر صاف کر کے بدن پر ملین ہرتال زرد کا تیل دوا اور خارش کو نفع دیتا ہی
ہرتال زرد ایک حصہ میٹھا تیل دو حصہ اول تیل کو جوش دین جب سرخ ہو جائے ہرتال پیسکر
تھوڑا تھوڑا اسمین ڈالین لکڑی کے کفگیر سے حرکت دین اور آگ نرم کرین جب تیل کی رنگت
طاؤس کے مانند ہو جائے اور روغن مین آگ لگجائے اسوقت دیگچی کو بند کر دین تاکہ
شعلہ بجھ جائے اسی طرح سے دیگچی کو پانچ مرتبہ کھولین بند کرین پھر سرد کر کے شیشہ مین رکھین
اور وقت حاجت کے ملا کر دھوپ مین بیٹھین اور گرم پانی سے نہائین روغن خارش کیواسطے
پنوار کے بیج ایک سیر گندھک ایک دام ایک سیر گاے کا دودھ اور پاؤ سیر گھی ملا کر جوش دین جب دودھ
جل کر روغن رہجائے صاف کر کے ملین سیاہ دوا دانون کیلیے گھونگچی آملہ سیاہ مرچ بلیلہ سیاہ ہر ایک
ایک تولہ توتیا ایک حصہ کڑوا تیل بقدر حاجت اول گھونگچی کو تیل مین جلائین پھر بلیلہ آملہ توتیا جدا جدا
جلا کر سیاہ مرچ کو کوٹ چھانکر تیل مین ملا کر دانون پر ملین یہ دوا خارش تر او خشک کو نافع ہی برگ کنیر عشبہ
پاؤ سیر روغن کنجد مین جلا کر ملین روغن پنوار خارش کو نفع دیتا ہی پنوار کے بیج ایک سیر گندھک
ایک دام بختہ نیکوب کر کے دو سیر گاے کے دودھ اور پاؤ سیر گھی مین پکائین جب دودھ
جلکر روغن رہجائے صاف کر کے ملین دوا خارش کو نافع ہی تخم پالک تخم خشخاش برابر لیکر
پانی مین پیسکر بدن پر ملین پھر گرم پانی سے نہائین دو تین دن مین آرام ہو جائے دوا
خارش کو نافع ہی بندوق کی باروت کڑوے تیل مین ملا کر بدن پر ملکر دھوپ مین بیٹھین

پھر غسل کرین **دیگر** برگد کے پتے اور تھوہر کی لکڑی خشک جو زمین پر پڑی ہووے اور
پوست خشخاش برابر لیکر جلا کر راکھ اسکی کڑوے تیل مین ملا کر ملین اور تھوڑی دھوپ مین
بیٹھکر گرم پانی سے نہاوین **دیگر** شورہ قلمی روغن تلخ مین ملا کر ملین **دیگر** مہندی روغن گل
اور سرکہ مین ملا کر بدن پر ملین **دیگر** صابون پانی مین پیسکر لگاوین بعد اسکے غسل کرین **دیگر**
خارش تر اور خشک کو نافع ہے سہاگہ چنبیلی کے تیل اور گلاب اور لیمون کے عرق مین ملا کر ملین
اور بعضے تھوڑا کافور بھی اسمین ڈالتے ہین **دیگر** گندھک ۲ درم پارہ توتیا بریان ہر ایک آدھا درم
گاے کے گھی مین جو اکتیس ۳۱ مرتبہ دھویا گیا ہو ملا کر ملین اور بعد دو گھڑی کے سرد پانی سے
غسل کرین **دیگر** افیون روغن کنجد مین جلا کر ملین **دیگر** سیندور گندھک آملہ سار مردارسنگ
توتیا ہر واحد ایک درم سب کو باریک پیسکر چار تولہ گاے کے گھی مین ملا کر ملین **دیگر** روز نہاوین
گرم پانی سے خارش خشک اور تر کو نافع ہے **دیگر** نافع خارش توتیا سبز گندھک آملہ سار کافور
ہر واحد ایک درم گاے کا گھی دھو کر تین تولہ ادویہ باریک کوٹ کر ہر روز ملکر دو گھڑی دھوپ
مین بیٹھین بعد اسکے غسل کرین **فصل صنان یعنی بغل کی بدبو** علاج اسکا بدن کو فضول
سے پاک کرنا ہے **دوا** بغل کی بدبو کو نافع ہے چونہ پانی مین پیسکر لگاوین **دیگر** جامن کی چھال
اور پتی پانی مین جوش دیکر اس سے بغل کو دھووین **دیگر** آڑو کی پتی پیسکر بغل پر ملین پھر
گرم پانی سے دھووین **دیگر** مردارسنگ پیس کر ملین فائدہ دیتا ہے **فصل ہاتھ پانون**
مین زیادہ پسینا نکلنے کا علاج ہندی مین اسکو سیت کہتے ہین **دوا** سیت کو
مفید ہے مونگ جلا کر پیسکر ملین **دوا** بینگن پوست خشخاش بھیگو کر پانی مین جوش دیکر ہاتھ
پانون کو اس سے تر کرین **دیگر** سیت کو نافع ہے کلتھی کوڑی زرد جلا کر جدا جدا باریک پیسکر
ملین **دیگر** سیاہ دھتورے کے بیج جلا کر باریک کرکے ایک ماشہ روز ایک ہفتہ تک کھاوین **دیگر**
بیر کی پتیان پیسکر ملین **دیگر** ببول کی خشک پتیان پیسکر ہاتھ پانون پر ملین **دیگر** نیل کی چھال
پانی مین جوش کرکے بخار اسکا لیکر نیمگرم پانی اسکے سے دھووین اسی طرح ایک ہفتہ تک

انگشتان و زخم

استعمال کرین دیگر اینچڑ لگانا سیت کو نافع ہی دیگر اونٹ کٹارہ کی جڑ خشک کرکے پیسکر ایک تولہ
شہد ملاکر رات میں کھائین دیگر پھٹکری پانی مین حل کرکے ملین دیگر پھول پیسکر ہتیلی اور
تلوے پر ملین عقب بیٹت کو مفید ہی شنگرف منقی تخم چٹیہ ہر واحد ایک درم کوڑی زرد سوختہ
تین درم سیاہ مرچ پانچ درم کوٹ چھانکر دو درم کتھا چوک ملاکر سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین
خوراک ایک گولی صبح ایک شام **فصل انتفاخ انگشتان** یعنی انگلیون کے پھولنے اور انکی
خارش کا علاج یہ مرض ہوا کی سردی سے عارض ہوتا ہی علاج گیہون کی بھوسی اور نمک
جوش دیکر دھوئین دیگر شلغم یا چقندر کے جوشاندہ یا اُس پانی سے جسمین مسور اور مٹر جوش دیا ہو
دھوئین **فصل جراحت** یعنی زخم جس زخم مین پیپ نکلے اُسکو قرحہ کہتے ہین اور جس زخم پر
چالیس دن گذر جائین وہ ناسور کہلاتا ہی ضرور کہ زخم کو خشک کرے پیرا ایک گھاس ہی
دریا کے کنارے اُگتی ہی اور اس سے چٹائی بناتے ہین اُسکو جلا کر راکھ اُسکی زخم پر چھڑکین
اور اگر سرکہ مین ترکرکے ناسور پر رکھین فائدہ کرتی ہی دیگر کہ قروح کو خشک کرے کنیر کی پتیان
خشک پیسکر ذرور کرین یا سنگ جراحت پیسکر چھڑکین دیگر حیض کا کپڑا جلا کر زخم پر چھڑکین دیگر
گدہے کا گوشت مع کھال جلا کر راکھ اُسکی زخم پر چھڑکین دو روز مین گوشت بھر آئے دیگر
سرس کی چھال پیسکر چھڑکین دیگر مرغی کا پر جلا کر راکھ اُسکی زخم پر چھڑکین دیگر زخم کو مفید ہی
کچھوے کا سر جلا کر راکھ اُسکی لیکر پہلے زخم کو میٹھے تیل سے چرب کرین پھر وہ راکھ چھڑکین تین
روز مین آرام ہو سکے دوا زخم کو پاک کرے صابون پانی مین پیسکر تھوڑا گیرو ملا کر مثل مرہم کے
بنا کر استعمال کرین اور کبھی گیرو کے عوض چاول ملاتے ہین ضرور کہ زخم سے گوشت مردہ دور
کرے اور تکلیف نہ دے پھٹکری باریک پیسکر چھڑکین دوا کہ زخم کو بھر دے اسگند ناگوری باریک
پیسکر ذرور کرین دیگر نافع زخم گھیا توری کے پتے زخم پر باندھنا فائدہ دیتا ہی دیگر کنگھی کی پتی
پیسکر زخم پر باندھنا جلد فائدہ کرتا ہی مگر ثابت باندھنا زیادہ مفید ہی دیگر سرو کی پتیان
جلا کر راکھ اُسکی زخم پر چھڑکین دیگر ہلدی باریک پیسکر چھڑکنا زخم کو خشک کرتا ہی

دیگر زرد جلا کر چھڑکنا زخم کو خشک کر دیتا ہی دیگر کندر پیسکر چھڑکنا قرحہ خبیثہ کو دفع کرتا ہی دیگر
نافع زخم ساعیہ یعنی پھیلنے والے زخم کو سفیدہ کمل اور برگد کے پتے ہموزن جلا کر راکھ اسکی
روغن مین ملا کر زخم پر ٹپکائین درد رگ دفع آبلہ اور زخم خشک کرنے مین بےمثل ہی کافور چوتھائی
حصہ تخم ریحان بریان نصف حصہ پیاز کا چھلکہ جلا کر ایک حصہ بال جلا کر دو حصہ سب کو پیسکر چھڑکین
حب قروح اور زنگار ہی کو جسمین سوراخ ہوتے ہین فائدہ کرتی ہی مغز بالگری کتھہ توتیا سبز برابر
لیکر گولیان بنا کر لگائین دوا کہ زخم پر باندھنا جلد آلایش سے پاک کرتا ہی دیگر قروح خبیثہ کو
نافع ہی مسور بلا کر بھینس کے دودھ مین ملا کر صبح و شام لگائین نسخہ ہائے روغن روغن
زخم کے بھرلانے کے لیے عجیب التاثیر ہی برگ سنبھالو برگ فراش برگ چنبیلی برگ دھتورہ ہر جزو
ایک درم میٹھا تیل آدھ سیر پتیون کو پیسکر روغن مین ملا کر جلائین اور کفگیر سے خوب حل کر کے
آگ سے اتار کر دوبارہ کفگیر سے حرکت دین جب ذرد تہ نشین ہو جائے روغن صاف کر کے
استعمال کرین دیگر زخم کے بھرنے کے لیے برگ کرنجوہ برگ نیب ہر واحد ایکدام ٹکیا بنا کر میٹھے تیل مین
بریان کرین جب سیاہ ہو جاوے توتیا ایک ماشہ پیسکر ملا کر استعمال کرین دیگر کہ زخم کو جلد بھر کر اچھا کرے
گوگل ایکدام ہلدی ایک گرہ سیندور چار ماشہ اول روغن مین نیب کی پتیونکی ٹکیا بنا کر
جلائین پھر ہلدی جلائین بعد اسکے گوگل پھر سیندور ملا کر استعمال کرین روغن اوراق
ہر قسم کے زخم کو نافع ہی میٹھا تیل ایک سیر کڑاہی مین ڈالکر جوش دین بعد اسکے نیب کی پتیون
کی ٹکیا آدھ پاؤ کنیر کی پتیون کی ٹکیا پاؤ سیر موم آٹھ دام بکائن کی پتیون کی ٹکیا پانچ درم روغن
مین ڈالکر جلائین جب جلکر سیاہ ہو جائے روغن کو صاف کر کے زخم پر ٹپکائین روغن نیب
زخم کو نافع ہی نیب کی پتیان پیسکر ٹکیا بنا کر روغن مین جلائین جب سیاہ ہووے صاف کر کے
رکھین اور یہ روغن سادہ ہی کان کے درد کو بھی فائدہ دیتا ہی اور اگر زخم پر ٹپکائین کمیلہ کتھہ
ہر ایک ایک تولہ باریک پیسکر ملائین تاکہ زخم کو بھرے اور اگر آلایش نکالنا منظور ہو
تھوڑا توتیا ڈالین روغن کمیلہ کہ زخم کے بھرنے مین بےمثل ہی تھوڑے دنون مین

اچھا کرتا ہی کمیلہ دس درم تین مرتبہ باریک کھرل کرکے دس درم کڑوے تیل مین ملاکر کڑھائی مین
چھانکر وقت حاجت کے روئی اسمین ترکرکے زخم پر رکھین بعد چند قطرے ٹپکائین بھلانوہ
کا تیل بہت زخمونکو نافع ہی یہان تک کہ چارپایہ کے زخم کو فائدہ دیتا ہی بھلانوہ سات
عدد آدھ پاؤ روغن کنجد مین جلاکر صاف کرکے دو درم سنگ جراحت پیسکر ملاکر مرغی کے
پر سے لیکر زخم پر لگائین تخم کوبیج زخم اور ناسور کو مفید ہی تخم کوبیج مقشر دو درم باریک پیسکر
ٹکیا کرکے آدھ پاؤ میٹھے تیل مین جلاکر صاف کرکے زخم پر ٹپکائین اور بعضون نے لکھا ہی
میٹھے تیل کے عوض کڑوا تیل ملائین کچلہ کا تیل ناسور کو بھرتا ہی اور زخم کو مفید ہی سیاہ مرچ
ساڑھے تین ماشہ توتیا ایک چنے کے برابر کچلہ پانچ عدد کڑوا تیل پانچ درم پختہ تھوڑی نیب
کی پتیان اجوائن ایک درم کمیلہ دو درم اول روغن کو کڑاہی مین جوش دین اور نیب کی
پتیون کی ٹکیا بناکر اسمین جلائین جب سیاہ ہوجائے نکالکر صاف کرکے سب دوائین جدا جدا
کوٹ چھانکر تول کر روغن مین جلائین پھر چھانکر چینی یا شیشے کے برتن مین رکھین اور روئی کو
اس سے ترکرکے زخم یا ناسور پر رکھین جب خشک ہوجائے پھر ترکرین روغن زخم کے بھرنے
کیواسطے ملیٹھی مقشر کرکے پانی اور تیل مین جوش دین جب پانی جلکر روغن رہجائے صاف کرین
اور ہوجوہ کے ساتھ سرخ کرکے استعمال کرین دیگر سب زخمون کو مفید ہی یہان تک کے چارپایہ کے
زخم کو بھی نافع ہی میٹھا تیل پاؤ سیر نیب کی کونپل ارنڈ کی کونپل ہر ایک دو درم کو روغن مین
جلاکر صاف کرکے رال دو درم کمیلہ ایک درم باریک پیسکر ملاکر زخم پر ٹپکائین اور اگر گوشت مردہ
زائد ہووے ایک ماشہ توتیا ملائین دیگر زخم کے بھرنے کے لیے مثل ورآتشک کے زخم کو دفع
کرتا ہی بھلانوہ تخم کوبیج ہر واحد ایک درم اجوائن خراسانی مردار سنگ ہر ایک تین ماشہ
توتیائے سبز دو ماشہ روغن کنجد آدھ پاؤ پہلے روغن کو آگ پر رکھین جب جوش کرے بھلانوہ
اسمین ڈالکر جلائین پھر تخم کوبیج اور اجوائن ایک مرتبہ کرکے ڈالین پھر توتیا بعد اسکے
مردار سنگ پیس کر ملائین اور آگ سے اتار کر خوب حل کرین جب مثل دودھ کے

ہو جائے اگر زخم نازک جگہ پر ہو وسے روغن چھانکر ٹپکائین والا بے چھانے استعمال کرین اور
یہ روغن ناسور کو بھی فائدہ دیتا ہی کچلہ کا تیل اکوتہ اور گنج سر وغیرہ کو نافع ہی آٹھ عدد کچلہ
پھٹے تیل مین جلا کر استعمال کرین **فصل** ہر قسم زخم کے مرہمون کا بیان مرہم سپاز صابون
کتھہ سفید ہر ایک چار درم نیب کی پتیان گیارہ عدد میٹھا تیل چار دام پہلے سپاز اور صابون
ٹکڑے ٹکڑے کرکے تیل مین جلائین پھر نیب کی پتیان جلا کر ملائین بعد اسکے کتھہ پیسکر ڈالین
اور تھوڑا کپڑا جلا کر ملائین پس کھرل کرکے استعمال کرین مرہم کونچ یہ ہندوستان کا ہی
زخم کو جلد بھرتا ہی میٹھا تیل پاؤ سیر لوہے کے برتن مین گرم کرکے اتار لین پھر مغز تخم کونچ پیسکر
ملائین اور برگ نیب اور برگ نرسہ کی ٹکیا بنا کر چار دام موم گرم کرکے روغن مین ملا کر استعمال
کرین مرہم کہ پانی سے بنتا ہی اور چکنائی اسمین نہین ہی اور استعمال پانی کا وقت استعمال اس
مرہم کے مضر نہین اور سب قسمون قروح کو مفید ہی یہانتک کے ناسور کو اچھا کرتا ہی گوگل پارہ
ہر واحد ایک درم رسوت دو درم اول گوگل اور رسوت کو پانی مین حل کرین پھر پارہ ملا کر پیسکر
استعمال کرین مرہم دیگر کہ پانی سے تیار ہوتا ہی زخمون اور ناسور کو نافع ہی رال گھی ہر ایک آدھ پاؤ
کتھہ پھٹکری توتیا سبز ہر ایک چھ مثقال رال اور روغن کو تھوڑے پانی سے دو گھڑی ہاتھو سے
ملکر ادویہ کوٹ چھانکر ملائین مرہم امرتی امرت کی جب مردار سنگ ہر واحد ایک دام کتھہ
رال موم ہر ایک سات ماشہ گھی آدھ پاؤ گھی کو خوب داغ کرکے مردار سنگ پیسکر اسمین ڈالین
جب جلجائے اتار کر رال اور موم ملائین بعد اسکے امرت اور کتھہ پیسکر ملا کر استعمال کرین سب
زخمون اور پھوڑونکو مفید ہی جب امرتی سنگ مرمر کی گرد توتیا کتھہ سفید کوڑی زرد کوٹ
چھانکر گھی مین ملا کر اور سرخی کے لیے تھوڑا مہاور ملا کر گولیان بنائین مرہم سب قسم کے زخم کو
نافع ہی اور زخم کو جلد بھرلاتا ہی رال ساڑھے تین ماشہ شنگرف ایک ماشہ مردار سنگ
ایک ماشہ کونچ مقشر ساڑھے تین ماشہ سرسون کا تیل دو دام پہلے کونچ کو روغن مین جلائین
پھر نیب کی پتیون کی ٹکیا اسمین جلا کر صاف کرکے ادویہ حل کرین مرہم بوائی کو نافع ہی

رال ایک ٹام گھی ایک ٹام موم پاؤ دام گھی داغ کرکے موم اوسمین ملائین پھر رال ڈالکر بالو دونکو
خوب دھوکر مرہم زخم مین بھرین اور روز چار مرتبہ استعمال کرین مرہم سب قسم کے زخمون کو
نافع ہی کتھ سوختہ سپاری سوختہ تخم بلیلہ سوختہ مدار کی کونپل سوختہ مردار سنگ کتھہ ہر ایک
آدھا دام گھی گرم کرکے ادویہ ملاکر مرہم بنائین مرہم سب قسم کے زخمونکو مفید ہو چار ڈنکے موم
گھی دو دام گرم کرکے سیون مین ایکدام لیکر توتیا ایک ماشہ موم سفید ایکدام سیندور پاؤ دام ملاکر چتھڑی(?)
مرہم بنائین کھنڈیلہ اور آتشک اور ناسور اور زخم کو نافع ہی سرسون کا تیل ایک ٹام زنگار
چار ماشہ سنگ جراحت ایکدام موم ایک دام لیکر مرہم بنائین مرہم سبز زخمون کو نافع اور
مجرب ہی رال ہیرا(?) مٹی ہر ایک چھ ماشہ توتیاے سبز دو رتی میٹھے تیل مین کھرل کرکے مرہم
تیار کرین مرہم زخمون اور قروح اور آتشک کو نافع ہی موم رال کتھہ ہر واحد ایک تولہ موم
تھوڑے روغن مین پگھلا کر پہلے رال کو پیسکر ملائین اور تین جوش دیکر کتھہ ڈالکر حل کرکے
چار ماشہ کافور پیسکر ملائین پھر جوش دیکر اتار لین اگر قروح مزمن پر استعمال کرین تھوڑی
سپاری جلاکر ملائین مرہم رال ایک حصہ موم آدھا حصہ روغن چار حصہ ادویہ لیکر بدستور
مرہم بنائین مرہم ہڈی کے ٹوٹ جانے کے لیے اینٹ پختہ باریک پیسکر تھوڑے دودھ مین
ملائین اور چاولون کو اسمین پکاکر تین ہفتہ تک کھائین ہڈی بدستور درست ہو جاے مرہم
اکثر زخمون کو نافع ہی بلیلہ زنگی کمیلہ ہر واحد ایک مثقال توتیاے سبز آدھا مثقال کوٹ چھانکر
تھوڑے روغن مین پیسکر مرہم بنائین مرہم زخم کو نافع ہی یہ نسخہ مستعمل اہل فرنگ کا ہی موم ایکدام
پھٹکری بریان دو ماشہ سیندور دو ماشہ مردار سنگ چار ماشہ توتیا دو رتی گھی دو دام روغن
اور موم کو داغ کرکے آگ سے اتار کر ادویہ اسمین حل کرین روغن زخم کے بھرنے کو نافع ہی
رینڈی کا تیل پاؤسیر ارنڈ کی کونپل کا عرق پاؤسیر دونون کو جوش کرین جب پانی جلکر روغن
رہجاے ایک ٹام پتھر کا چونہ حل کرکے زخم پر لگائین اور چونہ چار قسم کا ہوتا ہی ایک پتھر کا دوسرا
گھونگہ کا تیسرا سیپ کا چوتھا کنکر کا مرہم زخم کے بھرنے کیواسطے عجیب وغریب ہی پرانی

روئی جلا کر راکھ اسکی چھ بہلولی لیکر تین بہلولی موم اور برابر اسکے بیج خراسانی اور گائے کا گھی پانچ بہلولی توتیا دو رتی پہلے گھی اور موم کو ایک برتن مین گرم کرین اور تین روئی کی راکھ ڈالین بعد اسکے بیج ملائین پھر توتیا بریان کر کے پیسکر ملائین اور مرہم بنا کر استعمال کرین مرہم زخم بھرنے کے لیے کتھہ سفید مردار سنگ سنگ جراحت ہر واحد ایکدام رال چھ دام کمیل کا نکرا جو تہائی گز جلا کر گھی سات دام ادویہ باریک کر کے گھی مین ملا کر مرہم بنائین مرہم بھگندر کو نافع ہو یعنے وہ پھوڑا کہ درمیان خصیہ اور مقعد کے ہو کمبخت سوختہ کتھہ پاپڑیا سنگ جراحت موم ہر واحد ایک درم گائے کا گھی کر سو مرتبہ پانی سے دھویا ہو موم گھی مین گھلا کر سرد کر کے ادویہ کو ملائین مرہم پھوڑے کے زخم کو مفید ہے توتیا ایک ماشہ مردار سنگ دو ماشہ کتھہ سفید چار ماشہ رال آٹھ ماشہ کمیلہ سولہ ماشہ موم کافوری گیارہ ماشہ گائے کا گھی بتیس ماشہ پہلے گھی دھو کر ہاتھ سے ملین بعد اسکے ادویہ ملا کر ہاتھ سے ملکر مرہم بنائین مرہم سفید زخم کے خشک کرنے کے واسطے کافور ساڑھے تین ماشہ موم سفید ایکدام میٹھا تیل ایکدام سفیدہ دو دام پہلے روغن کو گرم کر کے موم ڈالین اور صاف کر کے زخم آگ پر رکھین پھر اتار کر سرد کر کے استعمال کرین فصل ان دانونکا علاج جو برسات مین پیدا ہوتے ہین مسور کے چھلکے جلا کر آملہ جلا کر برابر اسکے مہندی کمیلہ قدرے توتیا بریان تھوڑے روغن مین ملا کر پیسکر دانون پر ملین دوا آتشک کی چوٹ کے قروح کے لیے پھٹکری توتیا مردار سنگ سہاگہ ہر ایک ایک ماشہ کمیلہ پاچی تخم بنولہ پارہ گیرو ہر ایک آدھا ماشہ سیاہ مرچ سوختہ تین ماشہ کچلہ سوختہ پانچ عدد ادویہ باریک کوٹ چھانکر آدھ پاؤ گھی مین کھرل کر کے استعمال کرین دوا کہ اکوتہ کیواسطے سہاگہ سوختہ توتیا سوختہ ہلدی سوختہ سادہ لیموں کے عرق مین کھرل کر کے طلا کرین دوا اکوتہ کو مفید ہے سپاری سوختہ ہلدی سوختہ پاچی سوختہ ہر واحد ایکدام مہندی کتھہ سہاگہ بریان پھٹکری بریان ہر ایک آدھا دام وال مسور سوختہ پوست خشخاش سوختہ ہر واحد تین دام سیاہ مرچ چوتھائی دام سبکو باریک کوٹ چھانکر سرسون کے تیل مین ملائین اور پہلے تین روز متواتر ڈھاک کے پتے گرم کر کے اکوتہ پر باندھین بعد تین روز کے یہ روغن لگائین نافع اور مجرب ہے دوا اکوتہ کو مفید ہے پاچی کوٹ

چبا کر اول اکوتہ کو سرسون کے تیل سے چرب کرکے اسپر یہ دوا چھڑکین دیگر اکوتہ کو نافع ہی گھاس
دوب چرونجی برابر پیسکر اکوتہ پر لگائین دیگر اکوتہ کو مفید ہی کٹھل کی پتی گھی مین چرب کرکے
اکوتہ کی پشت کی طرف سے باندھین دیگر مہوے کے پتے میٹھے تیل مین چرب کرکے نیم گرم
اکوتہ پر باندھین اور بعد چار گھڑی کے کھولکر دوسرے پتے باندھین دیگر گیرو سہاگہ برابر
برابر عنطبل کے تیل مین حل کرکے چار پانچ روز طلا کرین دیگر کریل کی لکڑی کا کوئلا سرسون
کے تیل مین ملا کر لگائین دیگر کتھا نو میٹھے تیل مین ملا کر خوب حل کرین اور تھوڑا توتیا
بھی ان باریک پیسکر اسمین ملا کر طلا کرین دیگر اکوتہ کے لیے توتیا سیاہ مرچ چونہ کی بری سہاگہ
بھروا ہوا ایک دام مہندی کی پتیان دو دام کڑوا تیل چار دام ادویہ کو ایک پیس کر
روغن مین جوش دیگر چند روز طلا کرین دیگر سیندور سیاہ مرچ سپاری توتیا کتھہ سفید
تھوڑی جلا کر کچلہ برابر لیکر دو چند روغن مین ملا کر استعمال کرین دیگر صابون چونہ باہم پیسکر
لگائین دیگر اکوتہ کے لیے مفید سیندور باریک پیسکر رات کو لیمون کے عرق مین تر کرین
صبح لیکر اکوتہ کو کنڈے سے چھیلکر اسپر لگائین دیگر اکوتہ نافع ہی کچلہ ساڑھے سات دام -
پھٹکری ساڑھے تین دام گھی مین حل کرکے طلا کرین دیگر اس اکوتہ کے زخم کو مفید ہی جو
پانون مین ہوتا ہی السی کی کھلی تالاب کی مٹی دونون برابر پانی مین پیسکر لیپ کرین جب
خشک ہونے لگے کیا روغن مین حل کرکے ملین دیگر کھلی اور دریائی ریت برابر لیکر پانی
مین ملا کرین اور اس سے ایک مرکم موٹا بنا کر صبح سے شام تک باندھین تین چار دن
مین آرام ہو جاوے **فصل ناسور کا علاج** ہیرن کی جڑ پانی مین گھسکر ناسور پر رکھین یا فتیلہ
اس سے تر کرکے ناسور پر رکھین چند روز مین اچھا ہو جاوے دیگر ناسور کے لیے پرانا کمل
جلا کر توتیا سبز کوٹ چھانکر ہیم ناسور پر چھڑکین دیگر ناسور کو مفید ہی کھنکھورا جلا کر راکھ اسکی
ناسور پر رکھین دیگر ناسور مزمن کو نافع ہی سانپ کی کینچلی جلا کر راکھ اسکی برگد کے
دودھ مین ملا کر روئی اس سے بھگو کر ناسور پر رکھین اور بعد دس روز کے اٹھا لین

دوا ناسور کو مفید ہی گاے کے سُم کی راکھ جوبہ کے تلے کی راکھ برابر لیکر ایک عدد چھپکلی سرسون
کے تیل مین جلا کر راکھ اسمین حل کرکے چند قطرے ناسور پر ٹپکاتے ہین دوا ناسور کو مفید ہی
املی کے بیج پانی مین بھگو کر منتشر کرین پھر اسکو پانی مین پیسکر فتیلہ اسکا اسے آلودہ کرکے ناسور
پر رکھین ہر چند کہ درد ہوتا ہی لیکن جلد اچھا ہوتا ہی اور بعضے کوڑی کھٹی جلا کر پیسکر بلاتے
ہین دوا ناسور اور بھگندر کو نافع ہی گولر کے دودھ سے پھاہا تر کرکے زخم پر رکھین اور ایک
مدت یہی عمل کرین دیگر ناسور کو مفید ہی سمندر سوکھ جلا کر راکھ اسکی ناسور مین بھرین دیگر
ناسور کے درد کو دور کرتا ہی روئی مدار کے دودھ مین ترکر کے سایہ مین خشک کرین پھر
اسکا فتیلہ بنا کر سرسون کے تیل مین جلائین اور کاجل اس سے پار کر ناسور پر لگائین دیگر
ارنڈ کی کونپل جو خام اور نرم ہو پانی مین حل کرکے مثل مہندی کے طلا کرین دیگر چڑیا کا
گوہ باریک پیسکر ناسور پر طلا کرین دیگر ناسور کو نافع ہی کنڈے کی راکھ باریک پیس کر
چھانکر تیل مین رکھکر ناسور پر باندھین دیگر ککڑی کا جالا کپڑے سے صاف کرکے شراب
مین بھگو کر ناسور پر رکھین دیگر ناسور کو فائدہ دیتا ہی گلو سے ہلدی کوٹ کر روغن مین
جوش دین جب جلجاوے پیسکر طلا کرین دیگر نافع ناسور کریل کی کونپل ایک ماشہ مرداسنگ
ایک رتی برگد کا دودھ ایک قطرہ پانی کے ساتھ پتھر پر پیس کر طلا کرکے اوپر سے ایک
قطرہ برگد کے دودھ کا ٹپکائین دوا ناسور کے واسطے چھوٹی کٹائی کا پھل کوٹ چھانکر
پانی مین ملا کر پھاہا اس سے ترکرکے ناسور پر باندھین دیگر ناسور یا دوار آکاکو نافع ہی گھوڑے
کا سُم جلا کر السی کے تیل مین ملا کر ناسور مین لگائین اگر ناسور عضو کے اندر ہو تو بتی مین
ملا کر ناسور کے بھیتر رکھین دیگر جس حقہ مین کہ شاہ چیتے ہین پانی اسکا تین روز نہ بدلین
جب پانی پر جالا پڑ جاوے اُس جالے کو لیکر ناسور پر لگائین دیگر ناسور کو مفید ہی بسکھپرہ کی جڑ
برگ مہندی برگ فراش برگ نرمہ برگ نیب برگ جیت برگ بیر برگ ارنڈ رال ہر ایک
دو دو دام میٹھا تیل ایک سیر اول بسکھپرے کی جڑ ٹکڑے کرکے تیل مین جلائین پھر تیون کی

کمیا بنا کر تیل مین جلائین اور چھانکر ملا کر حل کرین دیگر ناسور کیواسطے موم سفید نیچ خراسانی
ہر واحد ایک دام میٹھا تیل پاؤ سیر پہلے تیل کو گرم کر کے نیچ آتشین جلائین اور صاف کر کے موم
ملا کر مرہم بنائین دیگر ناسور کو فائدہ کرتا ہی چرچٹے کی پتیان پیسکر کپڑا اُس سے آلودہ کر کے
فتیلہ بنا کر ناسور مین رکھین اور تھوڑا عرق اُسکا ناسور مین ٹپکائین جلد فائدہ کرتا ہی دیگر
اخروٹ کا مغز موم میٹھا تیل برابر لیکر مرہم بنائین دیگر ناسور کو مفید ہی گوگل چھلیا گائے
کے پیشاب مین حل کر کے فتیلہ بنا کر ناسور مین رکھین **فصل** اُن دوائیون کا بیان جو خون کو
بند کرتی ہین دوا پارچہ بلفار سوختہ دارائی سوختہ سہاگہ بریان کر کے ہلدی باریک پیسکر
کنڈے کی راکھ ان دوائیون سے ایک دوا جس جگہ کہ خون جاری ہو باندھین خون کو
بند کرے دیگر گھوڑے کی لید باندھین اور انڈے کا چھلکہ لیکر اندر کا پردہ اُسکا نکال کر
خشک کر کے باریک پیسکر ذرور کرین دیگر سنگ مر جلا کر راکھ اُسکی زخم پر چھڑکین دیگر پھیپڑا جس
جانور کا چاہین خشک کر کے جلا کر راکھ اُسکی زخم پر باندھین دیگر توتیا بریان باریک پیس کر
زخم مین بھر دین دیگر بازو جلا کر زخم پر چھڑکین دیگر سونگا باریک پیسکر ذرور کرین دیگر کائی
تازہ طلا کرین دیگر کتھ پیسکر چھڑکین دیگر روئی جلا کر چھڑکین **فصل حرق النار**
یعنے آگ سے جلجانا علاج املی کی چھال پیسکر گائے کے گھی مین ملا کر ملین دیگر برگد کی
کونپل گائے کے دہی مین پیسکر ملین دیگر ارنڈ کے پتون کا عرق ملین دیگر گل دھاوا جلا کر
سرسون کے تیل مین ملا کر طلا کرین دیگر انڈے کی سفیدی میٹھے تیل مین ملا کر لگانا نافع ہی دیگر
دوات کی سیاہی لگائین دیگر انار کی پتیان پیسکر لگائین دیگر سیب گھسکر انڈے کی سفیدی مین
ملا کر لگانا فائدہ کرتا ہی دیگر اگر بدن جلکر سفید ہو گیا ہو ہلیلہ بہیڑہ آملہ پانی مین پیسکر لگانا اصلی
رنگ پر لاتا ہی دیگر پرانے چھپر کی گھاس پیسکر سرسون کے تیل مین ملا کر لگائین دیگر گیہون
یا جو کا آٹا پانی مین حل کر کے لگائین دیگر بعد جل جانے کے جب داغ رہجائے جامن کی
پتی پیسکر طلا کرین دیگر بیر کی کونپل دہی مین ملا کر چند مرتبہ ملین نفع دیتا ہی دیگر [illegible]

پانی مین حل کرکے لگانا بالخاصیت مفید ہی دیگر جھڑبیری کی پتیان میٹھے تیل مین جلاکر
ملین دیگر بارود کی سوختگی کو مفید ہی اگر سب چمڑا جلاکر گر پڑا ہوا اسی وقت تسکین دیتا ہی
رال باریک پیسکر میٹھے تیل گرم مین ڈالین جب پگھل جائے ملاکر طلا کرین دیگر مہندی کی پتیان
پانی مین پیسکر طلا کرین اور اسکے ساتھ لگانا دوسرا فائدہ دیتا ہی فصل ضربہ و سقطہ یعنی
چوٹ کی دوائیان ضربہ اسکو کہتے ہین کہ کوئی شی عضو پر گر پڑے اور سقطہ وہ ہی کہ خود عضو کسی
چیز پر گر پڑے اگر اسکے سبب سے ورم یا تپ ہو پہلے ورم اور تپ کا علاج فصد اور پچھنے
اور ملینات سے کرین جب چوٹ کو فائدہ دیتی ہی پیپل کی پتیان اکیس عدد پیسکر گڑ مین
ملائین اور گولیان بناکر سات روز کھائین دوا چوٹ کو نافع ہی بارہ سنگے کا سینگ پانی مین
گھسکر پیوین دوا کچا بینگن شکر کے ساتھ کھائین اور تھوڑی سونف کی جڑ پیسکر پیوین دیگر
کھریا مٹی ایک ٹانک آدھ پاو پانی مین حل کرین جب مٹی بیٹھ جائے پانی صاف کرکے پیوین
سفوف کہ چوٹ کو نافع ہی اور درد بالکل کھو دیتا ہی نمک چھ ماشہ شکر سفید چھ ماشہ
سفوف بناکر کھائین دوا مجرالبہو آدھے ماشہ سے ایک ماشہ تک کھانا مثل مومیائی کے
اثر کرتا ہی حب چوٹ کے واسطے بہت مفید ہی یہانتک کہ چارپایہ کی چوٹ کو نافع ہی گرگٹ
جلاکر اسکے برابر گڑ ملاکر خوب پیسکر تھوڑا تھوڑا گھی مین ملائین خوراک ڈیڑھ تولہ تک تین دن تک
کھانے سے چوٹ اور درد بالکل زائل ہو جاتا ہی اور اس دوا کو مومیائی ہندی کہتے ہین
دوا چوٹ اور بدن مین جمجانے کو نافع ہی ایک ماشہ پھٹکری پیسکر چار تولہ گھی مین
بریان کرین جب پھٹکری گھی مین جمجائے اوپر کے گھی کو لیکر شکر اور میدہ اسمین ملاکر حلوا
بناکر کھائین اور اسی حلوے کی ایک گولی بناکر پھٹکری مذکور اسمین رکھکر نگلین وہ کھائین
مومیائی سے بہتر ہی طلا چوٹ کو نافع ہی چھپار کی لکڑی پانی مین گھسکر نیم گرم لگائین دوا
چوٹ اور موچ کو فائدہ کرتی ہی سہجنہ کی پتیان برابر میٹھے تیل مین پیس کر طلا کرکے مع پتیان
مین باندھین دوا ماندگی کو نافع ہی جس تیل کو چاہین نیم گرم کرکے ناخونکو اس سے

چرب کرین دیگر چوٹ کو مفید اور عضو خشک کو حالت اصلی پر لاتا ہی بیساڑی کا مغز یا تل
جدا جدا کوٹ کر میٹھے تیل مین ضماد کرین دوا چوٹ اور موچ کو نفع دیتی ہی تل کی کھلی کو کم
گرم پانی مین ڈالین جب خوب گھل جائے باریک کپڑے پر طلا کرکے عضو پر رکھین
دیگر باندی نافع ہی میٹھا تیل گرم تلوون پر ملین اور جنگلی کنڈون کی آگ سے سینک کرین
اور پاؤن بلند رکھین دوا چوٹ کو مفید ہی صابون پانی مین پیسکر گرم کرکے ملین اور جس عضو
کو ضرب زدگی ہو اسکو نافع ہی اور اگر صابون مین ہلدی ملا کر ضماد کرین بھی مفید ہی دوا
چوٹ اور اس گرہ کو جو چوٹ کے سبب سے مثل غدہ کے پڑ گئی ہو نافع ہی پرانے ناریل کا
مغز جو کڑوا نہوا ہو کوٹ کر چار حصہ ہلدی باریک کرکے ملائین اور تھوڑا پوٹلی مین باندھکر
گرم کرکے دو تین گھڑی سینک کرین پھر چوٹ اور موضع ورم پر باندھ دین دو تین روز
مین آرام ہو جائے دوا چوٹ کو نافع ہی ہلدی میدہ لکڑی گیہون کا میدہ ہر ایک آدھ پاؤ
سجی لوٹن ایکدام میٹھا تیل پاؤ سیر پہلے تیل کو گرم کرین اور میدہ اسمین بریان کرین پھر ادویہ
جدا جدا باریک کرکے اول سجی بعد اسکے میدہ لکڑی پھر ہلدی ملا کر تھوڑا پانی ڈالکر پکائین
جب پانی جلجائے گرم گرم ٹکیہ سینک کرین اسکو پڑی کہتے ہین دوا چوٹ اور موچ کو خواہ
تازہ ہو خواہ پرانی نافع مجرب ہی اشنہ دو دام سونٹھ اور کچلہ ٹکڑے ٹکڑے کرکے ہانڈی
مین ایک سیر پانی کے ساتھ ڈالکر سرپوش بند کرکے جوش دین جب تیسرا حصہ پانی رہجائے
پہلے نچوڑ لین پھر عضو کو اس پانی سے دھو کر ثفل دوا کا پیسکر نیمگرم باندھین تین روز مین
بالکل شفا ہووے دوا موچ کو جلد آرام دیتی ہی پہلے عضو کو نیمگرم پانی سے دھوئین پھر
انڈے کی زردی اور تھوڑا گیرو ملا کر نیمگرم ضماد کرین اور عضو کو آگ سے سینکین تاکہ دوا
خشک ہووے **فصل سمن مفرط** یعنے زیادہ موٹائی کا علاج پیدایش اس مرض کی چند
وجہون سے ہی عورتون کے مزاج مین زیادہ اور مردون کے مزاج مین کم **علاج** اگر بدن
مین خون کی زیادتی ہو فصد لین نہین تو بلغم کے مسہلات دین اور وہ ادویہ جو بدن کو

خشک اور دبلا کرتی ہین استعمال کرین **سفوف** بدن کے دبلا کرنے کے لیے لاکھ مغسول
دو درم زیرہ سیاہ اجواین ہر ایک چار درم خوراک ایک درم یا تولہ دو تولہ سکنجبین سادہ کے ساتھ
دوا اسگند دس ایک ماشہ دو تولہ سکنجبین اور پانی کے ساتھ ملا کر پیین اور غذا مین سرکہ اور
مسور اور جو کی روٹی کھانا بدن کو دبلا کرتا ہی اور ببول کے سایہ مین بیٹھنا بالخاصیت بدن کو
دبلا کرتا ہی اور رانگے کی انگوٹھی پہننا بالخاصیت دبلا کرتا ہی اور چیزین کڑوی اور کھٹی اور
دوائین گرم و خشک کھانا اور بھوکا رہنا اور موٹے کپڑے پہننا اور زمین پر سونا اور سردی
مین برہنہ ہونا بدن کو لاغر کرتا ہی **فصل ہزال مفرط** یعنی بدن کا زیادہ دبلا ہونا چونکہ لاغری
کی زیادتی بھی مرض ہی اسواسطے چند ادویہ سہل موٹا کرنے کے لیے لکھی جاتی ہین **دوا**
کہ خاصۃً عورت کے بدن کو موٹا کرے اسگند موصلی سیاہ موصلی سفید برابر گاے کے
دودھ مین پکائین جب دودھ جذب ہو جائے خشک کر کے پیسکر اسکے برابر شکر ملا کر ہر روز
سات درم گاے کے دودھ کے ساتھ کھائین **دیگر** روٹی دودھ کے ساتھ کھانا بدن کو موٹا
کرتا ہی **دوا** بدن کو موٹا کرنے کے لیے مغز بادام شیرین نشاستہ کتیرا شکر برابر ملا کر ایک
تولہ دودھ کے ساتھ کھائین **جوارش** بدن کی تیاری کے واسطے یہ نسخہ سہل حاوی صغیر
سے نقل کیا گیا ہی سیاہ مرچ سونٹھ ہر ایک دس درم پیپل تیس درم کنجد مقشر اخروٹ کا مغز ہر ایک
پچاس درم شکر دو سیر شہد بقدر کفایت بدستور معجون بنائین خوراک ایک مثقال **فصل** پھوڑے
پھنسی یعنی مہاسے اور وہ دانے ہین کہ سن شباب مین زیادتی اور جوشش خون سے چہرہ پر
نکلتے ہین اگر بہت نکلین اور چہرے کو تکلیف دین فصد سر رو کھولین اور بطریق تنقیہ کے
دوائیان طلاء و ضماد استعمال کرین **علاج** درخت املتاس کی چھال اتار دودھ
آنبہ ہلدی ناگرمہ تھا برابر پیسکر مثل ابٹنے کے منہ پر ملین اور خشک ہو جانے کے بعد
دھو ڈالین **دوا** مہاسہ کو نافع ہی بیر کی گٹھلی کا مغز ملیٹھی قسط برابر پانی مین پیسکر منھ پر
ملین **دیگر** جو اسہ پانی مین جوش دیکر منھ اس سے دھوئین **دیگر** تخم خرفہ پیسکر گاے کے

فساد رنگ

دودھ مین بٹنا بنا کر استعمال کرین دیگر نرکچور کف دریا پانی مین پیسکر بٹنا بنائین طلا
سفید گھونگچی کا مغز لاہوری نمک پیسکر کچا پھاگو کر اسکے پانی مین ملا کر مہاسہ پر طلا کرین دیگر
نرکچور پانی مین پیسکر لگائین دوا کوڑی زرد پیسکر لیمون کے عرق مین تر کرین جب عرق
جذب ہو جائے اور ڈالین جب تک دیکھی جذب ہو جائے پیسکر صبح وشام پانی مین چہرہ کو صاف
کرتا ہے فصل فساد رنگ چہرہ یعنی چہرہ کا رنگ برا ہو جانے کا علاج اگر جگر اور تلی اور
معدہ کے فساد مزاج سے ہو ان اعضا کا علاج کرین اور جو چیزین رنگ کو فاسد کرتی ہین مثل
بینگن اور زیرہ اور سرکہ کے نہ کھائین اور زیادتی جماع اور غم اور رنج اور گرم ہوا اور دھوپ
سے پرہیز کرین دوا کہ چہرے کو چمکائے اور جھائیان دور کرے تخم کلتھی تازہ دودھ مین
پیسکر بٹنے کی طرح ملین دیگر چڑیا کا گوہ خشک کرکے پیسکر چہرے پر ملین طلا مہاسہ کو
نافع ہے سرس کی چھال تل سیاہ سنا دہی سرکہ مین پیسکر طلا کرین دیگر کلونجی سرکہ مین پیسکر
رات کو ضماد کرین صبح دھو ڈالین مہاسہ اور مسّے دفع ہو جائین اور اسی طرح سے اجوائن
کا لگانا فائدہ کرتا ہے طلا مہاسہ کو نافع ہے جھربیری کے بیر جلا کر راکھ اسکی پان مین ملا کر
طلا کرین چہرہ منہ کو چمکائے سرسون زرد آدھ پاؤ دودھ مین جوش دین جب دودھ جذب
ہو جائے سرسون خشک کرکے پیسکر بٹنا بنا کر ملین دیگر مہاسہ کو نافع ہے مجیٹھ سرخ صندل
مسور دودھ لہسن کی کونپل کوٹ چھانکر باریک کرکے رات کو مہاسہ پر لگا کر صبح دھو ڈالین
دوا کہ منہ کو چمکائے اور صاف کرے چاول اور جو اور چنے اور مسور اور مٹر کا آٹا ہر ایک
اٹھول سے منہ جلا دیتا ہے بٹنا بنا کر استعمال کرین دوا عورت کے رنگ کی صفائی کے
واسطے عجیب ہے وقتا بالخاصیت کہاتے ہین فائدہ رکھتی ہے کھوپرے کی بٹی ٹکرا اسمین
سوراخ کرکے ایک دام زعفران ایک دام لسباسہ پانی مین پیسکر اسمین ڈالکر اسکے ٹکڑے
سے سوراخ بند کرکے آٹھ سیر گائے کے دودھ مین نرم آگ پر جوش دین جب تمام دودھ
جذب ہو جائے دوا کو کھوپرے سے نکال کر پیسین کہ چنے کے برابر گولیان بنا کر صبح

وقت ایک گولی پان مین کھائین ایک دوست نے اسے بہت مجرب بیان کیا دوا
اگر صمغ عربی اور کتیرا اور نشاستہ اسبغول کے لعاب یا خرفہ کے پانی مین ملاکر سفر مین منھ پر لیپن
دھوپ سے رنگ سیاہ نہو فصل کلف یعنی داغ سیاہ کہ منھ پر ہو جاتے ہین اسے جھائین
کہتے ہین دوا نافع کلف تربز مین سوراخ کرکے اسمین چاولی بھر کر سات روز رکھین پھر
چاول نکالکر خشک کرکے ابٹنا بنائین دیگر آنب کی بجلی جامن کی گٹھلی پانی مین پیسکر لگائین
دیگر کلف کو نافع ہے نازبو کی پتیان تلسی کی پتیان پیسکر منھ پر لیپن دیگر خولنجان پانی مین
پیسکر چند روز لگانا جلد کے اندر سے سیاہی جذب کرکے دور کرتا ہے چاہیے کہ چند روز لگاکر پھر
چاول مین کر طلا کرین تا جلد کا رنگ برابر ہو جائے دیگر کلف کو مفید ہے چولائی کی جڑ اور
شاخ جلاکر پانی مین پیسکر کلف پر لیپن اور ایک گھڑی دھوپ مین بیٹھین بعد خشک ہونے
کے گرم پانی سے دھوئین اور لاہوری نمک پیس کر منھ پر لیپن دیگر کلف کو نافع ہے
تلسی کی خشک پتیان پیسکر ملکر منھ پر لیپن دیگر شورہ قلمی ہرتال ہر واحد ایک درم تین حصہ
کرکے ایک حصہ پانی مین ملاکر منھ پر لیپن ایک گھڑی دھوپ مین بیٹھین اور گرم پانی سے
دھوئین تین روز مین دفع ہو دیگر لیمون کاغذی تراش کے ہلدی ٹکڑے ٹکڑے کرکے
اسمین بھرین پھر لیمون کے دونون ٹکڑے ملاکر ایک ہفتہ تک رکھین پھر نکالکر ترکل کی
پرانی جڑ کے ساتھ پیسکر رات کو لگاکر صبح گرم پانی سے دھوڈالین دیگر کلف کو نافع ہے
کرنجوہ کا مغز گاے کے دودھ مین پیسکر طلا کرین چہرہ کو برق اور روشن کرتا ہے دیگر
نافع کلف شہد سرکہ اور نمک مین ملاکر طلا کرین دیگر کلف کو مفید ہے تخم شبت سرکہ مین
پیسکر لیپن دیگر کلف کو فائدہ دیتا ہے انزروت دو حصہ کتھہ ایک حصہ کوٹ چھان کر
گاے کے تازہ دودھ مین ملاکر ہر روز کئی مرتبہ منھ پر لیپن جلد صحت ہو دیگر نافع
کلف کبوتر کی بیٹ پانی مین پیسکر ہر روز چند مرتبہ لگائین دیگر سفید کلف مسور
لیمون کے عرق مین پیسکر لگائین دیگر پھٹکری بریان حرام مغز ایک ایک درم

چونہ آدھا دام ادویہ لیموں کے عرق مین خوب پیسکر باہم کے مثل کرکے گلٹ پر باندھین ایک ہفتہ مین دور ہو جائے اور جب لیموں کا عرق خشک ہو جائے اور ڈالدین

فصل چھیپ کی دوا مین دوا چھیپ کو مفید ہے ہلدی سیاہ تل بھنس کے دودھ مین پیسکر ملا کرین دیگر چمپا کے پھول اور چھال اور پتیاں اُسکی پانی مین پیسکر لگائین دیگر چنبا کے پھول لیموں کے عرق مین پیسکر لگائین چھیپ اور چھائین دفع ہو جائے دیگر چھیپ کو نافع ہے چولائی کی جڑ اور شاخین جلا کر راکھ اُسکی پانی مین ملا کر چھیپ پر لگائین اور ایک گھڑی دھوپ مین بیٹھکر گرم پانی سے دھو ڈالین دیگر چھیپ کو نافع ہے جوار کے بیج نیکوفتہ دہی کے پانی مین ملا کر دو تین روز رکھین پھر بدن مین ملکر نہا ڈالین دیگر چھیپ کو مفید ہے سہاگہ صندل پانی مین پیسکر لگائین فصل مسہ اور تل کی دوا مین دوا مسون کو نافع ہے طاؤس کی بیٹ سرکہ مین ملا کر لگائین دیگر چونہ اور سجی پانی مین گھولکر مسہ کو جنگلی کنڈے سے کھجا کر ملین دو تین روز مین آرام ہو جائے دیگر دھنیا پیسکر لگانا مسون اور تل کو دفع کرتا ہے دیگر چقندر کے پتے شہد مین ملا کر ضماد کرنا مسون کو دفع کرتا ہے دیگر خرفہ کی پتی مسون پر ملنا نافع ہے دیگر سیپ جلا کر سرکہ مین ملا کر ضماد کرنا مسون کا دفع ہے دیگر مسون کو نافع ہے ہرتال زرد چونہ کی کلی گوشت کو ٹنے کے بٹے سے کوٹ کر ضماد کرین دیگر صاحب تحفۃ المومنین نے لکھا ہے کہ اگر خشک چنے چاند کی پہلی تاریخ مسون کے شمار لیکر ایک ایک چنا ایک مسے مین چھو لا کر سب کو ایک لتے مین باندھکر اُس لتے کو ہاتھ مین لیکر دونون پانون کے بیچ سے ہاتھ نکالکر اُس پوٹلی کو اسطرح پھینکین کہ شانہ کے اوپر سے پشت کی طرف جا گرے ایک مہینے مین سب مسے دفع ہو جائینگے ایک دوست کہتا تھا کہ میرے تجربہ مین آیا ہے فصل خیارک اسکو ہندی مین بد کہتے ہین چاہیے کہ ابتدا مین اُسکی تحلیل کا علاج کرین کیونکہ جب پک کر پھوٹ جاتی ہے بہت اذیت دیتی ہے اور کبھی اُسکے چیرنے کی حاجت ہوتی ہے اُس وقت ادویہ مدملہ

استعمال کی حاجت پڑتی ہے دوا بد کو نافع ہے کیلہ کی جڑ آدمی کے پیشاب مین پیسکر نیمگرم
کپڑے پر رکھکر لگاوین دیگر پیپل کے پتے سیدھی طرف گرم کرکے باندھین دیگر ٹیسو کے
پتے نیمگرم باندھین دیگر زمہ کے پتے باندھین دیگر سنبھالو کی پتی نیمگرم باندھین دیگر
میتھی ہالون پیسکر ضماد کرین دیگر آملہ لسوڑے کی چھال املی کی چھال پانی مین پیسکر
باندھین دیگر بنولہ بقدر کوٹین کہ ٹکیا کی طرح ہووے نیمگرم کرکے باندھین دیگر گھیکوار کا گودا
دو ٹکڑے کرکے تھوڑی رسوت اور ہلدی پیسکر اسپر رکھکر نیمگرم کرکے باندھین دیگر ابتدا مین چونہ
اور شہد ملا کر کپڑے پر مرہم لگا کر بد پر باندھین اور بعضون نے چونے مین انڈے کی
سفیدی ملا کر لگانا لکھا ہے دیگر بد کو نافع ہے پوست ہلیلہ رینڈی کے تیل مین بریان کرکے
پیسکر ہر کہین خمیر کرکے ضماد کرین دیگر بد کے توڑنے کے لیے سریع الاثر ہے تو تیا
آدھا حصہ ہالون ہلدی رال ایک ایک حصہ گوگل دو حصہ گڑ اڑھائی حصہ باہم پیس کر
ضماد کرین دیگر بد کو نافع ہے چنے کا آٹا گوگل مین ملا کر ٹکیا بنا کر باندھین اور اوپر سے سیب کی
پتیان گرم کرکے باندھین اور فقط برگ سیب ہی باندھنا کافی ہے ضماد دیگر صندل کی طرح
گھسکر سیاہ مرچ ملا کر شیر گرم ضماد کرین دیگر رائی گرم پانی مین پیسکر ضماد کرین دیگر ضماد بد
کے لیے مجرب ہے اگر بد کلان ہو چار روز مین تحلیل کرے پیاز کو چھری سے قیمہ کرکے
نابالغ لڑکے کے پیشاب مین پکاوین جب گلجاے ٹکیا بنا کر باندھین دوا ورم بغل
کی جسے ہندی مین کھکواری کہتے ہین رائی گرم پانی مین پیسکر ضماد کرین ضماد
ورم پس گوش اور ورم بغل کو جلد تحلیل کرتا ہے تلسی کی پتیان اسکے برابر ارنڈ کی کونپل
پیسکر تھوڑا نمک ملا کر نیمگرم ضماد کرین فصل اورام کا علاج ورم پھولنا اور غلیظ ہونا
عضو کا ہے کہ عضو پر مادہ گرنے سے پیدا ہوا اور یہ ورم اور خلط اخلاط اربعہ یا مائیت
یا ریاح سے ہوتا ہے علاج ادویہ مادہ کی روکنے والی اور گلانے والی اور پکانیوالی
اور بہانے والی اوقات اربعہ کو ابتدا اور تزاید اور انتہا اور انحطاط ہے ملاحظہ کرکے

اسکے موافق استعمال کرین بعد ٹوٹ جانے کے مرہم سندلا کا استعمال کرین جب
جدوار کہ تحلیل اورام مین تیزی خاصی کی قائم مقام ہے جدوار گیرو رسوت تخم خطمی صندل سرخ
پوند جینی ملو کتھہ سفید کالی زیری مساوی کوٹ چھانکر گولیان بنائین تازہ برگ مکو یا تر
رتنیے کے عرق مین یا سرکہ یا گلاب یا پانی مین پیسکر طلا کرین طلا ورم چہرہ کو نافع ہے ہلدی گیرو
سونٹھ بسار برابر کوٹ چھانکر گولیان بنائین اور برگ مکو کے عرق مین پیسکر طلا کرین دوا
کہ درد کو ساکن اور ورم کو تحلیل کرے اجوائن باریک کوٹ چھانکر عرق لیمون مین پکاکر
نیم گرم ورم پر باندھین اور اگر عرق لیمون نہ ہو سرکہ مین استعمال کرین طلا اورام اور
جوشش کو نافع ہے آنبہ کی گٹھلی پانی مین پیسکر نیم گرم لگائین خیر التجارب مین لکھا ہے
کہ یہ تحلیل کرنے مین مثل جدوار ہے دیگر ورم کو تحلیل کرتا ہے ارنڈ کی چھال بسکپرد کی
چھال سونٹھ پیسکر نیم گرم طلا کرین دوا برگ دھتورہ ورم پر باندھنا تحلیل کرتا ہے طلا
بکری کی مینگنی طلا کرنا اورام کہنہ کو تحلیل کرتا ہے دوا ورم زیر گوش اور بغل کو جلد
منفجر کرتی ہے مسی ایک درخت مشہور ہے جسے چکسونی بھی کہتے ہین اسکی پتی لیکر اسکے برابر
کونپل ارنڈ کی پیسکر تھوڑا نمک ملاکر نیم گرم باندھین دیگر ورم بغل کو نافع ہے اور اس دوا
کو لال دارو کہتے ہین کتھہ مردار سنگ تج صندل سرخ کبابہ توتیاے سبز کوٹ چھانکر
پانی مین ملاکر ضماد کرین ضماد تسکین درد اور مواد کے پکانے کو مفید ہے مونگ اور چنے
اور لوبیا اور مسور کا آٹا مساوی الوزن لیکر سرکہ اور پانی مین گھولکر مثل لیٹے کے پکاکر
ضماد کرین دوا کہ درد اور ورم کو نافع ہے برگ سرس ہر روز چند مرتبہ گرم کرکے باندھین
دیگر ورم اور سختی کو نافع ہے برگد کے پتے گھی مین چرب کرکے نیم گرم باندھین دیگر گوکھرو کے
پتے کا عرق نچوڑکر چنے کے آٹے مین ملاکر باندھین دیگر سخت کو تحلیل کرتا ہے دیگر محلل ورم
پیپل کے پتے گرم کرکے باندھین دیگر گاے کا گوبر ورم پر باندھین دیگر دھنیا آدمی کے
لعاب مین پیسکر ضماد کرین طلا کاپھل ایک دام سونٹھ دو دام کنگھی دو دام سرکہ مین

پیسکر گرم کرکے لگائین دیگر ورم کو نافع ہی بیخ اندرائن سرکہ مین پیسکر ضماد کرین دیگر
اسبغول نیکوب کرکے ضماد کرین دیگر ورم کو پکا کر آلایش نکالے پیپل کی چھال پیس کر
ضماد کرین دوا برگ عباسی گرم کرکے باندھین طلا ورم کو پکا کر توڑ کر مواد نکالے تخم رواسن
پیسکر نیمگرم طلا کرین دوا برگ کنگھی برگ املی چاول ہر ایک تھوڑا لیکر جوش دین اور پیسکر پھوڑے پر
لگائین ایک روز مین پکائے دیگر تخم املی پکا کر باندھین پھوڑون کے توڑنے اور پکانے کو
مفید ہی دیگر پھوڑے کے توڑنے کو نافع ہی برگ سروال موناث کبوتر کی بیٹ پیس کر
نیمگرم پھوڑے پر باندھین ضماد پھوڑے کو نافع ہی اور مادہ کو پکا کر نکالتا ہی تھوڑی
تنبا کو کھانے کی پانی مین پکا کر ضماد کرین طلا دنبل کو نافع ہی جس روز کہ دنبل نکلے
چونہ روغن مین ملا کر لگائین بڑھنے نہ دیگا دوا اس دنبل کے واسطے جو درد زیادہ
کرے اور منفجر نہو اس سے زیادہ دوا کوئی قوی الانفجار نہین ہی تخم سرس ہلیلہ
زنگار ہر ایک نو ماشہ ریوند چینی ایک تولہ پیاز برگ نیب ایک ایک تولہ ایلوا چھ
ماشہ اکلیل الملک گوگل تخم السی ہر ایک سات ماشہ ملیٹھی چھ ماشہ پیسکر شراب تیز مین
ملا کر نیمگرم لگائین طلا دنبل کو نافع ہی کبوتر کے پر جلا کر راکھ اسکی روغن مین طلا کرین
دنبل کو پکا کر توڑیگا فائدہ یعنی پٹی میدہ لکڑی دو درم کوٹ کر لڑکے کے پیشاب مین
پکا کر پیسکر کپڑے پر رکھکر مثل پٹی کے باندھین دوا زخم کے کھولنے کے لیے ہلدی جلا کر
اسکی راکھ کڑوے تیل مین ملا کر زخم پر رکھین ضماد پھوڑے کے توڑنے کے واسطے
صابون ریوند چینی گوگل ہلیلہ پیسکر کپڑے مین رکھکر نیمگرم ضماد کرین دوا زخم کو نافع ہی برگ
لسوڑہ برگ گونڈنی جلا کر اسکی راکھ گھی مین ملا کر زخم پر باندھین ضماد بغل کے پھوڑون کے
واسطے نافع ہی سونٹھ ریندی دونون پانی مین باریک پیسکر نیمگرم ضماد کرین اور اوپر سے
ارنڈ کے پتے باندھین دوا پانون کے چھالون کو کہ راہ چلنے سے پڑجاتے ہین نافع ہی
چاول پکا کر دہی مین ملا کر ضماد کرین فوراً آرام ہو جاے دیگر بھگندر کو نافع ہے

برگ سنبھالو سیہ پیسکر تھوڑا نمک ملا کر بھگندر پر باندھین دیگر بھگندر کے ورم کو نافع ہی برگ کریل
اور ارنڈ گرم کر کے باندھین ورم تحلیل ہو جاے دیگر درد ریحی کو نافع ہی عاقر قرحا کا پھل
اجوائن خراسانی سونٹھ نرکچور برابر تل کے تیل اور رینڈی کے تیل مین ملا کر طلا
کرین دیگر درد ریحی کو نافع ہی رینڈی کے تیل یا میٹھے تیل سے مالش کر کے تھوہر کے
پتون پر وہ تیل لگا کر بگرم باندھین دیگر اُس ورم کے واسطے جو بھلانوہ کے دھوئین سے
پیدا ہوتا ہی نافع ہی آنبہ ہلدی ساٹھی کے چاول گھاس دوب پانی مین پیسکر ورم پر طلا
کرین دیگر چرونجی کھانا بھلانوہ کے ورم کو نافع ہی دیگر گولر کی چھال پانی مین پیسکر ضماد کرین
بھلانوہ کے دھوئین کے ورم کو مفید ہی دیگر مردار سنگ پیسکر لگاوین دیگر تھاتیسل
ملین فی الحال ورم دور ہو جائیگا دیگر اس ورم کے واسطے کہ بھلانوہ کے دھوئین سے
ہو تیندو کی لکڑی پیسکر ضماد کرین دیگر ورم سلعہ یعنی رسولی کے واسطے مفید ہی برگ گمہوہ
گھی مین چرب کر کے شروع مین ایک ہفتہ تک رسولی پر باندھین **فصل بثور کا معالجہ**
بثور چھوٹے دانون کو کہتے ہین ہندی مین اسکا نام پھنسی ہی دوا بثور کو نافع ہی پوست
درخت سرس پانی مین پیسکر لگاوین حب بثورا اور جوشش بدن پر نافع ہی گیرو رسوت
ہلیلہ زنگی مردار سنگ کتھہ صندل سرخ برابر کوٹ چھانکر گولیان بناوین اور مکو کے عرق
مین ضماد کرین حب کہ ہر قسم کے بثور کو نافع ہی مردار سنگ پوست ہلیلہ زرد پھٹکری چونہ کی
کلی کتھہ سفید ایک ایک حصہ توتیا نیم حصہ پانی مین گولیان بنا کر وقت حاجت گھی مین گھس کر
طلا کرین حب نافع بثور کتھہ مردار سنگ توتیا بریان سفر بلگری مساوی پیسکر گولیان
بناوین اور وقت حاجت پانی مین پیسکر لگاوین یہ گولیان اُس پھوڑے کو بھی نافع
ہین جسے اورنگانی بھی کہتے ہین یعنے وہ پھوڑا کہ جسمین مثل چھلنی کے سوراخ ہوتے ہین
ضماد نافع اُن بثور کو جنمین سوزش ہو گردماز و کتھہ سرکہ مین پیسکر ضماد کرین حب
بثور کو نافع ہی کتھہ سفید توتیا بریان سپاری سوختہ مردار سنگ پوست ہلیلہ زرد

ریوند خطائی مساوی پانی مین پیسکر گولیان بنائین اور وقت حاجت لگائین ضماد
کنٹھمالا کہ گردن کے نیچے ہوتا ہے مفید ہے تخم سن تخم مولی تخم سجنہ جو سرسون السی مساوی
کوٹ چھانکر گاے کے دودھ مین پیسکر ضماد کرین طلا چھوٹون اور دادکو نافع ہے اجوہ پانی مین
پیسکر تھوڑا کھاری نمک ملاکر طلا کرین طلا آہن شور کیواسطے کہ مکڑی ملنے سے ہوجاے نافع ہے
منڈوہ پانی مین پیسکر لگائین دیگر اجوہ پانی مین پیسکر لگائین دیگر زیرہ سفید سونٹھ پانی مین
پیسکر طلا کرین دیگر مکڑی کے زہر اور اسکے دانون کو نافع ہے کیتھا پیسکر ملین اور اگر کیتھا
نہ ملے مٹی اسکی ضماد کرین دیگر مکڑی کے دانون کو مفید ہے چونہ لیمون کے عرق مین
گھول کرکے طلا کرین اور اگر لیمون میسر آئے میٹھے تیل اور جرونجی مین پیسکر طلا کرین دیگر
مکڑی کے زہر کو صندل سرخ صندل سفید مردارسنگ پیسکر لگائین دیگر کھلی اور ہلدی پانی
مین پیسکر طلا کرین مکڑی کا زہر دفع ہوجاے فصل شقاق اطراف یعنی ہاتھ پانون
کا پھٹ جانا اسکا سبب خشکی ہے دوا ہاتھ پانون کے پھٹ جانیکے لیے مہندی پانی
مین پیسکر لگائین بعد چار گھڑی کے دور کرکے رینڈی کا تیل ملین دوا واسطے ایڑی پھٹ جانیکے
برگد کا دودھ زخم مین بھردین دیگر ببول کا گوند پیسکر اسمین بھردین دیگر گاے کی قلم یا
بکری کی قلم کا مغز بھردین دیگر صابون لاہوری پانی مین پیسکر رات کو سوتے وقت زخم
بھردین صبح کو دھو ڈالین فائدہ جاننا چاہیے کہ جو خشونت خشکی سے ہتیلی مین پیدا ہو
اسکو چھاجن کہتے ہین اور جو دانہ کہ زخم پانون پر حادث ہو اسکو اکوتہ کہتے ہین اور جینہ
اکوتہ کی ذکر ہوچکی ہین بخور چھاجن کو نافع ہے ببول کی چھال آنب کی چھال جوش دیکر
اور ہانڈی پر سرپوش مضبوط جمائین کہ بخار باہر نہ جاے پھر ہانڈی کو اتار کر ہتیلی اور
تلوون کو بخور دین اور بعد بخور کے مسکہ گائی ملین دیگر کٹائی خرد مع بیخ اور برگ اور
شاخ ریزہ ریزہ کرکے پانی کے ساتھ ہانڈی مین ڈالکر سرپوش مضبوط سے چھپاکر جوش
دین تاکہ بخار اسکا باہر نہ جاے پھر ہاتھ پانون مریض کے گھی سے چرب کرکے اسکا بخار لین

جب سرد ہونے لگے پانی سے پانون دھوئین دوا اچھا جن کو مفید ہی تھوڑا نوشادر میٹھے تیل مین پیسکر ملین علاج ہاتھ پانون کے فاسد ہو جانے کے لیے کہ سردی سے سیاہ ہو جاتین پہلے ہاتھ پانون کو گرم پانی مین رکھین بعد اُسکے روغن نیگر ملین **فصل** کثرت قمل یعنی زیادتی جون کی اُسکا سبب فضلات کا بدن مین زیادہ ہونا ہی علاج بدن کو مسہلات سے پاک کرین کتاب الخواص مین لکھا ہی کہ چاندی کی کنگھی بیٹھکر بالون مین کنگھی کرنا بالخاصیت جون کو پیدا کرتا ہی دوا اگاسے کا پتہ سر مین ڈالین دوا پارہ مولی کے پتون کے عرق یا پان کے عرق مین حل کرکے اُسمین تاگا تر کرکے سر مین رکھین دو تین دن مین سب جون مر جاینگی **فصل** خرار سبوسہ یعنی سرکہ جسے ہندی مین بفا کہتے ہین اسکا علاج سر مین تیل ڈالنا ہی دیگر جواسہ کلوری کے پیشاب مین پیسکر سر مین ڈالین دیگر چنے کے آٹے کو ایک گھڑی سرکہ مین ڈالدین بعد اسکے وہ سرکہ لیکر شہد مین ملاکر سر پر ملین دوا لیمون کا عرق شکر مین ملاکر ملین اور بعد دو پہر کے سر دھو ڈالین دیگر صابون سے سر دھونا جون کو مارتا ہی اور بفا کو سر سے دفع کرتا ہی دیگر جوشاندہ برگ و بیخ چقندر کا نمک کے ساتھ نطول کرنا بفا اور جون کے دفع کے واسطے مفید ہی **فصل** امراض ناخن دوا ناخن کے ٹوٹ جانے کی انار کی پتی پیسکر باندھین اور اگر ہاتھ یا پانون کا ٹوٹ گیا ہو نیلا کپڑا اُسپر باندھکر پیشاب کیا کرین علاج ناخن کے پھٹ جانے کا ایک حصہ سرکہ دو حصہ روغن کنجد مین جوش دین اور تھوڑا سرکہ تیل اسمین ڈالکر گلائین جب مرہم کے مثل ہو جائے طلا کرین **فصل** حصبہ و جدری حصبہ چھوٹی چیچک جسے ہندی مین کھسرا کہتے ہین اور جدری وہ چیچک ہی کہ جسکے دانے بڑے ہون اسکی بہتر قسم کو ہندی مین موتیا کہتے ہین اسکا سبب دودھ کے فضول اور رطوبات کے فضلون کا جوش کرنا ہی چاہیے کہ جب چیچک کا موسم کہ ہندوستان مین اکثر چیت کا مہینا ہی شروع ہو دودھ پینے والے لڑکے اور اُسکی دودھ پلانیوالی کو وہ دوائین کہ مصلح خون ہین مثل عرق شاہترہ اور عرق سرپھوکا

اور خوب کلان اور شربت عناب سادہ اور شیرۂ تخم کاہو اور لعاب اسغول کبھی کبھی پلایا کرین
اور جس لڑکے کا سن دو برس سے کم ہو موسم چیچک مین قبل نکلنے کے جونکین لگانا مناسب ہے
اور اُس فصل مین چکنائی اور گوشت اور مٹھائی سے پرہیز کرین اور جب چیچک نکل آئے گرم
اور سرد چیزین نہ دین اور ہندوستان مین جب لڑکے کے چیچک نکلتی ہے اشیاے گرم کا استعمال کرتے
ہین اور غذا مین چنے اور قند سیاہ کھلاتے ہین ایسی تدبیر سے خدا کی پناہ تپ کی حالت مین
اور نکلنے چیچک کے فقط کھچڑی یا دال مونگ پر اکتفا کرین اور مسور کی دال بھی نافع ہے کئی
قسمین چیچک کی ہوتی ہین اُنمین صحت کم ہوتی ہے ازانجملہ سیاہ اور اودی ہے اور بہترین
چیچک سفید اور قلیل العدد ہے اب چند دوائین سہل لکھتا ہون اگر قبل نکلنے چیچک کے
دین یقین ہے کہ نہ نکلے اور اگر نکلے تو عنایت الٰہی سے کم نکلے دوا شربت شقائق طفل کو
پلانا چیچک نکلنے کو نافع ہے اُسکا نسخہ مرگی مین مذکور ہوا دوا چیچک کے دفع کی اور کم نکلنے
کے واسطے جب چیچک کا شبہہ معلوم ہو اگر لڑکا دودھ پیتا ہو چار تولہ کھوپرہ اُسکے دودھ
پلانے والی کو ایک ہفتہ تک کھلائین اور اگر دو برس کا لڑکا ہو تو دو تولہ کھوپرہ
اور اگر تین برس کا ہو تین تولہ علی ہذا القیاس ایک ہفتہ تک اُس لڑکے کی دایہ کو کھلائین
فضل اللہ سے چیچک کم نکلیگی یہ نسخہ ایک فرنگی نے بتایا ہے دوا اگر موسم چیچک مین کھلائین
چیچک نہ نکلے اور اگر نکلے کم نکلے اودراج کہ ہندو اُسکا مالا بناتے ہین پیسکر لڑکے کو
پلائین دیگر موسم چیچک مین قبل نکلنے کے گھوڑی کا دودھ پلائین دیگر تین یا چار
سنبھل کے بیج نگل جائین چیچک بہت کم نکلیگی دیگر اسارون عرق ترنج کے ساتھ
چیچک نکلنے کے قبل کھلانے سے چیچک بہت کم نکلیگی دوا ہندی اطفال کی چیچک کو
نافع ہے ملیٹھی مقشر نیلوفتہ انار دانہ برابر موافق مزاج کے پانی مین جوش کرکے عرق شاہترہ
کے ساتھ پلائین طلا چیچک کے دانون کو اچھا کرے درخت سرس کی چھال
درخت پیپل کی چھال درخت لسوڑہ کی چھال درخت گولر کی چھال کوٹ چھانکر کے

گھی مین ملا کر دانون پر لگائین اگر چیچک سوزش کے ساتھ ہو بہت مفید ہے ابٹنا چیچک کے
داغون کو نافع ہو آنبہ ہلدی سرکنڈے کی جڑ جلائی ہوئی کوڑی مساوی کوٹ چھان کر
بھینس کے دودھ مین ملا کر رات کو منھ پر لگا کر صبح بھوسی پانی مین بھگو کر اس پانی سے
دھوئین ابٹنا رنگ کو سرخ کرے اور جلا دے مسور مقشر مغز تخم خربزہ دونون مساوی پیسکر ابٹنا
بنائین دوا اگر موتھا جوش کرکے صبح کو اس سے منھ دھویا کرین فصل بالونکی دوائین
طول شعر اور تسوید شعر یعنی بالون کا اور سیاہ کرنا دوا کہ بالونکو بڑھائے
برگ نیب اور برگ بیر پیسکر نہاتے وقت سر مین لگائین بعد چار گھڑی کے دھو ڈالین
دوا بالون کے لمبے ہونے کی تخم شریفہ برگ بیر برابر پیسکر دوام بالون کی جڑ مین
ملین بعد چار گھڑی کے گرم پانی سے دھو ڈالین دوا بالون کی درازی کے لیے کلونجی
پانی مین پیسکر اس سے بال دھوئین اسیطرح ایک ہفتہ تک دھویا کرین دیگر آملہ عرق لیمون مین
پیسکر بالونکی جڑون مین ملین دیگر کریل کی جڑ پیسکر بالون کی جڑون مین ملین بال لمبے
ہوجائینگے اور بفا دفع ہوگی تیل کہ بالون کو سیاہ کرے ایک سیر میٹھے تیل مین گینڈے کی
ہنکھڑیان کاٹ کر دیگچی مین ڈالکر جوش دین پھر اسے زمین مین دفن کرین بعد ایک مہینے کے
نکالکر وہ تیل بالون مین ملین روغن بالون کی سیاہی نگاہ رکھے اور سفید نہونے دیوے
ترو تازہ جھاؤ کی جڑ خوب کوٹ کر اتنے ہی تل کے تیل اور دونون کے برابر پانی مین جوش
دین جب سب پانی اور نصف روغن ملجلے لیکر گاڑھا گاڑھا سر پر لگائین چند روز مین
سفید بال بھی سیاہ ہوجائین اور ہرگز سفید نہ نکلین روغن ذباب یعنی مکھی کا تیل کہ
بالون کو سیاہ رکھے سو عدد مکھی روغن کنجد مین ڈالکر چالیس روز دھوپ مین رکھین
بعدہ صاف کرکے بالون مین لگایا کرین روغن بالون کی درازی و سیاہی کیلیے برگ سرو
ایک حصہ آملہ دو حصہ پانی مین جوش دین جب گلجائے تل کا تیل ملا کر جوش دین تاکہ پانی
جلکر روغن باقی رہے مع تفل حل کرکے بالون کی جڑون مین ملین روغن بالون کی

درازی کے لیے بھنگرے کا عرق میٹھے تیل مین جوش دین جب پانی جلکر روغن رہجاے
ہر روز بالون مین ملین دوا نہاتے وقت سیاہ تل کی پتیون سے بالون کو دہوئین بال لنبے
اور نرم کرتا ہی دیگر بالون کی درازی کے واسطے کریعنی کُسم کے بیج درخت کسم کا پوست
دونون مساوی جلاکر خاک کرین اور چنبیلی کے تیل مین ملاکر مرہم کے مانند کرکے بالون کی
جڑون مین ملین لنبے اور نرم ہوجاینگے دیگر پرسیاوشان جلاکر سر پر لگائین بالنکو گرنے
سے محفوظ رکھے ادویہ کہ بال خورہ کو نافع ہین دوا ہاتھی دانت جلاکر رسوت اُسکے
برابر ملاکر لگائین دوا نافع بال خورہ کریل کی کونپل بغیر پانی کے پیسکر ملین دو تین روز مین
بال نکل آئین دیگر بھنگرہ پیسکر ملنا بالخورہ کو مفید ہی دیگر بالخورہ کو نافع ہی برگ چقندر کا
عرق چار دام کڑوے تیل مین جلاکر طلا کرین دیگر بالخورہ کو مفید ہی گھوڑے یا گدھے کا
سُم جلاکر اُسکی خاکستر میٹھے تیل مین ملاکر ملین اور سینگ جلاکر ملنا بھی مفید ہی دیگر بالخورہ کو
نافع ہی گندھک پانی مین پیسکر شہد مین ملاکر لگائین دیگر نافع بالخورہ آملہ عرق چقندر مین
پیسکر طلا کرین پانچ چھ روز مین بال نکل آئین دیگر بالخورہ کے لیے تھوڑا دہی بے قلعی تانبے
کے برتن مین ڈال کر پیسہ سے اسقدر حل کرین کہ سبز ہوجاے پھر طلا کرین دیگر بالخورہ کو
مفید ہی پہلے آملہ کے پانی سے جہان بالخورہ ہو وہ کریدے جبتک زخم اُس جگہ پر لگائین کہ خون
نکل آئے بعد اُسکے نوشادر باریک پیسکر مسکہ مین ملاکر مالش کرین ایک ہفتہ مین بال نکل آئینگے
دیگر متقدمین کا اعتقاد یہ ہی کہ کندش اور ہاتھی دانت کا بُرادہ مرغ کی چربی مین ملاکر جس
جگہ لگائین یہان تک کہ ہتھیلی مین بھی بال نکل آتے ہین **فصل ادویہ کہ بالون کو نکلنے**
سے مانع ہین دوا اگر بیل کا پتہ مرغ کے انڈے کی سفیدی مین ملاکر بال اُکھاڑکر طلا کرین بال
کبھی نہ جمین دوا جونک کو نمک مین لتھیڑکر خشک کرکے بکری کے پیشاب مین پیس کر
جس جگہ بال ہون اُکھاڑکر لگائین پھر وہان بال نہ جمین دیگر لعاب اسبغول سبز کرین
ملاکر بال اُکھاڑکر ملین اور اگر تھوڑا کف دریا ملائین بہت فائدہ رکھتا ہی دیگر بکری کی مینگنی

اور رائی باریک پیسکر بال اُکھاڑکر ملین دیگر رینڈی کی گودی پیسکر بال اُکھاڑ کر ملین۔ دیگر کف دریا اجوائن افیون خالص سرکہ مین پیسکر لعاب اسپغول ملاکر بال اُکھاڑکر طلا کرین دیگر کچیلہ پانی مین پیسکر بال اُکھاڑکر لگائین دیگر جونک سرکہ مین جلا کر بعد اُکھاڑنے بالون کے طلا کرین دیگر بال اُکھاڑکر چیونٹی کے انڈے طلا کرے دیگر بال اُکھاڑکر سانپ کی کینچلی لگائین دیگر چمگادڑ کا خون اور مرغ کا پتہ اور خرگوش کا خون اور کچھوے کا پتہ اور تیتر کی چربی ہر ایک بالون کو اُکھاڑکر لگانا بالون کے نکلنے کو منع کرتا ہی دیگر نوشادر کھاسے کے پتہ مین حل کر کے بال اُکھاڑکر لگائین دیگر انجیر کا دودھ اور خشک مینڈک کی چربی اور مینڈک کا خون اگر بال اُکھاڑکر لگائین یہی خاصیت رکھتا ہی دیگر بکری کا بھیجا چونہ مین ملا کر بعد اُکھاڑنے بال کے لگائین دیگر پیاز کا عرق نمک سیاہ سرکہ مین ملا کر بال اُکھاڑکر ملین فصل داء الثعلب وہ بیماری ہی کہ بال گر جائین بالک نکلنے سے موقوف ہو جائین علاج چوہے کی مینگنیان سرکہ مین ملا کر طلا کرین دیگر لسوڑہ پانی مین جوش دین جب پانی گاڑھا ہو جائے ملکر داء الثعلب پر ملین دوا پرسیاوشان تازہ کو نچوڑ کر داء الثعلب پر طلا فائدہ کرتا ہی دیگر پرانا روغن بادام لگانا نافع ہے دیگر قسط سرکہ اور شہد مین پیسکر ملین دیگر بچھو ٹھنڈے تیل مین جلا کر طلا کرین دیگر کف دریا جلا کر سرکہ مین ملا کر لگائین دیگر برگ چقندر کا ضماد کرنا مفید ہی دیگر مینڈک جلا کر سرکہ ملا کر لگائین دیگر بکری کا سم جلا کر سرکہ مین ملا کر داء الثعلب پر ملین فصل باد سموم کہ اُسکو لون کہتے ہین دوا اُسکی مضرت کے دفع کے لیے کچا آم بھوبل مین گاڑ دین جب گلجائے نچوڑ کر شکر مین ملا کر شربت بنا کر پین لون کی اذیت کو کہ اکثر سفر مین پہونچتی ہی نفع کرتا ہی فصل حمیات یعنے تپ کے معالجہ کا بیان تپ کی اصل مین تین قسمین ہین ایک حمی یوم کہ زیادتی رنج و غم و خوشی اور رتجگے اور ماندگی و زیادتی استفراغ و درد و تخمہ و مرگی اور زکام اور نزلہ و ہچکی وغیرہ سے ہوتی ہی اکثر تین چار روز سے زیادہ

نہین رہتی ہی اسکا علاج سبب کو دفع کرنا چاہیے مثلاً غم و ہم کی تپ مین فرحت اور
راحت دینا اور غصہ کی تپ مین تسلی دینا اور خوشی کی تپ مین توہین اور تحقیر کرنا
بھوک کی تپ مین غذا دینا اسی طرح تھوڑی تدبیر اور تقویت قلب کی اسمین کافی ہی
دوسری وہ تپ کہ خلط سے پیدا ہوا سمین اگر مادہ رگون کے اندر متعفن ہو وہ تپ ہردم
برابر رہتی ہی اور اگر مادہ رگون کے باہر متعفن ہو وہ تپ ہردم لازم نہین رہتی اور
خون رگون کے اندر رہتا ہی اگر جوشش خون سے تپ عارض ہو اُسے سونوخس
کہتے ہین اور اگر تعفن خون سے ہو اُسکا نام مطبقہ ہی خون کی زیادتی کی علامات مذکور ہو چکی
ہین اُن علامات سے خون کی زیادتی دریافت ہو سکتی ہی علاج اُسکا بعد فصد کے خون
کو ادویہ سرد سے صاف کرنا مثل لعاب اسبغول شیرۂ تخم کاہو کاسنی شربت عناب وغیرہ کے
شربت عناب کا نسخہ یہ ہی پاؤ سیر عناب پانی مین بھگو کر جوش دیکر چھان لین اور
آدھ سیر قند مین قوام کر کے رکھین اور تپ صفراوی اگر اسکا مادہ باہر رگون کے متعفن ہو
تیسرے روز لرزے سے آتی ہی اور صفرا کی زیادتی منہ کی تلخی اور پیاس کے غلبہ اور
رنگ کی زردی سے معلوم ہو جاتی ہی اور اگر اسکا مادہ عروق کے اندر متعفن ہو اگرچہ تپ
لازم ہوتی ہی مگر تیسرے روز غلبہ کرتی ہی اور اگر تپ صفراوی کا مادہ جگر کے قریب کی
رگون کے اندر متعفن ہو تپ مین سوزش اور گرمی بہت ہوتی ہی اُسکو محرقہ کہتے ہین
اُسکا علاج ادویہ سرد پلانا اور بعد نضج صفرا کو نکالنا نقوع تپ صفراوی کو نافع ہی اگر دنی
ہو جائے ہمیشہ پلائین تپ صفراوی بالکل جاتی رہے املی دو تولہ رات کو پانی مین تر کر
صبح کو پانی صاف اُسکا لیکر تھوڑی شکر ملا کر پہلے ایک تولہ اسبغول پھانک کر اُس شیرۂ
افشردہ پی لین سکنجبین بزوری تپ صفراوی کو نافع ہی اور یہ نسخہ صاحب ذخیرہ
سید اسمعیل صاحب کا ہی پوست بیخ کاسنی تخم کاسنی تخم پالک تخم خیارین مساوی الوزن تین
حصہ سرکہ دو حصہ شکر مین قوام کرین اور شیرۂ تخم تربز یا مغز تخم کدو سے شیرین کے ساتھ مین

اور اگر سرکہ نہ ملائین اسکو شربت بزوری بارد کہتے ہین شربت تربز تپ صفراوی کو مفید ہی آب تربز کلان کے برابر شکر سفید ملا کر قوام کرین خوراک مزاج کے موافق قرص طباشیر تپ صفراوی کو نافع بعد مسہل کے دینا چاہیے طباشیر گل سرخ پانچ پانچ حصہ تخم کاہو تخم کاسنی مغز تخم تربز تخم خیارین ہر ایک تین حصہ گل نیلوفر دو حصہ کوٹ چھانکر قرص بنائین خوراک دو درم دوا نافع تپ صفراوی تخم کاہو تخم خرفہ ہر ایک دو درم پانی مین شیرہ نکالکر املی کا آب زلال دو تولہ زیادہ کرکے اسبغول ایکتولہ چھڑک کر پئین دیگر تپ صفراوی کو نافع ہی شیرہ برگ شاہترہ تخم کاسنی دو دو درم پانی مین پیس کر سکنجبین سادہ دو تولہ ملا کر پئین شربت لیمون تپ صفراوی کو نافع ہی اور اخلاط سوختہ اور حدت خون کی اصلاح کرتا ہی نیم رطل شکر کا قوام کرکے چھ درم عرق لیمون چھانکر اضافہ کرکے قوام پر آنے کے بعد اُتار کر رکھ چھوڑین جوشاندہ اس تپ صفراوی کو کہ تیسرے روز آتی ہی اہل ہند کے طریقے پر گا یعنی کرج دھنیا صندل سرخ مغز کنول گٹہ پوست اندرون درخت نیب ہر ایک پانچ ماشہ کوٹ چھانکر تین پاؤ پانی مین جوش دین جب آدھ پاؤ رہے صاف کرکے پئین اگر طبیعت کے قبول کرنیکے واسطے دو تولہ شربت نیلوفر اضافہ کرین مضائقہ نہین شربت نیلوفر تپ گرم اور درد سر گرم کو نفع دیتا ہی گل نیلوفر تازہ نیم رطل گوکہ دو چار تولہ چار رطل پانی مین جوش دین اور چھانکر ایک سیر قند مین قوام کرین خوراک ایک درم تک ماء القرع تپ صفراوی اور خونی اور دق کو نافع ہی کدوے تازہ دراز شیرین یعنی لوکی لیکر پروٹی کرکے معتدل تنور مین ایک اینٹ پر رکھدین جب پک جائے نکالکر مٹی اسکی اوپر سے دور کرکے کدو مین سوراخ کرکے اسکا پانی لیکر قند یا ترنجبین یا شیرخشت یا شربت نیلوفر یا سکنجبین یا شربت بنفشہ کے ساتھ جو مناسب ہو پئین مطبوخ یعنی جوشاندہ تپ گرم و کہنہ کو نافع ہی گلو شاہترہ دھنیا ملیٹھی نیکوفتہ کا کڑاسینگی تخم خس صندل سرخ برگ نیب تخم خربزہ نیکوفتہ مساوی انمین سے دو درم لیکر آدھ سیر پانی مین جوش دین

جب چہارم حصہ رہے چھانکر پیئین دیگر دموی اور صفراوی تپ کو نافع ہی نیلوفر تین مثقال
خاکسی ایک مثقال دونون کو ڈیڑھ پاؤ پانی مین جوش دین جب آدھ پاؤ رہے متنجلخل کپڑے
مین یعنے جھونے مین چھانین تا کہ نیلوفر رہجائے اور خاکسی چھن آئے اور تھوڑی مصری ملا کر
میٹھا کرکے پیئین دیگر تپ کو مفید ہی گچ پوست نیب دھنیا پدماگ سرخ صندل خس
مساوی بقدر دو دام کے ایک سیر پانی مین جوش دین جب آدھ پاؤ رہے چھانکر پیئین
دیگر تپ کو نافع ہی ملیٹھی منقشر کاکڑاسینگی گلو شاہترہ چرائتہ خس صندل سرخ تیزبالا پوست
آلو دھنیا جواسہ دو درم مساوی ہر روز تین پاؤ پانی مین تر کرکے صبح کو جوش دین جب
آدھ پاؤ پانی رہے صاف کرکے پیئین حب کرنجوہ تپ لرزہ بلغمی و صفراوی کو
نافع ہی مغز کرنجوہ پیپل ہر واحد ایک درم زیرہ سفید برگ ببول ہر ایک آدھا درم کوٹ
چھانکر پانی مین فالسے کے برابر گولیان بنائین تین روز تک ایک گولی صبح اور ایک
دوپہر اور ایک شام کو کھائین حب تپ صفراوی کو نافع ہی کتھہ سفید چار حصہ کافور
ایک حصہ کوٹ پیسکر جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی دیگر تپ و لرزہ
کو نافع ہی اہل ہند کے طریقے پر سفید کتھہ ایک ماشہ سنکھیا ایک سرخ پیسکر برابر موٹھ
کے گولیان بنائین ایک گولی لرزہ سے پیشتر کھائین دیگر تپ و لرزہ کے واسطے
گھوڑے کا پرچنے برابر افیون ایک رتی برگ نیب اڑھائی عدد باہم پیسکر قند سیاہ مین
ملاکر گولیان بنائین اور تپ آنے سے تین گھڑی پہلے ایک گولی نگل جائین جب تپ
شروع ہو دوسری گولی دین یقین ہی کہ تیسری گولی کی حاجت نہو عمل تپ و لرزہ کو
نافع ہی برگ بہل دہنے ہاتھ مین کلائی کے جوڑ پر باہر کی طرف رکھکر اسپر ایک چھوٹی
ٹھیکری مضبوط باندھین وہان ایک آبلہ پیدا ہوگا نوبت کے روز لرزہ نہ آئیگا اور
تپ دفع ہوجائیگی دوا کہ تپ و لرزہ دور کرے پھٹکری بریان مصری دونون پیسکر
مریض کے مزاج کے موافق آدھے ماشہ سے دو ماشہ تک دین اگر کھانسی ہو اس دوا کا

استعمال نکرین دواتپ کو نافع ہی برگ تلسی چھ ماشہ سیاہ مرچ چار عدد پیپل ایک عدد
پیسکر ایک تولہ مصری ملاکر پیین دواتپ ولرزہ کو نافع ہی افیون ایک ماشہ سیاہ مرچ
دو ماشہ کیکر کی لکڑی کا کوئلہ چھ ماشہ باہم پیسکر برابر ایک ماشہ یا کم و زیادہ موافق مزاج کے
نوبت تپ سے چار گھڑی پہلے دین اور نہار نہ دین کہ قی ہو جاویگی بلکہ پہلے تھوڑی غذا
کھالین اور بعد دوا کھانے کے جب دو پہر یا زیادہ گذرے تب غذا دین اسکے اندر
نہ دین یقین ہی کہ ایک خوراک کافی ہو جایگی دواتپ ولرزہ کو مفید ہی دھتورے کے
بیج ایک کلھیا مین بھر کر اسکا منھ بند کر کے گل حکمت کر کے تنور مین رکھین جب تخم جلجاین
اسکی راکھ چار ماشہ جوان کو چار رتی لڑکے کو کھلاین دوسرے ہندی کہ ایکروز مین
تپ بلغمی اور صفراوی کو دور کرے ہرتال پھٹکری ہر ایک پانچ درم گھیکوار کے عرق مین
نیب کے اس سوٹنے سے کہ جسمین پیپا جڑا ہو سولہ پہر رگڑین اور قرص بناکر خشک
کرکے مٹی کے برتن مین قرص کے نیچے اوپر پیپل یا اڈنڈی کی لکڑی کی راکھ دیکر رکھین اور برتن کو
گل حکمت کر کے بارہ پہر جنگلی کنڈون کی آگ دین خوراک ایک چاول کے برابر غذا شیر برنج
بخور رکتپ ولرزہ کو دفع کرتا ہی طب کی کتابون مین لکھا ہی کہ لتہ حیض کا بخور لرزہ کے
دفع کرنے کو مجرب ہی خمیرہ خس تپ صفراوی اور پیاس کو مفید اور دل اور جگر کا مقوی ہی
آدھ سیر خس کے عرق مین چار درم خس رات کو بھگو کر صبحکو جوش دین جب نصف رہے پاو سیر شکر
ڈالکر قوام کرین اور ایک ماشہ عطر خس اضافہ کر کے خمیرہ بنائین اور تھوڑا گلاب زیادہ کرین
اور شربت کی زیادتی کے لیے کبھی ایک تولہ کدو کے شیرین پیس کر ڈالتے ہین اور
تپ دق کیواسطے شربت مین دو ورق چار رتی کافور ملاتے ہین اور وقت اسہال او تلیین
طبیعت کے دو درم طباشیر ملاتے ہین اور اس خمیرہ مین بہت فوائد ہین فائدہ نوبت
کے وقت مریض کو غذا نہ دین بلکہ جب تپ کی گرمی کم ہونے لگے غذا دین تپ گرم
مین بہترین غذا آش جو یا کھچڑی ملائم یا دال خشکا اور خرفہ یا پالک کا ساگ اور کدو کا

تیسری ہی تپ بلغمی کا مادہ اگر رگون کے باہر متعفن ہو ہر روز نوبت کرتی ہی اور اسکو نائبہ کہتے ہین
اور اگر اسکا مادہ رگون کے اندر متعفن ہو اسکو مواظبہ کہتے ہین اور وہ بھی ہر روز آتی ہی علامت
بلغم کی پیاس کا ہونا نیند کا غلبہ قارورہ مین سفیدی منہ کا پھیکا ہونا ہی علاج بعد پکانے مادہ کے
بلغم کو نکالین جوشاندہ تپ بلغمی کو نافع ہی سونف ایکدرم سونف کی جڑ ملیٹھی مقشر نیلوفر
گاوزبان بیخ کرفس ہر ایک دو درم پرسیاوشان تین درم جوش دیکر گلقند دو تولہ سکنجبین
بزوری دو تولہ حل کرکے پیین طلسم ایک مکھی آدھی سیاہ مرچ بہت تھوڑی ہینگ پانی مین
پیسکر آنکھون مین لگائین لرزہ دفع ہو جائے طلسم دافع تپ اُلو کا پر اور گوگل سیاہ کپڑے مین
لپیٹ کر گھی مین چرب کرکے بتی بنا کر جلائین اسکا کاجل لیکر آنکھون مین لگائین تپ
ربع کے واسطے یعنی جو کہ چوتھے روز آتی ہی عجیب الاثر لکھا ہی دیگر سفید دھتورہ اتوار کو
اکھاڑ کر داہنے ہاتھ مین باندھین تپ ایک روز مین دفع ہو جائے حب تپ بلغمی کو نافع ہی
اہل ہند کی ترکیب دی ہوئی پیپل دراز مغز کرنجوہ ہر ایک ایک تولہ زیرہ سفید برگ ببول
ہر ایک نیم تولہ کوٹ چھانکر چنے کے برابر گولیان بنائین ایک گولی صبح اور ایک دوپہر اور ایک شام
تین روز کھائین تپ زائل ہو جائیگی جوشاندہ تپ مرکب کو نافع اہل ہند کے طریق پر دھتورا
سات ماشہ برابر شہد کے ساتھ پانی مین جوش دیکر پیین شربت بزوری معتدل تپون کو
نافع ہی بادیان بیخ کاسنی ہر ایک چار درام قند یا مصری دستور ادویہ تر کرکے جوش دیکر چھانکر
قند ملا کر قوام کرین دوا تپ بلغمی کو نافع ہی مکڑی کا ایک سفید جالا صاف کرکے گڑ مین
لپیٹکر باری سے پہلے نگلجائین لرزہ نہین آتا ہی اور تپ دفع ہوتی ہی لاکن تین روز تک استعمال
کرنا چاہیے دوا امدار کی کلی کہ کھلی نہو قند سیاہ مین لپیٹکر گولی بنا کر نگل جانے سے تپ و
لرزہ دفع ہوتا ہی حب شفا تپ و لرزہ کو نافع ہی دھتورہ بارہ درم ریوند چینی آٹھ درم
سونٹھ ببول کا گوند ہر ایک چار درم کوٹ چھانکر چنے کے برابر گولیان بنائین دو گولی
لرزہ آنے کے قبل کھائین دوا تپ بلغمی کو سفید کرنجوہ کی کونپل تین عدد سیاہ مرچ دو عدد

پانی مین پیسکر پلائین دیگر مغز کرنجوہ پانی مین پیسکر ناف مین ٹپکائین تپ و لرزہ سے نجات
ہوتی ہی حب تپ لرزہ کو نافع ہی مدار کی جڑ دو حصہ سیاہ مرچ ایک حصہ دونون کو بکری کے
دودھ مین پیسکر چنے کے برابر گولیان بنائین خوراک باری سے پیشتر ایک گولی حب مشد
بکھیرون کو ہشد دونون کے بیدمین گزرا ہی تمام بلغمی بیماریون اور تپ بلغمی اور زکام اور ربو مفصلی
اور ہاتھ پانون اور سب اعضا کے سرد ہونے کو نافع ہی بچھناگ برسیاہ مرچ پیپل سہاگہ شنگرف
برابر عرق لیمون مین پانچ گھڑی کھرل کرکے ماش کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی
صبح و شام شکر کے ساتھ اور جسکا مزاج نہایت سرد ہو دو گولی دین اور دوسرے نسخہ مین
تخم تنبول عاقرقرحا سونٹھ زیادہ کیا ہی سات روز تک برگ پان کے عرق مین پیس کر
گولیان بنانا اور اسکے عرق مین کھانا لکھا ہی حب تپ و لرزہ کو نافع اہل ہند کے
معمولات سے ہی پارہ گندھک آملہ سار بچھناگ ہر واحد ایک ماشہ سونٹھ کالی مرچ پیپل
پانچ پانچ ماشہ تخم دھتورہ تین ماشہ ہرتال آٹھ ماشہ پارہ اور گندھک خوب پیسکر اور دیگر کوٹ
چھانکر چار پہر ادرک کے عرق مین کھرل کرین اور دو رتی کی گولیان بنائین خوراک ایک گولی
شکر یا پانی کے ساتھ دوا تپ و لرزہ کو مفید ہی پارہ گندھک سونٹھ پیپل سیاہ مرچ سہاگہ جالگوٹہ
ہر وزن مین برابر لیکر دوپہر عرق لیمون مین کھرل کرکے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین
خوراک ایک گولی دوا تپ بلغمی کو نافع ہی برگ پھل سیاہ مرچ ہر واحد ایک عدد پیسکر
سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین اور ایک ایک گولی تین روز تک کھائین دوا تپ بلغمی کو نفع
دیتی ہی مدار کے زرد پتے کولون کی آگ مین راکھ کرکے صبح کے وقت چار رتی شہد مین
ملا کر کھائین حب گرم پان اشتہا کو زیادہ اور قبض کو دفع کرتی ہی اور بلغمی تپونکو نافع ہی
پارہ گندھک بچھناگ ہر لونگ ہر ایک اڑھائی دام جاپھل سوا دانگ جالگوٹہ ہر ہریڑ دو دام
کوٹ چھانکر تین روز لیمون کے عرق مین کھرل کرکے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین
خوراک دو گولی تک گرم پانی کے ساتھ سفوف بنگ ہندوستانیون کے معمولات سے اگر

ایک گھڑی تپ آنے سے پیشتر کھائیں تپ ولرزہ کو نفع کرتا ہے دیگر فلفل سیاہ مرچ گلو کی چرائتہ گرد
ہر ایک ایک ماشہ برگ نیب دو ماشہ کوٹ چھانکر سفوف بنائیں خوراک ایک ماشہ باری کے
قبل کھائیں اگر مریض طفل ہو ایک ماشہ سے کم دین سفوف معمولات اہل ہند سے تپ لرزہ
بلغمی وسوداوی کو نافع ہے ایکدرم سنکھیا بینگن مین رکھکر گل حکمت کرکے تھوڑے جنگلی کنڈون مین
پکاویں پھر اسیطرح دوسرے بینگن مین رکھکر آگ دین بعد اسکے پیالہ لوہے کی کڑاہی مین آدھ سیر پانی
کے ساتھ ڈالکر نرم آگ پر پکائین جب خشک ہو جائے اسکو کڑاہی سے نکالکر ایکدرم گڑ کے ساتھ
کھرل کرین وقت حاجت ایک چاول سے ایک رتی تک بقدر حاجت مریض کو بتاسہ مین کھلائیں
غذا خشکہ و دال مثل کم نمک کھائیں فائدہ تپ ربع سوداوی ہے کہ دو روز درمیان دیکر
آتی ہے ہندی مین اسکو چوتھیا کہتے ہین اسکا مادہ رگون کے اندر متعفن ہوتا ہے اور تپ
سوداوی لازم کا حدوث کہ مادہ اسکا رگون کے اندر متعفن ہو کم ہے اور یہ تپ برسون
رہتی ہے اور بدشواری رفع ہوتی ہے اصل علاج اسکا بعد نضج کے اسکے مادہ کا نکالنا ہے
اب یہان چند ادویہ مسہل مفید تپ ربع ذکر کیجاتی ہین دوا کہ تپ ربع کو نافع ہے سینگ نمک
دو دو ماشہ ایک سیر پانی مین جوش دین جب بقدر تین چار درم کے رہے پی جائین تپ ربع
چند روز مین زائل ہوگی دیگر نوشادر تین رتی سیاہ مرچ دو عدد کوٹ چھانکر نوبت کے روز
کھلائین دیگر گلو کی چار درم باریک کرکے شہد مین ملاکر چار روز برابر کھائین مگر جس روز سے
کہ تپ کی باری ہو اسی روز سے شروع کرین حب برگ دھتورہ سیاہ برگ پان سیاہ مرچ
ہر ایک ڈھائی عدد باریک کرکے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین ایک گولی صبح اور
ایک شام گرم پانی کے ساتھ دین تپ ربع کو نافع و مجرب ہے سفوف تپ ربع و بلغمی کو نافع ہے
مغز تسند پھل سیاہ مرچ برگ تلسی برابر کوٹ چھانکر سفوف بناکر ایک ماشہ یا کم و زیادہ مزاج
وسن مریض کے موافق ایک گھڑی پہلے نوبت سے پانی کے ساتھ کھلائین دیگر گل
دھنیا ہرا واحد ایک درم چنے کی بھوسی دو درم کوٹ چھانکر تین حصہ کرین ایک حصہ پانی کے

ساتھ استعمال کرین دیگر تپ ربع کو نافع ہے تین چار ماشہ چونہ پانی مین گھول کر ایک لیمون
اسمین نچوڑین جب چونہ گاڑھا ہو کر تہ نشین ہو جاوے اُسکا آب لال لیکر جب تپ آنے کی
علامات مثل کسل و گرانی کے ظاہر ہون پلائین اگر ایک بار پلانا کفایت نکرے دوسرے مرتبہ
دین دوا تپ بلغمی کو نافع ہے تین درم اجوائن کوٹ چھانکر شہد مین ملا کر دین دیگر تپ ربع کو نافع ہے
گھیکوار کاٹ کر اُسکے اوپر کا پوست دور کرکے آگ پر رکھین اور تھوڑی افیون اور ہلدی
باریک پیسکر اُسپر ڈالین پھر آگ سے اُتار کر کپڑے مین رکھکر نچوڑین اور قہوہ کے دو
پیالون مین بھر کر پیین دو تین روز مین تپ ربع زائل ہو جائے حب تپ ربع کو نافع ہے
پلاس پاپڑہ کا سرخ چھلکا دور کرکے مغز سفید اُسکا لیکر اُسکے برابر مغز کرنجوہ ملا کر خوب
باریک پیسکر سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین ایک گولی باسی پانی مین نگلا کرین دوا
تپ ربع کے واسطے نیب کے درخت کا اندرونی چھلکا پانچ دام آدھ سیر پانی مین جوش
دین جب آدھ پاؤ باقی رہے تین چار ٹکڑے چقماق کے پتھر کے لیکر آگ مین گرم کرکے اُسمین
بجھائین جب پانچ چھ دام پانی باقی رہے مریض کو پلائین اسی طرح تین روز استعمال کرین
حب تپ کہنہ کے واسطے اسپند بریان چھ ماشہ کلونجی پیپلامول پیپل ہر واحد ایک تولہ کوٹ
چھانکر ساڑھے تین تولہ گڑ مین ملا کر بقدر نیم دام گولیان بنائین گرم پانی سے نہار ایک گولی
کھایا کرین شربت سب قسم کا تپ اور کھانسی کو نافع ہے گلو شاہترہ بنفشہ تخم خیارین تخم خطمی
تخم کاسنی بُرادہ صندل ہر واحد ایکتولہ ملیٹھی تین دام لسوڑہ تین دانہ عناب ایکدرم ڈیڑھ پاؤ
قند مین قوام کرکے شربت بنائین جوشاندہ کہ تپ کو نافع ہے پوست خشخاش دس دانہ سیاہ مرچ
کے ساتھ کوٹ کر جوش دیکر پئین دوا کہ بالخاصیت تپ ربع کو نفع کرتی ہے ایک جوان باقلا
مین سوراخ کرکے رکھکر اُسکا منھ بند کرکے نگل جائین جوارش شونیز یعنی کلونجی تپ ربع کو
نافع اور تپ سوداوی کو بھی فائدہ دیتی ہے تیسری قسم تپ کی تپ دق ہے کہ حرارت **دق**
غریبہ یعنی غیر اصلی اعضائے اصلی خصوصاً دل مین قیام کرتی ہے اور یہ تپ ہر وقت اور

اکثر حمی یوم یا اور تپ گرم رہتے رہتے تپ دق ہو جاتی ہے حمی دقیہ خود بذاتہ بہت کم ہوتی
ہے اور اس تپ کی گرمی کا غلبہ بعد غذا کے زیادہ ہوتا ہے اسکا علاج تبرید و ترطیب ہے قرص کافور
تپ دق کو نافع کافور زعفران ہر واحد ایک درم ملیٹھی مقشر بہدانہ خشخاش سفید ہر ایک دو درم تخم خرفہ
تخم خیارین مقشر تخم کاہو مقشر صندل گلاب میں گھسا ہوا تخم تربز مقشر تین تین درم صمغ عربی کتیرا
ہر ایک آدھا درم دوا میں کوٹ پیسکر قرص بنائیں خوراک ایک مثقال آبزن حرارت کو نافع
ہے کدو تازہ تربز جو مقشر نیکوفتہ تازہ کھیرے ککڑی کے ٹکڑے نیلوفر برگ کاہو برگ خرفہ ان
دواؤں سے جسقدر بہم پہونچے پانی میں جوش دیں جب نصف باقی رہے آبزن کرکے بدن
سے پانی پوچھکر سر روغن مثل روغن کدو وغیرہ سے تر کریں حب کافور تپ محرق اور
تپ دق کو نافع ہے صندل گلاب میں رگڑ کر ایک درم زہر مہرہ رگڑا ہوا اسفید کتھہ کتیرا تخم خرفہ
بنفشہ تخم خشخاش ہر واحد ایک درم زعفران نیم درم مغز تخم کدو سے شیرین مغز بادام بہدانہ ہر ایک ڈیڑھ
درام کوٹ چھانکر لعاب بہدانہ یا لعاب اسبغول میں گولیاں بنائیں لعوق تپ دق کو مفید
ہے گرجے جوکوب ایک تولہ ملیٹھی مقشر نیکوفتہ چھ ماشہ تخم خطمی خبازی شاہترہ ہر ایک دو درام
پاؤ سیر گرم پانی میں رات کو بھگو دیں صبح کو اُسکا آب زلال لیکر تخم کاہو تخم خرفہ اسی پانی میں
پیسکر تھوڑی شکر ڈالکر پئیں اسی طرح سے چند روز استعمال کریں جوشاندہ تپ دق کو نافع
اہل ہند کے معمولات سے برگ نیب اکیس عدد ثابت سیاہ مرچ اکیس عدد دونوں کو
باریک کپڑے میں پوٹلی باندھکر آدہ سیر پانی میں جوش دیں جب چار درام پانی باقی رہے
چھانکر ہر روز دونوں وقت پیا کریں ایک ہفتہ میں آرام تمام ہو جائیگا فصل بحران کا
بیان بحران مرض کے ساتھ طبیعت کی لڑائی ہے کہتے ہیں اگر طبیعت غالب آئے بحران جید
ہے اور ایک لڑائی میں بالکل نہ غالب آئے بلکہ وہ دوسری لڑائی کی محتاج رہے اُسکو بحران
جید ناقص کہتے ہیں یہ طول مرض کی دلیل ہے اور اگر مرض غالب آئے بحران ردی کہتے ہیں
اور اگر بالکل نہ غالب آئے بلکہ دوسری لڑائی کا محتاج ہو ردی ناقص کہتے ہیں اور اگر

طبیعت بحران کے مادہ اعضائے رئیسہ شریفہ سے رذیل وخسیس اعضا کی طرف دفع کرے
اسکو بحران انتقالی کہتے ہین اور بحران جید کے بارہ روز ہین چوتھا ساتوان گیارھوان
چودھوان بیسوان اکیسوان چوبیسوان ستائیسوان اٹھائیسوان چونتیسوان سینتیسوان چالیسوان
اور بحران ردی یعنی بحران ناقص پرخطر کے آٹھ دن ہین چھٹا آٹھوان دسوان بارھوان
پندرھوان سولھوان اٹھارھوان انیسوان اور جن دنون مین بحران نہین ہوتا ہی تیرہ دن ہین
بائیسوان تیئیسوان پچیسوان چھبیسوان اٹھائیسوان تیسوان بتیسوان تینتیسوان
پینتیسوان چھتیسوان اڑتیسوان انتالیسوان اور پانچ روز واقع فی الوسط ہین انمین کبھی بحران
ہوتا ہی اور کبھی نہین ہوتا تیسرا پانچوان نوان تیرھوان سترھوان بقراط کے نزدیک بعد چالیس
روز کے بحران نہین ہوتا ہی اور بحران کئی طرح ہوتا ہی کبھی نکسیر چھوٹتی ہی کبھی دست آتے
ہین کبھی قے ہوتی ہی کبھی ادرار ہوتا ہی کبھی پسینا نکلتا ہی فائدہ جس روز تپ آئے اگر
قبل زوال آئی ہو اس دن کو روز ابتدا سے مرض شمار کرینگے اور اگر بعد زوال آئے
اسکے دوسرے روز کو اول روز مرض قرار دینگے اور بحران اور باری کے دن مسہل
نہ دینا چاہیے کہ نہایت برا ہی اب مترجم سہولت حفظ کے لیے شمار ایام بحران جید اور
ایام واقع فی الوسط کے ابیات کا ترجمہ بعد تصحیح اور ایام بحران ردی کو موزون کرتا ہی قطعہ

یاد ہین بحران جید کے یہی بارہ ہین دن ؛	اہل طب کو چاہیے حفظ اسکا رکھنا بر زبان
روز چوتھا ساتوان پھر گیارھوان اور چودھوان	بیسوان اکیسوان چوبیس وستائیسوان
بعد ازان اٹھائیسوان چونتیسوان سینتیسوان	خاتمہ کا روز ہی چالیسوان ای دوستان
پانچ ہین ایام واقع وسط ہین جسمین کبھی	خفیف بحران انمین ہوتی کبھی ہوتی عیان
تیسرا اور پانچوان دن پھر نوان پھر تیرھوان	اور سترھوان بقول حاذق قیافون دان

قطعہ بیان ان دنون کا مین کرتا ہون اب ٭ کہ جنمین برائی ہی بحران کی ٭ چھٹا آٹھوان
اور دس بارھوان ٭ گنو پندرہ اور سولہ کو بھی ٭ پھر اٹھارھوان اور انیسوان ٭

ان آنکھون مین بحران ہو گا روی فصل علاج مسموم یعنی زہر کا علاج جس شخص نے زہر
کہایا ہو علاج اسکا اول کئی گرم پانی سے قے کرانا ہی اور کئی بار گہی اور دودہ پلانا اور
مرغ کا گوہ پانی مین حل کر کے جسوقت پلا مین فوراً زہر کو قے کرتا ہی اور جاننا چاہیے کہ جنگل
اور دریا مین کاٹنے والے جانور بہت ہوتے ہین اُنکے کاٹنے سے مزاج مین عارضے ظاہر
ہوتے ہین اُسکا قاعدہ کلیہ یہ ہی کہ زہر کو جذب کرین اور جب تک امراض سے خلاصی ہو
زخم کو نہ بہرنے دین اور فادزہر اور جدوار اور دوا دویہ کہ زہر کو دفع کرین کہانے اور
پینے مین استعمال کرین دوا اگر م زہر کی سب قسمون کو نافع ہی چولائی کی جڑ اگر تازہ ہو
ایک تولا اور اگر خشک ہو چہ ماشہ پانی مین پیسکر گاے کے گہی کے ساتہ کہا مین دوا
نافع زہر گاے کا گہی دس درم لاہوری نمک دو درم ملا کر کہا مین سانپ کے کاٹے ہوے کو
بہی نافع ہی دوا چہوٹی کٹائی اگر پیسکر کہا مین اہل ہند کے تجربہ مین دافع زہر ہی دوا اچلم
بیاہ برج پیسکر تہوڑا کہا مین سانپ کے زہر کو نافع ہی دیگر زہر کی سب قسمون کو نافع ہو
ایک ماشہ ناریل دریائی پیسکر پلا مین دیگر بہت زہرون کو نافع ہی مغز تخم لکوٹکر گاے
کے دودہ مین پیسکر پلا مین دیگر کسیرو کہانا زہر کو فائدہ کرتا ہی دیگر نافع زہر بکری کی مینگنی
جلا کر کہا مین اور ضماد کرین دیگر اجوائن کہانا بہت زہرون کو دفع کرتا ہی دیگر سنکہیا کہ
نافع ہی کتہ دو تین تولہ پانی مین گہول کر پیین دیگر سنکہیا کو نافع ہی ایک ماشہ کافور
گہی تولہ گلاب مین حل کر کے پلا مین دیگر نافع زہر سنکہیا بکری کا دودہ جوش دیکر گاے
کا گہی داغ کر کے ملا کر پیین دیگر زہر قے کرنے کے واسطے کنول گٹہ ایک ماشہ توتیا دو
رتی باہم پیسکر گرم پانی مین پیین زہر کو قے مین نکالتا ہی دیگر زہر افیون کو نافع ہیخ ارنڈ
پیسکر قہوہ کا ایک پیالہ بہر پیین دیگر ارہر کی پتی پیسکر پیین دیگر ارنڈ کی کونپل پیسکر پیین
دیگر تیج بل پانی مین پیسکر قہوہ کا ایک پیالہ بہر پیین دیگر نافع زہر افیون دو ماشہ
ہینگ دو تین دفعہ کر کے کہا مین دیگر مغز اخروٹ افیون کا تریاق ہی دیگر گاے کا

گھی اور دودھ افیون کی مضرت کا مصلح ہے دوا دھتورہ کے زہر کے واسطے بینگن کے
ٹکڑے ٹکڑے کرکے پانی مین خوب ملکر پلائین اور اگر بینگن نہ ملے اُسکے پتے یا جڑ پانی مین پیسکر
پلائین دیگر زہر دھتورہ کے رفع کو دو دام مغز بنولہ پانی مین پیسکر پیئین دیگر نمک پانی مین حل کرکے
پیئین دوا سیندور کے نقصان کو مفید ہے سات روز تک ادرک نمک کے ساتھ یا بلا یروٹی کے
ساتھ کھائین اور ہر وقت منھ مین رکھین تاکہ عرق اُسکا حلق مین پہونچا کرے دیگر نمک تلی کی
پتیان ہر ایک پانچ مثقال چاول دس مثقال اخروٹ کا مغز بیس مثقال سبکو انجیر کے ساتھ
کوٹ کر کھلائین دوا نافع پارہ اور شنگرف کی مضرت کی دافع جواسہ تھوڑے پانی مین پیسکر
شیرہ نکالکر پیئین دیگر رینڈی کا تیل پانچ ماشہ آدھ پاؤ گاے کے دودھ مین حل کرکے پلائین
دوا بھلانوہ کے نقصان کو نافع ہے اگر بھلانوہ کھانے سے بدن مین کھجلی اور ورم پیدا ہو املی
کی پتیون کا شیرہ نکالکر پیئین یا اُسکے تخم پیسکر کھائین یا چرونجی اور تل بھینس کے دودھ مین
پیسکر کھائین دوا اگر کسی نے بھلانوہ کھایا ہو اُسکی مضرت کے دفع کے لیے اخروٹ کھائین
کہ بھلانوہ کا یہی فادزہر ہے اور بھلانوہ کے دھوئین سے اگر عضو پر ورم ہوا ہو تو آنبہ ہلدی
ساٹھی کے چاول خوب باسی پانی مین پیسکر عضو متورم پر زور سے ملین یا سیاہ تل ہرکا اوراسکو
مین ملا کر لگائین دوا زہر بچھناگ کو نافع ہے سونٹھ نہایت نافع ہے بلکہ یہی اُسکا فادزہر ہے
جسطرح چاہین کھائین دوا مکڑی کے زہر کو نافع ہے چولائی کا ساگ پانی مین پیسکر لگائین
دوا اُس شخص کی جسنے شیر کا بال کھایا ہو برگ کسونڈی کا عرق تین روز پیئین دیگر تین
چار جھینگے نگلجائین اور شیر کے بال کھانے کی علامت یہ ہے کہ بیٹھتے وقت پیٹ مین درد ہو اور
اگر ارنڈ کے پتے پر پیشاب کرے پتا ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے دوا سب قسمون کے زہر کو نافع ہے
خیر التجارب مین لکھا ہے کہ تخم ہلیل پانچ درم پیسکر کھائین دوا سانپ کے زہر کے واسطے سانپ
کئی طرح کا ہوتا ہے مگر سیاہ سانپ زہرین اور سانپون سے قوی ہے مہلت نہین دیتا چاہیے کہ
جس جگہ سانپ کاٹے عضو اگر قابل کاٹنے کے ہو مثل انگلی کے فوراً کاٹ ڈالین اور اگر کاٹنے کے

قابل ہو وہ جگہ آگ سے جلا دین اور مار گزیدہ کو سونے نہ دین اور چلنی کی آواز مار گزیدہ کے کان مین
نہ پہونچنے دین دوا مار گزیدہ کو نافع اور مجرب ہی اگر سیاہ سانپ نے کاٹا ہو سات عدد جمال گوٹہ
اور اگر اور کسی طرح کے سانپ نے کاٹا ہو وہ تین عدد جمال گوٹہ مقشر کرکے کھلائین اور مونگ
کے برابر پیسکر آنکھون مین لگائین بعد جمال گوٹہ کھانے کے سنگھی سے اس جگہ کو کہ سانپ نے
کاٹا ہو خوب چوسین تاکہ زہر بدن مین نہ پہونچے اور کثرت سے کھانا لسن اور پیاز دریائی کا
سانپ کے زہر کو نافع ہی مجربات اکبری مین لکھا ہی کہ اگر مار گزیدہ بیہوش ہو گیا ہو اسکے پیٹ
پر ناف کے اوپر پالی مارین کہ اوپر کا پوست چھل جائے اور خون نہ نکلے پھر جمال گوٹہ پانی
مین پیسکر لگائین قی شروع ہو گی اور ہوش مین آئیگا بعد اسکے اور تدبیرین کرین اور
ایک کتاب مین لکھا ہی کہ مار گزیدہ اگر بیہوش ہو گیا ہو اور حس و حرکت نہ کرتا ہو مگر منہ زہرا
نہین بلکہ زندہ ہی کچلہ پانی مین پیسکر اسکے حلق مین ڈالین اور تھوڑا پیسکر گردن اور بدن پر
ملین ہوش مین آ جائیگا دوا مار گزیدہ کو نافع اور مجرب ہی تین عدد مدار کی کونپل تنہا سیاہ مین
لپیٹکر کھلائین اور اسکے اوپر گھی پلائین اور چار عدد مدار کی کلی اور سات عدد سیاہ مرچ اور
ایکماشہ اندرائن پیسکر دینا لکھا ہی دیگر مدار کا دودھ جس جگہ سانپ نے کاٹا ہو ٹپکائین جبتک
کہ جذب ہو موقوف نکرین جب زہر کا اثر نہ رہیگا دودھ جذب ہونا موقوف ہو جائیگا دیگر
مدار کی جڑ پیسکر مار گزیدہ کو پلائین اور بعضے اسمین مدار کی روئی بھی ملاتے ہین حب سیاہ
مرچ مغز جمال گوٹہ ہر واحد سات ماشہ تین عدد لیمون کاغذی کے عرق مین پیسکر سیاہ مرچ
کے برابر گولیان بنائین اور پانی مین پیسکر مار گزیدہ کی آنکھ مین لگائین اور دو تین عدد
کھلائین دیگر سانپ کے زہر کو نافع ہی تخم کسوندی باریک پیسکر آنکھ مین لگائین دیگر سانپ کے
زہر کو نافع ہی ایک کھٹمل نگل جائین دیگر سانپ کے زہر کو دافع ہی سہاگہ تلیہ ایکدام بریان کرکے
روغن مین ملا کر پلائین دیگر چوہے کا پیٹ پھاڑ کر جس جگہ سانپ نے کاٹا ہو باندھین زہر کو جذب
کرتا ہی دیگر سانپ کے زہر کو نافع ہی درخت سرس کی چھال اور اسکی جڑ کی چھال اور تخم

اور پھول اسکے چارون ایک ایک ماشہ ایک چمچہ گاے کے پیشاب کے ساتھ ایکروز مین تین دفعہ کرکے
پلائین سانپ کا زہر اثر نکرے پرانا درخت سرس کا پوست اسکا سیاہ ہوگیا ہو خواص مین زیادہ
قوی ہی اور بعضون نے لکھا ہی کہ جب آفتاب جوزا مین آئے یعنی جیٹھ کے مہینے مین اگر سرس کی
پوست تین روز ہر روز دو درم ساٹھی کے چانولون کے دھوون مین پیکر پئین ایکسال
تک جانورون زہردار کے زہر سے امان مین رہین اور اگر اس شخص کو جانور کاٹے وہ جانور
خود مرجاے اور یہ امر بالخاصیت ہی دیگر جامن کی اڑھائی پتی پانی مین پیسکر پلائین دیگر
[illegible] اور دو ماشہ پانی مین پیسکر پلائین دیگر ایک تختہ کاغذ سفید تھوڑے پانی مین گھولین
اور چھانکر پلائین دیگر جس جگہ سانپ کا نیش یا اور زہردار جانورونکا حتی کہ دیوانے کتے کا
لگا ہو اسپر پیشاب کرنا فائدہ دیتا ہی دیگر کنٹول کوٹ چھانکر پانی مین ملا کر پلائین قے آئیگی
سانپ کا زہر دفع ہوگا دیگر سانپ کے زہر کو مفید ہی سمندر پھل باریک پیسکر دونون آنکھون
مین لگائین دیگر کنگن دھول پیسکر سعوط کرین دیگر بیج تھونڈی ایکدام مرچ ہمدرم کھائین
دیگر دو درم پھٹکری پانی مین پیسکر پلائین سانپ کے زہر کو نافع ہی مہوا اور کچلا پیسکر ضماد کرین
فائدہ کتابون مین لکھا ہی کہ بارہ سنگے کا سینگ لگانا سانپ وغیرہ زہردار جانورون کو
کاٹنے سے نافع ہوتا ہی اور شاخ گوزن اور بکری کا سم اور عاقرقرحا کی دھونی سے سانپ بھاگتا
ہی اور رائی سانپ کی قاتل ہی اگر رائی نوشادر کے ساتھ پیسکر گھر مین ڈالین سانپ بھاگ جائے
اور پھر نہ آئے ادویہ بچھو کے زہر کو نافع ہین تین تولہ لہسن کا عرق اور تین تولہ شہد اسی وقت
کھلائین اور تھوڑا جمال گوٹہ پانی مین آنکھ مین لگائین اور جس جگہ کاٹا ہو وہان بھی ملین
یا برگ سداب کا پانی تھوڑا منہ مین ٹپکائین چند مرتبہ کے استعمال سے بچھو کا زہر اور سانپ کا
بھی دفع ہو جائیگا دیگر مارنا بچھو کا اسکے کاٹے ہوئے پر نفع دیتا ہی دیگر مدار کا دودھ بچھو کے زخم
ملین دیگر نمک بچھو کے زخم پر ملنا نفع دیتا ہی دیگر لہسن خشک و راچوز پیسکر زخم پر طلا کرین دیگر
سمندر پھل پیسکر ضماد کرین دیگر مشکی گھوڑے کا ناخن پانی مین پیسکر لگائین دیگر نوشادر سہاگہ

سہاگہ چونے کی کلی برابر ہتھیلی پر ملکر سونگھین اور کسونڈی کا پھل بریان کرکے کھائین اور کسونڈی
کے بیج پیسکر ضماد کرین دیگر مور کا پر چلم مین رکھکر بطور تمباکو کے پیین دیگر چوہے کی مینگنی پیسکر طلا کرین
دیگر سجی باریک پیسکر شہد مین ملاکر طلا کرین دیگر پلاس پاپڑہ پانی مین پیسکر زخم پر لگائین عمل
خیر التجارب مین بچھو کے زہر کے دفعیہ کیواسطے لکھا ہے کہ بیس عدد آلیٹہ شمار کرین یعنی بیس سے شروع اور
ایک پر ختم کرین بچھو کا زہر دفع ہو جائیگا دوا اشنان اور اجوائن جوش دیکر نطول کرین دیگر بچھو کے
زہر کو نافع ہے مولی نمک مین ملاکر زخم پر رکھین اگر مولی بچھو پر رکھین مر جائے دیگر تاپل ہینگ ساٹھی کے
چانول پانی مین پیسکر طلا کرین دیگر بچھو کے نیش کے درد کو نافع ہے تخم بنگ کوٹ کر موم مین ملا کر
کھائین دیگر گھاس کی پتی گھی کے ساتھ پیسکر زخم پر ملین دیگر لیمون کا عرق زخم نیش پر ٹپکائین
دیگر گرم پانی مین نمک ملاکر زخم نیش پر خوب ملین دیگر ناگرموتھا بچھو کے زہر کے دفعیہ کیواسطے
پینا اور لگانا نافع ہے دیگر موجز مین لکھا ہے کہ ایک شخص کے بدن مین بچھو نے چالیس جگہ کاٹا اُسنے
جلد دو درم اندرائن کا تازہ پھل کھا لیا اُسیوقت صحت پائی دیگر اگر بچھو کسی جگہ جلائین اُس جگہ
سے اور بچھو بھاگ جائین دیگر ہینگ ہرتال ترنج کے عرق مین پیسکر گولیان بنائین جس جگہ بچھو نے
کاٹا ہو طلا کرین دیگر پیاز کا زیرہ ملین اور تھوڑا اگر کھلائین دیگر موم جلاکر بچھو کے زخم کو اُسکی
دھونی دین اچھا ہو جائے دیگر تمباکو کے برگ اور شاخ چرچرہ کے ساتھ ملاکر ملین دیگر تخم
لونج تراش کے بچھو کے نیش پر ملین دیگر گبرولہ کیڑے کو کہ گوبر مین پیدا ہوتا ہے پیسکر بچھو کے
زخم پر ملنا مفید ہے ادویہ کہ زنبور یعنی بھڑ کے زہر کو نافع ہین اسبغول سرکہ مین ڈالکر لعاب
نکالکر پیین دوا نافع نیش زنبور مین کٹ دھنیا کھائین دیگر کافی سرکہ مین ملاکر طلا کرین
دیگر خطمی اور خبازی کا لعاب ملین دیگر مکھی موضع نیش پر ملین دیگر شہد کھائین اور ضماد
کرین دیگر بکو کی پتی سرکہ مین پیسکر طلا کرین دیگر گھی اکیس بار دھوکر لگائین دیگر عضو کو
گرم پانی سے دو تین بار دھوئین دیگر تازہ دھنیے کا عرق سرکہ مین ملاکر لگائین دیگر
کافور سرکہ مین ملاکر طلا کرین دیگر بھڑ کے چھتے کی مٹی طلا کرین دیگر گل سرکہ مین پیسکر طلا کرین

دیگر گندھک پیسکر ملا کرین دیگر جسکو بھڑ کاٹے وہ اپنی زبان پکڑے نیش کی اذیت سے
امان مین رہے دیگر گوبر تازہ لگائین دیگر جس جگہ گندھک یا لہسن جلائین اُسکی بو سے بھڑ
بھاگتی ہے اور وہ چھپکلی کے کاٹنے کی روغن اور راکھ ملین اور پانی مین بھوسی جوش دیکر
گرم گرم نطول کرین علاج دیوانہ کتے کے کاٹے کا جس شخص کو کتا دیوانہ کاٹے تھوڑی
دیر سے اُس شخص کو ایک حالت مثل مالیخولیا کے عارض ہوتی ہے جب یہ حالت مین زیادتی ہوتی ہے
جینے کی امید نہین رہتی ہے اسکے علاج مین غفلت نکرین اور چالیس روز تک زخم کو بھرنے
نہ دین اور سینگیون سے خوب چوسین اور زخم کے گرد پچھنے لگائین اور لہسن سرکہ مین پیسکر
ضماد کرین اور ہوا کی سردی سے پرہیز رکھین اور جسوقت سگ گزیدہ پانی سے ڈرے
زندگی کی امید نہین ہے دوا ایک تولہ لسوڑہ کی پتی بیدرہ سیاہ مرچ کے ساتھ پیس چھانکر
پلائین کتے کے کاٹے ہوے کو عجیب نافع اور مجرب ہے دیگر پیاز کوٹ کر شہد مین ملا کر ضماد
کرین تا کہ زخم نہ بھرے دیگر کچلا آدمی کے پیشاب مین جوش دیکر پیسکر ضماد کرین اور شراب
مین جوش دیکر پوست دور کرکے ایک رتی ہر روز کھایا کرین یا پانی مین جوش دیکر کوٹ کر
تھوڑا قند ملا کر کھائین دیگر تین دام قسط تلخ نیکوفتہ ایک پیالہ پانی مین جوش دین جب
ایک درم باقی رہے صاف کرکے پئین دیگر اگر زبان اُسی کتے کی کاٹ کر جلا کر راکھ اُسکی
زخم پر چھڑکین زخم بھرے اور زہر اُسکا اثر نکرے دوا اگر سگ گزیدہ کو حالت دیوانگی مین
بھی دین مجرب ہے تیلن تاے فوقانی مکسورہ اور یاے مختفی شکن کے وزن پر ایک جانور ہے
کہ برسات مین پیدا ہوتا ہے اُسکو تلنیا بھی کہتے ہین اُسے ایک ڈبیا مین بند کرکے خشک کرکے
چنے کے برابر قند سیاہ مین پیسکر کھلائین دیگر انگور کی لکڑی کی راکھ سرکہ مین ملا کر لگائین
دیگر کتے کے کاٹنے کی دفع مضرت کے لیے بالخاصیت مفید ہے ڈاکٹر انگریزی زبانی
بانات بارک سرخ رنگ لیکر چنے کے برابر سات ٹکڑے کرکے قند سیاہ مین سات گولیان بنائین
اور کھلائین دیگر بعد پچھنے لگانے اور بہت خون نکالنے کے رائی کوٹ کر ضماد کرین دیگر

مدار کا دودھ زخم پر لگائیں دیگر بال اُسی کتے کے جسنے کاٹا ہو جلا کر اُسکی راکھ زخم پر چھڑکیں دیگر کلونجی
کی جوارش کھانا نافع ہے دیگر مولی کے پتے گرم گرم زخم پر رکھیں دیگر چوہے کی مینگنی پیسکر لگائیں دیگر
ضماد برگ سنبھالو کا نافع ہے دیگر باجرے کا پھول کہ باجرے کی بالی میں ہوتا ہے ایک ماشہ گڑ میں لپیٹ کر
گولی بنا کر ہر روز کھائیں دیگر دو درم کلونجی نیم گرم پانی کے ساتھ تین روز پھانکنا نافع ہے حب چوہے
کے زہر کو نافع ہے تخم سرس برگ نیب سبز تخم کرنجوہ برابر گائے کے پیشاب میں پیسکر گولیاں بنائیں وقت
حاجت رگڑ کر طلا کریں اگر گائے کی چربی گھر میں جلائیں سب چوہے بھاگ جائیں دوا آدمی
کے کاٹے کے زہر کو نافع ہے گوبھی کے پتے شہد میں پیسکر ضماد کریں دوا بلی کے کاٹے کے زہر کو دافع
ہے سیاہ تل پانی میں پیسکر طلا کریں اور پودینہ بھی کھائیں اور ضماد کریں دوا کنکھجورے کے زہر کو
نافع ہے میٹھا تیل چراغ میں جلائیں بعد جلنے کے چراغ میں تیل جسقدر باقی رہے لیکر جہاں کنکھجورے
نے کاٹا ہو ملیں دوا جونک کے زخم کو جب پک جائے نافع ہے تخم خشخاش پیسکر ضماد کریں دیگر
پیاز اور لہسن پیسکر لگائیں دوا بندر کے زہر کو دافع ہے مردار سنگ نمک پانی میں پیسکر ضماد کریں اور
کلونجی اور شہد لگائیں کہ زخم کشادہ رہے اور پیاز ضماد کرنا بھی نافع ہے دوا او دوا مچھروں کے دفع کرنیکے
لیے لکھا ہے کہ گھوڑے کی دُم کے بال لیکر کوٹھری کے دروازہ پر لٹکائیں مچھر وہاں کم آئیں اور دھونی
اندر گوگل اور گندھک اور بارہ سنگھے کے سینگ کی دھونی سے مچھر بھاگتے ہیں۔

خاتمہ ایک جدول بعض اوزان طبیہ وغیرہ کے بیان میں بترتیب حروف تہجی جو اس کتاب اور
دوسری کتب میں بکار آمد ہیں تکثیر فوائد کے واسطے مترجم نے اصل کتاب پر زیادہ کی فقط

فہرست کیفیت اور کمیت اوزان

وزنوں کے نام	اوزان کی کیفیت اور کمیت کا بیان
ابریق	دو من طبی اور بعضوں نے پانچ رطل لکھا ہے۔
ارزہ	چاول کو کہتے ہیں اور اُس سے چاول متوسط مراد ہے کہ دو رائی کے برابر اُسکا وزن ہو۔
استار	ساڑھے چار مثقال اور ہندی حساب سے ایک تولہ پانچ ماشہ سات رتی۔

وزنون کے نام	اوزان کی کیفیت اور کمیت کا بیان
اوقیہ	اُسے اقیہ بھی کہتے ہین ساڑھے سات مثقال کہ دو تولہ اور تین ماشہ اور چھ رتی ہے۔
باقلا اور باقلہ	مطلق اور باقلا یونانی آدھا درم اور باقلا اسکندریہ نو قیراط اور مصری باقلا
	اڑتالیس جَو کے برابر کہ ڈیڑھ ماشہ ہوتا ہے۔
برمہ	دو قیراط۔
بندقہ	بعضے ایکدرم اور بعضے ایکمثقال کہتے ہین۔
بہلولی	ایکدام اور بعضے نے چودہ ماشہ لکھا ہے۔
پیسہ عالمگیری	بارہ ماشہ یعنی ایکتولہ۔
تولہ	بارہ ماشہ اور وہ کہین دس ماشہ اور کہین ساڑھے دس ماشہ اور کہین گیارہ ماشہ ہوتا ہے۔
ٹانک	چار ماشہ اور بعضون کے نزدیک چوبیس گھنگچی بھر۔
چھٹانک	ہندی مین سیر کے سولھوین حصہ کو کہتے ہین ایک چھٹانک عالمگیری سیر کا چار تولہ ہے۔
حبّہ	دو جَو یا چار چاول اسکو حبہ ذہبی کہتے ہین لکن حبہ فضی تخمیناً اڑھائی چاول کے برابر ہے۔
حمصہ	ایک قیراط یعنی سوا چار جَو۔
خرنوب	مطلق خرنوب سے ایک قیراط مراد ہے اور خرنوب شامی تین حبہ ذہبی کا ہے۔
دام	ایکتولہ آٹھ ماشہ اور بعضون نے لکھا ہے کہ دام پختہ ایکتولہ نو ماشہ اور دام خام ایکتولہ دو ماشہ۔
دانق	مثقال طبی کا ایکدام پونے چار رتی اور شرعی مثقال کا چار رتی اور درہم طبی
دوانگ	کا ایک دانگ اڑھائی رتی اور درہم شرعی سے تخمیناً دو رتی ہوتا ہے اور
	ایران مین دانق و دانگ سوا اکیس جَو بھر۔
درخمی	ایکدرم اور شیخ بو علی سینا کے نزدیک ایک مثقال۔
درم	طبی تین ماشہ اور بقول بعضے ساڑھے تین ماشہ اور بعضے دو ماشہ دو رتی کہتے ہین
و درہم	اور درہم شرعی اڑتالیس جَو بھر۔

وزنوں کے نام	اوزان کی کیفیت اور کمیت کا بیان
دینار	ایک مثقال شرعی۔
رتی	چار جو متوسط۔
رطل	مطلق رطل سے اطبا رطل عراقی اور رطل بغدادی مراد لیتے ہیں اور وہ بارہ اوقیہ ہے کہ ہندی حساب سے اٹھائیس تولہ ساڑھے چار ماشہ ہوتا ہے اور رطل مدنی عراقی رطل کا ڈیوڑھا اور رطل مکی عراقی رطل کا دونا ہوتا ہے۔
سرخ	گھنگچی کو کہتے ہیں کہ تین جو بھر ہوتی ہے۔
سکرجہ	مطلق سکرجہ سے سکرجۂ اطبا مراد ہے اور سکرجۂ کبیرہ نو اوقیہ اور سکرجۂ صغیرہ تین اوقیہ ہے۔
سیر	خراسان والے چار دہ مثقال کے وزن کو کہتے ہیں کہ حساب ہندی سے پانچ تولہ ہوتا ہے اور سیر عالمگیری چوسٹھ تولہ کا اور لکھنؤ کا سیر پختہ اٹھاسی تولہ کا اور سیر انگریزی جسے نمبری کہتے ہیں اسّی تولہ چار ماشہ کا۔
شعیرہ	یعنے دو چاول بھر یا چار رتی کے برابر ہو۔
صاع	طبی چار من کہ دو سو چھپن تولہ ہوتے ہیں اور صاع شرعی عراقی نو رطل بھر ہے۔
طسوج اور تسو	درہم کا ایک طسوج دو حبہ کے برابر اور مثقال کا ایک طسوج اڑھائی حبہ اور دو چاول بھر
قسط	رومی نو رطل اور بارھواں حصہ رطل کا اور قسط انطاکی ایک رطل یا ڈیڑھ رطل اور بقول شیخ رئیس اڑھائی رطل۔
قفیز	ایک پیمانہ ہے کہ چھبیس کیلجہ یا چوبیس کیلجہ کے وزن کی گنجایش رکھتا ہے۔
قنطار	چھ من اور رطل سے بارہ سو رطل عراقی۔
قیراط	طبی سوا چار جو اور قیراط شرعی پونے چار جو۔
کف	یعنی ایک مٹھی بھر اسکو قبضہ بھی کہتے ہیں وزن اسکا چھ مثقال قرار دیا ہے۔
کیلجہ	ایک پیمانہ ہے کچھ کم دو من کی گنجایش رکھتا ہے۔

وزنون کے نام	اوزان کی کیفیت اور کمیت کا بیان
کیلہ	تین سو درم اور کچھ زیادہ -
ماشہ	آٹھ رتی یا بتیس جو یا چو نسٹھ چاول -
مثقال	طبی بقولے ایکسو بیس جو کہ بقدر تین ماشہ چہ رتی ہوتا ہے اور بعضون نے تین ماشہ ہونے دو رتی لکھا ہے اور شیخ رئیس کے حساب سے بہتر جو بھر ہوتا ہے اور مثقال شرعی بیس قیراط کے برابر کہ ساڑھے چار ماشہ کے ہوتے ہین
مُد	صاع کی چوتھائی کہ سوا دو رطل عراقی ہوتے ہین -
ملعقہ	چمچے کو کہتے ہین شہد وغیرہ کا ایک ملعقہ چار مثقال ہوتا ہے اور خشک ادویہ کا ملعقہ ایک مثقال سے دو مثقال تک -
من	مطلق من سے اطبا دو رطل عراقی مراد لیتے ہین کہ چھپن تولہ نو ماشہ ہوتا ہے من مکی ایکسو ساٹھ مثقال من رومی ڈیڑھ سو مثقال من مصری و انطاکی ایکسو بیس مثقال من اسکندرانی دو سو چھبیس مثقال من قطری ایکسو چھپن یا ایک سو اسی مثقال من تبریزی چھ سو مثقال یعنی دو سو تولہ من شاہی بارہ سو مثقال یعنی چار سو تولہ من ہندی چالیس سیر رائج اور ہندوستان کے سیر مختلف ہین اسی وجہ سے من کے اوزان بھی مختلف ہین -
مکوک	تین کیلچہ کو کہتے ہین -
وسق	ساٹھ صاع شرعی -
وشق	آدھا صاع شرعی -

خاتمۃ الطبع

شکر ہے حکیم علی الاطلاق کا کہ نسخہ بے تاثیر کیمیا مسمی بہ علاج الغربا اردو ترجمہ حکیم غلام امام صاحب حسب خواہش خریداران بار ہفتم بمقام لکھنؤ مطبع نامی منشی نولکشور میں باہتمام جناب منشی پراگ نراین صاحب مالک مطبع کے ماہ دسمبر سنہ ۱۹۰[illegible]ء مطابق رمضان المبارک سنہ ۱۳۲[illegible]ھ چھاپا گیا اور حق تالیف و تصنیف اس کتاب کا بحق مطبع منشی نولکشور محفوظ ہے